میری سیاسی زندگی

قائد ثانی

الیاس اعظمی

مرتب

ارشد صدیقی اعظمی، بمبئی

ناشر

صدیقی ہاؤس
کھیری روڈ، راجاپور، لکھیم پور کھری 262701
Mobile No +91-9369492892

تفصیلات

نام کتاب : میری سیاسی زندگی

: قائدثانی الیاس اعظمیؒ

مرتب : ارشدصدیقی اعظمی، بمبئی

معاون : قاری ابوالحسن اعظمی، دیوبند

ضخامت : ۴۶۴رصفحات

بارِاول : ۲۰۲۴ء

کمپوزنگ : آرٹ لائن، دیوبند، موبائل:9358013409

ملنے کا پتہ

Corporate office

109, Embassy Centre, Nariman, Point Mumbai 400021 (India)

Tel No: +91-22-22854708

Gulshan Medicare

G-2, South Extn Part-II, New Delhi 110049 (India)

Tel +91-11-26258011, 26251595, Mobile No +91-9899319799

Asian Diagnostic Centre

121/10, 2nd Floor, Ganj Trade Centre, Capper Road, Hazratganj,

Lucknow 226001, (India)

Tel No +91-522-3542502, Mobile No +91-9369492892

Al Jazeera Medicare

2nd Foor, Sri Sai Abhilasha, Enclave Ashiana, Digha Road,

Near Old Passport Office Patna 800014 (India)

Tel No 0612-2580033

Siddiqui House

Kheri Road, Rajapur Lakhimpur Khari - 262701

Mobile No +91-9369492892

Al-Hira Book Depo Deoband

Mobile No +91-9759659555

بسم الله الرحمن الرحيم

فہرست مضامین

مسلمانوں کی سیاست : زخم اور علاج

پس چه باید کرد اے اقوامِ هند

الٰه آباد هائی کورٹ کا فیصله ۳۰/ستمبر ۲۰۱۰ء

چناؤ ۲۰۱۲ء مسلم قیادت میرٹ کی بنیاد پر

کارواں بنتا گیا

قضیہ دارالعلوم یا بین الاقوامی سازش؟

مولوی اسعد کی حقیقی سوچ اور فکر

رپورٹ کارکردگی
آل انڈیا مسلم مجلس اترپردیش

مختلف مضامین

* * *

پیغام

محترم جناب سنجے سنگھ صاحب

ممبر آف پارلیمنٹ (راجیہ سبھا)

SANJAY SINGH
Member of Parliament (Rajya Sabha)
Leader of Party in Rajya Sabha
Member of

- Standing Committee Urban Development
- Consultative committee for the Ministry of Agriculture and Farmers Welfare
- Parliamentary Friendship Group with Latin- America Countries (LAC)

सत्यमेव जयते

संजय सिंह
सांसद (राज्य सभा)
राज्य सभा में दल के नेता

सदस्य-

- शहरी विकास सम्बन्धी स्थायी समिति
- परामर्शदात्री समिति कृषि एवं किसान कल्याण मंत्रालय
- संसदीय मैत्री समूह लैटिन अमेरिकन देश

Ref. No. MISC/2024/19043

Date: 12/07/2024

शुभकामना संदेश

मुझे यह जानकर अत्यंत हर्ष हो रहा है कि स्वर्गीय सांसद श्री इलयास आज़मी जी द्वारा रचित पुस्तक **"मेरी सियासी जिंदगी"** का विमोचन हिंदी और उर्दू भाषा में होने जा रहा है। यह पुस्तक निश्चित ही उनके संघर्ष, विचार और राजनीतिक अनुभवों का प्रतिबिंब होगी।

श्री इलियास आज़मी जी की राजनीतिक यात्रा और सामाजिक योगदान ने हमें सदैव प्रेरित किया है। यह पुस्तक न केवल राजनीति में रुचि रखने वालों के लिए बल्कि समाज के हर वर्ग के लोगों के लिए प्रेरणादायक होगी।

मैं इस पुस्तक की सफलता की कामना करता हूँ तथा स्मारिका के प्रकाशन के लिए हार्दिक शुभकामनाएँ देता हूँ।

धन्यवाद ।

Sanjay Singh

(संजय सिंह)

Office : 129, North Avenue, New Delhi- 110001
E-mail : mp.sanjaysingh@sansad.nic.in
Ph. : 011-23092293, 23094739 (M) : +91- 8588841358, 9721444433

پیغام

محترم جناب کوشل کشور صاحب

ہاؤس اینڈ اربن وزیر، حکومت ہند

कौशल किशोर
KAUSHAL KISHORE

सत्यमेव जयते

आवासन और शहरी कार्य राज्य मंत्री
भारत सरकार
EX- Minister of State for Housing & Urban Affairs
Government of India

शुभकामना संदेश

स्वर्गीय श्री इलयास आजमी जी आपके द्वारा उर्दू व हिंदी भाषा में लिखी गई पुस्तक जिसका शीर्षक **'मेरी सियासी जिंदगी'** जो कि आपके राजनीतिक यात्रा के जीवन को दर्शाती है की सूचना पाकर मुझे हार्दिक प्रसन्नता हुई है। इस किताब के लिए आपको मेरी अनेकानेक शुभेक्षांए है। मुझे वह समय भी याद है जब आपके नेतृत्व में मैंने लखीमपुर विधानसभा का निर्दलीय चुनाव लड़ा था। इस चुनाव में आपने तन–मन–धन से मेरी मदद की थी। आपकी मेरे प्रति इस लगन और मेहनत को मैं अपने जीवन में कभी नहीं भुला सकता हूं। जिससे मुझे राजनीति में आगे बढ़ने का हौसला मिला।

'मेरी सियासी जिंदगी' पुस्तक विमोचन के लिए बहुत–बहुत बधाई व स्मारिका प्रकाशन के लिए मेरी हार्दिक शुभकामनाएं।

~~आपका,~~

(कौशल किशोर)

स्थानः नई दिल्ली।
दिनांकः 11.07.2024

پیغام

محترم جناب مولانا محبّ اللہ صاحب ندوی

ممبر آف پارلیمنٹ (لوک سبھا)

MOHIBBULLAH NADWI
MEMBER OF PARLIAMENT
(LOK SABHA)

सत्यमेव जयते

01-WESTERN COURT ANNEXE
JANPATH, NEW DELHI-110001

ملت کے معروف رہنما اور دانشور مرحوم محترم الیاس اعظمی مرحوم کی کتاب 'میری سیاسی زندگی' کی اشاعت کی خبر میرے لئے خوشی کا باعث ہے۔ مجھے امید ہے کہ یہ کتاب نسل نو کی رہبری اور ملک کی سیاست کے پیچ وخم سے واقف کرائے گی۔ میدان سیاست کے نشیب و فراز کا جائزہ بھی نئی نسل کر سکے گی۔ اس دور قحط الرجال میں اعظمی صاحب کی قیادت نے ایک نمایاں کردار ادا کیا، چاہے وہ اہل وطن کے حقوق ہوں یا ہندوستانی مسلمانوں کی نگہداشت ہو۔ اعظمی صاحب اپنے سینہ میں دل دردمند اور فکر ارجمند رکھتے تھے۔ وہ اخلاص و بے باکی کے ساتھ امیدوں کا چراغ تھے۔ ان کی زندگی اور ان کی فکر میں مایوسی کا اندھیرا نہ تھا۔

ان کی کتاب 'میری سیاسی زندگی' کی اشاعت مایوسیوں کے اندھیرے میں حوصلے کی شمع روشن کرنے جیسا ہے۔ میں خاص طور پر اپنے نوجوانوں کو مشورہ دوں گا کہ وہ الیاس اعظمی مرحوم کی دیگر کتابوں کا بھی مطالعہ کریں۔ 'مسلمانوں کی سیاست زخم اور علاج' جیسی ان کی کتابیں نئی نسل کے لئے مشعل راہ ہیں۔ مجھے امید ہے کہ الیاس اعظمی مرحوم جیسے مخلص سیاسی قائد کی داستان حیات نئی نسل کو امیدوں کی منزل تک لے جانے میں مددگار ہوگی۔

والسلام

محب اللہ

محب اللہ ندوی

پیغام

محترم جناب طارق انور صاحب

ممبر آف پارلیمنٹ (لوک سبھا)

Tariq Anwar
MEMBER OF PARLIAMENT
(LOK SABHA)

सत्यमेव जयते

18 Meena Bagh, New Delhi 11
011-21410405

July 25, 2024

शुभकामना संदेश

मुझे यह जानकर अत्यंत हर्ष हो रहा है कि स्वर्गीय सांसद श्री इलियास आजमी जी द्वारा रचित पुस्तक "मेरी सियासी जिंदगी" का विमोचन हिंदी और उर्दू भाषा में होने जा रहा है।

यह पुस्तक निश्चित ही उनके संघर्ष, विचार और राजनीतिक जीवन का प्रतिबिंब होगी। श्री इलियास आजमी जी की राजनीतिक यात्रा और सामाजिक योगदान ने हमें सदैव प्रेरित किया है। यह पुस्तक न केवल राजनीति में रुचि रखने वालों के लिए बल्कि समाज के हर वर्ग के लोगों के लिए प्रेरणादायक होगी। मैं इस पुस्तक की सफलता की कामना करता हूँ तथा स्मारिका के प्रकाशन के लिए हार्दिक शुभकामनाएं देता हूँ।

धन्यवाद।

आपका

तारिक अनवर

پیغام

محترم جناب چندر شیکھر آزاد صاحب

ممبر آف پارلیمنٹ (لوک سبھا)

चन्द्र शेखर
संसद सदस्य (लोक सभा)
नगीना (उत्तर प्रदेश)

सत्यमेव जयते

1143, छुटमलपुर
सहारनपुर-247662
उत्तर प्रदेश

दिनांक : 05/08/2024

मंगलकामना संदेश

मुझे यह जानकर अत्यंत हर्ष हो रहा है कि स्वर्गीय सांसद श्रद्धेय इलयास आज़मी जी द्वारा रचित पुस्तक "मेरी सियासी जिंदगी" का विमोचन हिंदी और उर्दू भाषा में होने जा रहा है। यह पुस्तक निश्चित ही उनके संघर्ष, विचार और राजनीतिक अनुभवों का प्रतिबिंब होगी।

श्रद्धेय इलियास आजमी जी की राजनीतिक यात्रा और सामाजिक योगदान ने हमें सदैव प्रेरित किया है। यह पुस्तक न केवल राजनीति में रुचि रखने वालों के लिए बल्कि समाज के हर वर्ग के लोगों के लिए प्रेरणादायक होगी।

मैं इस पुस्तक की सफलता की कामना करता हूँ तथा स्मारिका के प्रकाशन के लिए हार्दिक शुभकामनाएँ देता हूँ।

धन्यवाद ।

भवदीय,

(एड. चन्द्र शेखर आजाद)

پیغام

محترم جناب چھگن بھجبل صاحب

وزیر صوبہ مہاراشٹر

छगन भुजबळ
मंत्री
अन्न, नागरी पुरवठा व ग्राहक संरक्षण
महाराष्ट्र राज्य

दि.२०.०७.२०२४

शुभकामना संदेश

मुझे यह जानकर अत्यंत हर्ष हो रहा है कि स्वर्गीय सांसद श्री.इलयास आज़मी जी द्वारा रचित पुस्तक **"मेरी सियासी जिंदगी"** का विमोचन हिंदी और उर्दू भाषा में होने जा रहा है। यह पुस्तक निश्चित ही उनके संघर्ष, विचार और राजनीतिक अनुभवों का प्रतिबिंब होगी।

श्री इलियास आजमी जी की राजनीतिक यात्रा और सामाजिक योगदान ने हमें सदैव प्रेरित किया है। यह पुस्तक न केवल राजनीति में रुचि रखने वालों के लिए बल्कि समाज के हर वर्ग के लोगों के लिए प्रेरणादायक होगी।

मैं इस पुस्तक की सफलता की कामना करता हूँ तथा स्मारिका के प्रकाशन के लिए हार्दिक शुभकामनाएँ देता हूँ।

धन्यवाद ।

(छगन भुजबळ)

कार्यालय : दालन क्र. २०१, मुख्य इमारत, मंत्रालय, मुंबई - ४०००३२.
☎ ०२२ - २२८३ १९८३ / २२०२ ५३१३ ई-मेल : minister.fcs@gov.in

پیغام

محترم جناب مولانا سید احمد بخاری صاحب

شاہی امام مرکزی جامع مسجد، دہلی

Syed Ahmed Bukhari
Shahi Imam
Jama Masjid Delhi (India)

پیغام

جناب الیاس اعظمی مرحوم کی کتاب 'میری سیاسی زندگی' کی اشاعت نئی نسل کو ملک کی مسلم سیاست سے خاطر خواہ طور پر متعارف کرائے گی۔ ملک کے مایوس کن حالات میں جو شخصیتیں میدان میں آئیں ان میں الیاس اعظمی مرحوم کی شخصیت کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ پارلیمنٹ میں اہل وطن کے حقوق کیلئے جب جب آواز بلند ہوئی، الیاس اعظمی مرحوم کے لہجے کی گونج نمایاں طور پر سنائی دیتی رہی۔ دو بار ممبر پارلیمنٹ کے طور پر وہ جس مستعدی کے ساتھ عوامی حقوق کی نگہبانی کرتے رہے قوم کے دل میں اس کی ہمیشہ قدر رہے گی 'مسلمانوں کی سیاست زخم اور علاج' جیسی انکی کتابیں نئی نسل کیلئے مشعل راہ ہیں۔

مجھے امید ہے کہ الیاس اعظمی مرحوم جیسی شخصیت کی داستان حیات نئی نسل کو امیدوں کی منزل تک لیجانے میں مددگار ہوگی۔

سید احمد بخاری

سید احمد بخاری

13 رجولائی 2024

محسنِ قوم وملّت
الیاس اعظمی صاحبؒ

میرا ابھی عنفوان شباب تھا، جب کبھی میں مدارس کی مختصر یا طویل چھٹیوں میں گھر (جگدیش پور) آتا تھا تو پھول پور کے ایک چائے خانہ میں تقریباً ہر روز آپ سے ملاقات کا سلسلہ رہتا۔ اس دوران ہر طرح کے موضوعات زیرِ گفتگو آتے۔ ابتداء ہی میں واضح ہو گیا تھا کہ آپ ملک کے مشہور مفکر، صاحبِ قلم اور جماعت اسلامی کے بانی مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحبؒ سے حد درجہ متاثر ہی نہیں تھے بلکہ کہنا چاہئے کہ مولانا مودودی صاحب آپ کے اعلیٰ درجہ کے کامل آئیڈیل اور نمونہ تھے۔ اِدھر میں کچی عمر کا مدرسہ کی دنیا کا ایک ناتجربہ کار، گفتگو اور بحث و مباحث میں ہم بہت دور جا پڑتے تھے۔ ان مباحث میں سیاسی امور بھی آتے اور ظاہر ہے کہ ملک کی مشہور سیاسی جماعت کانگریس تو زیرِ گفتگو آتی ہی۔

میں جس ماحول کا پروردہ تھا اس کا یہ لازمی تقاضہ تھا کہ مولانا مودودی صاحبؒ کی مخالفت اور کانگریس کی حمایت، بحدّ غلو ہو جاتی تھی۔

میں ان تمام بحث و گفتگو میں کبھی کبھی تلملا اٹھتا تھا اور یہ یقیناً ہر اعتبار سے میری ناتجربہ کاری تھی اور یہی جملہ محترم الیاس صاحب آخر میں کہہ کر بحث کو ختم کر دیتے تھے کہ ''مولوی صاحب! تم نے ابھی دیکھا ہی کیا ہے؟''

آفریں صد آفریں، اتنی طویل مدت کی لاتعداد ملاقاتیں، لمبی لمبی بحثیں مگر کیا مجال کہ کبھی آپ کے چہرے پر کسی بھی طرح کی تلخی کا کوئی ادنیٰ اثر، اٹھتے اٹھتے ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ یہی جملہ ہوتا تھا۔ ''اچھا میاں قاری صاحب! پھر کبھی۔''

یہ بھی ایک عجیب بات ہے کہ اگلے روز پھر کوئی نہ کوئی موضوع اور عنوان سامنے آ ہی جاتا تھا اور گفتگو شروع ہو جاتی تھی۔ یہ بات بھی کہ نہ آپ اکتاتے اور نہ مجھے جلدی رہتی۔

دورانِ گفتگو کچھ اور لوگ بھی دلچسپی کے ساتھ شریکِ سماعت ہو جاتے کتنے ہی لوگوں نے مجھ سے بارہا کہا کہ قاری ابوالحسن! ابھی آپ بچے ہیں اور الیاس صاحب ایک جہاں دیدہ اور حالات اور زمانہ کے سرد و گرم چشیدہ ہیں۔ تم ان سے مباحثہ نہ ہی کرو تو بہتر ہے۔

الیاس صاحب بظاہر ایک سادہ سے آدمی تھے، کرتا پاجامہ کے ساتھ ایک سرخ رنگ کا بڑا سا رومال، یہ تھی آپ کی سادہ سی وضع قطع، جسے دیکھ کر اول وہلہ میں کسی قسم کا کوئی بھی تاثر قائم ہونے کا سوال نہیں مگر جب گفتگو شروع کرتے تو اللہ اللہ! کیا کہا جائے، خاص طور پر ملک کے سیاسی احوال، سیاسی شخصیات اور کبھی کبھی مذہبی لبادہ میں ملبوس دینی و علمی حضرات پر جب زبان کھلتی تو سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ اس ایک شخص میں جو بظاہر سیدھا سادہ ہے، ہمہ جہتی معلومات کی کتنی دنیائیں اپنے نہاں خانۂ دماغ و ذہن میں چھپائے ہوئے ہیں۔

کبھی کبھی کوئی مولانا صاحب اور تجربہ کار بھی شریک گفتگو ہوتے مگر کسے باشد، الیاس صاحب بھلا کسی سے ادنیٰ درجہ میں کیا متاثر ہوتے۔

موضوع اور عنوان خواہ کوئی بھی ہو، آپ تنہا ہو کر بھی اتنی متانت اور ٹھہرے

ہوئے انداز میں باتیں کرتے تھے، اکھڑنا تو جانتے ہی نہ تھے۔ ہم دوانِ گفتگو اکثر جزبز بھی ہوجاتے اور ٹھیک اس وقت آپ ایک بہت ہلکی زیرِلب مسکراہٹ کے ساتھ گفتگو ختم کردیتے۔

میں اب اپنی عمر کے آخری پڑاؤ سے گزر رہا ہوں۔ دمِ تحریر ۸۲؍سال کا ہوچکا ہوں، اس زندگی میں صدہا اہل علم اور سیاسیات سے تعلق رکھنے والے حضرات سے مل چکا ہوں اور تقریباً پیش آمدہ حالات اور موضوعات سے بحثیں بھی کرچکا ہوں مگر محترم الیاس اعظمی صاحب جیسا اپنے نظریہ پر اس قدر مضبوط مزاج کا حامل شخص نہیں دیکھا۔ میرا یہ خیال محض کوئی وقتی نہیں، کوئی رشتے کا تعلق بھی نہیں، کوئی عقیدت مندی بھی نہیں بلکہ آپ سے اختلاف رکھنے والا، لیکن ایک مدتِ دراز تک دیکھا بھالا تھا۔ یہ مضبوطی اور تصلّب ظاہر ہے حالات اور زمانہ پر گہری نگاہ، برسہابرس کے تجربات کے نتیجے میں تھا۔

میں ایسے بہت سے لوگوں سے واقف ہوں جو کچھ مدت تک کسی خیال اور نظریئے کے حامل رہے اور پھر کچھ ہی دنوں بعد، کچھ اور ہوگئے اور پھر آخر میں کسی اور طرف نکل گئے، پالا بدل لیا، جدھر نفع دیکھا پھسل گئے۔ مگر محترم الیاس صاحب نے ابتداء سے جو نظریہ اپنایا آخر تک اسی پر جمے رہے۔ اور نہایت پختہ انداز میں یہ کہتے ہوئے سنا کہ ''محترم! آج نہیں تو کل، آپ کو اپنے ان خیالات سے رجوع کے سوا کوئی چارہ نہ ہوگا اور ایسا ہوا۔

صاحبزادۂ محترم جناب محمد ارشد صدیقی صاحب سے آج سے چند سال پہلے جب آپ بمبئی سے ڈھاکہ، بنگلہ دیش آئے ہوئے تھے اور کوکس بازار، جہاں حکومت برما کے ستائے ہوئے روہنگیا مسلمان تاریخ کے ایک تاحدنگاہ، پناہ گزیں خیمہ زن تھے، ان کے سامانِ خوردونوش سے بھرا ہوا ایک بڑا ٹرک لائے ہوئے تھے۔

رمضان کا مہینہ، ڈھاکہ سے میں بھی آپ کے ساتھ تھا، کوکس بازار کے ایک بڑے ہوٹل میں ہم چار افراد پرنسپل میزان الرحمٰن چودھری، مولانا ابوجعر قاسمی اور بھائی ارشد صدیقی صاحب قیام پذیر تھے۔ دوروز تک آپ کا ساتھ رہا، آپ سے باتیں ہوئیں، یہ جان کر کہ آپ میرے قدیم بزرگ دوست جناب الیاس اعظمی صاحب کے لائق فائق بیٹے ہیں، دل خوش ہوا۔

پھر اکتوبر ۲۰۲۳ء میں بمبئی میں ملاقات ہوئی، اس ملاقات کے بعد میرے خوش گوار تاثرات میں اضافہ ہوا، آپ کی مشغولیات کو قریب سے دیکھ کر بہت مسرت ہوئی۔ مجھے ایک مطبوعہ کتاب پیش کی، میرا قیام کرسٹل ہوٹل میں کرایا، یہ کتاب پڑھ کر جناب الیاس اعظمی صاحب سے شدید قربت کا احساس ہوا۔

محترم ارشد صاحب میری ایک کتاب دیکھ چکے تھے، یہ خیال ظاہر کیا کہ میں چاہتا ہوں کہ والد صاحب کی جو تحریریں منتشر ہیں انہیں یک جا ایک کتاب کی صورت میں لایا جائے۔

آپ کے برادرِ خورد جناب شہباز صاحب دہلی میں کسی صاحب کے حوالے یہ تحریر کر چکے تھے۔ ارشد صاحب کو معلوم ہوا تو مجھ سے یہ کہتے ہوئے کہ ان تحریروں پر تم کام کرو، دہلی سے وہ تمام تحریریں میرے پاس بھیج دیں۔ یہ تمام تحریریں بے حد شکستہ تھیں اور سال خوردہ بھی، ان کا پڑھنا کارے دارد! مگر میں نے اپنے دوست جو میری کتابیں ایک عرصۂ دراز سے کمپوزنگ کرتے ہیں ان کے حوالے کیا۔ آپ کی مختلف تحریریں جو ایک طویل عرصے کے گہرے تجربات کا نتیجہ تھیں، انہیں پڑھ کر آدمی معلومات کی ایک عجیب دنیا میں خود کو پاتا ہے۔

جناب الیاس اعظمی صاحب اصلاً ملی سوچ اور فکر کے آدمی تھے۔ اپنی مجلسوں میں بڑے پتے کی باتیں کہہ جاتے تھے۔ آپ کی ملک وملت اور سیاسی جماعتوں

کی تاریخ پر گہری نظر تھی۔ اپنے طویل تجربات کی روشنی میں بعض سیاسی اور ملی شخصیتوں کے بارے میں بڑی بے باک رائے رکھتے تھے، جس کا اظہار اپنی تحریروں، عوامی اور خصوصی مجلسوں میں برملا کر دیا کرتے تھے، جس سے ایک طبقہ آپ سے اختلاف کرتے ہوئے خفا بھی ہو جاتا تھا، لیکن آپ اپنے مطالعے اور مشاہدے پر کامل طور پر اعتماد اور بھروسے کے نتیجے میں کسی کی خفگی اور ناراضگی کی قطعی طور پر پرواہ نہیں کرتے تھے۔ آپ کی عمیق نظر کی واضح اور منہ بولتی دلیل، آپ کی یہ کتاب اور اس میں بکھری ہوئی تحریریں ہیں۔

مضامین سے پہلے تمہید

یہ اہل نظر پر مخفی نہیں کہ مضمون ہو یا تقریر، تمہید کی بڑی اہمیت ہوتی ہے۔ موضوع سے متعلق، بڑی اہم اور موثر بنیاد ہوتی ہے۔ اسی کے ساتھ موضوع سے متعلق بہترین عنوان قائم کرنا سب کے بس کی بات نہیں ہوتی۔

اعظمی صاحب اپنے مضامین پر مضبوط تمہید کے ساتھ دلکش عنوانات قائم کرتے ہیں، کبھی تو پورے مضمون کا عطر مجموعہ عنوان کے اندر چھلکتا ہوا نظر آتا ہے۔

بعض اہم اور بڑے کہے جانے والے علمی اداروں کے نظماء اور درو بست سے تعلق رکھنے والوں کے بارے میں ایسے خیالات کا اظہار کرتے ہیں جو بظاہر بہت سخت نظر آتے ہیں، مگر حقائق سے اتنے ہی قریب ہوتے ہیں۔

مثلاً ایک جگہ ایک مدرسہ کے اراکین شوریٰ کے بارے میں آپ لکھتے ہیں:

''اراکین شوریٰ کے لئے یہ مدرسہ تو صرف ان کی ذاتی قد آوری، تفریحِ طبع اور گروہ بندی کے ذریعے اپنے متعلقین کی تعداد میں اضافے کا ایک ذریعہ ہے۔''

یہ ایک مختصر سا اقتباس ہے جو بظاہر کسی کے لئے سخت ہوسکتا ہے مگر قریب

سے جاننے والوں کے لئے یہ ایک بے حد صحیح اور نا قابل انکار حقیقت ہے۔

موقع بہ موقع مختلف، اہم اور سلگتے ہوئے موضوعات پر لکھے گئے مضامین قطعی طور پر شاہد ہیں کہ مضمون نگار کی عقابی نظر کس قدر گہری اور دوررس تھی۔اس میں ادنیٰ شک وشبہ نہیں کہ کتاب ایک اہم دستاویز ہے، ایک آئینہ ہے، جس میں ملک وملت کے احوال اور سیاسی جماعتوں کو دیکھا اور مشاہدہ کیا جاسکتا ہے، نیز زبان بھی شستہ، شگفتہ اور صاف ستھری ہے۔کہیں کسی طرح کی پیچیدگی نہیں۔

جناب الیاس اعظمی صاحب کی یہ دستاویزی تحریریں دیکھ کر بے ساختہ دل سے یہ آواز نکلی کہ ''کاش آپ کی عمر اور حیات اور دراز ہوتی اور چشم بینا رکھنے والے حضرات کے آپ کی تحریریں، خیالات اور مشاہدات اور نظر نواز ہوتے۔

ویسے تو ملّتِ ہندیہ کے سامنے اَن گنت لیڈر، نیتا اور سیاسی رہنما آتے جاتے رہے مگر جناب الیاس اعظمی جیسے ملک وملت کے لئے ایک انگلی کا پوروا بھی زائد ہو جائے گا، ایسے ایثار پیشہ، غم گسارِ ملت اور اپنا سب کچھ داؤ پر لگا دینے والے کہاں ملیں گے؟ ملتِ مسلمہ ہندیہ صرف جذباتی نعروں اور کھوکھلی باتوں کے پیچھے بھاگنے والی روئے زمین کی ایک عجیب ہی قوم ثابت ہوئی۔

اللہ رب العزت سے دعاء ہے کہ اس امت پر رحم فرمائے اور آپ کی سیئات اور بھول چوک کو حسنات سے مبدل فرمائے۔آمین

ابوالحسن اعظمی

سابق صدر شعبۂ قراءت دارالعلوم دیوبند و رکن رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ

واردِ حال دولت کدۂ شمیم، گروگرام

۱۳/ جون ۲۰۲۴ء

* * *

الیاس اعظمی
کچھ یادیں، کچھ باتیں

قائد ملت ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی کے پروردہ سابق ممبر پارلیمنٹ اور معروف مسلم قائد الیاس اعظمی گزشتہ 5 جون کی صبح نئی دہلی کے اپولو اسپتال میں مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ان کی عمر 88 سال تھی اور وہ اس عمر میں بھی اتنے چاق وچوبند تھے کہ ملکی سیاست کی گرہ کھولنے کا حوصلہ رکھتے تھے۔انھیں ہر وقت ملک وملت کی فکر ستاتی رہتی تھی اور وہ مسائل کی گتھیوں کو سلجھانے کی تگ ودو میں مصروف رہتے تھے۔یہی وجہ ہے کہ ان کے انتقال سے ملّی حلقوں میں سوگ کی لہر ہے۔ وہ اپنی وضع قطع اور فکر کے اعتبار سے ایک منفرد انسان تھے۔ انتہائی معمولی لباس زیب تن کرتے تھے اور ایک عربی رومال ہمیشہ ان کے گلے میں لٹکا رہتا تھا۔انھوں نے قلندرانہ زندگی بسر کی۔ زندگی کی رعنائیاں اور زیبائشیں انھیں کبھی اپنے دام میں گرفتار نہیں کر سکیں۔ قائد ملت ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی نے 70 کی دہائی میں مسلم مجلس کے پرچم تلے مسلمانوں کو سیاست کے محور میں لانے کی جو جدوجہد شروع کی تھی، الیاس اعظمی اس کے سرگرم اور قابل بھروسہ کارکنوں میں سے ایک تھے۔اب اس قبیل کے لوگوں میں صرف عالم بدیع اعظمی ہی باقی رہ گئے ہیں جو اپنی بہترین کارکردگی کی وجہ سے

اعظم گڑھ سے ممبر اسمبلی ہیں۔ جو دیگر لوگ ڈاکٹر فریدی کی مہم کے قافلہ سالاروں میں شامل تھے، ان میں فضل الباری، قمر کاظمی اور مسعود خاں کے نام بھی قابل ذکر ہیں۔الیاس اعظمی کو تحریر پر بھی مکمل عبور حاصل تھا اور اکثر اخبارات میں ان کے مضامین شائع ہوتے تھے۔ انھوں نے مسلم مسائل اور ان کے حل کے لیے کئی کتابیں بھی لکھیں۔ان میں مسلمانوں کی ''سیاست: زخم اور علاج'' قابل ذکر ہے۔

الیاس اعظمی بابری مسجد بازیابی تحریک کے بانی قائدین میں شامل تھے۔ وہ اس بات کے خواہش مند تھے کہ بابری مسجد کی لڑائی ایک قومی مسئلے کے طور پر لڑی جائے۔ان کا خیال تھا کہ اسے ہندو مسلم مسئلہ بنانے سے سراسر نقصان ہوگا۔لیکن ان کی بات نہیں سنی گئی تو انھوں نے اس تحریک سے علاحدگی اختیار کر لی۔ بابری مسجد تحریک کو جس انداز میں چلایا گیا، اس کے نقصانات سب پر واضح ہیں۔ انھوں نے ڈاکٹر فریدی کی قیادت میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے اقلیتی کردار کی لڑائی جس دوراندیشی اور سیاسی بصیرت کے ساتھ لڑی تھی، وہ بابری مسجد کے معاملے میں بھی وہی انداز اختیار کرنا چاہتے تھے۔

الیاس اعظمی نظریاتی طور پر علامہ اقبال اور مولانا مودودی کے پیروکار تھے۔ جبکہ سیاسی زندگی میں انھوں نے ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی اور ڈاکٹر امبیڈکر کو اپنا رہنما بنایا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ وہ مسلمانوں اور دلتوں کو ایک پلیٹ فارم پر لاکر ایک متحدہ سیاسی قوت بنانے کے طرفدار تھے۔ یہی جذبہ انھیں کاشی رام کے قریب لایا۔ انھوں نے لوک سبھا کے دونوں الیکشن بھی بہوجن سماج پارٹی کے ٹکٹ پر لڑے اور کامیابی حاصل کی۔

الیاس اعظمی کی بنیادی شناخت ان کی نظریاتی پختگی تھی۔ وہ کسی مسئلہ پر جو رائے شروع میں قایم کر لیتے تھے، اس سے پیچھے نہیں ہٹتے تھے۔اس معاملے میں

انھیں کسی کی رضامندی یا ناراضگی سے بھی کوئی سروکار نہیں ہوتا تھا۔ وہ عوام کے پیچھے چلنے والے قائدین میں نہیں تھے بلکہ ہوا کے رخ کے خلاف دوراندیشی پر مبنی حکمت عملی تیار کرتے تھے۔ انھوں نے پوری زندگی کانگریس پارٹی کی جارحانہ مخالفت میں گزاری۔ وہ کانگریس کو مسلمانوں کے تمام مسائل کی جڑ گردانتے تھے۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ انھوں نے آخری دنوں میں اس سے رجوع کرلیا تھا۔ یہ بات مجھے مرحوم جاوید حبیب کے بھائی مجیب الدین خاں نے بتائی۔ الیاس اعظمی نے چند دنوں پہلے مجیب الدین خاں سے کہا تھا کہ آپ جانتے ہیں کہ میں نے پوری زندگی کانگریس کی مخالفت میں گزاری ہے، لیکن اب راہل گاندھی کی تقریریں سن کر میرا ذہن بدل گیا ہے۔ اب میں کانگریس کے لیے کام کرنا چاہتا ہوں۔ لیکن اپنی اس خواہش کی تکمیل سے پہلے ہی وہ سفر آخرت پر روانہ ہوگئے۔

الیاس اعظمی سے میرے تعلق کی داستان اتنی ہی طویل ہے جتنی کہ اردو صحافت سے میری وابستگی کا دورانیہ۔ ان سے ہوئی سیکڑوں ملاقاتوں کو یاد کرتا ہوں تو بہت سی باتیں ایک ساتھ یاد آتی ہیں۔ الیاس اعظمی ایک عوامی رہنما تھے اور وہ ہر وقت عوام الناس کے درمیان ہی رہنا پسند کرتے تھے۔ میں نے انھیں کبھی خواص کے درمیان نہیں دیکھا۔ وہ اکثر پرانی دہلی کے تنگ وتاریک گلی کوچوں کو عبور کرتے ہوئے چتلی قبر علاقہ میں مقیم دعوت کے سابق ایڈیٹر محفوظ الرحمٰن مرحوم کے یہاں برابر آتے جاتے تھے، جن سے ان کا وطنی تعلق بھی تھا۔ میری بیشتر ملاقاتیں ان سے یہیں ہوئیں۔ یہ وہ زمانہ تھا جب محفوظ صاحب کے ہاں مسلم مجلس کے بیشتر لوگوں کی آمدورفت رہتی تھی۔ محفوظ الرحمٰن مرحوم چونکہ لکھنؤ میں ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی کے اخبار قائد کے ایڈیٹر رہ چکے تھے، اس لیے

مسلم مجلس کے تمام ہی لوگوں سے ان کی شناسائی تھی۔ جب پارلیمنٹ کا اجلاس ہوتا تو وہاں اکثر الیاس اعظمی سے میری ملاقات ہوجاتی تھی۔ وہ جمعہ کی نماز پارلیمنٹ کی مسجد میں ہی ادا کرتے تھے۔ اس مسجد میں عام طور پر نمازی فرض پڑھنے کے بعد اہم لوگوں سے ملاقات کا اشتیاق لیے ہوئے مسجد کے باہر آ کر کھڑے ہوجاتے ہیں۔ دیگر ممبران پارلیمنٹ عجلت میں وہاں سے بچتے بچاتے نکل جاتے ہیں، لیکن الیاس اعظمی ہمیشہ عام نمازیوں کی طرح مسجد کے باہر اپنے شناساؤں کا انتظار کرتے تھے۔ لوگوں کے مسائل سننا اور اپنی بات ان تک پہنچانا ان کا محبوب مشغلہ تھا۔

الیاس اعظمی 22 اگست 1934 کو اعظم گڑھ کی تحصیل پھولپور کے موضع برولی میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم پھولپور میں واقع مدرسہ روضۃ العلوم میں حاصل کی اور یہیں سے حفظ قرآن مکمل کیا۔ وہ پہلی بار شاہ آباد پارلیمانی حلقے سے 2004 میں رکن پارلیمان چنے گئے اور دوسری بار 2009 میں کھیری حلقہ سے لوک سبھا کے رکن رہے۔ یہ دونوں الیکشن انھوں نے بی ایس پی ٹکٹ پر لڑے۔ وہ عام آدمی پارٹی کے بانی ارکان میں شامل تھے، لیکن 2016 میں اروند کجریوال سے اختلافات کی وجہ سے انھوں نے پارٹی کو الوداع کہا۔ انھوں نے 2021 میں پیوپلز جسٹس پارٹی بنائی تھی جس کا مقصد سماج کے محروم طبقات اور مسلمانوں کو ایک مضبوط پلیٹ فارم فراہم کرنا تھا۔

سچ پوچھیے تو ان کی پوری سیاست سماج کے دبے کچلے اور پسماندہ طبقات کے گرد ہی گھومتی رہی۔ اس کی تحریک انھیں ڈاکٹر فریدی سے ملی تھی۔ 1964 کے بعد ڈاکٹر فریدی کی قیادت میں اقلیتوں، دلتوں اور پسماندہ ذاتوں میں سیاسی اتحاد قایم کرنے کی جو مہم چلی تھی، الیاس اعظمی نے اس کے لیے انتھک جدوجہد

کی۔ یہ وہ دور تھا جب فسادات میں ان طبقوں کو مسلمانوں کے خلاف استعمال کیا جاتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمانوں کی طرف سے ان کوششوں کی مزاحمت ہوئی اور بہت سے لوگ میدان چھوڑ کر بھاگ کھڑے ہوئے، لیکن الیاس اعظمی اپنے مشن سے پیچھے نہیں ہٹے۔ ڈاکٹر فریدی کے انتقال کے بعد بھی وہ اس محاذ پر پوری ثابت قدمی کے ساتھ ڈٹے رہے۔ انھوں نے دلتوں اور پچھڑوں کی قیادت سے ہمیشہ تعلقات استوار رکھے اور دلت مسلم اتحاد کے لیے جدوجہد کرتے کرتے جان ہار دی۔ کاش یوپی کے مسلمان ان کے اس درد اور دوراندیشی کا ادراک کر پاتے۔ یہ بات کم ہی لوگوں کو معلوم ہے کہ مرادآباد، میرٹھ اور ملیانہ قتل عام کے بعد فساد شکن فورس بنانے کی تجویز سب سے پہلے انھوں نے ہی پیش کی تھی۔ اسی مہم کے نتیجے میں ریپڈ ایکشن فورس قایم ہوئی۔ وہ پارلیمنٹ میں بھی ہمیشہ مظلوموں اور پسماندہ طبقات کی آواز بلند کرتے تھے۔ افسوس کہ اب ان جیسی سوچ رکھنے والا کوئی دوسرا مسلم لیڈر ہمارے درمیان نہیں ہے۔

معصوم مرادآبادی

* * *

جرأت وشجاعت کا پیکر

اللہ تعالیٰ نے دنیائے فانی کے دستور میں اس چیز کو شامل رکھا ہے کہ وقت کتنا ہی برا کیوں نہ آجائے ہر عہد اور ہر دور میں گنتی کے لحاظ سے کم ہی سہی لیکن حق گوئی کا فریضہ ادا کرنے والے اپنا فریضہ ادا کرتے رہیں گے۔ بسا اوقات ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ تو ''نقار خانہ'' میں ''طوطی'' کی آواز ہے لیکن وقت ثابت کر دیتا ہے کہ ''مستند تھا ان کا فرمایا ہوا''

اللہ جنت نصیب کرے محترم الیاس اعظمی صاحبؒ کو جو گزشتہ سال ۵/جون ۲۰۲۳ء کو عالمِ فنا سے دارِ بقا کی طرف کوچ کر گئے اور ملت کو اُس آواز کی سماعت سے محروم کر گئے جو ملّی مسائل کے سلسلے میں جب بھی گونجتی تھی تو اس کی صدائے بازگشت دور تک اور دیر تک سنائی دیتی تھی۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں فہم وبصیرت کے ساتھ وافر مقدار میں ملّی شعور عطا کیا تھا، وہ سیاسی مصلحتوں کی پرواہ کئے بنا جو کچھ حق سمجھتے تھے اس کے اظہار میں کوئی تأمل نہیں کرتے تھے۔ ان کی سیاسی زندگی کی شروعات مولانا مودودی علیہ الرحمہ کے مذہبی وسیاسی افکار سے ہم آہنگ ہونے سے ہوئی۔ بعد میں انہیں اپنی ہم خیال جماعت مسلم مجلس نظر آئی اور انہوں نے اس سے وابستگی اختیار کرلی۔ ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی مرحوم کے ابتدائی مجلسی ساتھیوں میں ایک اہم نام مرحوم کا بھی رہا۔ مرحوم کا نام پہلی مرتبہ ۱۹۷۲ء میں مسلم مجلس کے زیر انتظام چلنے والی ''مسلم

یونیورسٹی بچاؤ تحریک'' کے سلسلے میں سننے میں آیا تھا۔ یہ راقم کا زمانۂ طالب علمی تھا، لیکن اللہ تعالیٰ نے عنفوانِ شباب سے ہی ملت کے مسائل کو پڑھنے، سمجھنے اور اس سے وابستہ افراد کی تحریر وتقریر کا جائزہ لینے کا بھرپور ملکہ ودیعت کیا تھا، اس لئے ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی صاحب مرحوم اوران کے ملّی سانچہ میں ڈھلے ہوئے بہت سے افراد مثلاً مرحوم الیاس اعظمی، عالم بدیع اعظمی، قمر کاظمی، فضل الباری وغیرہ جیسے بہت سے افراد اب تک حافظہ کے نہاں خانے میں محفوظ ہیں۔

گذشتہ صدی کی آٹھویں دہائی کے اوائل میں ایمرجنسی سے چھٹکارا پا کر ملک ایک نئی سمت کی طرف رواں دواں ہوا، تو ملک کی زمامِ اقتدار سنبھالنے والی سیاسی جماعت انڈین نیشنل کانگریس کی نیتی سے مسلمانوں کے خلاف اُس کی بد نیتی اُن لوگوں کے قلوب پر واضح ہوگئی جو ملّت کی سیاسی بقاء کی خاطر اپنا سب کچھ داؤ پر لگائے ہوئے تھے، انہیں میں سے ایک محترم الیاس اعظمی صاحب مرحوم تھے، جنہوں نے اُس وقت کی حکومت کے ارادوں کو بھانپ کر آل انڈیا مسلم مجلس کے پلیٹ فارم سے اُس وقت کی حکمراں جماعت انڈین نیشنل کانگریس کی پالیسیوں کو مسلمانوں کے سامنے انتہائی جرأت و ہمت کے ساتھ تحریری شکل میں پیش کیا۔ جن میں مستقبل میں پیش آنے والے خدشات کو ظاہر کیا گیا تھا۔ اس کے لئے انہوں نے کسی بھی لیت ولعل سے کام نہ لے کر حکمراں جماعت کے ان خوفناک و خطرناک عزائم کا اظہار کیا جس کی طرف دانستہ یا نادانستہ ''مذہبی لبادہ'' اوڑھے جبہ و دستار کا مظاہرہ کرنے والے افراد کانگریسی کاسہ لیسی میں مصروف تھے۔ ایسی تنظیموں اور ان سے وابستہ افراد کے خلاف انہوں نے ہر میدان میں ایک محاذ کھولا، کانگریس کی بدعملی کو اپنی تحریر وتقریر سے واضح کیا، عوام وخواص کو متنبہ وخبردار کیا کہ مسلم دشمن جماعتیں مختلف حیلوں، بہانوں سے اُن پر یلغار بول رہی ہیں اور

سیکولر سمجھی جانے والی وہ سیاسی جماعتیں جن کے دامِ پرفریب میں ہمارے بہت سے مذہبی رہنما پھنس چکے ہیں وہ مسلمانوں کو ہر سطح پر غلامی کے لئے آمادہ کر رہی ہیں، اسی غرض سے انہوں نے حکمرانوں کی بدنیتی کو پوری طرح سے واضح کر دیا۔ ان کی تحریر وتقریر کی ضربِ کاری کو برداشت نہ کر کے ''ملکی خیرخواہی'' کا نعرہ بلند کرنے والا مفاد پرست سیاسی و مذہبی طبقہ اُن کے خلاف ہو گیا لیکن انہوں نے کسی کی مخالفت کی کوئی پرواہ نہیں کی اور اپنی آواز کو پست نہیں ہونے دیا۔

ان کی اس تشویش واضطراب کے پیچھے جن چیزوں کو وہ ''نوشتۂ دیوار'' سمجھ رہے تھے بعد میں وہ وہ بالکل سچ ثابت ہوئیں۔ کانگریس اقتدار کے دوسرے دورانیہ کے بعد ملک میں جس طریقہ کے حالات رونما ہوئے اور ملت جن آزمائشوں میں مبتلا ہوئی اس آزمائشی دور میں الیاس اعظمی کی دل گداز تحریروں نے سرمۂ بصیرت کا کام انجام دیا۔ الیاس اعظمی نے بہت سوجھ بوجھ کے ساتھ اپنا سیاسی پیشوا ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی کو بنایا تھا، ان کی فکر کو متحد کرنے میں انہیں اپنی زندگی کے بہت سے ادوار سے گزرنا پڑا۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں دوراندیشی پر مبنی سیاسی مصلحتوں سے عاری فکر و ذہن عطا کیا تھا۔ اُن کا قلم شگفتہ اور اسلام مخالف افکار پر نشتر لگانے کا کام کرتا تھا۔ اس وجہ سے اُن کی تحریریں ان کے زمانے میں بھی ملت کے تئیں سنجیدہ طبقہ میں انتہائی غور وفکر کے ساتھ پڑھی جاتی تھیں اور آج بھی ان کی افادیت بدستور قائم ودائم ہے۔ ملت کے سامنے مسائل کا لاینحل انبار لگ چکا ہے، اس کی وجوہات پر غور کریں تو اس کے پسِ پشت اُن سیاسی جماعتوں کی مکاریاں وعیاریاں واضح ہو جاتی ہیں جنہوں نے مسلم مخالف جماعتوں وتنظیموں کے ''سانپ'' کو دودھ پلا کر ''زہریلا ناگ'' بنانے کا کام کیا اور افسوس اُن مسلم تنظیموں پر ہے جنہوں نے محض اپنے وقتی مفاد کی خاطر بروقت

اس کا تدارک نہیں کیا اور اگر کسی نے اُن سیاسی مقاصد کو طشت از بام کرنا چاہتا تو اُن حضرات نے انہیں مخالف گردان کر ہر سطح پر کمزور کرنے کی کوشش کی۔ اس وقت ملت جس بے بسی و بے کسی کے حالات سے گذر رہی ہے یہ اُسی سیاسی عاقبت نااندیشی کا نتیجہ ہے۔ مرحوم کی دوراندیشانہ تحریریں نہ صرف مرحوم کے افکار وعزائم کی سنجیدگی کو واضح کررہی ہیں بلکہ وہ بظاہر ''دوستی کا روپ'' دھارن کئے ہوئے فی الحقیقت ''ملت مخالف'' طبقے کے چہروں سے نقاب اٹھانے کا کام بھی انجام دیتی ہیں۔

''میری سیاسی زندگی'' کی اشاعت ایک نیک فال ہے، جو ''تازہ خواہی داشتن گر داغہائے سینہ را'' کو واضح کرنے کے لئے ''گاہے گاہے بازخواں ایں قصہ پارینہ'' کی صداقت کو ثابت کر رہی ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ مرحوم کے خیالات سے صد فیصد اتفاق کیا جائے، ان کی بہت سی باتوں سے اختلاف کیا جاسکتا ہے لیکن ملت کے تئیں ان کے اخلاص اور نیک نیتی پر کوئی انگشت نمائی نہیں کی جاسکتی۔ مرحوم کی تحریروں میں بعض جگہ تلخی بھی نظر آتی ہے لیکن ان کے صاف لب ولہجہ میں ڈھلی ہوئی ''اخلاص کی چاشنی'' اس کڑواہٹ کو نسیاً منسیاً کر دیتی ہے۔

ملت کے لئے مرحوم کے جوش وجذبات کو پڑھنے کا موقع تو اکثر وبیشتر ملا، لیکن یہ راقم کی خوش بختی ہے کہ آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت (جس کا ایک ادنیٰ ممبر راقم بھی تھا) کی میٹنگوں میں ان کے خیالات اور مشوروں کو قریب سے سننے کا موقع ملا، وہ اپنے جذبات پر قابو نہ رکھنے والے ایسے شخص تھے جو ''کلمۂ حق'' ''سلطان جائر'' کے سامنے علی الاعلان کہنے پر یقین کامل رکھتے تھے۔ انہوں نے پارلیمنٹ میں دو مرتبہ اپنی نشست کو پکا کیا، جس جماعت کی انہوں نے نمائندگی کی اس میں کوئی بات سربراہِ اعلیٰ کے اشارۂ چشم وابرو کے ظاہر ہوئے بنا نہیں کہی

جاسکتی، لیکن ملی معاملات میں انہوں نے کسی کے اشارے کا انتظار نہیں کیا بلکہ جو درست سمجھا اُسے بے باکی کے ساتھ کہا۔ ملی تنظیموں کے نام پر اپنا مادی مستقبل روشن کرنے کی تمنا رکھنے والے افراد کا انہوں نے کبھی خوف نہیں کھایا اور نہ ہی وہ انہیں کبھی خاطر میں لاتے تھے۔ اپنی بات کو پورے وثوق کے ساتھ کہنے کا حوصلہ ان کی فطرت میں شامل تھا۔

بہرحال حق گوئی و اظہارِ صداقت مرحوم کا شعار تھا، جس کا اندازہ پیش نظر کتاب میں آمدہ مضامین سے بھی ہو جاتا ہے۔ اس کتاب کی قبولیت و مقبولیت کے لئے اللہ رب العزت سے دعاء ہے کہ وہ اس مخلصانہ کوشش کو کامیاب فرمائے۔ آمین

ڈاکٹر عبید اقبال عاصم، علی گڑھ
رکن آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت (رجسٹرڈ)

* * *

منفرد فکر و خیال کا حامل شخص
حافظ الیاس اعظمیؒ

مختصر لیکن جامع حیات و خدمات پر مشتمل مضامین کے مجماعہ کی اشاعت وہ بھی مرحوم کے لائق فائق فرزند محترم جناب ارشد صدیقی صاحب کی تحریک پر ایک سعادت مندانہ قدم ہے۔

اپنے والدین کی قدر تو ہر شخص کرتا ہے لیکن ایسے باصلاحیت و باصلاح والد گرامی جس کا قدم بچپن میں ہندوستان کے معروف عالم دین و بزرگ حضرت مولانا شاہ عبدالغنی صاحب پھول پوری علیہ الرحمہ کے چوکھٹ پر جا کر قرآنِ مقدس کی عظیم دولت کو سینہ میں محفوظ کرتا ہے اور جب سیاسی گلیاروں کا سفر شروع کرتا ہے تو ممبر آف پارلیمنٹ بن کر اپنی مقبولیت اور اہمیت کا ڈنکا بجواتا ہے۔ سادہ لوح، سادہ مزاج، قلندرانہ صفت یہ مرد مومن اکابرامت کا فیض یافتہ، اپنے نظریات اور خیالات میں علامہ اقبال اور مولانا مودودیؒ کا پیروکار ہے۔ ہواؤں کے رخ پہ نہ چلا بلکہ ہواؤں کا رخ بدل دینے کا حوصلہ رکھنے والا مردِ آہن:

لوگ کہتے ہیں بدلتا ہے زمانہ ہر دم
مرد وہ ہیں جو زمانے کو بدل دیتے ہیں

اپنی رائے پر مضبوطی سے قائم رہتے تھے۔ میری بارہا ملاقاتیں اور فون

پر تفصیلی گفتگو ہوتی اور عصر حاضر کے حوالے سے سیاسی بصیرت پر مبنی قیمتی مشوروں سے نوازتے تھے۔

اس منفرد فکر وخیال کی عظیم شخصیت پر یہ مجموعہ تمام شرکاء بالخصوص خلف الرشید محترم جناب ارشد اعظمی صاحب کے لئے سعادت مندانہ قدم ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ آج کے اس قحط الرجال کے دور میں ان کی بیش قیمتی خدمات سامنے لائی جائیں جو کہ موجودہ لوگوں کے لئے مشعل راہ ثابت ہوں۔

ارشد صدیقی صاحب کو میں دلی کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دل سے دعا کرتا ہوں کہ باپ کی خدمت میں بیٹے کی طرف سے یہ سعادت مندانہ عمل روح کی تسکین کا باعث بنے اور موصوف کو دارین کی سعادتیں میسر ہوں۔

والسلام

(مولانا) عبداللہ ابن القمر الحسینی

ناظم: شعبۂ نشر واشاعت دارالعلوم وقف دیوبند

قومی صدر: کل ہند رابطۂ مساجد، دیوبند

چیرمین: الامداد ٹرسٹ، دیوبند

ڈائریکٹر: ''کلام'' فاؤنڈیشن، دیوبند

مدیر اعلیٰ: سرگزشت دیوبند، اردو-انگلش

* * *

فریدی صاحبؒ کا ایک سچا ساتھی

ایک زمانہ تھا جب ملک آزاد ہوا تو کچھ تو جنگ آزادی میں شرکت کے باعث ملک میں شہرت حاصل کی اور قابل عزت قرار پائے جس کے نتیجے میں وہ لیڈر اور نیتا بن گئے۔ یہ الگ بات ہے کہ ان میں کتنے ملک وقوم کے لئے کارآمد ثابت ہوئے اور کتنے ایسے رہے جو اپنے ہی کام، ذاتی مقاصد اور رشتہ داروں کے کام کے ثابت ہوئے۔ یہ فہرست طویل ہے اور اس فہرست میں ج انے کی اب نہ ضرورت ہے اور نہ وقت۔ اگر بہ غور نگاہ ڈالی جائے تو ایسے نیتا اور لیڈر انگلیوں پر ہی گنے جاسکتے ہیں جن کے پسینوں میں ملک اور قوم وملت کے لئے درد رہا۔ آزاد کے بعد ملکی سیاست اس تیزی تبدیلی کا شکار ہوئی کہ اچھے اچھے حیران رہ گئے اور اسی حیرانی میں پھنسے کسی کام کے نہ رہ گئے۔

۶۰ سے ۷۰ کی دہائی کے درمیان ملک کے مشہور ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی صاحب جو ایک فردِ فرید تھے، جو اگر چہ خود دردِ دل کے مریض تھے، لیکن قوم وملت کی زبوں حالی اور علماءِ سو کے ذاتی مقاصد سے بیزاری کے باعث انہوں نے اپنے دردِ دل کو پیچھے رکھ کر قوم وملت کے درد کو اوڑھنا بچھونا بنالیا۔

یوپی کے ضلع اعظم گڑھ کے ایک گاؤں سے فریدی صاحب کا ایک سچا ساتھی ہاتھ آیا جس نے فریدی صاحب کو اپنا آئیڈیل اور نمونہ بنا کر سیاست کی نگری میں ان کا ہم دم اور دم ساز بن گیا اور اپنے شب وروز ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی کے مشن

کو مضبوط کرنے، اُسے آگے بڑھانے کے لئے، ان کے حوالے کر دیا۔ یہ شخص جناب حافظ محمد الیاس اعظمیؒ تھے۔

میں ایک دور افتادہ شخص، سیاسی بازی گروں کے جھمیلوں سے دور، نہ ڈاکٹر صاحب سے قریب ہوا اور نہ انہیں سمجھنے کی کوشش کی، پھر یہ کہ ڈاکٹر صاحب کی ساری سیاسی تگ و دو کا میدان مشرقی یوپی تھا، نیز جناب حافظ محمد الیاس اعظمی سے کوئی دید وشنید نہ ہو سکی۔

اللہ بھلا کرے ہمارے مخلص دوست قاری ابوالحسن اعظمی کے ذریعے جناب حافظ الیاس اعظمی صاحب اور آپ کی دردمندانہ تحریریں دیکھنے اور موصوف کو سمجھنے کا موقع ملا۔ ایک زمانے کے بعد ملک وقوم کو ایک ایسا مجاہد ملا جس کے درد مند دل و دماغ میں اللہ رب العزت نے ملک وقوم کی صلاح وفلاح کے لئے کوٹ کوٹ کر درد اور فکر بھر دیا تھا، بلاشبہ سوتے جاگتے ہمہ وقت آپ کے دل میں ایک ایسی ٹیس اٹھتی تھی جو ہم وقت بے چین اور بے قرار رکھتی تھی۔

میں جناب الیاس اعظمی صاحب کی یہ تحریریں پڑھ کر ایک نادر شخص کا تعارف حاصل کر سکا، جس پر خدا کا شکر گزار ہوں اور قاری صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میری دلی خواہش ہے کہ یہ کتاب جلد از جلد زیور طبع سے آراستہ ہو کر بیش از بیش نفع رساں ہو۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے۔ آمین

قاری راغب حسن

سابق استاذ مدرسہ اصغریہ، دیوبند

* * *

ملّی سرمایہ

کسی بھی ملک اورقوم کا ایک بڑا سرمایہ اُس کی تاریخ اور کتابیں ہوتی ہیں، جوآنے والی نسلوں کے لئے مشعلِ راہ ثابت ہوتی ہیں کیوں کہ کتابوں میں لکھنے والا اپنے تجربات، اپنے مشاہدے، اپنی تکالیف اوراپنی کامیابی کا اظہار کرتا ہے کہ اس نے کس طرح حالات کے خلاف جا کر جدوجہد کی اور اس کو کامیابی حاصل ہوئی۔

جناب حافظ الیاس اعظمی صاحبؒ کی کتاب ''میری سیاسی زندگی'' مجھ ادنیٰ کے نظر سے بھی گزری، میں یقین کے ساتھ لکھ سکتا ہوں کہ ۱۹۴۷ء سے لے کر ۲۰۲۴ءتک اس ملک میں سیاست اور دیگر حالات کے حوالے سے جو کتابیں لکھی گئیں ان میں یہ واحد کتاب ہے جس میں کسی بھی طرح کوئی سمجھوتہ نہیں ہے۔ لکھنے والے نے صرف اورصرف حقائق اور سچ سے اپنی بات کو کھلے دل سے رکھا ہے، اسی لئے یہ کتاب نہ صرف دل ودماغ کے دروازے کھولتی ہے بلکہ یہ احساس بھی دلاتی ہے کہ ہم طویل مدت سے ایک ایسے تاریخی اندھیرے میں تھے جس پر سے جناب حافظ الیاس اعظمی صاحبؒ نے تمام تر پردے ہٹا دیئے، نیز انہوں نے اپنی تحریروں میں ان تمام مسائل کا حل بھی پیش کیا جس کا فقدان مسلمانوں کے یہاں قومی سیاست میں ملتا ہے۔

میرے اپنے خیال سے جہاں اس کتاب کو ہندی اوراردو میں قارئین کے

لئے پیش جارہا ہے اس کا انگریزی ترجمہ بھی ہونا چاہئے تا کہ یہ کتاب عالمی سطح پر ہندوستانی سیاست اور مسلمانوں کی جدوجہد کو منظر عام پر لا سکے۔ میرا اپنا یہ ماننا ہے کہ اگر یہ کتاب بہت سلیقے کے ساتھ عوام کے سامنے پیش کی جائے تو اس سے بڑی سیاسی بیداری آنے کی توقع ہے۔

امید کی جانی چاہئے کہ جس بے باک انداز میں الیاس اعظمی صاحب نے اس کتاب کو تحریر کیا اسی بے باکی اور فراخی کے ساتھ کہ منظر عام پر آئے گی اور انشاء اللہ آنے والے دنوں میں اقلیتوں کے لئے سیاسی میدان میں مشعلِ راہ بنے گی۔

سید وجاہت شاہ
صحافی وقلم کار، دیوبند

* * *

قافلہ فریدی کا فردِ فرید

الیاس اعظمی

آزاد ہندوستان کے سیاسی وملی قائدین میں امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کے بعد ڈاکٹر سید محمود اور ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی دو اہم نام ہیں جنہوں نے ملی قیادت وسیادت میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ ۱۹۶۴ء میں ڈاکٹر سید محمود صاحب نے آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت کی تشکیل کی تھی جس کے رہنماؤں میں ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی بھی تھے، لیکن الیکشن میں حصہ لینے یا نہ لینے میں آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت میں اختلاف ہوا۔ ڈاکٹر سید محمود صاحب براہِ راست الیکشن میں حصہ لینے کے خلاف تھے اور ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی صاحب اس کے حق میں تھے۔ ڈاکٹر فریدی مشاورت سے علاحدگی اختیار کرتے ہوئے مسلم مجلس قائم کی اور مسلم نوجوانوں کی ذہن سازی کرنے کی سعی کی، ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی نے الیکشن میں حصہ لیا اور مسلم مجلس سے اچھے خاصے ممبروں کو یوپی اسمبلی میں لانے میں کامیاب ہوئے۔ خود ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی بھی الیکشن میں کامیاب ہوئے لیکن اردو میں حلف لینے کے ایک معاملہ میں یوپی اسمبلی میں اختلاف ہوا، ان سے کہا گیا کہ یوپی اسمبلی میں اردو میں حلف لینے کا دستور ورواج نہیں ہے جس کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے ڈاکٹر صاحب اسمبلی سے باہر آگئے اور کہا میں

اسی وقت آؤں گا جب اس کا دستور و رواج ہو جائے گا اور اس وقت کے چیف منسٹر سی بی گپتا کو چیلنج کیا کہ آئندہ آپ کو بھی اسمبلی میں آنے نہیں دوں گا (ڈاکٹر اے یو اعظمی، سابق ممبر آف پارلیمنٹ جونپور کے رہنے والے تھے اور ابوالفضل ڈی بلاگ میں میرے پڑوس میں رہتے تھے، مجھ سے کہتے تھے الیکشن کے زمانے میں ڈاکٹر فریدی لوگوں کے اندر گھوم گھوم کر ان کے کان میں نہ جانے کیا کہہ دیتے تھے) جب یو پی اسمبلی کے الیکشن کا نتیجہ نکلا تو سی بی گپتا صاحب الیکشن میں ہار گئے۔ ایک دفعہ ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی صاحب اور سی بی گپتا ٹرین میں سفر کر رہے تھے، سی بی گپتا پر ہارٹ اٹیک ہوا، ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی بڑے پریشان ہوئے کہ اگرچہ خود بھی ہارٹ کے مریض تھے، دوائیں اپنے ساتھ رکھتے تھے، اگر میں سی بی گپتا کا علاج کرتا ہوں اور کوئی حادثہ ہو جاتا ہے تو یہ افواہ پھیلے گی کہ ڈاکٹر فریدی نے اپنے سیاسی حریف سی بی گپتا کو مار دیا، لیکن ڈاکٹر صاحب نے اپنے پیشے کی حرمت و عظمت کو مدنظر رکھتے ہوئے دوا وغیرہ کھلائی اور سی بی گپتا صاحب رو بہ صحت ہو گئے۔ سی بی گپتا نے ایک دفعہ تقریر کرتے ہوئے کہا تھا کہ ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی بڑا عجیب آدمی ہے، جب میں جینا چاہتا تو اس نے مجھے الیکشن میں ہرا کر مار دیا اور جب میں مر رہا تھا تو اس نے مجھے نئی زندگی دے دی۔ مسلم مجلس کے پلیٹ فارم سے جن مسلم نوجوانوں کی ذہن سازی کی اور ان کی فکری آبیاری کی ان میں شفیق الرحمٰن، ڈاکٹر اشتیاق، حسین قریشی، حبیب احمد الہ آبادی، شیخ ذوالفقاراللہ، مسعود حسین خاں سابق ایم پی، فضل الباری، ڈاکٹر اے یو اعظمی، ذکاوت حسین امتیازی نگینوی، قمر کاظمی، ڈاکٹر بصیر احمد خاں، عالم بدیع اعظمی، محمد ادیب اور الیاس اعظمی وغیرہ تھے۔ الیاس اعظمی ڈاکٹر فریدی کے خاص تربیت یافتہ اور سیاسی فیض یافتہ تھے۔ مجھے ڈاکٹر فریدی کو براہِ راست دیکھنے اور

سننے کا شرف حاصل نہیں ہے لیکن ان کے مومنانہ وقلندرانہ سوچ وفکر اور جراءت مندانہ احتجاج ومزاحمت کے رویہ کی تفہیم کا عرفان وادراک ضرور رہا ہے اور ان کے تاثرات سننے کا موقع ضرور ملا ہے۔ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ، اقلیتی کردار کا مسئلہ ہو یا اردو کے تحفظ وبقا کی لڑائی ہو یا مسلمانوں کے حقوق کی بحالی اور ان کے سیاسی شعور کی بیداری کا قضیہ ہو، ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی سراپا جہد مسلسل نظر آتے ہیں کم وبیش اسی رنگ وآہنگ میں الیاس اعظمی مرحوم سابق ممبر آف پارلیمنٹ بھی نظر آتے تھے اور زندگی بھر اسلامیان ہند کے غم ودرد لئے پھرتے رہے، مگر مسلمانوں نے ان کے ساتھ وہی سلوک کیا جو عام طور پر ملی قائدین کے ساتھ کیا ہے، الیاس اعظمی اصلاً ملی سوچ وفکر کے آدمی تھے اور وہ کہا کرتے تھے جس کے سننے والے آج بھی کچھ لوگ موجود ہیں کہ مسلم مجلس کے قیام سے قبل ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی کیرل گئے تھے اور قائد ملت الحاج اسماعیل ممبر آف پارلیمنٹ وصدر مسلم لیگ کیرل سے ملے تھے اور ۱۹۴۷ء کے بعد نارتھ انڈیا کے مسلمانوں کی سیاسی بے وقعتی اور زبوں حالی کا ذکر کیا تھا۔ قائد ملت محمد اسماعیل مرحوم نے انہیں یوپی، دہلی اور راجستھان وغیرہ میں مسلم لیگ کو قائم کرنے کا مشورہ دیا تھا لیکن بعض ملی قائدین نے اس سے اتفاق نہیں کیا تھا، پھر مجبوراً ڈاکٹر فریدی نے مسلم مجلس تشکیل دی تھی، الیاس اعظمی کبھی کبھی اپنی نجی مجلسوں میں بڑے پتے کی بات کہہ جاتے تھے اور وہ بعض سیاسی اور ملی شخصیتوں کے بارے میں بڑی بے باک رائے رکھتے تھے اور جس کا اظہار وہ اپنی نجی مجلسوں میں اور عوامی محفلوں میں برملا کر دیا کرتے تھے جس سے ایک طبقہ خفا بھی ہو جاتا تھا لیکن الیاس اعظمی کسی کی خفگی وناراضگی کی پرواہ نہیں کرتے تھے انہیں اپنے مطالعے اور مشاہدے پر بڑا اعتماد اور بھروسا تھا، آپ کی ملک وقوم اور سیاسی جماعتوں کی

تاریخ پر گہری نظر تھی۔ایک دفعہ ہم لوگ کانسٹی ٹیوشن کلب میں بیٹھے ہوئے تھے الیاس اعظمی صاحب میر مجلس تھے، دلت مسلم اتحاد پر گفتگو ہو رہی تھی اسی درمیان موجودہ حکومت کے امبیڈکر پریم کا ذکر نکل آ گیا۔الیاس اعظمی نے ایک مشہور قومی لیڈر کا نام لے کر کہا تھا کہ وہ کہا کرتے تھے ہم نے ان کے لئے پارلیمنٹ کے دروازے ہی نہیں بلکہ اس کی کھڑکیاں بھی بند کر دی ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ جب ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کے لئے پارلیمنٹ کے تمام راستے مسدود ہو گئے ہیں تو مسلم لیگ نے بنگال کی اپنی ایک سیٹ خالی کرا کر ڈاکٹر امبیڈکر کو پارلیمنٹ میں لائی تھی۔

الیاس اعظمی سے کبھی کبھی ٹیلی فون پر بات ہو جاتی تھی وہ ملت کے کسی نہ کسی پیش آمدہ مسئلہ پر بڑی دردمندی اور باخبری کے ساتھ گفتگو کرتے تھے اور اس کے حل کی تدبیروں وترکیبوں پر غور وفکر کی تحریک ودعوت دیتے تھے وہ مجھے جانتے تھے کہ میرا تعلق آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ اور آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت سے رہا ہے وہ گرچہ ان دونوں اداروں کے بعض ذمہ داروں کے رویوں پر بھی گفتگو کرتے تھے اور اپنے مخصوص انداز میں تبصرے بھی کرتے تھے وہ مسلم مجلس کے کمزور ہونے کے بعد بعض دوسری سیاسی پارٹیوں میں بھی گئے اور ممبر آف پارلیمنٹ بھی ہوئے لیکن اپنے ذہنی وفکری سکون واطمینان کے ہمیشہ متلاشی رہے، جب انّا مومنٹ کے بعد عام آدمی پارٹی وجود میں آئی تو الیاس اعظمی صاحب بھی اس میں شامل ہو گئے مگر یہاں بھی بہت جلد نیا تجربہ ہوا اور نئے لیڈروں کے تعصب وتنگ نظری کا احساس ہوا جو ان کی افتادِ طبع کے خلاف تھا وہاں سے بھی الٹے پاؤں واپس لوٹ آئے دراصل اعظمی صاحب مسلم مجلس کے بعد کہیں بھی خوش نہیں رہے چوں کہ ان کا تصور وتخیل اور فکر وعمل

مجلسی تھا اور وہ اصلاً قافلہ فریدی کے آخری فرد فرید اور غم گسار قوم وملت تھے۔
جب ۴؍جون ۲۰۲۳ء کو اخبارات میں اس مرد درویش ومرد آزاد کے انتقال کی
خبر آئی تو میرے ذہن میں یہ شعر آیا:

غزالاں تم تو واقف ہو کہو مجنوں کے مرنے کی
دیوانہ مر گیا آخر کو ویرانے پہ کیا گزری

مولانا عطاء الرحمٰن قاسمی

(اشاعت: ماہنامہ براہین، ستمبر ۲۰۲۳ء)

(شاہ ولی اللہ انسٹی ٹیوٹ، دہلی)

* * *

عرضِ مرتب

میرے والد جناب محترم محمد الیاس اعظمی صاحب رحمۃ اللہ علیہ (جن کا ابھی کچھ مہینوں پہلے وصال ہوگیا) جہاں ایک نہایت شفیق باپ تھے وہیں آپ ماضی قریب، ماضی بعید اور حالاتِ حاضرہ پر گہری نظر رکھنے والے، ایک سیاسی مبصر اور مفکر بھی تھے۔

آپ ابھی پندرہ سال کے تھے، اس کم عمری میں اخبارات کا مطالعہ آپ کی عادت بن چکا تھا۔ تدبر اور سیاسی سوچ وفکر کے اس طویل تجربات کی روشنی میں ضرورت کے موافق گہری سوچ میں ڈوبی ہوئی، وقتاً فوقتاً تحریریں کاغذ پر آتیں اور اخبارات ورسائل کی زینت بنتی رہتی تھیں۔

والد محترم جذباتی آدمی نہیں تھے، جو کچھ بولتے اور لکھتے، گہرے غور وفکر کے بعد، سنجیدگی کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار فرماتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ آپ کے خیالات کو سیاسی لوگ سنتے اور اسے قبول بھی کرتے تھے۔

والد صاحب نے بہت لکھا مگر انتہائی مشغولیت کے باعث باقاعدہ مضامین کی کوئی ترتیب وار فائل نہیں رکھی۔

ہمیں خیال آیا کہ آپ کے بعد، آپ کے قلم سے نکلی ہوئی تحریریں، جتنی کچھ اور جیسی بھی حالت میں مل سکیں انہیں کتابی شکل میں محفوظ کردی جائیں، ہمارے لئے یہ ایک بڑا قیمتی سرمایہ ہے۔

ہمارے دوست جناب مولانا قاری ابوالحسن اعظمی صاحب جن سے اگر چہ ہماری شناسائی کی مدت کچھ زیادہ نہیں، لیکن موثر ضرور ہے۔آپ کا لکھنے پڑھنے اور کتابیں شائع کرنے کا مزاج اور اچھا ذوق ہے۔ یہی فیصلہ کیا گیا کہ والد صاحب کی جو بھی تحریریں دستیاب ہیں وہ قاری صاحب کے حوالے کر دیجائیں وہ اسے کتابت وطباعت کے مراحل سے گزرادیں۔ میں بہر حال آپ کا ممنون ہوں کہ آپ نے خندہ پیشانی کے ساتھ اسے قبول کیا۔

ساتھ ہی اس بات کے لئے کامل معذرت خواہ بھی ہوں کہ اپنے اور خاص طور پر کمپوزنگ کرنے والے برادرم مولانا عمر الٰہی صاحب نے کٹی پٹی، بوسیدہ، مٹی ہوئی اور غیر مرتب تحریروں کو پڑھا، جن کا پڑھنا تقریباً ناممکن تھا، یقیناً یہ زبردست پتّہ ماری کا کام تھا۔ہم ان دونوں حضرات کے بے حد شکر گزار ہیں۔

ہمیں خوشی ہے کہ والد صاحبؒ کی گراں قدر تحریریں جو ہمارے لئے بیش قیمت سرمایہ ہیں انہیں طبع کرا کر پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

اللہ تعالیٰ والد محترم کی بال بال مغفرت فرمائے۔آمین

ارشد صدیقی اعظمی، بمبئی

۲۹؍جون ۲۰۲۴ء

* * *

مسلمانوں کی سیاست

زخم اور علاج

تعارف

دنیا میں کچھ لوگ کسی خاص خاندان کا فرد ہونے کی وجہ سے شہرت حاصل کرتے ہیں تو کچھ کا مقصد حیات ہی شہرت کا حصول ہوتا ہے، لیکن کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو شہرت کے حق دار ہوتے ہوئے بھی اس سے دور بھاگتے ہیں۔

پیش نظر کتاب کے مصنف جناب الیاس اعظمی کے بارے میں، میں اتنا ہی کہہ سکتا ہوں کہ انہوں نے شہرت سے بھاگ کر صرف اپنا ہی نہیں بلکہ اپنے سیاسی نظریے اور مظلوم طبقات کی جدو جہد کو بھی نقصان پہنچایا ہے۔

میں انہیں ۶۴ء کے اوائل میں اس وقت سے جانتا ہوں جب وہ مرحوم ڈاکٹر محمد عبد الجلیل فریدی سے وابستہ ہوئے۔ میں ان دنوں ڈاکٹر صاحب کی کلنک میں ملازم تھا، پھر ان کے سکریٹری کے طور پر کام کرنے لگا تھا۔ اس وقت ڈاکٹر صاحب کے ارد گرد ملک کی مشہور مسلم شخصیتوں کا جمگھٹ رہتا تھا لیکن بہت جونیئر ہونے کے باوجود ڈاکٹر صاحب اہم معاملات میں ان سے مشورہ بھی کرتے تھے اور انہیں آخر وقت تک اعظمی صاحب کی سوجھ بوجھ اور نیک نیتی پر اعتماد رہا۔

اعظمی صاحب فکری طور پر علامہ اقبال اور سید ابوالاعلیٰ مودودی سے اور عمل کی دنیا میں ڈاکٹر فریدی سے متاثر ہوئے لیکن ان کے اندازِ فکر میں ایسی انفرادیت رہی ہے جس کی وجہ سے ملکی سیاست کی حد تک انہیں ''اورجنل تھنکر'' ہی کہا جاسکتا ہے۔

۶۴ء کے بعد ڈاکٹر فریدی کی قیادت میں مسلمانوں کو سیاست کے مرکز میں لانے کی جو طویل جدوجہد شروع ہوئی اور اس کے فوراً بعد اقلیتوں، دلتوں اور پچھڑوں میں سیاسی ایکتا قائم کرنے کی جو مہم چلی اس میں اعظمی صاحب کی فکر اور ان تھک جدوجہد نے اہم رول ادا کیا۔ اس وقت ان تینوں طبقوں کی سیاسی ایکتا کی مہم چلانا آسان کام نہیں تھا۔ فساد میں انہی طبقوں کو مسلمانوں کے خلاف استعمال کیا جاتا تھا، اس لئے مسلمانوں نے اس سیاسی لائن کی اتنی شدید مخالفت کی کہ زیادہ تر لوگوں نے میدان چھوڑ دینے میں ہی عافیت سمجھی، لیکن ڈاکٹر فریدی کے بعد بھی الیاس اعظمی نے اس تحریک کا جھنڈا اٹھائے رکھا اور کسی مرحلے پر بھی ان کے پائے استقلال میں لغزش نہیں آئی۔

آج ایسے کئی مسلم لیڈر ہیں جو اقلیتوں، دلتوں اور پچھڑی جاتیوں کی ایکتا کے چیمپئن بننے کی کوششوں میں مصروف ہیں لیکن یہی لوگ ایک طویل عرصے تک مختلف پلیٹ فارموں پر اس لائن کے خلاف اعظمی صاحب سے الجھتے رہے وران کا مذاق اڑانے میں پیش پیش رہے ہیں۔ یہاں تک کہ انہیں ''پاگل'' کا خطاب دیتے رہے ہیں، لیکن اعظمی صاحب ان کو ہی جواب دیتے رہے کہ ''میں اس وقت تک زندہ رہنا چاہتا ہوں جب تک ان طبقوں کا اتحاد حقیقت نہ بن جائے اور خود آپ لوگ بھی اس کے وکیل نہ بن جائیں۔

آج یہ بات پورے اعتماد کے ساتھ کہی جاسکتی ہے کہ پورے ملک میں الیاس اعظمی وہ واحد مسلمان ہیں جنہوں نے اس سیاسی لائن کو ابھارنے میں اپنی عمر کھپائی ہے۔ دلتوں، پچھڑوں کی تنظیموں سے قریبی روابط رکھے۔ ان کے ساتھ تعاون کیا۔ زبان وقلم، جسم ودماغ کی پوری پوری طاقت اس کام میں صرف کی، لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ مسلمانوں میں کم ہی لوگ اس بات سے واقف ہیں۔

۱۹۷۲ء میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے رسوائے زمانہ ایکٹ کے خلاف مسلمانوں نے تحریک شروع کی۔ڈاکٹر فریدی ملک سے باہر تھے۔اندرا گاندھی نے تحریک کے پہلے دن کئی شہروں میں پی اے سی کے ذریعہ مسلمانوں کا قتل عام کروا دیا۔اس وقت بھی اعظمی صاحب کی رائے تھی کہ علی گڑھ کے مسئلے کو بڑی آسانی کے ساتھ ''قومی مسئلہ'' بنایا جاسکتا ہے۔ہم اس کو ملی مسئلہ بنا کر کامیاب نہیں ہوسکتے۔ڈاکٹر فریدی کی آمد کے بعد اس کو بڑی آسانی کے ساتھ ''قومی مسئلہ'' بنا کر اسے حل بھی کرالیا گیا۔اس کے بعد پھر کسی کی نکسیر نہیں پھوٹی۔یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ اپوزیشن لیڈروں کو تحریک کے پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے میں اعظمی صاحب نے اپنی اس وقت کی حیثیت سے کہیں بڑا رول ادا کیا۔

ڈاکٹر فریدی کی رحلت کے بعد جے پرکاش نرائن تحریک چلی۔آر ایس ایس کی حمایت کی وجہ سے ملک کی ہر مسلم تنظیم اس تحریک کے خلاف تھی۔حکومت کی طرف سے یہ پروپیگنڈہ ہورہا تھا کہ یہ فرقہ وارانہ تحریک ہے۔کچھ ہی دن پہلے قومی یکجہتی کونسل میں ڈاکٹر فریدی اور جے پرکاش نرائن میں تلخ کلامی ہوئی تھی جس کی وجہ سے مسلم مجلس کے لوگ بھی اس تحریک کے خلاف تھے،لیکن الیاس اعظمی نے تحریک کی حمایت شروع کی۔

فروری ۱۹۷۵ء کی مسلم مجلس کی کانفرنس میں انہوں نے جے پرکاش نرائن تحریک کی حمایت میں تجویز پیش کی۔تجویز کی سخت مخالفت ہوئی لیکن ان کے دلائل کا ہی اثر تھا کہ ووٹنگ میں تجویز چند ووٹوں سے پاس ہوگئی۔جے پرکاش نرائن نے عوامی سطح پر مجلس کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ پورے ملک کو مجلس کا شکر گزار ہونا چاہئے،ورنہ اندرا گاندھی ہماری تحریک کو فرقہ وارانہ تحریک ثابت کرنے میں کامیاب ہوجاتی۔جے پرکاش نرائن ہی کی وجہ سے جنتا پارٹی کی صوبائی اور

مرکزی حکومتوں میں مجلس کے لوگوں کو لیا گیا۔

یہ بات بھی کم ہی لوگوں کو معلوم ہوگی کہ پی اے سی مخالف تحریک کا خاکہ بھی سب سے پہلے الیاس اعظمی صاحب ہی نے سوچا اور جب مجلس کی باگ ڈوران کے ہاتھ میں آئی تو انہوں نے ''پی اے سی توڑو اینٹی رائٹ فورس بناؤ'' تحریک کا باقاعدہ آغاز کیا۔ جب اس کے لئے وہ لکھنؤ میں ریلی کا انتظام کررہے تھے تب ایک دن وہاں کے ڈی ایم پاٹھک صاحب نے بلوایا اور کہا کہ ایک ناممکن بات کے لئے اپنی صلاحیت کیوں ضائع کررہے ہو۔

اعظمی صاحب نے بڑے اعتماد کے ساتھ کہا کہ پی اے سی کا ٹوٹنا ناممکن نہیں ہے۔ جرمنی کی گسٹاپو اور پاکستان کی ایف ایس ایف ٹوٹ چکی ہیں۔ ایران کی ساواک بھی چند دن کی مہمان ہے۔ اگر ہندوستانی عوام کو یہاں قانون کی حکمرانی اور انسانیت کو بچانے کا احساس ہوگیا تو پی اے سی بھی ٹوٹ جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اگر پی اے سی باقی بھی رہ گئی تو اس کا کردار بھی بدلے گا اور اینٹی رائٹ فورس تو کسی نہ کسی شکل اور نام سے بن کر رہے گی۔

۲رفروری ۸۶ء کو بابری مسجد کا تالا کھلا۔ ۴رفروری کو بابری مسجد ایکشن کمیٹی کی تشکیل میں اعظمی صاحب شامل تھے۔ ۷رفروری کو مسلم مجلس کی میٹنگ میں انہوں نے کہا کہ ہم علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی طرح بابری مسجد کو بھی فرقہ وارانہ مسئلے کے بجائے ایک ''قومی مسئلہ'' بنا سکتے ہیں بشرطیکہ ہم مسلمانوں کے جذباتی طوفان سے فائدہ اٹھانے کے بجائے اس کو کنٹرول کرنے میں کامیاب ہوجائیں۔

انہوں نے یہ تجویز رکھی کہ ہم کو صرف دو نکات پر تحریک چلانی چاہئے۔ ہمارا پہلا مطالبہ یہ ہونا چاہئے کہ پارلیمنٹ یہ قانون بنائے کہ ۱۵راگست ۴۷ء کو

عبادت گاہوں کی جو عملی حیثیت تھی وہ ہر حالت میں برقرار رہے گی۔ ہمارا دوسرا مطالبہ یہ ہونا چاہئے کہ بابری مسجد کے سارے مقدمات ہائی کورٹ کی ایک ایسی بنچ کے حوالے کئے جائیں جس کے جج نہ ہندو ہوں نہ ہی مسلمان۔''

۸رفروری کو ایکشن کمیٹی کی پہلی باضابطہ میٹنگ میں ہم لوگ یہ تجویز لے کر گئے لیکن اس کے عہدیداران یوم سیاہ اور ریلی کے پروگرام بنا چکے تھے۔ انہوں نے اس تجویز پر غور وخوض سے بھی انکار کر دیا۔ جذبات سے بھرے ہوئے لوگوں نے صرف تلخ کلامی ہی نہیں کی بلکہ دھینگامشتی پر بھی اتر آئے۔ اس تجویز کو انہوں نے مسلمانوں کے جذبات پر پانی ڈالنے کی کوشش قرار دیا۔

اعظمی صاحب نے میٹنگ سے واک آؤٹ کرتے ہوئے کہا: آج آپ جہاں چاہیں لاکھوں مسلمانوں کو جمع کر سکتے ہیں۔ ہر شہر کو کالے جھنڈوں سے پاٹ سکتے ہیں، لیکن میری یہ بات نوٹ کر لی جائے کہ دو چار ماہ بعد آپ مجبور ہوں گے کہ اسی تجویز کو لے کر ایک ایک دروازے پر دستک دیں۔ دنیا جانتی ہے کہ مسلمانوں کے جذباتی طوفان کے تھمنے کے بعد بابری مسجد کی جتنی بھی کمیٹیاں بنیں سب نے اسی تجویز کو اپنے گلے کا تعویذ بنایا لیکن آج تک کسی نے بھی یہ نہیں بتایا کہ یہ تجویز تھی کس کی۔

پچھلے تیس چالیس برسو میں ایسے مواقع بار بار آئے جب مسلمانوں کی بھاری اکثریت ایک طرف رہی لیکن دوسری طرف اعظمی صاحب اپنی فکری چٹان پر کھڑے نظر آئے۔ مسلمانوں کی اکثریت ایک طویل عرصے تک کانگریس کو ووٹ دیتی رہی لیکن اعظمی صاحب ہمیشہ ہی کانگریس کے خلاف مصروف جہاد رہے۔ کم از کم دو مرتبہ کانگریس کی قومی لیڈرشپ نے انہیں پرکشش پیشکش کے ذریعہ زیردام لانے کی کوشش کی لیکن انہوں نے ہر پیشکش کو ٹھکرا دیا۔

بھٹو کی پھانسی پر ہندوستانی مسلمانوں میں صف ماتم بچھ گئی، لیکن اعظمی صاحب نے پھانسی کے جواز پر مضامین لکھے جن میں مسلمانوں کو چیلنج کیا کہ تم چھ مہینہ کے اندر ضیاء الحق کو اپنے ملک اور ملت کے لئے بہتر سمجھنے پر مجبور ہو گے۔

میرے علم کی حد تک اعظمی صاحب ملک کے پہلے مسلم دانشور ہیں جنہوں نے شاہِ ایران کے خلاف خمینی تحریک کے بالکل ابتدائی دور سے اس کی حمایت کی اور جب بین الاقوامی میڈیا نے عام مسلمانوں کو خمینی کے خلاف کر دیا، اس وقت انہوں نے خمینی اور انقلاب ایران کی حمایت میں شاہ کار مضامین لکھے جن میں سے کچھ ترجمہ ہو کر ایران میں بھی چھاپے گئے لیکن انہوں نے انقلاب کے بعد ایرانی حکومت کی دعوت پر ایران جانے کی پیشکش تین بار مسترد کی اور ٹکٹ واپس کر دیئے۔ اب شاید ایران میں بھی انہیں کوئی نہیں جانتا ہو گا۔

جب ملک کا ننانوے فیصدی مسلمان صدام حسین کا دیوانہ ہو رہا تھا، اس ہیجانی دور میں بھی اعظمی صاحب نے صدام حسین کے خلاف شاہکار مضامین لکھے اور مسلمانوں کو انتباہ دیا کہ تمہارا یہ شیر ایک دن بھی مقابلہ نہیں کرے گا، خود ذلیل ہو گا اور اس کی حرکتوں کے نتیجے میں پورا گلف امریکہ کا غلام محض ہو کر رہ جائے گا۔ امریکہ انہیں چوس کر تباہ کر دے گا، جس کی وجہ سے وہاں تمہارے روزگار کے مواقع بھی ختم یا مسدود ہو جائیں گے۔

ایسے بہت سارے واقعات گنائے جا سکتے ہیں جس میں اعظمی صاحب کی رائے مسلمانوں کی بھاری اکثریت کی رائے سے بالکل مختلف رہی لیکن انہوں نے اپنی رائے تبدیل نہیں کی اور وقت گزرنے کے ساتھ یہ ثابت ہوتا رہا کہ ان کی رائے ہی صحیح تھی۔

ایسے لوگوں کی فہرست بھی خاصی طویل ہے جو اعظمی صاحب کی فکر، ان کی

تحریر وتقریر اوران کی پرخلوص مدد کی، سیڑھی کے ذریعہ شہرت کی بلندیوں تک پہنچے، خاصی بڑی کرسیاں حاصل کیں، پھرانہیں نظرانداز کردیااور کچھ نے تو سیڑھی کو ہی توڑنے کی کوشش کی، لیکن اعظمی صاحب ہمیشہ اس سے بے نیاز رہے۔ شاید علامہ اقبال نے ایسے لوگوں کے بارے میں ہی کہا تھا:

خرید سکتے ہیں دنیا میں عشرت پرویز
خدا کی دین ہے سرمایہ غم فرہاد

اس کتاب کے بارے میں میرا کچھ لکھنا قارئین کا وقت ضائع کرنے کے مترادف ہوگا۔ یہ کتاب اعظمی صاحب کی دس سال پہلے لکھی گئی، ''پیام زندگی'' کی بدلی ہوئی شکل ہے۔ میں تو صاحب کتاب کے بارے میں کچھ لکھنا ضروری سمجھتا تھا، اس لئے میں نے اتنا لکھنے کی اجازت لے لی۔ ان کی یہ کتاب خود اپنا بہترین تعارف ہے۔

اگر عوام نے اس کتاب کو گاؤں گاؤں، محلے محلے پھیلانے میں تعاون دیا تو میں کسی مبالغہ کے بغیر یہ کہہ سکتا ہوں کہ ان کی یہ کتاب ہندوستانی سوسائٹی اور مسلمانوں میں ایک خوش گوار تبدیلی کی ابتداء کرسکتی ہے۔

سید توفیق علی جعفری
سکریٹری مسلم مجلس اتر پردیش
۱۵؍جولائی ۱۹۹۵ء

* * *

ابتدائیہ

تاریخ کے ہر دور میں کسی بھی قوم کے زوال و زبوں حالی کی کچھ منطقی وجوہات ہوا کرتی ہیں۔ جب تک کوئی قوم عروج کے بعد اپنے زوال کی وجوہات کی شناخت کر کے ان وجوہات اوران کے پیدا کردہ نتائج کا ازالہ نہیں کر دیتی، اس کے حالات بد سے بدتر ہوتے چلے جاتے ہیں۔خواہ ان حالات کو بدلنے کی کتنی ہی کوشش کیوں نہ کی جائے۔ جب تک مرض کی صحیح تشخیص اور مرض پیدا ہونے کی وجوہات کا علم نہ ہوتب تک بڑے سے بڑا ڈاکٹر بھی مریض کو صحت مند نہیں بنا سکتا۔ یہ اور بات ہے کہ دواؤں کے ذریعہ مرض کی تکلیف میں عارضی کمی کر دی جائے۔

اسباب وعلل کی اس دنیا کے لئے مسبب الاسباب (اللہ) نے جو قانون فطرت (سنت اللہ) وضع کیا ہے وہ عام طور پر کسی کے لئے بھی تبدیل نہیں ہوا کرتا۔

یوں تو ہندوستانی مسلمانوں کے موجودہ حالات کی وجوہات ان کی صدیوں پرانی تاریخ اوران کے دور اقتدار کی غلطیوں میں بھی پنہاں ہیں لیکن اب اس کی صرف نشان دہی ہی کی جاسکتی ہے۔ان پر بحث غیرضروری ہے کہ کیوں کہ اب ہندوستانی مسلمان مسلم دوراقتدر کی غلطیوں کا کچھ حد تک ہی ازالہ کر سکتے ہیں۔

البتہ سیاسی اقتدار سے محرومی کے بعد ماضی قریب میں مسلمانانِ ہند نے جو لگا تار اجتماعی غلطیاں کی ہیں۔ ان پر قدرے تفصیل سے بحث ضروری ہے

کیوں کہ مسلمانوں کے موجودہ حالات انہیں اجتماعی غلطیوں کے لازمی نتائج ہیں۔انہیں غلطیوں کی وجہ سے مسلمانوں نے زوال کا برسوں کا راستہ مہینوں میں طے کیا ہے۔ان کا گہرائی کے ساتھ تجزیہ کئے بغیر موجودہ حالات کو بدلنے کی جدوجہد کا صحیح راستہ نہیں مل سکتا۔

نہ ستیزہ گاہ جہاں نئی نہ حریف پنجہ فگن نئے
وہی فطرت اسداللّٰہی وہی مرحبی وہی عنتری

* * *

مسلم حکمرانوں کی تاریخی غلطی

ساتویں صدی عیسوی میں عرب کے ریگستانوں سے اسلامی نظریہ حیات کی تیز رفتار آندھی اٹھی اور چند ہی برسوں میں دنیا کے بہت بڑے حصے پر چھا گئی۔ عربوں کی اگوائی میں اسلام کے عمرانی اور سماجی نظریہ حیات نے سندھ سے جنوبی فرانس اور چین و روس سے لے کر مشرقی یوروپ اور ایشیا و افریقہ کے بیشتر علاقوں سے رنگ و نسل، عرب و عجم، کالے گورے اور آرین و دروڑیَن کی ان ساری تفریقوں کو حرف غلط کی طرح مٹا دیا، جو جنم کی بنیاد پر پورے انسانی معاشرے میں رائج تھیں۔

لیکن طلوع اسلام کے چار پانچ صدیوں بعد جب مسلمان بھارت کے اقتدار پر قابض ہوئے، اس وقت تک ''اسلام'' ایک نظریاتی انقلابی تحریک نہ رہ کر مسلمانوں کی حاکمیت کا ایک ہتھیار بن چکا تھا۔

جس اسلام نے ایبک والتمش اور بلبن جیسے غلاموں کو اس لائق بنایا تھا کہ وہ اتنے بڑے ملک کے حاکم بن جائیں، اسی اسلام کے نام لیواؤں نے بھارت میں اپنی نجی حاکمیت کی بنیادوں کو مستحکم کرنے کے لئے یہاں پر رائج غیر انسانی بلکہ وحشیانہ سماجی نظام سے سمجھوتہ کرلیا بلکہ اپنے اقتدار کے لئے ''برہمن کا آشیرواد'' بنائے رکھنے کے لئے مسلم کہے جانے والے حکمرانوں نے ہی یہاں اسلام کا جدید ''برہمنی ایڈیشن'' تیار کروایا۔

انہوں نے برہمن کی ناراضگی سے بچنے کے لئے اسلام قبول کرنے والی شودر جاتیوں کو بھی مسلمانوں میں برابر کا درجہ نہ دے کر ان کی ایک الگ مسلم نیچی جاتی بنا دی اور انہیں ان دائروں سے باہر نہیں نکلنے دیا، جن میں وہ ہزاروں سال سے بندھے چلے آ رہے تھے۔

ایسا نہیں ہے کہ یہ حکمراں اسلام کے سماجی فلسفے سے ناواقف تھے۔ قطب الدین ایبک اور شمس الدین التمش جیسے قابل لوگوں کے بارے میں یہ سوچا بھی نہیں جاسکتا۔ یہ خود غلام رہ چکے تھے، لہٰذا یہ بھی نہیں کہا جاسکتا کہ یہ لوگ سماجی درد سے نا آشنا تھے؟

کچھ وحشیانہ سماجی و ملکی قوانین کی تبدیلی کے سوا بھارت میں ترکوں پٹھانوں اور مغلوں کا طویل مدتی اقتدار شودر کی جھونپڑی میں امید کی کوئی کرن اس لئے نہیں پہنچا سکا کہ ایبک سے لے کر عالمگیر تک ہر مسلم حکمراں اپنی حاکمیت کے معاملے میں یکساں طور پر حساس رہا اور اپنے اقتدار کے لئے معمولی سا خطرہ بھی اٹھانے کے لئے تیار نہیں ہوا۔

اگر یہ نام نہاد مسلم حکمراں کچھ نہ کرتے صرف شودروں کی تعلیم پر لگی ہوئی سماجی و قانونی پابندیوں کو ختم کر کے ان پر صرف تعلیم کے دروازے ہی کھول دیتے تو اس ملک کی تاریخ اور تقدیر از خود بدل جاتی، اس کی زندہ مثال بنگال ہے۔

۱۷۵۷ء میں انگریز نے پلاسی کی نمائشی جنگ کے بعد سب سے پہلے بنگال پر قبضہ کیا۔ بنگال میں عیسائی مشنریوں نے اسکولوں کا جال پھیلا کر شودروں میں تعلیم کا رجحان پیدا کیا۔ اس سے خواہ ان کا مقصد شودروں کو عیسائی بنانا رہا ہو لیکن یہ ایک روشن واقعہ ہے کہ علم کی روشنی پھیلتے ہی بنگال کے شودروں نے برہمنی دھرم سے بغاوت کر دی۔

چوں کہ انگریز بھی جنم اور رنگ کی بنیاد پر ہی کالے ہندوستانیوں سے نفرت کرتا تھا، اس لئے بنگال کے میدانی علاقوں میں شودروں نے عیسائی نہ ہوکر اسلام قبول کرنا شروع کیا اور دیکھتے دیکھتے بنگال کے مشرقی علاقوں سے اچھوتوں اور پچھڑی جاتیوں میں قبول اسلام کا سیلاب اٹھا اور مغرب کی طرف بڑھنے لگا۔

اب تک ہم ایک اہم حقیقت کو نظر انداز کرتے رہے ہیں کہ نام نہاد مسلم حکمرانوں کے طویل دور میں ایک بار بھی برہمنوں میں برہمنی دھرم اور سماجی نظام کے تئیں خطرے کا کوئی احساس نہیں ابھرا۔ کیوں کہ اس دور میں اس کے لئے کوئی خطرہ پیدا ہی نہیں ہوا۔ بنگال کے شودروں میں قبولِ اسلام کی لہر نے پہلی بار سمجھ دار برہمنوں میں برہمن کی بالادستی والے سماجی نظام کے تئیں شدید خطرے کا احساس جگایا، جس کی وجہ سے ان میں ایک نئی فکر نے جنم لیا۔

راجہ رام موہن رائے اور سوامی دیانند سرسوتی جیسے لوگ اٹھے۔ انہوں نے سمجھ لیا کہ نئے زمانے میں پرانا برہمنی نظام پرانی شکل میں زندہ نہیں بچ سکتا۔ انہوں نے بنگال کے سماجی انقلاب پر انگریز یا مسلمانوں سے جھگڑا کرنے کے بجائے اس کی ذمہ داری خود برہمنوں پر ڈالی، پرانے خیال کے برہمنوں سے ہی ان کی کشمکش ہوئی، لیکن انہوں نے برہمنی نظام کو نئے زمانے اور نئے حالات سے ہم آہنگ کر کے اسے حادثاتی موت سے بچا لیا اور اس میں اتنی لچک پیدا کر دی جس سے شودروں میں بغاوت کا جذبہ ٹھنڈا پڑ گیا اور اسلام کا سیلاب کلکتہ کی چہار دیواری تک پہنچ کر رک گیا۔

ملک میں اگر شودروں میں تعلیم کا فروغ انگریزوں کے بجائے ترکوں یا پٹھانوں یہاں تک کہ مغلوں کے دور میں بھی ہوا ہوتا تو پورا ملک مشرقی بنگال بن جاتا اور ملک میں کوئی شیڈولڈ کاسٹ یا بیک ورڈ کلاس نہیں ہوتا۔

برہموسماج اور آریہ سماج جیسی تحریکوں نے برہمنی سماجی نظام کو لچک دار بنا کر نہ صرف اسے حادثاتی موت سے بچالیا بلکہ انہیں تحریکات نے برہمنی نظام کے نشأۃِ ثانیہ کی بنیاد بھی رکھی۔ انہیں تحریکات نے ملک گیر پیمانے پر ہندوؤں میں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف نفرت پھیلانے کی زبردست مہم بھی چلائی تا کہ اگر ملک میں تعلیم کے فروغ کے ساتھ شودروں میں دوبارہ بغاوت کا جذبہ ابھرے تو وہ اسلام اور مسلمانوں کی طرف نہ دیکھیں۔

بہر حال مسلم حکمرانوں کی اسی تاریخی غلطی کا نتیجہ آج کے بھارت کا سماجی نظام ہے جس کا شکار صرف مسلمان نہیں بلکہ یہاں رہنے والے انسانوں کی عظیم اکثریت ہے، لیکن اس کا ذکر سرسری طور پر اس لئے کیا گیا کہ بھارت کے موجودہ مسلمان نہ تو اس غلطی کے ذمہ دار ہیں نہ ہی اس غلطی کو وہ پوری طرح سدھار ہی سکتے ہیں۔

پہلی ہلاکت خیز اجتماعی غلطی

۱۷۵۷ء میں بنگال پر قبضے کے بعد انگریز نے دوسرے علاقوں کی طرف پاؤں پھیلائے لیکن جنوب میں حیدر علی اور ان کے بیٹے ٹیپو نے ۳۶ رسال انگریزوں کو وہیں الجھائے رکھا۔ ۱۷۹۹ء میں ٹیپو سلطان کی شہادت کے بعد ملک کی قوت مزاحمت ختم ہوگئی اور پھر سولہ سترہ سال کی قلیل مدت میں پورے ملک کا اقتدار ایسٹ امنڈیا کمپنی کے قدموں میں تھا۔ مغل بادشاہوں کا اقتدار لال قلعے کی چہار دیواری تک محدود ہوگیا۔ عملی شکل یہ ہوگئی کہ زمین خدا کی ملک...... بادشاہ سلامت کا...... حکم کمپنی بہادر کا۔

ایسٹ انڈیا کمپنی نے جتنی آسانی کے ساتھ بھارت پر قبضہ کیا اتنی ہی تیزی

کے ساتھ ''سونے کی اس چڑیا'' کا خون نچوڑنا شروع کیا جس کی وجہ سے اس کے خلاف بغاوت کالاوا پکنے لگا۔

۱۰ مئی ۱۸۵۷ء کو انگریزی فوج کے ہندوستانی سپاہیوں نے بنا کسی قیادت یا منصوبہ بندی کے بغاوت کردی اور دلّی پر قبضے کے بعد بوڑھے مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفر کی سلطنت کی بحالی کا اعلان کر دیا۔ اس وقت ملکی طاقت کا اصل سرچشمہ مسلمان ہی تھے، اس کے بعد ٹھاکروں کا نمبر آتا تھا، کچھ دن پہلے ہی مراٹھا بھی حکمراں طبقہ بنے تھے، اس بغاوت کے اصل روح رواں بھی یہی تین طبقے تھے۔

بغاوت کو کچلنے اور ہندوستانیوں کے واحد مرکز عقیدت مغل خاندان کو ختم کرنے کے بعد انگریز نے اس بغاوت کو ''غدر'' کا نام دیا، لیکن سر سید احمد خاں جو ان دنوں بجنور میں منصف تھے اور وہاں انہوں نے انگریزوں کی جان بچائی تھی اسے بغاوت قرار دیا اور اپنی مشہور کتاب ''اسباب بغاوت'' لکھی اور اس کی ذمہ داری کمپنی کی ظالمانہ پالیسیوں پر ڈالی۔

برطانوی ملکہ وکٹوریہ نے سر سید کی رائے سے اتفاق کرتے ہوئے ایسٹ انڈیا کمپنی کو توڑ دیا اور بھارت کا انتظام براہِ راست اپنے ہاتھ میں لے کر یہاں ہندوستانیوں کے مشورے پر انہیں کے ذریعہ قانون کی حکمرانی کے قیام کا وعدہ کیا۔

برطانوی حکومت اور عوام اس بغاوت سے کافی ڈر گئے تھے۔ ایک طرف انہوں نے بغاوت کرنے والے تینوں طبقوں کو بے رحمی کے ساتھ کچلا تو دوسری طرف انہوں نے بھارت کے حالات اور عوامی نفسیات کا جائزہ لے کر اس کی روشنی میں آئندہ کے طرزِ حکمرانی اور اندرونی پالیسیوں کا تعین کرنے کے لئے ایک ہمہ گیر کمیشن بھارت بھیجا۔

اس وقت ملکی طاقت کا اصل سرچشمہ مسلمان تھے، اس کے بعد ٹھاکروں کا

نمبر آتا تھا۔ کائستھ مغلوں کے دور سے محکمہ مال پر چھایا ہوا تھا لیکن اس کی بازار میں کوئی طاقت نہیں تھی۔ دھرم اور تجارت کے ایوانوں سے باہر برہمن اور بنیا زندگی کے ہر میدان میں مسلمانوں سے صدیوں پیچھے تھے۔ اب بچے بیک ورڈ کلاس اور اچھوت تو وہ اس وقت ہندوستانی شہریت کے کسی بھی درجے میں نہیں آتے تھے، ان پر اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا تھا کہ دلی کے تخت پر کون بیٹھا ہے یا خود ان کے علاقے کا حاکم کون ہے۔ انہیں تو ایشور نے پچھلے جنم کے گناہوں کی پاداش میں شودر درجے کی جاتی میں پیدا کیا تھا اور اس زندگی میں صبر وشکر کے ساتھ ذلت اور مسکنت کی زندگی گزار دینے میں ہی انہیں یہ امکان نظر آتا تھا کہ شاید اگلے جنم میں کسی اونچی جاتی میں پیدا ہو جائیں۔

اس نازک دور میں سرسید احمد خاں کی دوربین نظروں نے بھانپ لیا تھا کہ اب انگریز کو اکھاڑ پھینکنا ممکن نہیں ہے، انگریز اتنے بڑے ملک پر ہندوستانیوں کے ذریعہ ہی حکومت چلا سکتا ہے اور وہ ایسا کرنے کا ارادہ بھی رکھتا ہے، ان کا نقطہ نظر یہ تھا کہ اگر مسلمان حقیقت کو تسلیم کر کے انگریز سے تعاون کرنے پر آمادہ ہو جائیں تو انگریز انہیں کے ذریعہ راج کاج چلائے گا۔ مسلمانوں میں اس کی صلاحیت بھی ہے اور یہ انگریز کی ضرورت بھی ہے۔ سرسید اور مہاراجہ بنارس مل کر یہ چاہتے تھے کہ مسلمان اور ٹھاکر مل کر یہ کام کریں تو اپنے کھوئے ہوئے اقتدار کے ایک بڑے حصے کو بچا سکتے ہیں۔

انگریز کو بھی سرسید اور مہاراجہ بنارس کے اس نظریے سے پورا اتفاق تھا، وہ ان پر اعتماد بھی کرتا تھا لیکن اسے یہ بھی معلوم تھا کہ عام مسلمان اور ٹھاکر سرسید کے نظریے کے سخت مخالف ہیں۔ مسلم علماء نے انگریز سے کسی قسم کے تعاون کو حرام قرار دے رکھا ہے اور انگریز سے ہر قسم کی مزاحمت کو ''عین جہاد'' قرار دے رہے

ہیں اوران کی قیادتوں میں غیر منظّم بغاوتوں کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

سرسید یہ صاف دیکھ رہے تھے کہ اگر مسلمانوں نے اپنا رویہ نہ بدلا تو انگریز برہمن کائستھ اور بنیا کے ذریعے راج کاج چلائے گا جس کے نتیجے میں دھیرے دھیرے مسلمان اور ٹھاکر صرف انگریزوں کے نہیں بلکہ برہمنوں اور بنیوں کے بھی غلام ہوکر رہ جائیں گے۔

سرسید نے ان تھک جدوجہد کی، لیکن علماء نے انہیں اسلام ہی سے خارج کر دیا۔ عام مسلمان علماء کے نظریے کا حامی بن گیا، کم وبیش یہی حالت ٹھاکروں کی تھی، ان دونوں طبقوں کے لوگ ہر جگہ انگریز کے خلاف مارنے مرنے کی باتیں ہی نہیں کرتے تھے بلکہ مرنے پر اتارو بھی رہے۔

ان حالات میں انگریز کی مجبوری بن گئی کہ وہ مسلمانوں اور ٹھاکروں کے ذریعہ راج کاج چلانے کا جوکھم نہ اٹھائے۔ اس نے برہمن بنیا داور کائیستھ کے ذریعے راج کاج چلانے کا فیصلہ کرلیا۔ اس نے یہ بنیادی پالسی بنادی کہ سرسید اور مہاراجہ بنارس کے ہم نواؤں کو پوری عزت دی جائے لیکن جب تک مسلم عوام کا ذہن نہیں بدلتا تب تک ان سے فاصلہ بنائے رکھا جائے۔

سرسید نے انگریز کو مذکورہ پالیسی کی طرف جانے سے روکنے کی ہر ممکن کوشش کی لیکن انگریز نے اپنی پالیسی کو بروئے کار لانے کے لئے سرسید کی مخالفت کو نظر انداز کر کے دسمبر ۱۸۸۵ء میں ہندوستانیوں کے مشورے اور ان کے ذریعہ راج چلانے کے لئے انڈین نیشنل کانگریس کی تشکیل کروائی اور اپنی تشکیل کے ساتھ ہی کانگریس حکمراں جماعت بن گئی اور ہندوستانی مسلمانوں کی قسمت پر ایسی مہر لگ گئی جو ایک سو دس سال گزر جانے کے بعد بھی برقرار ہے۔

اس جماعت کا نام تو انڈین نیشنل کانگریس رکھا گیا۔ لیکن اس کی نیشنلٹی کے

رجسٹریشن میں برہمن، بنیا اور کائیستھ ہی اول درجے کے شہری کی حیثیت سے درج کئے گئے۔ مسلمانوں اور ٹھاکروں کو بھی کالم نمبر دو میں جگہ دی گئی۔ رہے دوسرے لوگ تو ان کے لئے کوئی کالم ہی نہیں رکھا گیا کیوں کہ کانگریس کو اس وقت ضرورت ہی نہیں تھی۔

سرسید کانگریس کی تشکیل کا مطلب سمجھتے تھے، انہیں مسلم اور ٹھاکر عوام کی نفسیات اور انگریز کی مجبوری کا علم تھا لیکن اس مردمجاہد نے ہمت نہیں ہاری اور فوراً کانگریس کے متوازی ''پٹریاٹک فرنٹ'' کی تشکیل کردی۔

کانگریس اور پٹریاٹک فرنٹ کے ظاہری مقاصد میں کوئی فرق نہیں تھا۔ دونوں ہی ہندوستانی عوام کو انگریز کی غلامی پر رضامند کرکے اپنی اپنی تنظیموں کو انگریز کے راج دربار تک پہنچنے کا زینہ بنانا چاہتے تھے۔

فرق یہ تھا کہ پٹریاٹک فرنٹ یہ چاہتا تھا کہ انگریز راج کاج چلانے کا کام مسلمانوں اور ٹھاکروں کے ذریعہ انجام دے اور کانگریس یہ چاہتی تھی کہ راج کاج چلانے کا کام برہمن، بنیا اور کائیستھ کریں۔

سرسید کی اس وقت کی کچھ تحریریں اور تقریریں اب بھی موجود ہیں۔ وہ مسلمانوں سے کہتے تھے کہ اب تم انگریز کو شکست نہیں دے سکتے، وہ سات سمندر پار بیٹھ کر یہیں کے لوگوں کے ذریعہ راج کاج چلائے گا۔ وہ تم سے دوستی کا طلب گار ہے۔ تمہاری طرف تعاون کا ہاتھ بڑھا رہا ہے، تم اس سے ہاتھ ملا کر اپنے پرانے اقتدار کے ایک بڑے حصے کو بچا سکتے ہو۔ اگر تم نے اپنی روش نہ بدلی تو زمانہ ٹھہر کر تمہارے بدلنے کا انتظار نہیں کرے گا اور انگریز کانگریس کے ذریعہ اپنا کام چلائے گا جس کے نتیجے میں تم ان برہمنوں، بنیوں اور بنگالیوں کے غلام بن جاؤ گے جو صدیوں سے تمہارے محکوم رہے ہیں۔

بہر حال سر سید چیختے اور چلاتے ہی رہے، آخری دم تک مزاحمت کرتے کرتے دنیا سے چلے گئے، لیکن مسلمانوں نے اپنی روش نہ بدلی۔ کچھ مخلص اور ذہین لوگوں کو چھوڑ کر مسلمانوں کی بھاری اکثریت انگریز سے تعاون کو حرام، انگریزی زبان کو حرام اور ہر اس چیز کو حرام سمجھتی رہی جس کا تعلق انگریز سے ہو۔

اللہ بھلا کرے ہمارے ان علماء کا جنہوں نے شدت پسندی کی ساری حدود کو پامال کرتے ہوئے یورپ کی جدید سائنسی ایجادات تک کو حرام قرار دیتے ہوئے خدا کا کچھ بھی خوف محسوس نہیں کیا۔

اقتدار سے بے دخلی کے بعد مسلمانوں کی یہ پہلی اجتماعی اور ہلاکت خیز غلطی تھی کہ انہوں نے سر سید کا ساتھ نہ دے کر ان علماء کا ساتھ دیا جو اپنے محدود حلقے سے باہر چند قدم بھی دیکھنے کی صلاحیت نہیں رکھتے تھے۔ اسی اجتماعی غلطی کے نتیجے میں انگریز کانگریس کی تشکیل پر مجبور ہوا اور بھارت میں مسلمانوں اور کسی حد تک ٹھاکروں کے زوال کی بنیاد پڑ گئی۔

کانگریس کی کوکھ سے فرقہ پرستی کا جنم

کانگریس کو برہمنوں بنیوں اور کائیستھ نے اپنے مفاد میں اور پٹریاٹک فرنٹ کو مسلمانوں اور ٹھاکروں نے اپنے مفاد میں بنایا تھا اور دو الگ الگ طبقوں میں مفادات کے ٹکراؤ کو فرقہ پرستی نہیں کہہ سکتے۔

کانگریس کامیاب اور پٹریاٹک فرنٹ ناکام ہوئے۔ اس کی صرف ایک وجہ تھی کہ برہمنوں، بنیوں اور کائیستھوں کی اکثریت انگریز سے تعاون پر آمادہ تھی اور مسلمانوں اور ٹھاکروں کی بھاری اکثریت انگریزوں کے خلاف مرنے مارنے پر اتارو تھی، اس لئے یہ انگریز کی مجبوری تھی کہ وہ پٹریاٹک فرنٹ کے مقابلے

کانگریس کوترجیح دے۔

اقتدار کے گلیاروں تک پہنچنے کے بعد کانگریس کی یہ کوشش رہی کہ عام مسلمان پٹریاٹک فرنٹ سے نہ جڑنے پائے کیوں کہ اسے معلوم تھا کہ اگر مستقبل قریب میں بھی مسلمان اپنے علماء کی حماقتوں کو سمجھ کر سرسید کے نظریئے کی طرف جھک گیا تو وہ اتنا طاقتور اور باصلاحیت ہے کہ پھر انگریز انہیں سے کام لے گا اور اپنی اصلی اولاد یعنی کانگریس کو پہچانے گا بھی نہیں۔

اس خطرے سے بچنے کے لئے کانگریس نے خفیہ طور پر ان علماء کی پیٹھ پر ہاتھ رکھ دیا جو مسلمانوں کو انگریز سے بھڑائے رکھنے کا راستہ مضبوطی کے ساتھ اپنائے ہوئے تھے اور ہر اس مسلمان کو کافر قرار دے رہے تھے جو ذرا بھی انگریز یا انگریزیت کے قریب نظر آتا تھا۔ کانگریس خود تو انگریز کی چمچہ گیری کرتی رہی لیکن علماء کو سرسید کے نظریئے کی مخالفت پر اکسانے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتی تھی۔

برہموسماج اور آریہ سماج جیسی تحریکوں کی تیار کردہ فصل کانگریس کے کھلیان میں جمع ہوئی تھی۔ اس کا واحد مقصد مسلمانوں اور ٹھاکروں کی جگہ برہمنوں، بنیوں اور کائیستھوں کو حکمراں طبقہ بنانا تھا لیکن پٹریاٹک فرنٹ اس کے مقاصد کے راستے کی دیوار بن رہا تھا اور فرنٹ میں ٹھاکروں کی سرگرم شرکت اس کے لئے ایک بڑی رکاوٹ تھی۔

کانگریس نے ٹھاکروں کو پٹریاٹک فرنٹ سے توڑنے کے لئے پہلی بار اعلانیہ ہندو مسلمان کا سوال کھڑا کیا۔ اس نے انگریز پر دباؤ ڈالا کہ فوج میں اچھوتوں کی بھرتی بند کر کے ٹھاکروں کی بھرتی کا راستہ ہموار کرے۔ ہندو مسلم کا سوال کھڑا کر کے اس نے ٹھاکروں کو فرنٹ سے علیحدہ کرنے میں کامیابی حاصل کر لی۔

۱۸۹۸ء میں سرسید کی وفات ہوگئی۔ اسی سال کانگریس نے فوج میں اچھوتوں کی بھرتی کو بند کرواکر ٹھاکروں کی بھرتی کا راستہ کھلوا کر ٹھاکروں کو فرنٹ سے بالکل الگ کرانے میں کامیابی حاصل کر لی۔ ٹھاکر فرنٹ سے علیحدہ ہو کر مزید گھاٹے میں رہے کیوں کہ وہ آج تک کانگریس کے اصلی اور خفیہ رجسٹر میں اول درجے کے شہری نہیں بن سکے۔

۱۸۹۸ء میں ہی کانگریس کی ریشہ دوانیوں کے سبب مئوناتھ بھنجن میں ملک کی تاریخ کا سب سے پہلا فرقہ وارانہ فساد گائے کے سوال پر ہوگیا اور اس میں ٹھاکروں کو ہی سامنے لایا گیا۔ اسی سال بمبئی میں دوسرا فرقہ وارانہ فساد ہوا، جو کانگریس کا خاص گڑھ تھا۔

اس وقت تک کلکتہ کی راجدھانی اور کانگریس اور اس کے مارواڑیوں کا خاص اڈہ تھا۔ انگریز پر قابو پانے کے بعد بنگال کے شودروں کو قبول اسلام کی سزا دینے کی سازش ہوئی۔ بنگال میں زمینوں کے مالک اونچی جاتی کے لوگ تھے۔ شودر جو مسلمان ہو چکے تھے، ان کی بھاری اکثریت کھیت مزدور تھی۔

ایک سازش کے تحت بنگال کی سونا اگلنے والی زمین میں بنا سوکھا پڑے قحط پڑنے لگے۔ زمینوں کے مالک اپنی فصل کی پیداوار کلکتہ کے مارواڑیوں کے گوداموں میں پہنچانے لگے اور ایک ایک سیر اناج کے بدلے عصمتیں نیلام ہونے لگیں لوگ سڑکوں پر بھوک سے تڑپ تڑپ کر مرنے لگے۔

لطف تو یہ ہے کہ بنگال کے جو علاقے قبولِ اسلام کے سیلاب سے بچ گئے تھے وہ کم زرخیز تھے، لیکن ان میں قحط کا سایہ بھی نہیں پڑا۔

فطری طور پر مشرقی بنگال کے عوام میں یہ مطالبہ اٹھا کہ بنگال کی انتظامی تقسیم کر کے مشرقی بنگال کو کلکتہ کے مارواڑیوں سے بچایا جائے۔ کانگریس بھی قحط کو

مین میڈ قحط ہی کہتی تھی۔اس کا دیا لونیتا اپنے مارواڑیوں سے چند بوری اناج لے کر تقسیم بھی کر آتے تھے لیکن کانگریس نے تقسیم بنگال کی شدید مخالفت کی۔

بنگال کے قحط پر پوری دنیا میں انگریز کی تھوتھو ہو رہی تھی، لیکن وہ اپنی کانگریس سے ڈرنے بھی لگا تھا۔ وہ مسلمانوں پر بھروسہ نہیں کرسکتا تھا۔ پھر اپنی کانگریس کو ناراض کیسے کرتا۔

بنگال کے مسئلے سے تنگ آ کر انگریز ۱۹۰۵ء میں راجدھانی کو کلکتہ سے دہلی سے لے آیا اور یہاں پہنچ کر اس نے تقسیم بنگال کا اعلان کر دیا، لیکن کانگریس نے تقسیم بنگال کی اتنی شدید مخالفت کی کہ اس نے ۱۹۰۶ء میں تقسیم بنگال کو منسوخ کر دیا۔اس طرح کانگریس نے بنگال کو نومسلم شودروں کو دوبارہ مارواڑیوں کے آگے ڈال دیا۔ یہ تھا کانگریس کا حقیقی چہرہ۔

تقسیم بنگال کی منسوخی کے مسئلے پر ڈھاکہ میں سرسید کے ساتھیوں اور پٹریاٹک فرنٹ کی میٹنگ ہوئی۔ٹھاکر فرنٹ سے علیحدہ ہو چکے تھے۔اب وہ عملی طور پر مسلمانوں کی پارٹی بن چکا تھا۔اس لئے اس کا نام بدل کر آل انڈیا مسلم لیگ رکھا گیا۔

فوراً ہی کانگریس نے اپنے کچھ لیڈروں کے ذریعہ ہندومہاسبھا قائم کروا کے غزل کا دوسرا مصرعہ پورا کر دیا۔لطف تو یہ ہے کہ وہی لیڈر کانگریس کے پلیٹ فارم پر کانگریسی کہلاتے تھے اور ہندومہاسبھا کے پلیٹ فارم پر مہا بھائی کانگریس ایک ایسے باجے میں تبدیل ہوگئی جس میں وقت ضرورت ہر قسم کے سُر نکل سکتے تھے۔

دوسری غلطی.....تحریک خلافت

وقت کے طمانچوں اور علماء کی مسلح بغاوتوں کا انجام دیکھ کر عام مسلمان بھی

سرسید کے نظریئے کے فوائد کو سمجھنے پر مجبور ہوا۔ ۱۹۱۲ء میں سید احمد بریلوی کی بالاکوٹ میں شہادت کے بعد مسلمانوں میں انگریز کے خلاف مسلح جدوجہد کے جذبے نے ہمیشہ کے لئے دم توڑ دیا۔

۱۹۱۲ء کے بعد مسلمان انگریز سے تعاون کی طرف مائل ہوا۔ مسلمانوں نے علماء کی چیخ و پکار پر دھیان دینا کم کردیا، جس کی وجہ سے انگریز نے بھی راحت کی سانس لی۔ عام مسلمانوں میں یہ احساس ابھرا کہ انہوں نے سرسید کی رائے کو ٹھکرا کر غلطی کی ہے، اب وہ انگریز سے تعاون کی طرف تیزی کے ساتھ مڑا۔

مسلمانوں کے اس نئے رجحان نے کانگریس کے سپنوں کے سامنے کئی سوالیہ نشان لگادیئے کیوں کہ تیس چالیس سال کی مدت نے اتنا فاصلہ بہرحال نہیں پیدا کیا تھا جسے مسلمان چند سالوں کے اندر ہی نہ بھر دیتا۔ ایسا نظر آنے لگا کہ مسلمانوں کے تعاون کا بھوکا انگریز شاید دس سال بعد اپنی کانگریس کو پہچاننے میں بھی دقت محسوس کرنے لگے گا کیوں کہ مسلمانوں کے تعاون کے بعد اسے برہمن کی ضرورت ہی نہ رہتی۔

کانگریس کی اس پریشانی کے دور میں مسٹر موہن داس کرم چند گاندھی جنوبی افریقہ سے بھارت آئے۔ گاندھی جی نے آتے ہی ذات پات کے سماجی نظام اور برہمن کی بالادستی کی حمایت میں چند مضمون لکھے جس سے برہمن نے فوراً مان لیا کہ گاندھی جی ہی اس کے سامنے ابھر رہے چیلنجوں کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ گاندھی جی نے بھی سوٹ بوٹ، ٹائی اتاری۔ گوشت اور شراب وغیرہ سے توبہ کی اور راتوں رات مسٹر موہن داس کرم چند گاندھی سے مہاتما گاندھی بنادیئے گئے۔

اس وقت عام مسلمانوں کا سرسید کے نظریے کی طرف جھکاؤ اور ان میں ابھر رہے انگریز سے تعاون کے جذبات۔ نیز انگریز کا بھی مسلمانوں کی طرف

جھکاؤ گاندھی جی اور کانگریس کا سب سے بڑا مسئلہ تھا۔

۱۹۱۸ء میں پہلی جنگ عظیم ترکی کی شکست پر ختم ہوئی۔ یورپ، ایشیاء اور افریقہ میں پھیلی ہوئی عظیم ترک سلطنت کو برطانیہ، فرانس اور روس وغیرہ نے باہمی طور پر تقسیم کرلیا۔ خاص ترکی میں بھی برطانوی فوجیں داخل ہوگئیں اور سلطان عبدالحمید (جو خلیفہ بھی تھے) پر یہ دباؤ پڑنے لگا کہ وہ برطانوی شرائط پر سمجھوتہ کرلیں لیکن مصطفیٰ کمال کی قیادت میں ترک فوجوں اور عوام نے برطانیہ سے آخری دم تک مقابلے کی ٹھان لی۔ ترک عوام بھی خلیفہ سے کٹ کر اپنی فوجوں کی پشت پر تھے۔ صاف ظاہر تھا کہ اگر ترک فوجیں برطانوی افواج کو ترکی سے نکالنے میں کامیاب ہوجاتی ہیں تو پھر خلیفہ عبدالحمید کا گدی پر بنے رہنا ناممکن ہوجائے گا۔ مطلب یہ کہ نام نہاد خلافت کو برطانیہ سے نہیں بلکہ خود ترک افواج سے ہی خطرہ تھا۔

بھارت میں کانگریس کے ان علماء سے خفیہ اور ظاہری تعلقات اس وقت سے چلے آرہے تھے جب سے علماء نے سرسید کے خلاف مورچہ سنبھالا تھا۔ اب حالات بدل چکے تھے۔ اب مسلمانوں کی معقول تعداد علماء سے بیزار ہوکر علی گڑھ تحریک کے ساتھ تھی۔ انگریز سے بھی ان کی ''دوستی'' پختہ ہورہی تھی۔

۱۹۱۱ء میں بنارس ہندو یونیورسٹی بن چکی تھی، سرسید کے رفقاء علی گڑھ کالج کو مسلم یونیورسٹی بنانے کی مہم چلا رہے تھے، یہ مسلمانوں کے بدلے ہوئے رخ کا ہی نتیجہ تھا کہ انہوں نے یونیورسٹی کے لئے مطلوب تیس لاکھ کی رقم بہ آسانی جمع کرلی تھی۔ کانگریس مسلم یونیورسٹی کے قیام کی مخالف تھی اور اس نے اپنے مسلم لیڈروں کو اس مخالفت پر لگا رکھا تھا۔

ان حالات میں کانگریس نے مسلمانوں کو انگریز سے دوبارہ بھڑا دینے کے

لئے ایک کثیر المقاصد منصوبہ بنایا۔ کانگریس نے بین الاقوامی سیاست سے اندھے اور عام سیاسی بصیرت سے کورے علماء کو ترکی کی اسلامی خلافت کو بچانے کا سراب دکھایا اور انہیں سمجھایا کہ مصطفیٰ کمال ترکی کو برطانیہ سے صرف اس حالت میں بچا سکتے ہیں جب ہندوستانی مسلمان بھارت میں انگریزوں کو الجھا دیں۔

برہمن میڈیا عالم وجود میں آچکا تھا۔ کانگریس کے اشارے پر اس نے بھی مدد کی، بس پھر کیا تھا ''علمائے اسلام'' خلافت کے نام پر اسلام کو بچانے کے لئے میدان عمل میں کود پڑے۔ ان کی مدد کے لئے کانگریس کے مسلم نما پاکٹ لیڈر موجود ہی تھے۔ اسلام خطرے میں پڑا اور مسلمانوں میں انگریز کے خلاف نفرت کا دبا ہوا جذبہ ایک دم لاوے کی طرح پھٹ پڑا۔

علامہ اقبال تحریک خلافت یا تحریک حماقت کے خلاف میدان میں آئے لیکن جس طرح ابھی حال میں کئی بار عام مسلمانوں نے اپنے کسی ہمدرد کی نہ سن کر من مانی کی ہے۔ ٹھیک اسی طرح علامہ اقبال چیختے ہی رہ گئے لیکن عام مسلمان سڑک پر آکر انگریز سے بھڑ گئے لیکن سرسید کی طرح علامہ بھی اپنی جگہ ڈٹے رہے۔ انہوں نے کہا:

اگر ملک ہاتھوں سے جاتا ہے جائے
تو احکام حق سے نہ کر بے وفائی
نہیں تجھ کو تاریخ سے آگہی کیا
خلافت کی کرنے لگا تو گدائی
خریدیں نہ ہم جس کو اپنے لہو سے
مسلماں کو ہے ننگ وہ بادشاہی

لیکن اقبال کی بے پناہ عزت کرنے کے باوجود مسلمانوں نے خلافت کے

معاملے میں ان کی ایک نہ سنی۔ جب مسلمانوں کا لوہا پوری طرح گرم ہوگیا تب کانگریس نے ابوالکلام آزاد سے یہ مطالبہ کروایا کہ مسلم یونیورسٹی کے لئے جو تیس لاکھ روپیہ مسلمانوں نے دیا ہے اسے فوری طور پر ترکی بھیج دیا جائے۔ان کی دلیل تھی کہ یہ روپیہ ملت کی امانت ہے۔خلافت بچ گئی تو اسلام بچے گا۔اگر اسلام ہی نہ رہا تو مسلم یونیورسٹی کس کے لئے بنے گی۔

اللہ ان لوگوں کی قبروں کو اپنے نور سے بھر دے جن بہادر لوگوں نے اپنی قوم کی گالیوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے روپیہ ترکی بھیجنے سے انکار کر دیا، جس کے نتیجے میں ابوالکلام اور کانگریس کے منہ پر طمانچہ لگا اور ۲۰ء میں مسلم یونیورسٹی بن گئی۔ پھر بھی کانگریس نے علی گڑھ تحریک کو کاؤنٹر کرنے کے لئے اپنے مسلمانوں کے ذریعہ دہلی میں بہت ہی دلکش سائن بورڈ کے ساتھ ایک مسجد ضرار کی تعمیر شرع کرادی۔ یہ الگ بات ہے کہ حالات نے اب اس مسجد ضرار کو حقیقی مسجد میں تبدیل کر دیا ہے۔

خلافت کے نام پر کانگریس کے ڈرامے کا بہت ہی دردناک ڈراپ سین ہوا۔ بھارت میں مسلمان برطانیہ کی طاقت سے ٹکرا کر پاش پاش ہوگیا۔ترکی میں مصطفیٰ کمال نے کامیابی حاصل کرتے ہی خلافت کو نہ صرف ہمیشہ کے لئے ختم کر دیا بلکہ انہوں نے ترک حکومت کی اسلام ہی سے توبہ کرادی اور ترک عوام کو بھی اسلام سے توبہ کرانے کی مہم شروع کرادی۔

خلافت تحریک نے کانگریس کے تین مقاصد میں سے دو مقصدوں کو پورا کر دیا۔ مسلمانوں کا انگریز سے استوار ہوتا ہوا رشتہ ٹوٹ گیا اور انگریز مسلمانوں کی بین الاقوامیت کی وجہ سے ان کی طرف سے مشکوک ہوگیا۔فلسطین کے لئے انگریز اعلان بالفور کر چکا تھا۔اب بہت سے مسلم ملک انگریز کے قبضے میں تھے۔

ہوسکتا ہے کہ کانگریس نے بھی انگریز کو سمجھایا ہو کہ اگر تم مسلمانوں کے بل پر راج کاج چلانے کی حماقت کروگے تو کسی بھی مسلم ملک میں کوئی مسئلہ کھڑا ہوگا تو یہاں کا مسلمان تمہارا جینا دوبھر کردے گا۔

علامہ اقبال کانگریس کو پہچانتے تھے انہوں نے اپنی پوری طاقت سے تحریک خلافت کی مخالفت کی تھی جب سب کچھ ختم ہوگیا تو انہوں نے بڑے درد کے ساتھ کہا:

چاک کردی ترک ناداں نے خلافت کی قبا
سادگی مسلم کی دیکھ اوروں کی عیاری بھی دیکھ

لیکن اب کیا ہوسکتا تھا۔علمائے بے بصیرت اور کانگریس کے کھونٹے سے بندھے ہوئے مسلمان نما جانوروں نے مسلمانانِ ہند کو ''اوروں کی عیاری'' کا اس طرح شکار بنادیا کہ وہ اب تک ''شکارِ محض'' بنے ہوئے ہیں۔

۱۸۵۷ء کے بعد علمائے بے بصیرت نے سرسید کی تحریک کو ٹھکانے لگا کر مسلمانوں کے سیاسی زوال اور برہمن، بنیا سیاست کے عروج کی بنیاد ڈالی تھی، اسے تحریک خلافت کے ذریعہ اس وقت پھر مضبوط کردیا جب ان ڈالی ہوئی بنیاد اکھڑنے کی منزل میں تھی۔

خلافت تحریک سے کانگریس کا دوسرا مقصد بھی پورا ہوگیا۔اس کے ڈراپ سین کے بعد مسلمانوں کا اعتماد اپنی لیڈر شپ سے اس طرح ختم ہوا کہ بیچ کے چند برسوں کو چھوڑ کر پھر مسلمانوں نے آج تک اپنی لیڈر شپ پر اعتماد نہیں کیا۔خود علماء کی سیاسی بصیرت پر سے ان کا اعتماد اس طرح ختم ہوا کہ اس کے بعد پھر کبھی کسی بھی موقع پر انہوں نے علماء کی سیاسی صلاح نہ ماننے کی جیسے قسم ہی کھالی۔

کسی بھی قوم کا اپنی لیڈر شپ سے اعتماد اٹھ جانا اس قوم کی سب سے

بڑی ٹریجڈی ہوا کرتی ہے اور تحریک خلاف نے اس سب سے بڑی ٹریجڈی کو بھی جنم دیا۔

کسے خبر کہ سفینے ڈبو چکی کتنے
فقیہ و شاعر وصوفی کی ناخوش اندیشی

تحریک خلافت کا کڑوا پھل.... مسلم ماس کانٹیکٹ اسکیم

تحریک خلافت کا پلیٹ فارم الگ تھا۔ گاندھی جی نے اس کی صرف زبانی حمایت کی تھی، البتہ انہوں نے کانگریسی مسلمانوں کو اس میں براہِ راست اتارا تھا۔ جب تحریک خلافت کا لوہا گرم ہوا تب گاندھی جی نے انگریز کو یہ باور کرانے کے لئے کہ تم کانگریس کو نظر انداز کر کے گھاٹے میں رہو گے کانگریس تم کو پریشان کرنے کی طاقت بھی رکھتی ہے۔ انہوں نے کانگریس کے پلیٹ فارم سے سودیشی اور ترک موالات کی تحریک شروع کر دی۔

کانگریس کو معلوم تھا کہ تحریک خلافت میں انگریز سے بھڑا ہوا مسلمان سودیشی اور ترک موالات کو بھی اپنا کر انگریز سے مزید دور ہوگا، ہوا بھی یہی۔ چند چوٹی کے کانگریسی لیڈروں کو چھوڑ کر اونچی ذات کے کسی ہندو نے اس تحریک کو گھاس بھی نہیں ڈالی۔ ہوسکتا ہے کہ کانگریس دل سے یہی چاہتی بھی رہی ہو۔ البتہ انگریز دشمنی میں اندھا مسلمان چلتا پھرتا کھدر بھنڈار بن گیا۔ کانگریس کے بنیا سرمایہ دار اس کے ٹاٹا اور برلا بدستور کانگریس سے جڑے بھی رہے اور بدیسی تجارت بھی کرتے رہے۔ گاندھی جی سودیشی تحریک کی حمایت حاصل کرنے بنارس ہندو یونیورسٹی گئے وہاں پنڈت مدن موہن مالوی نے انہیں گھسنے بھی نہیں دیا نہ کسی نے ان سے پوچھا کہ تم کس لئے اور کہاں سے آئے ہو۔

لیکن جب گاندھی جی اسی مقصد سے علی گڑھ گئے تو باوجودیکہ مسلم یونیورسٹی ابھی نئی نئی ملی تھی، وہاں کے طلباء نے ان کی حمایت میں یونیورسٹی بند کرادی۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جب ''ملت'' کے جذبات صحیح یا غلط طور پر بھڑکا دیئے جائیں تو صرف ''ملاّ'' ہی نہیں اس میں ''منسٹر'' بھی بہہ جایا کرتے ہیں۔

بہرحال اس تحریک سے کانگریس کے مطلوبہ مقاصد پورے ہوتے ہی نیز ترکی میں خلافت کے خاتمے کے ساتھ ہی گاندھی جی نے چوری چورا تشدد کا بہانہ لے کر یہ تحریک ختم کردی۔

ان حالات میں عام مسلمانوں کا اپنی لیڈرشپ سے اعتماد اٹھ جانا ایک فطری امر تھا۔ اب مسلمانوں کا ہر لیڈر بالکل بے وزن اور ہر تنظیم نیم مردہ حالت تک پہنچ گئی۔

حالات سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لئے گاندھی جی نے ''مسلم ماس کانٹیکٹ اسکیم' کا اعلان کیا۔ اس کا لب لباب یہ تھا کہ اب مسلمانوں کی کسی تنظیم یا علیحدہ لیڈرشپ کی وساطت سے کسی معاملے میں ان کی حمایت حاصل نہ کی جائے گی بلکہ مسلمانوں کو فرداً فرداً ان کے جتھے سے توڑ کر کانگریس میں لایا جائے۔

گاندھی جی جس طبقے سے تعلق رکھتے تھے اس کے بہترین مفاد میں انہوں نے یہ اسکیم وضع کی تھی، انہیں معلوم تھا کہ کسی تنظیم یا آزاد لیڈرشپ کے ذریعہ کسی طبقے کی حمایت حاصل کرنے سے اس پورے طبقے کو اقتدار میں حصہ داری دینی پڑتی ہے، جس کی نمائندگی وہ تنظیم یا لیڈرشپ کرتی ہے۔ اس کے برخلاف اس طبقے کے افراد کو ان کے جتھے سے توڑ کر اپنے زیرقیادت لانے سے صرف چند لوگوں کے سامنے اپنے دسترخوان کا پس خوردہ ڈال دینے سے کام چل سکتا ہے۔

تحریک خلافت کے زخم خوردہ مسلمانوں میں کوئی ایسی لیڈرشپ باقی نہیں

بچی تھی جو اس کے خلاف میدان میں آتی۔ علامہ اقبال ہی ایک واحد شخص تھے جنہوں نے تحریک خلافت کی ناکام مخالفت کر کے انعام میں علماء سے کفر کے فتوے حاصل کئے تھے، وہی اس کے خلاف میدان میں آئے اور آخری سانس تک اس کی مخالفت کی۔

وہ ''مسلم ماس کانٹیکٹ اسکیم'' کو مسلمانوں کے لئے پیامِ موت سمجھتے تھے۔ انہوں نے اس کی مخالفت کے لئے مسلم لیگ کو از سر نو منظم کیا۔ ۳۰ء کے مسلم لیگ کے الٰہ آباد اجلاس میں ان کا مشہور خطبہ صدارت ''مسلم ماس کانٹیکٹ اسکیم'' کے خلاف ان کے شدید ردعمل کا ہی نتیجہ تھا۔

۳۶ء میں اپنی خرابی صحت کی وجہ سے انہوں نے مسٹر محمد علی جناح کو اصرار کر کے لندن سے واپس بھارت بلوایا اور مسلم لیگ کی صدارت ان کے سپرد کر دی۔

علامہ اقبال اور پھر مسٹر جناح کی شدید مخالفت کے سبب جب ''مسلم ماس کانٹیکٹ اسکیم'' ناکام ہوتی نظر آئی اور ایسا لگا کہ صدیوں سے کسی کے پیچھے نہ چلنے کے سبب مسلمان اپنوں ہی کی لیڈر شپ میں چل سکتا ہے تب کانگریس نے جیبی مسلم تنظیموں کا تجربہ شروع کیا تاکہ عام مسلمان علامہ اقبال کے نظریئے کی طرف نہ جائے اور کانگریس کی حاشیہ بردار نام نہاد مسلم تنظیموں کے ساتھ رہے۔ اس نیک کام میں بھی جن لوگوں نے آگے بڑھ کر کانگریس کی مدد کی ان میں بھی سرفہرست وہی طبقہ تھا جنہیں ہم آج کی اصطلاح میں علماء کہتے ہیں خواہ وہ زندگی کے بیشتر معاملات میں جاہل مطلق ہی کیوں نہ ہوں۔

انگریز کے زمانے میں تحریک خلافت کے زخم خوردہ، دل شکستہ اور اپنی لیڈر شپ و علماء کی بے بصیرتی سے احساس شکست خوردگی کے شکار مسلمانوں نے ''مسلم ماس کانٹیکٹ اسکیم'' کے مضمرات کو سمجھنے میں زیادہ دیر نہیں لگائی۔ اس کی

ایک وجہ یہ تھی کہ وہ اس سے پہلے اپنی پوری تاریخ میں کسی دوسرے کو لیڈر ماننے کی روایت سے بھی ناواقف تھے اور دوسری وجہ ۳۷ء سے ۴۷ء تک حالات کے تیز رفتار دھارے نے انہیں ''مسلم ماس کانٹیکٹ'' سے کاٹے رکھا۔

۴۷ء تک کانگریس کی ''مسلم ماس کانٹیکٹ اسکیم'' ناکام رہی، لیکن کانگریس ہی نہیں بلکہ بعد میں ابھرنے والی ہر غیر مسلم لیڈر شپ نے اس اصول کو دانت سے پکڑ رکھا ہے اور آج تک ہر نام نہاد سیکولر لیڈر شپ مسلمانوں کے تئیں اپنی پالیسی اسی ''ماس کانٹیکٹ اسکیم'' کے نظریاتی بیسمنٹ یا بنیاد سے ہی اٹھاتی ہے۔ انگریز کی واپسی کے بعد تو شمالی ہند کا مسلمان اسی اسکیم کے ذریعہ ہزاروں مصائب وآلام جھیلنے بلکہ اپنے وجود تک کو سوالیہ نشان بنادینے کے باوجود اس کے مضمرات کو سمجھ پانے سے قاصر ہے۔

اس سچائی سے انکار ممکن نہیں ہے کہ مسلمانوں کے زوال کی دو بنیادی وجوہات سرسید کی سیاسی فکر کے مقابلے میں طویل عرصے تک علماء کی لائن کی حمایت اور تحریک خلافت کے بعد تیسری بڑی وجہ انگریزوں کی واپسی کے بعد ''مسلم ماس کانٹیکٹ اسکیم'' سے صرف مفاد پرست سیاسی لیڈروں اور علماء کا ہی نہیں بلکہ مسلم عوام کا بھی پوری طرح آنکھیں بند کرلینا ہے۔

اسی اسکیم کے پیٹ سے ان ساری وجوہات نے جنم لیا جن کی وجہ سے مسلمان اتنی جلدی موجودہ انجام تک پہنچ گیا۔

اس کا ذکر ہم آئندہ ابواب میں کریں گے لیکن اس سے پہلے انگریز کی بھارت سے واپسی کے عمل پر روشنی ڈالنا ضروری ہے تاکہ ایک سوچی سمجھی اسکیم کے تحت مسلمانوں میں ''احساسِ جرم'' کی جو نفسیات پیدا کی گئی ہے اس کی حقیقت کو منظر عام پر لایا جاسکے۔

گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ اور دوسری جنگ عظیم

انگریز نے ۱۸۶۲ء میں ہندوستانیوں کے مشورے پر اور انہیں کے ذریعہ راج کاج چلانے کا جو اعلان کیا تھا اس میں وہ بڑی حد تک مخلص تھا۔ ۱۹۰۵ء میں راجدھانی کو دہلی لاتے ہی دوسری سرکاری عمارتوں کے ساتھ ہی پارلیمنٹ ہاؤس اور صوبائی راجدھانیوں میں صوبائی اسمبلیوں کی تعمیر شروع ہو کر ۱۹۱۱ء میں مکمل ہو چکی تھی۔

کانگریس ہی کے مشورے پر ۱۹۱۳ء میں انگریز یہ طے کر چکا تھا کہ محدود حق رائے دہی کی بنیاد پر جداگانہ طریقہ انتخاب کے ذریعہ ہندوؤں، مسلمانوں، سکھوں اور عیسائیوں کو ان کی کل آبادی کے تناسب سے نمائندگی دی جائے گی۔ یہ الزام بالکل غلط ہے کہ جداگانہ طریق انتخاب مسلمانوں کے کسی مطالبے پر منظور ہوا تھا۔ اس وقت مسلمانوں کو اس کی ضرورت ہی نہی تھی۔ اس وقت وہ اس پوزیشن میں تھے کہ محدود الیکٹورل کالج میں مخلوط انتخاب کے ذریعہ وہ اپنے تناسب آبادی سے بہت زیادہ سیٹیں جیت لیتے۔ رہیں سرکاری نوکریاں تو ۱۵/اگست ۴۷ء تک مقابلے کے ہر امتحان میں وہ اپنے تناسب آبادی سے زیادہ آتے ہی تھے۔ کانگریس نے یہ طریقہ اس لئے منظور کرایا تھا کہ مسلمان بہت زیادہ سیٹیں نہ جیت سکیں۔ اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ تھا کہ ہندوؤں کو سیٹیں تو ان کے تناسب آبادی سے ملتی تھیں لیکن محدود حق رائے دہی کے تحت جو ہندو ووٹر لسٹ بنتی تھی اس میں دس پندرہ فی صدی اونچی جاتیوں کی اکثریت ہوتی تھی، اسی طریقے سے کانگریس کی تینوں جاتیوں کو ہندوؤں کا پورا حصہ کھا جانے کا موقع ملتا تھا کیوں کہ ووٹر وہی لوگ ہو سکتے تھے جو مقررہ حد سے زیادہ لگان یا ٹیکس دیتے

ہوں یا مقررہ حد سے زیادہ پڑھے لکھے ہوں، اتنے سے کانگریس کی نیت کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

۱۹۲۱ء تک کانگریس نے اپنی حکمت عملی یا مسلم لیڈر شپ کی حماقتوں کی وجہ سے اندرونی محاذ پر تحریک خلافت اور ترک موالات کے ذریعہ مسلمانوں کو مکمل شکست دے دی تھی اور مسلمانوں کو بھی برہمنی ورن آشرم کا ایک مفلوج حصہ بنا دینے کے لئے وہ پوری طاقت کے ساتھ ''مسلم ماس کانٹیکٹ اسکیم'' پر یکسو ہو چکی تھی۔ اس کے سامنے کوئی چیلنج نہیں رہ گیا تھا۔ لیکن ۲۳ء میں ڈاکٹر امبیڈکر نے کانگریس کے مستحکم ہندو مورچے کے اندر ایک شودر مورچہ کھول کر کانگریس کے برہمن ازم کے سامنے ایک نیا چیلنج پیش کر دیا۔

ڈاکٹر امبیڈکر کی خوش قسمتی سے برطانیہ میں سر ریمزے میکڈ نالڈ وزیر اعظم ہو گئے۔ انہوں نے بھارت کے شودروں کو انسانوں کے زمرے میں شامل کرنے کی ٹھان لی۔ ڈاکٹر امبیڈکر کی تحریک پر برطانوی حکومت نے شودروں کی حالت سدھارنے کی تجاویز پیش کرنے کے لئے ۱۹۲۷ء میں سائمن کمیشن کو بھارت بھیجا۔ یہ بھارت کا پہلا منڈل کمیشن تھا۔

سائمن کمیشن کو جس چیز کا مطالبہ کر کے جن تجاویز کی سفارش کرنی تھی اس سے کانگریس کا مقصد وجود ہی ختم ہو جاتا۔ اس وقت تک کانگریس کی تینوں جاتیاں ہندوؤں کے سارے حصے کی واحد اجارہ دار بن چکی تھیں۔ اس لئے سائمن کی سفارشوں کے ذریعہ اچھوتوں یا پسماندہ جاتیوں کو جتنے بھی حقوق ملتے اتنا ہی کانگریس کی تینوں جاتیوں کی اجارہ داری میں فرق ہوتا۔ اسے وہ دوسروں کی حق تلفی کے ذریعہ بھی پورا نہیں کر سکتی تھی کیوں کہ مسلمانوں، سکھوں اور عیسائیوں کا حصہ الگ تھا۔

یہی وجہ ہے کہ انگریز دباؤ ڈال کر سائمن کو واپس بلانے کے لئے کانگریس نے اپنی تاریخ کا سب سے بڑا آندولن کمیشن کے بائیکاٹ سے شروع کیا۔ یہ آندولن ۲۷ء میں سائمن کی آمد کے اعلان سے شروع ہوا اور اس کی سفارشات پر اتفاق رائے حاصل کرنے کے مقصد سے بلائی گئی دونوں گول میز کانفرنسوں کے دوران اور اس کے بعد ۳۲ء تک چلتا رہا۔ جب تک گاندھی جی نے پونا میں مرن برت رکھ کر ڈاکٹر امبیڈکر کو سمجھوتے پر دستخط کے لئے مجبور نہیں کر دیا۔

کانگریس اپنی اسی چھ سالہ انسانیت دشمن تحریک کو جنگ آزادی کہتی ہے۔ جو لوگ اس وقت جیلوں میں گئے یا پولیس کی لاٹھیاں کھائیں کہ اچھوتوں یا دیگر پسماندہ جاتیوں کو الگ سے حق اور حصہ نہ دیا جائے وہی لوگ ''مجاہد آزادی'' بنا دیئے گئے۔

بہر حال کانگریس نے ۲۴؍ستمبر ۳۲ء کو پونا پیکٹ کے ذریعہ اچھوت مورچہ بھی فتح کر لیا۔ مسلم مورچہ پہلے ہی تحریک خلافت اور ترک موالات کے ذریعہ سر کیا جا چکا تھا۔ اب کانگریس کے سامنے کوئی چیلنج نہیں رہ گیا تھا۔

اسی دن کے انتظار میں پارلیمنٹ اور اسمبلیوں کی عمارتیں ۱۹۱۱ء سے بن کر بیکار پڑی تھیں کیوں کہ کانگریس ان دنوں مورچوں کو سر کئے بغیر الیکشن کا جوکھم اٹھانے پر راضی نہ تھی اور جب تک الیکشن نہ ہوتا تب تک وائسرائے کانگریس کے مشورے پر نامزدگیوں کے ذریعہ پارلیمنٹ اور اسمبلیوں کو کسی حد تک آباد رکھنے پر مجبور تھا۔

۳۷ء کے بعد کانگریس کا راوی چین ہی چین لکھ رہا تھا۔ مسلم اور اچھوت مورچے پوری طرح فتح ہو چکے تھے۔ لہٰذا ۱۹۳۵ء میں کانگریس نے انگریز سے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ منظور کرایا، جس کے تحت ۳۷ء کے اوائل میں ملک

کے پہلے عام چناؤ کا اعلان کیا گیا۔
۳۲ء کا پہلا عام چناؤ ایسے حالات میں ہورہا تھا کہ مسلمانوں کی کوئی تنظیم یا لیڈر شپ اس لائق نہیں رہی تھی جو کانگریس کے چیلنجوں کا مقابلہ کرسکتی۔ علامہ اقبال اپنی بیماری کی وجہ سے صاحب فراش تھے۔ مسٹر جناح مسلم لیگ کے نئے صدر بنے تھے، وہ زندگی بھر کانگریس میں رہنے کی وجہ سے اس وقت بھی پختہ قسم کے کانگریسی تھے۔ وہ علامہ اقبال کے جانشین تھے لیکن اقبال کے نظریات سے ان کا کچھ بھی لینا دینا نہیں تھا۔ وہ صرف گاندھی جی کے ذاتی مخالف تھے۔ کانگریس سے ان کا موہ اس وقت بھی بنا ہوا تھا۔

ان حالت میں کانگریس اور مسلم لیگ میں انتخابی معاہدہ ہوا، اور یہ طے پایا کہ دونوں مشترکہ امیدوار کھڑا کریں گے اور الیکشن کے بعد مل کر سرکاریں بنائیں اور چلائیں گے۔ ہندو سیٹوں کی تو کانگریس واحد اجارہ دار تھی ہی، اس معاہدہ کے تحت اس نے مشترکہ حکومتوں کا خواب دکھا کر مسلم لیگ سے مسلم سیٹوں کا بھی بٹوارہ کرلیا۔

الیکشن میں سات بڑے صوبوں میں مسلم لیگ کے ممبران کے بغیر ہی کانگریس کو اکیلے اکثریت مل گئی۔ پہلی بار براہِ راست اقتدار کو قریب پاتے ہی کانگریس ایک دم بے صبر ہوگئی۔ اس نے مسلم لیگ سے ہوئے عہد و پیمان کو ردی کی ٹوکری میں ڈال دیا اور یہ اعلان کردیا کہ کسی بھی صوبے میں کسی مسلم لیگی کو وزارت میں نہیں لیا جائے گا۔

مسٹر جناح نے ہتھیار ڈال دیئے، وہ اتنا جھک گئے کہ اگر صرف یوپی میں اکیلے چوھری خلیق الزماں کو وزارت میں لے لیا جائے تو مسلم لیگ یک طرفہ طور پر معاہدے کا احترام کرے گی۔ ظاہری طور پر گاندھی جی نے بھی کہا لیکن جواہر

لال نہرو نے گاندھی جی کی بات بھی رد کر دی۔
مسند وزارت پر بیٹھتے ہی کانگریس یہ بھی بھول گئی کہ ابھی برہمن کی ہزاروں سال پرانی تاریخ کی طرف لوٹنے کا وقت نہیں آیا ابھی انگریز بیٹھا ہوا ہے، کانگریس نے اپنی ہی اعلان کردہ ساری پالیسیوں کو ردی کی ٹوکری میں ڈال کر ہندی کو واحد سرکاری زبان قرار دیدیا۔ اسکولوں کے پرانے کورس بدل کر ناگپور اور واردھا میں تیار کئے گئے دیو مالائی کورس تھوپ دئے۔ اسکولوں میں برہمنی دھرم کی پرارتھنائیں لازمی کر دی گئیں۔ مسلم افسروں کو غیر اہم جگہوں پر ٹرانسفر کیا جانے لگا۔ مسلم تھانہ انچارجوں کو افسر دوم بنا دیا گیا، بات یہاں تک پہنچی کہ مدھیہ پردیش کے وزیر اعظم دوارکا پرشاد مصرا نے ایک لڑکی حسینہ کو زبردستی اٹھوا کر گھر میں ڈال لیا اور جب اس کے نتیجے میں فسادات شروع ہوئے تو مسلم پولیس مینوں سے ہتھیار رکھوا لئے گئے۔
لنگڑا، لولا اقتدار پاتے ہی کانگریسی برہمن ازم اس حد تک اتاولا ہو گیا کہ مسلمان اپنے وجود تک سے متنفر ہو گیا، گاندھی جی نے مسلم ملاؤں اور مسلم برادریوں کی تنظیمیں بنوا کر اس بات کا پختہ انتظام کر رکھا تھا کہ مسلمان کسی بھی حالت میں کسی ایک تنظیم یا لیڈر شپ میں اکٹھا نہ ہونے پائے۔ لیکن کانگریسی حکومتوں کی جلد بازی نے ان کا سارا کھیل بگاڑ دیا اور کانگریس کے اس مختصر مدت کے ''رام راجیہ'' نے مسلمانوں کو خوف زدہ کر کے مسٹر جناح کے پیچھے کھڑا کر دیا۔
۱۹۳۹ء میں یورپ کی دوسری جنگ عظیم شروع ہو گئی، انگریز نے ایمرجنسی لگا کر ساری صوبائی حکومتوں کو برخاست کر دیا جس پر مسلم لیگ نے ملک گیر ''یوم نجات'' منایا۔ مسلمان خوشی میں سڑکوں پر نکل آیا، ان کے جلوسوں پر کھسیائے ہوئے کانگریسیوں کے حملے کی وجہ سے فرقہ وارانہ فسادات شروع ہو گئے، جس

سے مسلمان کا مطلب مسلم لیگ اور ہندو کے معنی کانگریس ہو کر رہ گئے۔
اگر مسٹر جناح اپنی عمر بھی کھپا دیتے تب بھی ان حالات میں مسلمانوں کے واحد لیڈر نہیں بن سکتے تھے، لیکن کانگریسی حکومتوں کی جارحانہ فرقہ پرستی نے انہیں راتوں رات مسلمانوں کا قائداعظم بنا دیا۔ کانگریس کی جیبی مسلم تنظیمیں برادریوں کے لیڈر اور علماء سب مسلمانوں کی نظروں سے گر کر ذلیل و خوار ہو گئے اور ان کی نظروں میں کانگریس کے زرخرید غلام بن کر رہ گئے۔

دورانِ جنگ کانگریس کا مضحکہ خیز موقف؟

جنگ شروع ہونے پر نیتا جی سبھاش چندر بوس نے تجویز رکھی کہ جب تک انگریز یہ اعلان نہ کرے کہ جنگ کے بعد وہ بھارت کو آزاد کر دے گا تب تک فوج کے ہندوستانی سپاہی جنگ میں حصہ نہ لیں۔ یہ جب ہی ممکن تھا جب گاندھی جی اور مسٹر جناح دونوں مل کر ہندوستانی سپاہیوں سے اپیل کرتے۔

مسٹر جناح نیتا جی کی بہت عزت کرتے تھے، ان کی مسلمانوں میں بھی ایک خاص ساکھ بن چکی تھی، لیکن گاندھی جی نے فوراً ہی نیتا جی کی تجویز یہ کہہ کر رد کر دی کہ ''جب انگریز پریشانیوں میں گھرا ہوا اس وقت اس کو تنگ یا مجبور کرنا ستیہ اور اہنسا کے خلاف ہے'' انگریز نیتا جی کے خون کا پیاسا ہو گیا۔ گاندھی بھگت کانگریسی پہلے ہی ان کے دشمن تھے۔ انہیں مجبوراً پٹھانوں کا بھیس بدل کر افغانستان اور پھر وہاں سے جرمنی بھاگنا پڑا۔

گاندھی جی نے ۲۰رجنوری ۱۹۴۰ء کے ہریجن میں لکھا ''میں انگریز سے طاقت آزمائی کے لئے بے چین نہیں ہوں، میں سبھاش کے اس الزام کی تصدیق کرتا ہوں کہ میں انگریز سے کشمکش کا نہیں، سمجھوتے کا خواہش مند ہوں۔ یہی

ستیہ اور اہنسا کا تقاضہ بھی ہے۔ میرا انگریز پر بھروسہ بنا ہوا ہے، ختم نہیں ہوا۔

جرمنی نے یورپ کے بیشتر ملکوں پر قبضہ کرنے کے بعد فرانس پر دھاوا بولا اور صرف اٹھارہ دن میں فرانس پر قبضہ کر کے برطانیہ پر دھواں دھار بمباری شروع کر دی۔ جنگ کے مبصرین یہ پیش گوئی کرنے لگے کہ اب برطانیہ بھی چند ہی دن کا مہمان ہے۔

ان حالات میں ۲۶ رجنوری ۴۰ء کو لاہور میں کانگریس کا پہلے سے طے کردہ اجلاس ہوا۔ ۲۶ جنوری ۴۰ء کو برطانیہ کے خاتمے سے پر امید ہو کر کانگریس نے گول مول ذو معنی میں آزادی کی تجویز پاس کر دی۔

لاہور میں ۲۳ رمارچ ۴۰ء کو مسلم لیگ کا بھی اجلاس اور اس میں بھی آزادی اور ملک کی تقسیم کی تجویز پاس ہوئی، لیکن جنگی مبصرین کی پیش گوئیاں اس وجہ سے غلط ہو گئیں کہ اس دوران جرمنی نے اچانک روس پر بھی دھاوا بول دیا جس سے اس کا برطانیہ کا مورچہ کمزور پڑ گیا اور برطانیہ مرتے مرتے بچ گیا۔

اس سے کانگریس پریشانی میں پڑ گئی، وہ یہ نہیں سمجھتی تھی کہ برطانیہ بچ جائے گا۔ اب اس نے اپنی آزادی کی قرارداد کی الٹی تعبیر وتشریح شروع کر دی۔ واضح رہے کہ کانگریس نے ایک جناتی علم کلام ایجاد کیا تھا، اس کی قراردادوں کی زبان ایسی ہوتی تھی کہ کوئی بھی اس کے من چاہے معانی نکال سکتا تھا لیکن اس کے معانی صرف کانگریس کے نمبر ایک لیڈر کو معلوم ہوتے تھے اور وہ اس کی حسب ضرورت تعبیر وتشریح کرتا تھا۔ کانگریس کی ایک ہی قرارداد کو اگر ابوالکلام آزاد اسلام کی فتح قرار دیتے تھے تو اسی کو پنڈت مدن موہن مالوی ہندتو کی وجے ثابت کرتے تھے۔ اس کے اصل معانی صرف نمبر ایک لیڈر کو معلوم ہوتے تھے اور بعد میں جیسی تعبیر وتشریح چاہتا تھا ویسی ہی کرتا تھا۔

بہرحال برطانیہ کہ بچ جانے کے بعد کانگریس نے اپنی آزادی کے پرستاؤ کی یہی تعبیر وتشریح کی کہ اس سے ہمارا مطلب یہ نہیں ہے کہ انگریز یہاں سے چلے جائیں، اس سے ہمارا مطلب ''سوراجیہ'' یا ڈومنین اسٹیٹ سے ہے کہ ہمیں صوبوں میں مکمل خودمختاری ہو۔ بہرحال جب کانگریس ہی یہ کہنے لگی کہ آزادی سے تمہارا مطلب غلامی ہے تو انگریز کیوں کہتا نکال دیا جائے کہ نہیں آزادی سے تمہارا مطلب آزادی ہے۔

۷؍دسمبر ۴۱ء کو جاپان بھی جنگ میں کود پڑا اور جنوب مشرق ایشیاء کے مما لک پر قبضہ کرتا ہوا ۳۸؍فروری ۴۲ء کو رنگون پر قابض ہوگیا۔ وہاں نیتا جی سبھاش چندر بوس نے برطانوی فوج کے شکست خوردہ ہندوستانی سپاہیوں اور افسروں اور وہاں موجودہ ہندوستانی نوجوانوں کی نئی بھرتی کر کے جاپان کی مدد سے آزاد ہندفوج بنائی، ان کا مقصد تھا کہ جاپان کی مدد سے بھارت پر قبضہ کر کے اسے آزاد کرالیا جائے۔

یہاں یہ بتا دینا ضروری ہے کہ آزاد ہندفوج میں مسلمانوں کی حصہ داری تقریباً پچاس فی صد تھی اور اس کے نوے فیصد اخراجات جنوب مشرقی ایشیاء کی تجارت پر چھائے ہوئے سورتی مسلمانوں نے اپنے جذبہ حب الوطنی کے تحت اٹھائے تھے کیوں کہ ہندوستانی مسلمانوں کو نیتا جی پر مکمل اعتماد تھا۔

نیتا جی آزاد ہندفوج کی کمان کرتے ہوئے بڑھے اور انہوں نے منی پور تک قبضہ کرلیا۔ ایسا نظر آنے لگا کہ ایک آدھ مہینہ میں بھارت پر قبضہ ہوجائے گا اور نیتا جی کا ''دلّی چلو'' نعرہ ان کا خواب حقیقت میں بدل جائے گا۔ یہ بات کانگریس کیسے گوارہ کرتی کہ نیتا جی بھارت کے اقتدار پر قابض ہوجائیں، کانگریس کو یقین تھا کہ بھارت پر قبضے میں زیادہ دیر نہیں ہے۔ لہٰذا کانگریس نے

بھارت کے نئے متوقع فاتحین جاپانیوں پر یہ ثابت کرنے کے لئے کہ ہم نیتا جی سے زیادہ انگریز مخالف اور تمہارے حمایتی ہیں اچانک ۸/اگست ۴۲ء کو''ہائے انگریز و بھارت چھوڑو'' کا نعرہ دے کر ستیہ اور اہنسا کو خیر باد کہہ دیا اور کانگریسیوں کو ہنسا کی کھلی چھوٹ دے دی لیکن کانگریسی اتنے بودے ثابت ہوئے کہ ایک دم توڑتی ہوئی حکومت نے اس نام نہاد آندولن کو بہت آسانی کے ساتھ کچل دیا۔

ابھی نیتا جی منی پور میں اپنی فوجوں کا جماؤ کر کے ایک بڑی یلغار کی تیاریوں میں مصروف تھے کہ یورپ میں جرمنی کو شکست ہوگئی۔ ہٹلر نے خودکشی کر لی اور یوروپ کی متحدہ طاقت جاپان پر ٹوٹ پڑی۔ نیتا جی بھی ایک ہوائی حادثے میں شہید ہو گئے۔

کانگریس نے اپنی ۴۰ء کی تجویز کی الٹی سیدھی تعبیر وتشریح شروع کر کے انگریز کو مطمئن کر دیا تھا لیکن نازک ترین حالات میں ۴۲ء کے بھارت چھوڑو کے نعرے سے انگریز ناراض ہو گیا اور ۴۳ء میں پہلی بار اس نے کانگریس کو نظر انداز کر کے وائسرائے کی ایگزیکیٹو نامزد کر دی اور اس میں برہمن واد کے سب سے بڑے دشمن ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کو وزیر محنت نامزد کر دیا اور جلد ہی ان کے مشورے پر اچھوتوں کو ان کی آبادی کے تناسب سے سرکاری ملازمتوں میں ریزولیشن دے کر اسے فوراً لاگو بھی کر دیا۔ یہ کانگریس کے خلاف انگریز کی سب سے سخت سزا تھی۔

اس کے بعد تو کانگریس نے بھارت سے انگلینڈ تک اپنے ۴۰ء کے پرستاؤ اور ۴۲ء کے بھارت چھوڑو آندولن کی اس قدر صفائی پر صفائی دی کہ اگر کوئی طالب علم اس کی تحقیق کر کے پی ایچ ڈی کر لے تو آسانی کے ساتھ ڈگری بھی ملے گی اور ملک کی خدمت بھی ہوگی۔

بہرحال ایک سال کے اندر ہی انگریز اپنے قدیم وفاداروں کی ہائے توبہ

سے پھر پسیج گیا اور وائسرائے کی نامزد ایگزیکیٹو کونسل کی جگہ سب کے مشورے پر نئی کونسل بنانے کے لئے کرپس مشن بھارت آیا۔ شملہ میں سبھی پارٹیوں کے لیڈروں کے مشورے اور سمجھوتے کے لئے اکٹھا کیا گیا، وہاں بھی کانگریس نے ۴۰ء کے پرستاؤ اور ۴۲ء کے آندولن کی بہت صفائی دی۔

شملہ میں کانگریس ہندوؤں کے پورے حصے کی واحد دعویدار تو تھی ہی وہ مسلمانوں کے حصے کی سیٹیں بھی کانگریسی مسلمانوں کو دلانے پر مصر تھی۔ گاندھی جی اور نہرو کی دلیل تھی کہ ایک مسلم لیگ کو چھوڑ کر ساری مسلم تنظیمیں ہمارے ساتھ ہیں، اس طرح کانگریس ہی مسلمانوں کی بھی نمائندہ جماعت ہے جب کہ مسٹر جناح ساری ہندو سیٹیں کانگریس کو دینے پر راضی تھے لیکن ان کا دعویٰ تھا کہ مسلم لیگ مسلمانوں کی واحد نمائندہ جماعت ہے اور ساری مسلم سیٹیں مسلم لیگ کو ملنی چاہئیں۔

گاندھی جی نے دلیل دیتے ہوئے کہہ دیا کہ مولانا ابوالکلام آزاد خود مسٹر جناح سے زیادہ بہتر مسلمان ہیں اور مسلمانوں کی زیادہ بہتر نمائندگی کر سکتے ہیں، اس پر مسٹر جناح نے کہا کہ یہ تو آپ کا ''شو بوائے'' ہے، یہ مسلمانوں کا نمائندہ کیوں کر ہو سکتا ہے؟ جناح کو اپنی طاقت کا پورا پورا احساس ہو چکا تھا۔ انہوں نے ۳۷ء سے ایسا سبق سیکھ لیا تھا کہ کانگریس انہیں دوبارہ نہیں پھانس سکتی تھی۔

گاندھی جی اس سطح پر اتر آئے کہ کم از کم ایک مسلم سیٹ کانگریس کو مل جائے لیکن جناح اس پر بھی راضی نہیں ہوئے۔ بات چیت ختم ہو گئی اور وائسرائے کی وہی ایگزیکیٹو کونسل برقرار رہ گئی جس میں ڈاکٹر امبیڈکر وزیر محنت تھے۔

انگریز کی واپسی کا عمل

۱۵/اگست ۴۵ء کو امریکہ نے ہیروشیما پر اور ۱۶/اگست کو ناگاساکی پر ایٹم

بم گر یا اور ۱۰ اراگست ۴۵ء کو جاپان کے ہتھیار ڈالنے کے ساتھ جنگ ختم ہوگئی۔ برطانیہ میں ونسٹن چرچل وزیر اعظم تھے۔ جنگ کے خاتمے کے بعد برطانیہ میں عام انتخابات ہوئے۔ لیبر پارٹی کے لیڈر لارڈ ایٹلی نے پارٹی کے الیکشن مینی فیسٹو میں اعلان کیا کہ اگر لیبر پارٹی اقتدار میں آئی تو برطانیہ کے مقبوضہ سارے ممالک اور علاقوں کو آزاد کر دیا جائے گا۔ کنزرویٹو پارٹی نے اس کی شدید مخالفت کی۔ اسی ایک مدعے پر وہاں چناؤ لڑے گئے۔

چناؤ میں لیبر پارٹی جیت گئی، اپنی جیت کے ساتھ ہی لارڈ ایٹلی نے اعلان کر دیا کہ برطانیہ کے مقبوضہ سارے ممالک اور علاقوں کو چھوڑ کر برطانیہ واپس آ رہا ہے۔ ان ممالک کے لوگ اپنا انتظام اپنی پسند کے مطابق کر لیں۔

آزادی کی کل اتنی ہی کہانی ہے، یہ اس صدی کا سب سے بڑا جھوٹ ہے کہ یہاں کسی سیاسی پارٹی نے آزادی کی کوئی لڑائی لڑی یا بھارت کو کسی لیڈر یا پارٹی نے آزاد کرایا۔ اس جھوٹ کی پچاس برسوں میں اتنے بڑے پیمانے پر تشہیر کی گئی ہے کہ اسے تقریباً سچ مان لیا گیا ہے کہ بھارت کو کانگریس نے آزاد کرایا۔ سچ یہ ہے کہ برطانوی عوام نے اپنی حکومت کو حکم دیا کہ دنیا کے سارے مقبوضہ علاقوں کو چھوڑ کر برطانیہ واپس آجاؤ۔ سوال یہ ہے کہ کیا برطانیہ نے صرف بھارت کو ہی آزاد کیا۔ اس نے تو ان علاقوں کو بھی چھوڑ دیا جہاں کے عوام آزادی کے لفظ سے بھی نا آشنا تھے۔ اس نے تو خلیج کی ان ریاستوں کو بھی چھوڑ دیا جہاں تیل کی شکل میں دولت کے چشمے ابل رہے تھے اور ایک آدمی بھی یہ کہنے والا نہیں تھا کہ تم یہاں سے چلے جاؤ۔

بہرحال لیبر پارٹی کی غیر متوقع جیت اور برطانیہ کے اعلان کے بعد کانگریس نے کہا کہ اگر برطانیہ جانا ہی چاہتا ہے تو چلا جائے اور ملک کا اقتدار

سب سے بڑی پارٹی کانگریس کو سونپ دے۔ انگریز نے کہا کہ اگر ہم نے ایسا کیا تو یہاں سول وار ہوگا اور دنیا اس کی ذمہ داری ہمارے اوپر ڈالے گی۔

گاندھی جی نے کہا کہ کانگریس کو اقتدار سونپنے سے سول وار نہیں ہوگا اور اگر ہوا بھی تو پندرہ دن سے زیادہ نہیں چلے گا۔ یہ تھا کانگریس کے ستیہ اور اہنسا کا حقیقی چہرہ جو کبھی کبھی ہوا کے غیر متوقع جھونکوں سے کھل جایا کرتا تھا۔

برطانیہ نے کہا کہ ہم یہاں فوری طور پر چناؤ کرا کے اقتدار چنے ہوئے نمائندوں کے حوالے کر کے جائیں گے۔ اس نے بلا تاخیر چناؤ کا اعلان کیا اور ۱۹۴۶ء کے اوائل ہی میں چناؤ کرا بھی دیئے۔ جس میں کانگریس نے مرکزی اسمبلی کی سبھی پچپن ہندو سیٹیں اور مسلم لیگ نے سبھی تیس مسلم سیٹیں جیت لیں۔ چناؤ نے یہ ثابت کر دیا کہ کانگریس کی جیبی مسلم تنظیموں کی مسلمانوں کی نظر میں کوئی اوقات نہیں اور صرف مسلم لیگ ہی مسلمانوں کی واحد نمائندہ جماعت ہے۔ اسی طرح ہندوؤں نے بھی ثابت کر دیا کہ ہندو مہا سبھا اور آر ایس ایس وغیرہ کے مقابلے کانگریس ہی واحد ہندو تنظیم ہے۔

چناؤ کے ذریعہ پنجاب، بنگال اور سندھ میں مسلم لیگ کی اور باقی صوبوں میں کانگریس کی حکومتیں بن گئیں۔ پچاس فی صدی مسلم آبادی والے آسام اور پچانوے فیصدی مسلم آبادی والے صوبہ سرحد میں بھی کانگریس ہی کی حکومت بنی۔ اس الیکشن نے مسلم لیگ کی صوبوں کی اکثریت کی بنیاد پر ملک کی تقسیم کا مطالبہ مضبوط کر دیا۔

تقسیم کی ذمہ داری....انصاف کی ترازو پر

ہمیں اختیار ہے کہ ہم اپنی نااہلیوں اور فرقہ پرستوں کا سارا الزام قیامت

تک انگریز پر لگاتے چلے جائیں، لیکن اس حقیقت سے کوئی ایماندار آدمی انکار کر ہی نہیں سکتا کہ جب تک انگریز نے چاہا دنیا کے بڑے حصے پر راج کیا اور جب خود چاہا بنا مانگے پورے خلوص کے ساتھ دنیا کے اپنے مقبوضہ مما لک کو آزاد کر دیا۔ بٹوارے کی بھی انگریز قوم یا حکومت کی کوئی ذمہ داری نہیں۔ ذاتی طور پر ماؤنٹ بٹین کو اس کا ذمہ دار ضرور ٹھہرایا جا سکتا ہے لیکن ماؤنٹ بیٹن آج بھی کانگریس کا ہیرو اور مسلم لیگ کے ولن کی حیثیت سے شہرت رکھتا ہے۔

الیکشن کے بعد مسلم لیگ کی بٹوارے کی مانگ مضبوط ہوگئی، کیوں کہ وہ ایک قوم کی واحد نمائندہ جماعت ثابت ہوگئی تھی۔ انگریز نے بٹوارہ ٹالنے کے لئے اپنی کیبنٹ کا ایک مشن بھارت بھیجا۔

کیبنٹ مشن نے کانگریس اور مسلم لیگ کے لیڈروں سے طویل گفتگو کے بعد ایک فارمولہ پیش کیا جسے کیبنٹ مشن پلان کہا جاتا ہے۔ اس پلان میں ہندو، مسلمان، سکھ، عیسائی سب کی ان کی آبادی کے تناسب سے قومی اقتدار اور دولت کی تقسیم میں نمائندگی کی ضمانت تھی اور اس کے بدلے میں مسلم لیگ کو بٹوارے کی مانگ واپس لینی تھی۔ سچ تو یہ ہے کہ مسٹر جناح بٹوارہ نہیں چاہتے تھے، لیکن وہ اس کی مانگ کر کے اس کے دباؤ کے ذریعہ جمہوری نظام میں اقلیت کو اکثریت کے دست برد سے محفوظ رکھنے کی گارنٹی چاہتے تھے۔ انہیں کانگریس کی برہمنی ذہنیت پر اعتماد نہیں تھا۔

جیسے ہی کیبنٹ مشن پلان سے ایسی ضمانت ملی انہوں نے اسے تسلیم کر لیا۔ بہ الفاظ دیگر انہوں نے بٹوارے کی مانگ واپس لے لی۔ اس پلان کو کانگریس نے بھی مان لیا جس سے تقسیم ملک کا سوال ہی ختم ہو گیا۔

اب پہلے راجیہ سبھا کی تشکیل، پھر حکومت بنانے کا مرحلہ آیا۔ راجیہ سبھا کے

چناؤ میں ہندو مسلمان کا سوال نہیں تھا کیوں کہ راجیہ سبھا کو ممبران اسمبلی چنتے تھے۔ اب مسلم لیگ کو پورے ملک میں سیاست کرنی تھی، اسے بھی سیاسی دوست بنانے کا اسی طرح حق تھا، جس طرح کانگریس نے جمعیۃ العلماء، مومن کانفرنس، احرار- خاکسار و اکالی دل وغیرہ بنوا کر انہیں اپنی جیب میں رکھ چھوڑا تھا۔ لہٰذا مسلم لیگ نے بنگال اسمبلی سے ڈاکٹر امبیڈکر کو چن کر راجیہ سبھا میں بھیج دیا۔

مسلم لیگ کی مدد سے ڈاکٹر امبیڈکر کے راجیہ سبھا میں پہنچتے ہی ''انڈین نیشنل کانگریس'' کی صفوں میں قیامت مچ گئی۔ اسے متحدہ ہندوستان میں برہمن ازم کا مستقبل تاریخ نظر آنے لگا۔ جواہر لال نہرو بہت زیادہ مشتعل ہو گئے۔ کانگریس نے مسلم لیگ پر ہندوؤں میں پھوٹ ڈلوانے کا الزام لگایا۔ وہ بھول گئی کہ وہ اپنے زرخیز ملاؤں اور مفاد پرست مسلمانوں کے ذریعہ ہمیشہ ہی مسلمانوں میں پھوٹ ڈالنے میں سرگرم رہی ہے، یہاں تک کہ اسی نے سرسید احمد خاں، علامہ اقبال اور مسٹر جناح پر اپنے ملاؤں سے کفر کے فتے دلوا کر ان کی تشہیر کی تھی۔

مرکزی کابینہ کی تشکیل کے لئے کانگریس کو گیارہ ہندو اور مسلم لیگ کو سات مسلم وزیر دینے تھے۔ مسلم لیگ نے صرف چھ مسلم وزیر دے کر ایک مسلم سیٹ اچھوت لیڈر جوگیندر ناتھ منڈل کو دے دی۔ اس سے نہرو جی کو پورا بھارت ہی پاکستان بنتا نظر آنے لگا۔

یہ بات تو سو فیصد صحیح تھی کہ کینٹ مشن پلان نے بھارت کی تقسیم کا سوال ختم کر دیا تھا، لیکن اس کے عملی نتائج نے کانگریس کے برہمن وادی عزائم کے سامنے ایک واضح سوالیہ نشان بھی لگا دیا تھا، چوں کہ کانگریس تقسیم کی مخالفت کرتی تھی، اس وجہ سے اس کے سامنے اس پلان کو مان لینے کے سوا کوئی چارہ نہ تھا، لیکن یہ ایک حقیقت ہے کانگریس کی پوری تاریخ میں زبان اور دل کے درمیان کبھی رشتہ

رہا ہی نہیں ہے۔

مرکزی اور صوبائی حکومتوں نے اقتدار سنبھال لیا تھا، کانگریس اور مسلم لیگ دونوں چاہتے تھے کہ انگریز ۴۸ء میں واپس جائے لیکن انگریز نے کہا کہ ہمارا کام اور ذمہ داری پوری ہوگئی۔ اس نے یک طرفہ طور پر ۱۵؍اگست ۴۷ء کو اپنی باضابطہ واپسی کی تاریخ مقرر کردی اور انتقال اختیارات کے لئے لارڈ لوی ماؤنٹ بیٹن آف برما کو بھارت کا آخری وائسرائے بنا کر بھیج دیا۔

لیکن اب جواہر لال نہرو ملک کو تقسیم کردینے پر تل چکے تھے، انہیں خطرہ تھا کہ متحدہ بھارت میں نہ تو وہ برہمنی نظام قائم کر سکتے ہیں، نہ ہی اپنی خاندانی بادشاہت۔ پہلے انہوں نے کیبنٹ مشن پلان کی من مانی تشریح شروع کی۔ بمبئی کی پریس کانفرنس میں انہوں نے کہہ دیا کہ کیبنٹ مشن پلان کوئی خدائی دستاویز نہیں ہے، جسے بدلا نہ جاسکے۔ جمہوریت میں اکثریت کو ہمیشہ یہ حق رہتا ہے کہ وہ جس دستاویز یا معاہدے کو جب چاہے بدل دے۔

اس قسم کے بیانات سے ان کا مقصد یہ تھا کہ مسٹر جناح مشتعل ہو کر بٹوارے کی مانگ کو دہرادیں اور کانگریس اسے فوراً مان لے، لیکن مسٹر جناح نے ایسا کوئی موقع نہیں دیا اور جب نہرو جی نے دیکھا کہ وقت ہاتھ سے نکلا جارہا ہے اور ۱۵؍اگست قریب آتی جارہی ہے تو انہوں نے اپنے ترکش کا سب سے مضبوط تیر نکالا اور پنجاب و بنگال کے صوبوں کی تقسیم کا مطالبہ کردیا۔

سیکولر نہرو کی دلیل تھی کہ پوربی پنجاب کی ہندو اور سکھوں کی مشترکہ اکثریت پنجاب کی مسلم لیگی حکومت کے تحت نہیں رہنا چاہتی تھی، اسی طرح مغربی بنگال کے جن اضلاع میں ہندوؤں کی اکثریت ہے، وہ ضلع بھی بنگال کی مسلم لیگی حکومت کے تحت نہیں رہنا چاہئے۔

مسلم لیگ کی دلیل تھی کہ یوپی بہار اور مدراس کے کچھ ضلعوں میں مسلمانوں کی اکثریت ہے، آسام کی نصف کے قریب آبادی مسلمان ہے، لیکن اس کی بنیاد پر جب ہم ان صوبوں کی تقسیم کا مطالبہ نہیں کرتے تو پنجاب اور بنگال کی تقسیم بھی نہیں ہوسکتی۔ یہ وہی کانگریس تھی جس نے ۱۹۰۵ء میں بنگال کی تقسیم کے خلاف آسمان سر پر اٹھالیا تھا اور تقسیم کو منسوخ کرادیا تھا۔

دراصل پنجاب اور بنگال کی تقسیم کے مطالبے کی آڑ میں نہرو جی ملک کی تقسیم کے درپے تھے، وہ الٹے سیدھے بیانات اور پنجاب و بنگال کی تقسیم کو اس لئے وقار کا سوال بنا رہے تھے کہ تاکہ مسٹر جناح مشتعل ہوکر ملک کی تقسیم کے مطالبے کو دہرادیں اور کانگریس اس کو فوراً مان لے۔

وہ کانگریس سے تقسیم ملک کا براہِ راست مطالبہ اس لئے نہیں کرواسکتے تھے کہ گاندھی جی اور سردار پٹیل کو اس کام پر راضی کرنا مشکل تھا اور ان کی رضامندی کے بغیر وہ کانگریس سے تقسیم ملک کی قرارداد منظور نہیں کرا سکتے تھے۔ بہر حال مسلم لیگ نے اپنی طرف سے انہیں ملک کو تقسیم کروانے کا کوئی موقع نہیں دیا، لیکن اس وقت تین وجہیں ہوئیں جس کی وجہ سے انہیں یہ موقع مل گیا کہ وہ براہِ راست کانگریس کے ذریعہ ملک کے ٹکڑے کردیں۔

انہیں پہلا موقع یہ ملا کہ ان کے پرانے دوست لارڈ ماؤنٹ بیٹن بھارت کے وائسرائے بن کر آگئے۔ لیڈی ماؤنٹ بیٹن سے نہرو جی کے تعلقات بہت ہی حساس نوعیت کے تھے اور ماؤنٹ بیٹن اپنی جورو کا غلام تھا۔

انہیں دوسرا موقع یہ ملا کہ گاندھی جی نے دور دراز نواکھالی میں فساد روکنے کے نام پر مستقل ڈیرہ ڈال دیا۔ یہ بھی ایک راز ہے کہ بہار اور کلکتہ میں نواکھالی سے ہزاروں گنا زیادہ افراد مر رہے تھے، لیکن گاندھی جی نے ڈیرہ ڈالنے کے

لئے نوا کھالی ہی کو کیوں چنا، شاید اس کی وجہ یہ رہی ہو۔ بہار اور کلکتہ میں صرف ''ہتیا ئیں''، ہو رہی تھیں اور نوا کھالی میں برہم ہتیا ئیں ہو رہی تھیں۔

انہیں تیسرا موقع وزیر مالیات لیاقت علی خان کے بجٹ نے فراہم کر دیا۔ اس پہلے بجٹ میں سرمایہ داری کی کمر توڑ دی گئی تھی اور گھریلو صنعتوں کو بڑھاوا دیا گیا تھا۔ یہ بجٹ مسلم لیگ کی نہیں بلکہ کانگریس ہی کی اعلان کردہ پالیسیوں کا آئینہ تھا لیکن کانگریس تو ہمیشہ ہی جو کہتی رہی ہے اس کا عمل ہمیشہ اس کے برعکس رہا ہے۔ کانگریس نے الزام لگایا کہ لیاقت علی خان ہندو سرمایہ داروں کو بھکاری بنانے پر تل گئے ہیں، اسی بجٹ میں وزیر خزانہ نے وزارت داخلہ کی بجٹ مانگوں میں کٹوتی کر دی تھی جس سے سردار پٹیل بہت زیادہ مشتعل ہو گئے۔

اب نہرو جی نے سردار پٹیل کو سمجھایا کہ یہ ساجھا چلنے والا نہیں ہے، آج تو تمہاری بجٹ مانگوں میں کٹوتی ہوئی کل لیاقت علی کی مرضی کے خلاف تم اپنے دفتر کے لئے چند چپراسی بھی بھرتی نہیں کر سکتے۔

سردار پٹیل کے راضی ہوتے ہی صدر کانگریس جواہر لال نہرو نے کانگریس ورکنگ کمیٹی کی ارجنٹ میٹنگ بلائی اور یہ تجویز رکھی کہ مغرب اور مشرق میں جہاں سے مسلمانوں کی بھاری اکثریت کا علاقہ شروع ہوتا ہے، وہیں سے مسلم اکثریت کے علاقوں کو باقی ملک سے کاٹ کر الگ کر دیا جائے، ورکنگ کمیٹی کے اکیس میں سے بیس ممبران موجود تھے، اس میں صرف مولانا ابوالکلام آزاد، خان عبدالغفار خان اور اچاریہ جے بی پلانی نے مخالفت کی۔ اچاریہ جی کو بھی کوئی اصولی اختلاف نہ تھا۔ انہیں صرف یہ فکر تھی کہ سندھ کے پانچ لاکھ ہندوؤں کا کیا ہوگا۔

لیکن جب کانگریس لیڈروں نے انہیں اعلانیہ سمجھایا کہ تم پانچ لاکھ ہندوؤں کی فکر کیوں کرتے ہو، اس کے بدلے پانچ کروڑ مسلمان پھر بھی ہماری

جیب میں رہیں گے، تب اچاریہ جی نے بھی اپنی مخالفت واپس لے لی۔اس طرح صرف ابوالکلام آزاد اور خان عبدالغفار خاں کے اختلافی نوٹ کے ساتھ تجویز پاس ہوگئی۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ مسلم اکثریت کے علاقوں کو باقی ملک سے کاٹ کر الگ کرنے کی اس کارروائی ہیں مسٹر جناح اور مسلم لیگ تو کیا کانگریسی مسلمان کی بھی رتی بھر حصہ داری نہیں، لیکن اس ستم ظریفی کو کیا کہا جائے کہ آج تک اس کی ذمہ داری مسلمانوں پر ہی ڈالی جارہی ہے۔

لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو یہ تجویز فوراً مان لینے پر پہلے ہی راضی کیا جاچکا تھا۔مسٹر جناح پر یہ خبر بجلی بن کر گری۔ وہ رات بھر بے چینی کے ساتھ اپنے کمرے میں ٹہلتے رہے۔ انہیں معلوم تھا کہ ماؤنٹ بیٹن وہی کرے گا، جو نہرو جی کی مرضی ہے، اب اس کی مخالفت کر کے وہ کہیں کے نہیں رہیں گے۔ لہٰذا وہ ''بابائے پاکستان'' بن جانے سے اپنے کو روک نہیں سکے۔

سب سے مضحکہ خیز ستم ظریفی یہ ہے کہ آج بھی عام مسلمان ۱۸۶۲ء اور ۱۹۱۲ء کے درمیان علماء کی جدوجہد اور تحریک خلافت پر فخر کرتا ہے جب کہ یہی دو غلطیاں مسلمانوں کے زوال اور برہمن بنیا عروج کا بنیادی سبب بنیں۔ نیز کچھ قلم فروش دانشور ۴۶ء-۴۷ء کے واقعات کو مسلمانوں کی غلطی سے تعبیر کرتے ہیں حالاں کہ ۴۶ء-۴۷ء میں مسلمانوں نے کوئی اجتماعی غلطی نہیں کی، چوں کہ وہ اپنی جنگ بہت پہلے ہار چکے تھے، پھر بھی انہوں نے صرف پانچ چھ سال کی قلیل مدت میں نہ صرف منافقوں کی پہچان کر لی بلکہ اس حساس دور میں انہوں نے عقل مندی سخت جانی اور تیز رفتار اجتماعیت کا ثبوت دے کر اپنے آپ کو فنا کے گھاٹ اتر جانے سے جس حد تک ممکن تھا اس حد تک بچالیا۔

گاندھی جی عبرت ناک انجام

گاندھی جی کو نواکھالی میں یہ خبر لگ گئی تھی کہ جواہر لال نہرو ملک کی تقسیم پر تل چکے ہیں۔ وہ نواکھالی سے یہ بیان دے کر چلے کہ میری لاش پر ہی ملک کی تقسیم ہوسکتی ہے۔لیکن برہمن ازم کے مفاد میں جواہر لال نہرو کی کانگریس صرف ملک کا ہی نہیں گاندھی جی کا بھی کھیل ختم کر چکی تھی۔

برہمن ازم کو گاندھی جی سے جو کام لینا تھا وہ پورا ہو چکا تھا، پہلے کانگریس درہ خیبر سے چاٹگام تک منووادی رام راجیہ کا جھنڈا لہرانے کا خواب دیکھ رہی تھی، لیکن جب مسلمانوں کی حیرت انگیز بیداری نے اس کا یہ خواب پورا نہیں ہونے دیا تو اس نے ''گئو روپی'' بھارت ماتا کے اپنے ہاتھ سے ٹکڑے کئے تا کہ اس کے جتنے حصے پر برہمن وادی نظام قائم کرنا ممکن ہو اتنے پر ہی کر لیا جائے۔

اب کانگریس گاندھی تو کیا کسی بھگوان کو بھی اپنے عزائم کی راہ میں مزاحمت کی اجازت نہیں دے سکتی تھی۔اب کانگریس کو گاندھی کی کوئی ضرورت تھی نہ ہی ان کی آدرش وادی باتوں کی۔ دہلی پہنچتے ہی انہیں خوبصورتی کے ساتھ یہ بات باور کرادی گئی ہے۔رہے گاندھی جی تو وہ خود سمجھ دار آدمی تھے۔

اب انہیں کنارے پر ڈال کر پوری طرح نظر انداز کر دیا گیا۔ چند چیلوں کے علاوہ انہیں کوئی پوچھنے والا نہیں رہا۔انہوں نے کانگریس کو توڑ دینے کا مشورہ دیا، اخباروں کے ذریعہ وہ برابر مشورہ دیتے رہے، لیکن کانگریسی حکومت نے سب کو سمجھا دیا کہ ان کی عزت تو کی جائے گی لیکن ان کی کوئی بات مانی نہ جائے، نہ کسی بات کا جواب دیا جائے۔

کچھ دن پہلے ہی ایک سو پندرہ سال تک جینے کی تمنا کرنے والے گاندھی جی

اب اپنی موت کی تمنا کرنے لگے، لیکن کانگریس نے انہیں عزت کی موت کا بھی موقع نہیں دیا۔

ان پر کئی حملے ہوئے، یہاں تک کہ مدن لال کھورانہ نے بھری پرارتھنا سبھا میں ان پر بم پھینکا، وہ بال بال بچے لیکن پھر بھی ان کی حفاظت کا کوئی انتظام نہیں کیا گیا بلکہ چیخ چیخ کر مرجانے کے لئے چھوڑ دیا گیا، حالات کا تجزیہ یہی بتاتا ہے کہ شاید کانگریس کی مرکزی حکومت نے گاندھی جی کو راستے سے ہٹانے کے لئے اسی طرح آر ایس ایس کی مرکزی حکومت نے گاندھی جی کو راستے سے ہٹانے کے لئے اسی طرح آر ایس ایس کو استعمال کیا ہو جس طرح اس نے ۶ر دسمبر کو بابری مسجد گروانے کے لئے آر ایس ایس کو استعمال کیا۔

بالآخر ۳۰ر جنوری ۴۸ء کو ایک برہمن ناتھورام گوڈ سے نے بھری سبھا میں طمنچہ کی تین گولیوں سے ان کا کام تمام کر دیا۔ گاندھی جی کے اس وحشیانہ اور مظلومانہ قتل پر ملک میں کوئی ہلچل نہیں مچی، نہ ہی کسی کی نکسیر پھوٹی، نہ ہی ان کے کچھ غیر سیاسی چیلوں کے علاوہ کوئی آنکھ نم ہوئی، البتہ انہیں راستے سے ہٹوانے کے بعد کہہ دیا گیا کہ وہ تو قوم کے باپو تھے، راشٹر پتا تھے۔

البتہ بہت دور کراچی میں بیٹھے ان کے خاص سیاسی حریف مسٹر جناح ان کے لئے پھوٹ پھوٹ کر روئے، آخر انہیں بھی تو پاکستان کا بابائے قوم بننا تھا۔ بابائے بھارت کے لئے بابائے پاکستان نے آنسو بہائے۔ کیا گاندھی جی کا اتنا ماتم ان کی حیثیت سے زیادہ نہیں تھا؟

انسانیت کے خلاف سازشوں کے جال

مسلم لیگ نے تقسیم کا مطالبہ کیا تھا اس کی رو سے بنگال و آسام ایک طرف

اور پنجاب، سندھ اور سرحد کے صوبوں کو پاکستان بننا تھا ملک میں مسلمانوں کا تناسب آبادی ایک تہائی سے کچھ ہی کم تھا۔ اس طرح اگر مسلم لیگ تقسیم کراتی تب بھی مسلمانوں کو ان کی آبادی کے تناسب سے کافی کم علاقہ پاکستان کو ملتا۔ اس سے بھی پاکستان کے ہندوؤں اور بھارت کے مسلمانوں کے حقوق کسی طرح متاثر نہیں ہو سکتے تھے کیوں کہ تقسیم صوبوں کی بنیاد پر ہوتی اس سے صوبوں میں رہنے والے سارے لوگوں کے حقوق برابر ہوتے۔

اگر مسلم لیگ کے مطالبے پر تقسیم ہوتی تو اس کے مشرقی بازو میں مسلمانوں کا تناسب پچپن فیصد اور مغربی بازو میں باسٹھ فیصد رہتا ہے، جس سے وہاں کی ہندو اقلیت اپنے مسائل کے حل کی طاقت رکھتی۔

لیکن تقسیم کانگریس نے کروائی، یہ تقسیم تھی ہی نہیں کیوں کہ اس میں اسی فیصد یا اس سے زیادہ مسلم اکثریت رکھنے والے علاقوں کو باقی ملک سے کاٹ کر الگ کیا گیا۔ پاکستان کو جو علاقہ ملا، وہ مسلمانوں کی بھارت میں کل آبادی کے تناسب کے آدھے سے بھی کم تھا۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ جو مسلمان بھارت میں رہے وہ اپنے حصے سے کہیں زیادہ زمین پاکستان سے لے کر بھارت میں رہے۔

کسی بھی دلیل یا منطق کے تحت یہ ثابت نہیں کیا جا سکتا کہ مسلمانوں نے اپنا حصہ پاکستان کی شکل میں لے لیا یا کانگریس کی اس کارروائی سے بھارت میں مسلمانوں یا پاکستان میں ہندوؤں کے حقوق کسی طرح بھی متاثر ہو سکتے تھے۔ یہ تو جب ہو سکتا تھا کہ متحدہ بھارت میں مسلمانوں کے کل تناسب آبادی کے برابر زمین کی تقسیم ہوتی تب تو تبادلہ آبادی بھی جائز ہی نہیں ضروری ہو جاتا۔

لیکن کانگریس نے اتنے پر ہی بس نہیں کیا، آسام میں کانگریس کی حکومت تھی آسام کو تقسیم کرنے کا کوئی مطالبہ بھی نہیں تھا، لیکن چوں کہ خطرہ تھا کہ آنے

والے دنوں میں قبائلی، عیسائی مسلمانوں سے مل کر بڑی اکثریت بن سکتے ہیں۔ اس لئے آسام کی گھنی آبادی اور بھاری مسلم اکثریت کے سلہٹ علاقے کو زبردستی آسام سے کاٹ کر پاکستان کو دے دیا گیا۔

جنوبی بہار کے مسلم اکثریتی علاقوں کو پہلے ہی اقلیت میں تبدیل کیا جا چکا تھا۔ مغربی یوپی میں مسلم اکثریتی ضلعوں میں مسلم آبادی کا لوڈ کم کرنا ضروری تھا، اس لئے وہاں فسادات کروا کر ایک تعداد کو بھگا دیا گیا۔

پورے بھارت میں جہاں مسلمانوں کی تعداد پندرہ بیس فیصدی یا اس سے کم تھی وہاں فساد نہیں ہونے دیئے گئے، اگر کچھ ہوا بھی تو پوری ایمانداری کے ساتھ ان کا تدارک کیا گیا کیوں کہ کانگریس ہندو سماج کے اتحاد کے لئے مسلمانوں کا رہنا ضروری سمجھتی تھی۔ وہ صرف ان علاقوں سے خوف زدہ تھی جہاں کا تناسب چالیس فی صدی یا زیادہ تھا۔

مشرقی پنجاب کے جو ضلع بھارت نے حاصل کئے (جو پنجاب، ہریانہ اور ہماچل) ان میں بھی مسلمانوں کا تناسب آبادی چالیس فیصدی تھا۔ باقی ساٹھ فیصدی میں ہندو اور سکھ دونوں تھے، وہاں خطرہ تھا کہ جب بھی ہندوؤں اور سکھوں میں اختلاف ہوگا مشرقی پنجاب پر دوبارہ مسلمانوں کا غلبہ ہو جائے گا۔

اس خطرہ عظیم کو ٹالنے کے لئے کانگریس نے سکھوں کو باور کرایا کہ پنجاب کے یہ ضلع ہم نے تمہارے لئے پاکستان سے چھینے ہیں، اب انہیں خالصتان بنانا تمہارا کام ہے۔ ان علاقوں میں ہندوؤں کی کوئی طاقت نہیں تھی اور مسلمان پھر بھی سکھوں سے کمزور نہیں تھے۔ انہوں نے مقابلہ کیا، جب سکھ انہیں نکالنے میں ناکام ہوئے تو کانگریس نے پولیس اور کہیں کہیں فوج تک کو لگا کر مسلمانوں کو قبرستان یا پاکستان بھیجا، اس طرح پنجاب اور ہریانہ سے مسلمانوں کا بالکل ہی

صفایا کر دیا گیا۔ صرف مالیر کوٹلہ کو اس لئے چھوڑ نا پڑا کہ وہاں کے نواب نے مغلوں کے دور میں کسی سکھ گرو کی جان بچائی تھی۔ ہریانہ میں میوات علاقے کو صرف اس لئے چھوڑ دیا گیا کہ دہلی کے قریب ابوالکلام آزاد کے لئے ایک مسلم اکثریتی حلقہ انتخاب کی ضرورت تھی۔

دہلی میں مسلمانوں کی آبادی چالیس فیصدی تھی، راجدھانی میں چالیس فیصدی کا تناسب کانگریس کی نظر میں خطرناک تھا، لہٰذا دہلی کے مسلمانوں کو بھی پاکستان یا قبرستان بھیج دیا گیا۔ جب صرف جامع مسجد کے ارد گرد چند ہزار مسلمان رہ گئے تب اندرا گاندھی کو بھیجا گیا کہ وہ اپنے ایک لڑکے کو گود میں اور دوسرے کو پیٹ میں لئے مسلمانوں کے گھروں پر پہرہ دے اور اس کی انسانیت نوازی کی خبریں اور تصویریں اخبارات میں چھپائی جانے لگیں۔

سب کچھ ختم ہونے کے بعد ابوالکلام آزاد کو جامع مسجد بھیجا گیا کہ وہ مسلمانوں کو سمجھائیں کہ تم اپنی مسجدیں چھوڑ کر کہیں مت جاؤ۔

کہا جاتا ہے کہ مسلم بادشاہ بہت ظالم اور ہندو دشمن تھے، انہیں تلوار کے بل پر ہندوؤں کو مسلمان بنانے میں مزا آتا تھا لیکن یہ بات سوچنے کی ہے کہ وہ ظالم بادشاہ ساڑھے چھ سو برس میں اپنی راجدھانی کے شہر میں مسلمانوں کی اکثریت بنانے میں ناکام رہے لیکن جب سیکولرازم کا الغوزہ بجانے والے نہرو اقتدار کے گھوڑے پر سوار ہوئے تو انہوں نے دہلی سے لاکھوں مسلمانوں کا صفایا کرنے میں ساڑھے چھ دن سے زیادہ کا وقت نہیں لگایا۔

مسلم ماس کانٹیکٹ اسکیم کا تتمہ

پنجاب اور دلی سے مسلمانوں کے صفائے کی کانگریسی مہم بہت تیز رفتاری

کے ساتھ مکمل ہوگئی۔ ان واقعات کا دوسرے علاقوں میں بھی اثر ہونا لازمی تھا، لیکن مذکورہ علاقوں کے سوا جب سب کچھ حکومت کے منصوبے کے تحت ہوا باقی علاقوں میں فسادات اور مسلمانوں کے انخلا کو روکنے کی ایماندارانہ کوششیں بھی ہوئیں کیوں کہ اقلیتی علاقوں میں مسلمانوں کی موجودگی برہمنی نظام کے قیام کے لئے اور اس کے استحکام کے لئے ضروری تھی۔

انگریز کی واپسی کے بعد کانگریسی حکومت کی یہ پہلی ضرورت تھی کہ ہر شہری کے دماغ میں یہ بات بٹھا دی جائے کہ مسلمانوں نے ملک کا بٹوارہ کرایا۔ ان کا حصہ انہیں پاکستان کی شکل میں مل گیا۔ یہ کانگریس کی ضرورت اس لئے بھی تھی کہ کہیں عوام حقیقت سے آگاہ ہوکر بٹوارے کی ذمہ داری کا صحیح تعین نہ کردیں۔

اس مقصد کی تکمیل کے لئے پروپیگنڈے کی ساری مشینوں کو اس کام پر لگا دیا گیا۔ کورس کی کتابوں کے ذریعہ ایک ایک بچے کے دماغ میں یہ جھوٹ ٹیپ کی طرح بھرا جانے لگا کہ کانگریس اور گاندھی جی نے انگریز کو بھگایا۔ مسلم لیگ اور مسلمانوں نے انگریزوں کی دلالی کی اور انگریزوں کی سازش کا شکار بن کر ملک کو تقسیم کرالیا۔

مسلم لیگ اس جھوٹ کا پردہ فاش کرسکتی تھی لیکن مسلم لیگ اور کانگریس کا خمیر بھی ایک تھا اور بھارت اور پاکستان میں دونوں کی ضرورت بھی ایک تھی۔ اسے بھی تو ایک ایک پاکستانی کو یہ پڑھانا تھا کہ مسلم لیگ نے لڑ کر پاکستان کو حاصل کیا، وہ یہ سچ بتا کر کیسے زندہ رہتی کہ پاکستان کے خالق جناح نہیں بلکہ نہرو ہیں۔

رہے بھارت کے مسلم لیگی تو انہوں نے بھارت میں مسلمانوں کو آگ اور خون کے دریاؤں میں گھرتا دیکھ ان کی قیادت کا بوجھ چوراہوں پر اتار پھینکا اور راتوں رات پاکستان بھاگ گئے۔ بچے کھچے مسلم لیگی بھی کانگریس کے لئے

خطرناک ہو سکتے تھے کیوں کہ وہ ساری سازشوں اور جھوٹ کا بھانڈا تو پھوڑ سکتے تھے، اس لئے اچانک نہرو جی ان پر اتنے مہربان ہو گئے کہ انہیں کانگریس میں لے کر ان پر عہدوں کی بارش کر دی گئی۔ یہ کانگریس میں جانے والے مسلم لیگی پرانے کانگریسی مسلمانوں سے کہیں زیادہ خطرناک اور مسلمانوں کے لئے زہریلے ثابت ہوئے۔ اس طرح ملک میں کوئی لیڈر یا اخبار نویس ایسا نہیں رہ گیا جو عوام کو آزادی اور تقسیم کی حقیقت بتاتا رہے، برہمن اور بنیوں کے اخبارات اور ان کی لیڈرشپ تو وہ اپنا بھانڈہ خود کیوں پھوڑتے؟

کانگریس نے اپنی جیبی مسلم تنظیموں کو حکم دے کر ان کا سیاسی کردار ختم کر دیا۔ سماجی طور پر انہیں باقی رہنے کی اجازت دیدی گئی جب گنتی کے کچھ مسلم لیگی، ایسے باقی رہ گئے جو نہ تو پاکستان گئے نہ کانگریس میں تو انہیں بھی ٹھکانے لگانے اور مسلمانوں کا گلا مکمل طور پر گھونٹ دینے کے لئے پھر ابوالکلام آزاد کو استعمال کیا گیا۔

انہوں نے ۱۹۴۸ء میں ایک مسلم کنونشن لکھنؤ میں بلایا اور مسلمانوں کی اجتماعی سیاست سے اجتماعی توبہ کرادی گئی۔ اس طرح گاندھی جی کی مسلم ماس کانٹیکٹ اسکیم کا تتمہ اس ہاتھ سے لکھوایا گیا جس کی انگلیوں میں اس وقت تک کلام اللہ کی تفسیر لکھنے کی روشنائی لگی ہوئی تھی، صرف مرحوم محمد اسماعیل نے ابوالکلام کی بات نہ مان کر جنوب میں مسلمانوں کو اجتماعی خودکشی سے بچالیا۔ باقی ملک کے مسلمانوں سے شری ابوالکلام آزاد نے اجتماعی خودکشی کے دستاویز پر دستخط کروالی اور بھارت کے مسلم آسمان پر قبرستان کا سناٹا چھا گیا۔

تسبیح توڑنے میں خود ان کا ہی ہاتھ ہے
جو آج کہہ رہے ہیں کہ دانے بکھر گئے

لکھنؤ کنونشن اور اس کے فیصلے سے جو نتیجہ اب تک ظاہر ہو رہا ہے اس کی بنیاد پر یہ یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ یہ مسلمانوں کی تیسری بڑی اور اجتماعی غلطی تھی، لیکن اس غلطی پر مسلمانوں کو کانگریس نے حالات کے دباؤ کے ذریعہ مجبور کیا۔

برہمن بنیاد بالادستی کے نظام کا قیام

کانگریس کی روایت یا قانون تھا کہ پارٹی صدر ہی حکومت کا بھی سربراہ ہوتا تھا، مسلمانوں کے درمیان مسلم لیگ کا بہتر مقابلہ کرنے کی حکمت عملی کے تحت اس حساس دور میں کانگریس نے ابوالکلام آزاد کو صدر بنا رکھا تھا۔

جب برطانیہ نے اچانک اپنے سارے ہی مقبوضہ ممالک کو چھوڑ دینے کا اعلان کیا، اس وقت ابوالکلام آزاد ہی صدر تھے اور انہی کو وزیر اعظم ہونا تھا۔ یہ نہرو جی کو کیسے گوارہ ہوتا۔ انہوں نے دباؤ ڈال کر ابوالکلام آزاد سے استعفیٰ لیا۔

ابوالکلام کے ہٹتے ہی سردار پٹیل صدارت کے دعوے دار بن گئے۔ اگر چناؤ ہوتا تو ان کی جیت یقینی تھی، لیکن نہرو جی نے گاندھی جی کا سہارا لیا اور گاندھی جی نے دباؤ ڈال کر نہرو جی کو صدر یا بالفاظ دیگر وزیر اعظم بنا دیا۔

کرسی صدارت سنبھالتے ہی سیکولر نہرو نے سام دام دنڈ بھید کے پرانے برہمنی ہتھیاروں کو استعمال کر کے سارے ہی صوبوں میں غیر برہمن صدروں کو ہٹا کر برہمن صدر بنا دیئے۔ بمبئی جیسے اہم صوبے کے صدر نریمان نے کسی دباؤ پر ہٹنے سے مضبوطی کے ساتھ انکار کر دیا۔ کانگریس کے لئے ان کی خدمات جواہر لال نہرو سے زیادہ تھیں، لیکن وہ بھی کانگریس کو سیکولر سمجھنے کی غلط فہمی میں مبتلا تھے۔ انہیں اس قدر ذلیل کر کے ہٹایا گیا کہ انہوں نے خودکشی کر لی۔ حالاں کہ

کانگریس نے نریمان کی خودکشی کو تسلیم نہیں کیا اور اسے فطری موت قرار دیا۔ بہرحال وہاں بالا صاحب کھیر کو صدر بنایا گیا اور بمبئی کے سب سے اہم علاقے کا نام نریمان پوائنٹ رکھ کر نریمان کی یادگار بنادی گئی۔ کانگریس اپنے مقتولوں کی لاشوں پر عقیدت کے پھول چڑھانے میں ہمیشہ ہی ماہر رہی ہے۔

اس کے بعد مل کے ہر سرکاری ملازم کو ایک فارم دیا گیا جس میں اس کو اپنی پسند کے مطابق بھارت یا پاکستان میں اسی عہدے پر کام کرنے کی آزادی اور گارنٹی دی گئی تھی۔ اس وقت سرکاری ملازمتوں میں ایک تہائی کے قریب مسلمان تھے، فوج اور پولیس میں ان کا تناسب چالیس فیصد تھا۔ اعلیٰ عہدوں کا تناسب اور زیادہ تھا۔

مسلم سرکاری ملازمتوں کی اکثریت کے پاکستان جاتے ہی برہمن وزیر اعظم اور وزرائے اعلیٰ نے منصوبہ بند طریقے سے ان کی خالی جگہیں برہمنوں سے پر کردیں جو مسلم سرکاری ملازم رہ گئے، انہیں روزانہ اس قدر ذلیل کیا جانے لگا کہ کچھ دن بعد ہی ان کی اکثریت نے ملازمت سے استعفیٰ دیدیا، کچھ وقت پر ریٹائر ہوئے۔ ایک خفیہ سرکاری حکم کے ذریعہ (جسے ۷۱ء میں اندرا گاندھی نے تسلیم کیا تھا) مسلمانوں کی نئی بھرتی کو ایک فیصدی پر محدود کردیا گیا۔

اس طرح دیکھتے دیکھتے برہمن جاتی جو سرکاری ملازمتوں میں صرف چار فیصدی تھی ایک دم سے اس کی سرکاری ملازمتوں میں اکثریت ہوگئی۔ اس کے بعد نئے بھرتی بورڈوں پر اسی طبقے کی اجارہ داری قائم کرکے اس کے ذریعے اس طرح بھرتی کی گئی کہ نہرو جی کے دور میں اکیلے برہمن ہی ستر فیصدی تک ہوگئے۔ بعد میں سیاسی حالات نے ان کی تعداد میں کچھ کمی ضرور کی ہے لیکن انتظامیہ کا ان کی گرفت سے نکلنا بہت ہی مشکل ہے۔

کانگریس نے ہر مسئلے کو ہندو مسلم چشمے سے دیکھنے کا جو فرقہ وارانہ عوامی رجحان تخلیق کیا، اس کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ کانگریس کی تینوں جاتیوں کے باہر کی ہندو آبادی کی نظر اس کی اس جاتی وادی مہم کی طرف نہ جا سکے۔

اس وقت تک جو کچھ ہوا اس میں مسلمانوں کی کسی اجتماعی غلطی کا دخل نہ تھا۔ یہ لازمی نتیجہ تھا، ان تین بڑی اجتماعی غلطیوں کا جن کی نشان دہی ہم پہلے کر چکے ہیں۔

ایک عجیب الخلقت مخلوق کی تخلیق

اب تک جن حالات و واقعات کا ہم تجزیہ کر چکے ہیں ان کے نتیجے اور مسلمانوں کی اجتماعی سیاست سے توبہ کے بعد قدرتی طور پر مسلمانوں اور ملک کے نئے حکمرانوں کے درمیان رابطے کی کڑی مسلمانوں کا وہ ٹولہ بنا جسے ''نیشنلسٹ مسلمان'' کہا گیا اور اس نے اس نام کو فخر کے طور پر قبول بھی کیا، اس کا مطلب یہ تھا کہ ہندوؤں میں یا تو کوئی نیشنلسٹ نہیں تھا یا پھر ہندو کا مطلب ہی نیشنلسٹ تھا اور مسلمانوں میں صرف نہرو اور ان کی نسل کے ازلی و ابدی غلام ہی نیشنلسٹ تھے، باقی سب ''اینٹی نیشنل'' تھے۔

اس طبقے پر عام مسلمانوں کو رتی بھر بھی اعتماد نہیں تھا، نہ ہی اس طبقے کو کوئی ضرورت تھی کہ وہ مسلمانوں کو اعتماد میں لیتا۔ ان کی ضرورت تو تھی کہ ان کے آقا ان کی ذات پر اپنا اعتماد بنائے رکھیں اور اپنے دسترخوان کا پس خوردہ ان کے آگے ڈالتے رہیں۔ اس نیک کام میں صرف پرانے کانگریسی ہی نہیں شامل تھے بلکہ جو مسلم لیگی کانگریس میں شامل کئے گئے انہوں نے تو پرانے نمک خواروں کے بھی کان کاٹ دیئے کیوں کہ کانگریس نے ان میں جو ''احساس جرم'' پیدا کیا تھا پرانے مسلم لیگی اس کے زیادہ شکار تھے۔

اسی پورے گروہ سے اس زمانے میں یہی بیگار لی گئی کہ وہ سفر حضر سوتے جاگتے، اٹھتے بیٹھتے مسلمانوں کو یہ باور کراتے رہیں کہ اب اس ملک میں ہمارا ہے ہی کیا۔ یہ تو ہماری کوشش اور نہرو جی کا کرم ہے کہ انہوں نے سیکولر جمہوری دستور کے ذریعہ تمہیں اس ملک میں زندہ رہنے کا حق دیا ہے۔

حالاں کہ عوام کو نہیں لیکن اس چالاک گروہ کو اچھی طرح معلوم تھا کہ کاغذ پر جو دستور بنایا گیا ہے، وہ کسی پر مہربانی کے لئے نہیں بلکہ اس مختلف النوع کو ایک نقشے میں بنائے رکھنے کی ضرورت کے تحت بنایا گیا ہے۔

اس ٹولے کو سب کچھ معلوم تھا، سب کچھ اس کی آنکھوں کے سامنے ہوا تھا۔ اسی گروہ کے دونوں سرغناؤں نے کانگریس ورکنگ کمیٹی میں کانگریس کے ملک کو بانٹ دینے کی کارروائی کی مزاحمت بھی کی تھی، لیکن صرف چند ٹکوں یا چند بے مصرف کرسیوں اور زیادہ تر صرف حکمرانوں کے نظر التفات کے بدلے میں انہوں نے مسلمانوں کو کچھ سے کچھ بنا رکھ دیا۔

اس کے بعد کانگریسی حکومت نے مسلمانوں کو ایک مخصوص خول میں بند رکھنے کی پالیسی کے تحت عام مسلمانوں اور ان کے ہر علاقے میں سرکردہ افراد کے خلاف افواہوں کا بازار گرم کروانا اور ان افواہوں کی بنیاد پر ان کی دارو گیر کا ایک لمبا سلسلہ شروع کر دیا۔ اس دارو گیر سے نام نہاد نیشنلسٹ طبقہ بھی محفوظ نہیں رہا۔ خود نیشنلسٹوں کے سرخیل اور کانگریس کی ایک جیبی تنظیم کے سربراہ مولانا حسین احمد مدنی تک کے گھر اور دارالعلوم دیوبند تک پر پولیس نے دھاوا بول کر پاکستان کو خبریں بھیجنے والے ٹرانسمیٹر کو تلاش کرنے کی کوشش کی تا کہ عام مسلمان یہ باور کر لیں کہ جب وزیر اعظم کے ساتھ بیٹھنے والے کی اتنی سی اوقات ہے تو دسروں کی کیا ہوگی۔

یہ طبقہ جب تک دنیا سے رخصت نہیں ہوگیا، اس کے رویئے میں کوئی فرق نہیں آیا، ان کی ذریت آج بھی ملت کی جان کو لپٹی ہوئی ہے۔

کانگریس نے اس طبقے کے ذریعہ مسلمانوں میں ایک طرح کے ''احساس جرم'' کی نفسیات پیدا کرنے میں کامیابی حاصل کی، جس کے نتیجے میں ان کے اندر ''احساس کمتری'' جیسی ہلاکت خیز نفسیات کا جنم ہوا اور وہ زوال کی طرف اپنا برسوں کا سفر مہینوں میں طے کرنے لگا۔

منو جی اور جواہر لال نہرو

ایسٹ انڈیا کمپنی اور پھر تاج برطانیہ تقریباً ڈیڑھ سو سال تک لندن میں بیٹھ کر بھارت پر حکومت کی، پھر ۱۵/اگست ۴۷ء کو برطانوی عوام کے فیصلے کے تحت تقریباً ہر انگریز بھارت چھوڑ کر برطانیہ واپس چلا گیا۔

اس سے پہلے تقریباً ساڑھے تین ہزار سال پہلے آریوں کی آمد کی ابتدا سے لے کر مغلوں کے دور تک تقریباً ہمیشہ باہر سے آکر بھارت پر قبضہ کر کے حکومت چلانے والوں کا ہی راج رہا۔ فرق یہ تھا کہ آریوں سے لے کر مغلوں تک جو بھی آیا وہ پھر لوٹ کر اپنا وطن دیکھنے کے لئے بھی واپس نہیں گیا بلکہ وہ اور ان کی آئندہ نسلیں ہندوستانی سماج کا حصہ بن گئے۔

اس لحاظ سے ایمانداری کا تقاضہ ہے بھارت کی غلامی کا دور صرف ڈیڑھ سو سال تک مانا جائے، یا پھر یہ کہا جائے کہ تاریخ کا دور شروع ہونے سے لے کر ۱۹۴۷ء تک بھارت ہمیشہ ہی غلام رہا۔

لیکن نہرو کے اقتدار میں آتے ہی عوام کو یہ تاثر دیا جانے لگا کہ ہم ایک ہزار سال کی غلامی سے آزاد ہوئے ہیں۔ اگر کانگریسی حکومت کے اس قول کا گہرائی

کے ساتھ جائزہ لیا جائے تو ایک معاملے میں یہ بات سچ ثابت ہوگی۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ قطب الدین ایبک کی باقاعدہ حکومت قائم ہونے تک بھارت میں منوجی کا سیاسی نظام تقریباً ایک ہزار سال تک اقتدار سے باہر رہا، البتہ ان کا سماجی نظام چلتا رہا۔ نہروجی نے منوجی کے سیاسی نظام کو بیسویں صدی کا لباس پہنا کر اس کا احیاء کیا، جس کی بناپر اگر اس پس منظر میں دیکھا جائے تو یہ بات صحیح ثابت ہوگی کہ برہمنی سیاسی نظام ایک ہزار سال کے بعد دوبارہ اقتدار کے گھوڑے پر سوار ہوا۔

منوجی ایک بہادر انسان تھے، انہوں نے اعلانیہ ایک ایسے نظام قانون کی تخلیق کی جس میں انسانوں کو جنم کی بنیاد پر چار خانوں میں تقسیم کیا گیا، ان میں تین حکمراں طبقے سے متعلق تھے اور چوتھا قدیم ہندوستانی غلام تھا۔ انہوں نے اپنے قانون کو واضح اور دوٹوک زبان میں لکھا اور سیاسی اقتدار کے ذریعہ اسے ایمانداری کے ساتھ لاگو کیا، اتنا ہی نہیں، انہوں نے اس قانون کو مذہب کا درجہ دیا اور برہمن کی تقدیس کو صرف غلام شودروں سے ہی نہیں بلکہ آرین حکمراں جاتیوں، چھتریوں اور ویشہ سے بھی منوایا۔ اس سے بحث نہیں کہ ان کا قانون کتنا غیرانسانی اور ظالمانہ تھا، وہ جو بھی تھا اس کے الفاظ اور عمل میں کوئی فرق نہیں تھا، کوئی دھوکہ دھڑی یا منافقت نہیں تھی۔

منوجی کے برعکس نہروجی نے جس قانون کی تدوین کروائی اس میں بھارت کے سبھی شہریوں کو بلاتفریق رنگ ونسل اور مذہب یکساں حقوق اور ذمہ داریاں دی گئیں۔

لیکن نظام قانون کے ساتھ قانون کو نافذ کرنے والی جو مشین نہروجی نے بنوائی اس کو پہلے دن سے یہ معلوم تھا کہ قانون پر اس طرح عمل درآمد کرنا ہے کہ

اس کا نفاذ برہمن، چھتری، ویشہ اور شودر پر منو جی کے بنیادی نظریئے پر ہی ہو۔ چوں کہ اس جدید برہمنی نظام کو ہر سطح پر چیلنج کرنے اور زندگی کے ہر شعبہ میں برہمن کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت صرف مسلمانوں اور کسی حد تک سکھوں میں ہی تھی، اس لئے عمل کے معاملے میں اس مشنری نے ان پر خصوصی نظر رکھی۔

اگر ہم دلیل اور ثبوت کے ساتھ یہ ثابت کرنا چاہیں کہ عمل اور نیت کی کسوٹی پر منو جی اور جواہر لال نہرو میں کوئی فرق نہیں تھا تو اس کے لئے ایک الگ کتاب کی ضرورت پڑ جائے گی۔ اگر وقت اور ضرورت نے اس کی اجازت دی تو یہ کتاب بھی لکھی جا سکتی ہے۔

ہم یہاں صرف ایک مثال دے دیتے ہیں، اس کو پھیلا کر ۴۷ء سے اب تک کے واقعات کا تجزیہ کیا جا سکتا ہے۔ بھارتی آئین کے مطابق داؤد ابراہیم اور بال ٹھاکرے کے حقوق اور ذمہ داریاں برابر ہیں، یہاں تک کہ دونوں مہاراشٹر اور اس ریاست کے کوکن علاقے میں پیدا ہوئے اور دونوں بمبئ میں سکونت پذیر ہوئے۔ بال ٹھاکرے نے اپنے اخبار اور دوسرے اخبارات کے ذریعے بہانگ دہل یہ تسلیم کیا کہ ہاں بمبئ میں ۶ر دسمبر اور ۷ر جنوری کے ہنگاموں میں میرے حکم پر شیوسینکوں نے مسلمانوں کو سبق سکھایا۔ واضح رہے کہ ان دو واقعات میں شیوسینکوں اور مہاراشٹر پولیس کی مشترکہ کارروائی میں ایک طبقے کے ہزاروں افراد مارے گئے اور ان کی اربوں کی جائیدادیں تباہ کی گئیں۔ پولیس کے وائرلیس سیٹ سے پولیس والوں کو یہ احکامات دیئے جاتے رہے کہ وہ مسلمان آفیسروں کی بات نہ مانیں اور مسلمانوں کو بچانے میں حصہ نہ لیں۔

اس کے بعد ۱۲ر مارچ ۹۳ء کے بم دھماکوں میں ڈھائی سو افراد ہلاک ہوئے۔ داؤد ابراہیم کئی برس سے بمبئ چھوڑ کر دوبئ میں مقیم تھا، اس نے نہ تو کسی

سطح پر یہ تسلیم کیا کہ ان دھماکوں میں اس کا کوئی ہاتھ تھا نہ ہی اب تک کوئی ٹھوس ثبوت ملا ہے۔

لیکن نہرو جی کے قائم کردہ نظام کا بال ٹھا کرے اور داؤد ابراہیم کے معاملے میں جو عمل ہے کیا یہ ثابت کرنے کے لئے کافی نہیں ہے کہ عملی طور پر منو جی اور نہرو جی کے نظاموں میں کوئی فرق نہیں، خواہ دونوں الفاظ میں بعد المشر قین ہو، لیکن عمل کے معاملے میں دونوں رتی بھر یا بال برابر بھی فرق نہیں ہے۔

عافیت پسند طبقہ

مسلمانوں کی چودہ سو سالہ تاریخ کے کسی بھی دور میں اگر آپ کو ایک سے بڑھ کر ایک اولوالعزم گروہ ملیں گے تو بڑے سے بڑے منافقوں سے بھی پالا پڑے گا، لیکن بھارت کے مذکورہ دور کے سوا آپ کو عافیت پسندوں کا کوئی طبقہ کبھی نہیں ملے گا۔

انگریز کی واپسی کے بعد ابوالکلام آزاد کے ذریعہ مسلمانوں کی اجتماعی سیاست سے توبہ، مسلم لیگوں کی پاکستان یا کانگریس کی طرف ہجرت کے نام پر بھگدڑ، نام نہاد نیشنلسٹوں کی طالع آزمائی، کانگریسی حکومتوں کی مسلمانوں کے خلاف دار و گیر کی طویل مہم اور دیگر وجوہات سے عام مسلمانوں کا اعتماد اپنی لیڈر شپ سے پوری طرح ختم ہو گیا۔ جس کے نتیجے میں عام مسلمانوں نے اپنے کو حالات کے بے رحم دھارے پر چھوڑ دیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ ملکی معاملات سے بے تعلق ہو کر انتہائی تیز رفتاری کے ساتھ احساس کمتری کے اس عمیق غار کے دہانے تک پہنچ گیا جس کے اندر سے ''ہریجن'' کی کراہوں، آہوں اور سسکیوں کی آواز ہزاروں سال سے آ رہی تھی۔

باصلاحیت افراد مثلاً علماء، وکلاء، ٹیچروں، ڈاکٹروں، تاجروں وغیرہ نے مایوس ہو کر اجتماعی مسائل پر حرکت کرنا بلکہ سوچنا تک ترک کر دیا اور صرف اپنے بارے میں سوچنے کا عام رجحان پیدا کر لیا۔ اس وقت یہ جملہ عام طور پر سننے کو ملتا تھا ''یا شیخ اپنی اپنی دیکھ۔''

دانشور کہے جانے والے طبقے نے اربابِ اقتدار کی خوشنودی یا صرف ان کی نظروں میں اپنے آپ کو بے ضرر ثابت کرنے کے لئے حکومت کی مسلمانوں کے خلاف سازشوں اور دارو گیر کی مہموں کی ذمہ داری خود مسلمانوں پر ڈالنی شرو کر دی۔ انہوں نے ادب برائے ادب اور ادب برائے زندگی کی بحث چھیڑ کر اس کے درمیان سے ادب برائے چاپلوسی کا نیا راستہ تلاش کر لیا۔

حالات کی نئی اور عجیب وغریب تعبیریں اور تشریحیں ہونے لگیں۔ علماء نے کشمکش حیات سے علانیہ راہِ فرار اختیار کر کے اپنے آپ کو خانقاہوں اور عقیدت مندوں کے محدود حلقوں میں محصور کر لیا۔ سیاست اور زندگی کے دوسرے معاملات کی گفتگو بھی خلاف اسلام قرار دی جانے لگیں۔

علماء کے اسی طبقے نے جس نے انگریزوں کے خلاف نصف صدی تک مسلح کشمکش کی تھی، صرف معروف کی تلقین اور منکرات کو نظر انداز کر دینے کی خانہ ساز فکر ایجاد کر کے عوام کو صرف آسمان کے اوپر اور زمین کے نیچے کے چکر میں پھنسا دینے کی زوردار مہم شروع کر دی اور نظام باطل کے لئے اطاعت گزار اور صبر و شکر کے ساتھ سب کچھ برداشت کرنے والے شہری تیار کرنے کے کام میں جٹ گئے۔

گریز کشمکش زندگی سے مردوں کی
اگر شکست نہیں ہے تو اور کیا ہے شکست

عافیت پسندی کا یہ رجحان بہت جلد مقبولیت کی اس منزل تک پہنچ گیا، جس

سے پوری مسلم تاریخ میں پہلی بار عافیت پسندوں کا بہت بڑا طبقہ عالم وجود میں آ گیا۔ انگریز کی واپسی کے صرف بیس سال بعد مسلمان ایسی حالت میں پہنچ گیا جس سے یہ نظر آنے لگا کہ شاید ہندوستانی مسلمان عافیت پسندی کے قبرستان میں دفن ہونے پر آمادہ ہو چکے ہیں۔

وائے ناکامی متاعِ کارواں جاتا رہا
کارواں کے دل سے احساسِ زیاں جاتا رہا

ڈاکٹر محمد عبدالجلیل فریدی

ان حالات میں بچی کھچی مسلم سیاست کشمکش حیات کے بجائے ذاتی طالع آزمائی کے محور پر گردش کرنے لگی۔ تقریباً ہر وہ مسلمان جو سیاسی میلان رکھ سکتا تھا بنا کسی بڑی چوکھٹ پر سجدہ ریز ہوئے سیاسی میدان میں قسمت آزمائی کی صلاحیت کھو بیٹھا۔

ایک ایسا ملی ماحول اور مزاج بن کر تیار ہو گیا جس میں ہمارے دارالعلوموں، یونیورسٹیوں اور کالجوں نے مجاہد، مفکر اور قائد پیدا کرنے کے بجائے عافیت پسند، دانشور یا پھر بدطینت و بدکردار ملکی لیڈروں کے ڈولی برداروں کی کھیپیں نکالنی شروع کر دیں۔ حالات کے تیز رفتار دھارے نے صرف بیس سال کی قلیل مدت میں حکمرانی و جہانبانی کی دعوے دار قوم کو قعرِ مذلت کی اس گہری کھائی کے دہانے تک پہنچا دیا جس میں گر کر قومیں افسانہ ماضی بن جایا کرتی ہیں۔

لیکن آج مجھے محسوس ہوتا ہے کہ شاید قدرت نے اس ملک میں مسلمانوں کا رول ہمیشہ کے لئے ختم کرنے کا فیصلہ نہیں کیا تھا۔ اچانک اس کی رحمت جوش میں آئی اور اس نے ایک ایسے آدمی سے کام لینے کا فیصلہ کیا جس کے آبا و اجداد کا

بھی سیاست سے کوئی تعلق نہ تھا۔ ڈاکٹر فریدی ایک ایسے ماحول میں سیاست میں آئے جب کسی شاعر نے کہا تھا:

اللہ رے سناٹا آواز نہیں آتی

۲۶ رفروری ۶۴ءکو اتر پردیش کونسل سے تاریخی واک آؤٹ کے ساتھ ڈاکٹر فریدی نے اس سناٹے کو توڑنے کی ابتدا کی اور ۹/۸ راگست ۶۴ء کو مسلم مجلس مشاورت کی تشکیل کے بعد ۱۹۶۷ء کے الیکشن میں انہوں نے مسلمانوں کی گنگ زبان کھول دینے میں کامیابی حاصل کر لی۔

یہ اور بات ہے کہ مسلمانوں کی بیس سال سے گنگ پڑی زبانیں جب کھلیں تو مفاد پرست اور عافیت پسند طبقے کی کوششوں سے ان زبانوں کا پہلا نشانہ خود ڈاکٹر فریدی بن گئے۔

اس کی وجہ یہ تھی کہ عافیت پسند طبقے نے ان کی آواز کو اپنے گوشہ عافیت میں مخل پایا۔ مفاد پرست طبقے نے اس آواز کی دھمک براہِ راست اپنے پیٹ پر محسوس کی اور ان کے خلاف سازشوں اور جھوٹے الزامات کا طوفان کھڑا کر دیا گیا۔

لیکن اس اکیلے نے اپنے مٹھی بھر ساتھیوں کے ساتھ اپنوں کی روز مرہ سازشوں اور دشمنوں کی یلغار کے باوجود اس خوابیدہ اور اعتماد سے محروم قوم کو جگانے کی جان توڑ کوشش کی۔ وہ اپنی کوششوں میں کوئی ظاہری کامیابی تو نہیں حاصل کر سکے اور اپنی قوم ہی کے دیئے ہوئے طرح طرح کے ''خطابات'' لئے دنیا سے جلد ہی رخصت ہو گئے۔

لیکن اس اکیلے بیمار و ناتواں نے اپنی جان کی بازی لگا کر اس نیم مردہ قافلے کو زبردستی ڈھکیل کر ''احساس جرم'' کی نفسیات اور احساس کمتری کے غار کے دہانے سے بڑی حد تک دور ہٹا دیا اور مسلمانوں کے اس غار میں گر کر ان کے

افسانہ ماضی بن جانے کے امکان کا تو تقریباً خاتمہ ہی کر دیا۔

ڈاکٹر فریدی ہی نے ڈاکٹر امبیڈکر کے ساتھیوں کو ۱۲/۱اکتوبر ۶۸ء کو لکھنؤ میں جمع کیا اور راما سوامی نائیکر کی مدد سے انہوں نے ہی دلتوں، پچھڑی جاتیوں اور اقلیتوں کے اتحاد کا پہلی بار نعرہ دیا اور اس تصور کو انہوں نے ہی پہلی بار زمین پر اتارا۔ انہوں نے ہی اس کام کے لئے ایک باصلاحیت ٹیم تیار کی۔ کسی ظاہری کامیابی کے بغیر وہ اپنے مقصد میں سب سے زیادہ کامیاب سیاسی لیڈر کہے جا سکتے ہیں۔

سب سے خاص بات یہ ہے کہ ۱۹/مئی ۷۴ء کو ان کی رحلت کے بعد انہیں سب سے زیادہ گالیاں بکنے والے مفاد پرست اور عافیت پسند طبقے ہی نے ان کا سب زیادہ ماتم کیا۔ ان کی حیثیت صبح کے اس ستارے کی طرح تھی جو تاریکیوں میں بھٹکنے والے قافلوں کو منزل کی ایک جھلک اور صبح قریب ہونے کی امید دلا کر خود روپوش ہو جایا کرتا ہے۔

ہوا تھی گو تند و تیز لیکن چراغ اپنا جلا کے چھوڑا
وہ مرد درویش جس کو حق نے دیئے تھے انداز خسروانہ

مسلمانوں کا مفاد پرست طبقہ

یہ ایک تسلیم شدہ ازلی وابدی حقیقت ہے کہ کسی قوم کے عروج وزوال میں عوام کے بجائے ان خواص کا کردار ہوتا ہے جنہیں قرآنی اصطلاح میں ''مترفین'' یعنی بااثر وخوش حال اور بولنے والا طبقہ کہا جاتا ہے۔ کسی بھی قوم میں مترفین کا طبقہ دس پانچ فی صدی سے زیادہ نہیں ہوتا، لیکن ہر قوم کا یہی طبقہ اپنے عوام پر اثر انداز ہو کر انہیں صحیح یا غلط راستے پر ڈالتا ہے۔ اگر یہ طبقہ خلوص کے ساتھ منظّم

جدوجہد کرے تو پوری قوم کامیابی کی منزلیں طے کرتی ہے۔لیکن اگر یہ طبقہ مفاد پرست بداعمال اور بدکردار ہوجائے تو اس کی بدکرداریوں کی سزا بھی پوری قوم کو ملتی ہے کیوں کہ اس قوم کے عوام بھلائی اور برائی دونوں معاملوں میں اسی طبقے کے آلہ کار بن جاتے ہیں۔

انگریز کی واپسی کے بعد کانگریسی حکومتوں نے برہمنوں اور بنیوں کے دور رس اور وسیع تر مفاد میں ملک کے اندر مسلمانوں کے تئیں جو ماحول بنایا، اس میں مسلمانوں کے طبقہ مترفین میں مفاد پرست طبقے کی افزائش اور نشوونما اتنی ہی تیز رفتاری کے ساتھ ہوئی جتنی تیز رفتاری کے ساتھ ٹھہرے اور سڑے ہوئے پانی سے مچھروں اور مکھیوں کی افزائش ہوتی ہے۔

یوں تو دورِ نبوت ہی سے مسلمانوں میں ایک طبقہ ہمیشہ ایسا رہا ہے جس کی نظریں کفر اور اسلام دونوں کے فائدوں پر ہی رہتی ہیں اور یہ ذمہ داریاں کسی کی بھی نہیں اٹھانا چاہتا۔انگریز کی واپسی کے بعد مذکورہ بالا عوامل نے اس طبقے کی افزائش اور نشوونما اتنے بڑے پیمانے پر کی ہے کہ ان کی پہچان گم ہوکر رہ گئی ہے۔

اس طبقے کے دلائل اور ان کا طریقہ کار آج بھی وہی ہے جو چودہ سو سال قبل ان کے مرشد اعظم (عبداللہ ابن ابی) کا تھا۔

آج بھی اس طبقے کے لوگ جب مسلمانوں کے درمیان ہوتے ہیں تو اپنے آپ کو ان کا سب سے بڑا ہمدرد اور غم خوار ثابت کرتے ہیں، لیکن جب یہ اپنے شیطانوں سے ملتے ہیں تو اپنی وفاداری کے ثبوت میں زمین کے قلابے آسمان سے ملا دیتے ہیں۔

بتوں سے ان کو امیدیں خدا سے نومیدی
مجھے بتا تو سہی اور کافری کیا ہے

یہ کسی صاحب اقتدار کے ہاتھ پر بیعت ہوں یا اقتدار کے کسی دوسرے دعوے دار کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دیئے ہوں خواہ ان کے مالکوں میں کتنے ہی اختلاف پایا جاتا ہو اور اس کی مناسبت سے بھی نیز اپنے آقاؤں کے سامنے اپنے آپ کو اپنے ہم مشربوں سے زیادہ وفادار ثابت کرنے کی وجہ سے ان میں آپسی اختلاف کتنا ہی کیوں نہ ہوں یہ سب ایک ہی تھیلے کے چٹے بٹے اور ایک ہی طبقے سے متعلق ہوتے ہیں۔

یہ پورا طبقہ پیٹ سے دیکھنے اور پیٹ سے سننے، پیٹ سے سوچنے اور پیٹ سے بولنے کا عادی مجرم بن چکا ہے۔ ان کے نزدیک ان کا دائرہ کار ایک بڑی منڈی۔ یہ خود ایک ماہر تاجر اور عام مسلمان مال تجارت ہیں۔

اگر اس کی اپنی ضرورت ہوگی تو وہ ایک ساتھ ملک اور ملت دونوں کو بچانے کا نعرہ دے گا اور اپنی ضرورت پوری ہوتے ہی چٹکی بجا کر ایک منٹ میں دونوں کو بچالے گا اور عوام کو سجدۂ شکر ادا کرنے کی تلقین کرنے لگے گا۔

اگر ان کا لیڈر اپنے مفاد میں آر ایس ایس یا کانگریس کے خلاف بول دے تو یہ مسلمانوں میں اپنی تصویر نکھارنے کا سنہری موقع سمجھ کر دونوں کے خلاف اعلان جہاد کر دے گا۔ یہاں تک کہ مسلم آر ایس ایس بنانے کا اعلان بھی کر دے گا۔ پھر اگر ان کا لیڈر اپنے مفاد میں آر ایس ایس یا کانگریس سے ہاتھ ملا لے تو یہ اپنے لیڈر کے چرنوں میں بیٹھا دم ہلانے لگے گا، منہ سے رال ٹپکانے لگے گا۔

ہو اگر قوت فرعون کی در پردہ مرید
قوم کے حق میں ہے لعنت وہ کلیم اللّٰہی

یوں تو مسلمانوں کی تاریخ ابن علقمی اور میر جعفر جیسے شاہ کار پیدا کر چکی ہے لیکن مسلمانوں کی ماؤں نے ایسے غدار اب سے پہلے کبھی نہیں پیدا کئے جنہوں

نے برسرِ منبر اور برسرِ اسٹیج قوم کو یہ سمجھانے کی کوشش کی ہو کہ اے قوم تم اپنی اجتماعیت اپنی قیادت میں بنانے کی کوشش بھی مت کرنا ورنہ تم برباد ہو کر رہ جاؤ گے۔اس سے بی جے پی کو فائدہ پہنچے گا۔تم اجتماعیت ضرور بناؤ لیکن اکٹھا ہو کر ہمارے ''سیکولر لیڈر'' کے ہاتھ مضبوط کرنے کے لئے:

شیاطین ملوکیت کی آنکھوں میں ہے وہ جادو
کہ خود نخچیر کے دل میں ہو پیدا ذوق نخچیری

اس گروہ نے قوموں کی زندگی کو بنئے کی دوکان بنا کر رکھ دیا ہے، چاہے سید بدرالدجی رہے ہوں یا ڈاکٹر فریدی یا اب کوئی آواز حق اٹھائے۔اس گروہ کے لوگ اپنے اپنے لیڈروں کی غلامی کا طوق اپنے گلوں میں ڈالے، اس معاملے میں ایک ہو جاتے ہیں۔متحد ہو کر دوڑ پڑتے ہیں اور یہی کھاتہ کھول کر ضرب تقسیم کا نقلی اور پرفریب حساب لگا کر حاصل میں ناکامی ثابت کر کے عوام کو خوف میں مبتلا کرنے کا کام شروع کر دیتے ہیں اور اس کام میں ان کے آقاؤں کی زرخرید میڈیا ان کی پشت پر کھڑی ہو کر دن کو رات اور رات کو دن ثابت کر دیتی ہے

ایسا کیوں ہوتا ہے؟ صرف اس لئے کہ یہ چالاک گروہ اچھی طرح جانتا ہے کہ جس دن بھی مسلمان اپنے کسی لیڈر کی قیادت میں چلنے کا فیصلہ کرے گا اس دن اس پورے طبقے کی مفاد کی حادثاتی موت واقع ہو جائے گی اور یہ طبقہ بھی ایڑیاں رگڑ رگڑ کر کچھ دنوں میں ختم ہو جائے گا۔اسی لئے یہ مسلمانوں کو کسی قیادت یا تنظیم کے تحت اکٹھا ہونے سے باز رکھنے کے لئے ہر جھوٹ، ہر فریب اور مگرمچھ کے ہر آنسو کو جائز سمجھتا ہے۔

اصل بات یہ ہے کہ نام نہاد سیکولر پارٹیوں میں شامل اس طبقے کے افراد نے اللہ کی رسی کو کب کا چھوڑ دیا ہے اور اس کی جگہ اپنے اپنے لیڈروں کی رسیوں کو

اتنی مضبوطی کے ساتھ پکڑ رکھا ہے کہ جب تک رسی ہی نہیں ٹوٹ جاتی یا ان کے ہاتھ ہی نہیں کٹ جاتے یہ ان رسیوں کو چھوڑنے والے نہیں ہیں۔ گنتی کے چند افراد کو چھوڑ کر اس پورے طبقے کے کسی فرد سے کسی اجتماعی بھلائی کی کوئی بھی امید خود فریبی ثابت ہوتی رہی ہے اور آئندہ بھی ثابت ہوتی رہے گی۔

سیاسی جرائم پیشہ افراد کا یہ طبقہ انحطاط و زوال کے پیٹ سے نکلی ہوئی ہوئی ایسی غلاظت ہے جسے دنیا کے کسی صابن سے بھی صاف نہیں کیا جاسکتا۔ جب تک مسلمانوں میں قوت احتساب اور اجتماعی شعور نہیں پیدا ہوتا تب تک مفاد پرستی کی گندگی سے مکھیوں اور مچھروں کی طرح ان کی افزائش ونشو ونما ہوتی رہے گی۔ ایک متحرک معاشرے کی تخلیق اور اس کا اجتماعی شور ہی ان میں قوتِ احتساب کو جنم دے سکتی ہے۔ اگر مسلمان ایسا کرنے میں کامیاب رہے تو یہ پورا طبقہ اتنی تیز رفتاری کے ساتھ ختم بھی ہو جائے گا جیسے مچھروں کی کھان پر ڈی ڈی ٹی چھڑک دی جائے۔ اس طبقے کے لوگ کمزور، منتشر اور زوال پذیر مسلم قوم کے آگے آگے چل ہی نہیں سکتے، یہ تو صرف اس طاقت کے پیچھے پیچھے ہی چلیں گے جو ان کا ''اَن داتا'' بننے کی پوزیشن میں ہو۔

اپنے طویل تجربے کی بنیاد پر میں یہ بات پورے اعتماد کے ساتھ کہہ رہا ہوں کہ مسلمانوں نے پچھلی ڈیڑھ صدیوں سے جتنی بھی اجتماعی غلطیاں کی ہیں یہ طبقہ ان ساری غلطیوں اور گناہوں کی گٹھری بن کر ملت کی گردنوں پر سوار ہو گیا ہے۔ اس گندے بوجھ کو بلا کسی گندے نالے میں پھینکے یہ قوم چند قدم آگے کا سفر کرنے کی طاقت ہی نہیں پیدا کر پائے گی۔

پھونک ڈالو یہ زمین و آسمان مستعار
اور خاکستر سے آپ اپنا جہاں پیدا کرو

کیریرسٹ

عمرانیات کے بنیادی اصولوں کے مطابق حرکت سے صالحیت اور جمود سے منافقت کا جنم ہوتا ہے۔مکھیوں اور مچھروں کی پیدائش بہتے اور متحرک پانی میں نہیں بلکہ ٹھہرے ہوئے پانی سے ہوتی ہے۔انگریز کی واپسی کے بعد چوں کہ منصوبہ بند طریقے سے مسلمانوں میں حرکت کا خاتمہ کرادیا گیا،لہٰذا ان کے طبقہ مترفین میں سے کسی صالح گروہ کی پیدائش کا سوال ہی ختم ہو گیا۔

اس دوران جب حکمراں طبقے نے ملت کے جسم پر کوئی بڑا زخم لگایا تو زخم کے ٹیس سے کچھ حرکت پیدا ہوئی لیکن چوں کہ حرکت عارضی رہی، اسی لئے اس حرکت سے صالحیت کے بجائے ''کیریرسٹ'' پیدا ہوئے کیوں کہ حرکت عارضی تھی اور زخم کے بھرتے ہی یا جسم کے درد کا عادی ہوتے ہی حرکت ختم ہوگئی۔

اس قسم کی حرکت کے عارضی دور میں جو نیا اور صالح خون پیدا ہوا وہ کچھ عرصہ متحرک رہا،لیکن جسم کی حرکت رکتے ہی حکمراں طبقے کے لیڈروں نے بڑی آسانی کے ساتھ اسے ملت کے جسم سے نکال کر اپنے لئے استعمال کرنے میں کامیابی حاصل کر لی۔

مثال کے طور پر ڈاکٹر فریدی اور شفیق الرحمٰن کی پرخلوص قیادت میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی پر اندرا گاندھی کے قاتلانہ حملے کے خلاف ملت کا جسم متحرک ہوا۔ لاکھوں انسانوں کے پسینے اور بہتر شہیدوں کے خون نے یونیوسٹی کے جن طالب علم لیڈروں کے رخساروں پر غازہ ملا تحریک کی سب سے بڑی یافت یہاں تک کہ یونیورسٹی کے اقلیتی کردار سے بھی بڑی ملی پونجی بن سکتے تھے۔

اگر یہی ایک پونجی بھی ملت کی جیب میں رہ جاتی تو حرکت وقیادت کا نصف

سے زیادہ خلا پر ہو سکتا تھا لیکن اقلیتی کردار کی بحالی کا امکان پیدا ہوتے ہی جسم پر جمود طاری ہونا شروع ہوا اور حکمراں طبقے کی لیڈر شپ نے الا ماشاء اللہ اس پوری کھیپ کو اپنی پاکٹ میں رکھ لیا اور ملت کی روح حسرت کے ساتھ کھڑی ہاتھ ملتی رہ گئی۔

یہی حال پرسنل لاء کے نام پر نان نفقہ تحریک کا ہوا۔ اس میں تو کسی قسم کی شکست کا دور دور تک بھی امکان نہیں تھا لیکن تحریک کے عین عالم شباب میں ہی تحریک کے لیڈروں کا کہنا تھا کہ شریعت کی تعبیر و تشریح کا حق پارلیمنٹ یا عدالت کو نہیں بلکہ یہ حق صرف علماء کو حاصل ہے۔ خود انہیں لوگوں نے یہ حق پارلیمنٹ کو طشتری میں سجا کر دے دیا اور خود پارلیمنٹ کی گیلری میں بیٹھ کر پارلیمنٹ سے شریعت کے نان و نفقہ ضوابط کی تعبیر و تشریح کروائی اور پارلیمنٹ نے **متاع بالمعروف حق علی المتقین** کی بالکل الٹی تعبیر و تشریح ان کی مرضی سے کرنے میں کامیابی حاصل کر لی۔ لیکن ملاؤں کے اس جرگے نے اس بدترین شکست کو شاندار فتح کا نام دے کر پھول مالائیں پہنیں اور اربابِ اقتدار کو پہنائیں۔

بابری مسجد کی شہادت کے بعد بھی ابھی یہ مسئلہ ختم نہیں ہوا ہے۔ چوں کہ انسانیت کا پشتینی دشمن اپنے ذرائع ابلاغ کی طاقت کے ذریعہ مسلمانوں کا اعتماد، نام نہاد لیڈر شپ سے ختم کر کے دوہرا فائدہ اٹھانے پر تلا ہوا ہے، اس لئے ہم فی الحال اس پر قلم نہیں چلائیں گے۔

اس وقت اس بارے میں اہم اتنا ہی کہیں گے
ادب اے خامہ گستاخ جھک جا سرنگوں ہو جا...

مصنوعی لیڈر شپ

ڈاکٹر فریدی کی جدوجہد مسلمانوں میں خود شناسی اور خودنگری تو نہیں پیدا

کر سکی لیکن اب یہ ثابت ہو چکی ہے کہ اس نے اس کے جراثیم ضرور پیدا کر دیئے تھے جس کی وجہ سے حکمراں طبقے کی لیڈر شپ نے اپنی حکمت عملی میں تبدیلیاں کیں اور ہر پارٹی نے اپنے کسی ایک یا چند مسلم لیڈروں پر رنگ وروغن لگا کر اپنی جیسی مسلم لیڈر شپ پر وجیکٹ کر کے مارکیٹ میں پیش کرنے کا عمل شروع کیا۔

اس کی ابتداء شریمتی اندرا گاندھی نے فخر الدین علی احمد اور یونس سلیم سے کی حالاں کہ ان کے یہ دونوں مہرے چند دنوں بعد ہی رباط کانفرنس میں ہی بری طرح پٹ گئے لیکن اس کے فوائد کے پیش نظر ہر لیڈر نے مختلف فیکٹریوں میں مصنوعی مسلم لیڈر شپ کی تعمیر شروع کر دی اور انہیں ایک ایک کر کے مارکیٹ میں پیش کیا جانے لگا۔ جب کوئی بڑا شکاری اپنا نیا پروجیکٹ مارکیٹ میں پیش کرتا تو مسلمان بے چارہ خوش ہوتا ہے کہ اب آیا یہ ہمارا نیا شیر۔ ان بے چاروں کو کیا معلوم کہ یہ جنگل کا آزاد شیر نہیں ہے بلکہ یہ ماہر ترین استادوں کا سدھایا ہوا سرکس کا شیر ہے۔ یہ صرف اپنے مالک کے لئے پیسہ کماتا ہے؟

غیروں کی پروجیکٹ کی ہوئی یہ ''مصنوعی مسلم لیڈر شپ'' ماضی قریب میں مسلمانوں کے لئے ہیروئن اور حشیش سے زیادہ خطرناک ثابت ہوئی تھی کیوں کہ ۶۷ء کے بعد جب شمالی ہند میں ڈاکٹر فریدی کی کوششوں سے مسلمانوں نے بیس سال کی گہری نیند کے بعد ایسی انگڑائیاں لینی اور کروٹیں بدلنی شروع کیں جس سے ان کے جاگنے کا امکان پیدا ہو رہا تھا تو برہمنی لیڈر شپ نے انہیں تھپکیاں اور لوریاں دے کر سلا دینے کے لئے اس تکنیک کا کامیاب تجربہ کیا تھا۔

اور اب تک مصنوعی مسلم لیڈر شپ کے ذریعہ ہی وقت پر مسلمانوں میں ابھرنے والے اجتماعی شعور کو غلط رخ پر موڑنے اور اجتماعیت کی غلط اور الٹی تعبیر و تشریح کرانے کا کام لیا جا رہا ہے۔

اجتماعیت کے خلاف مفاد پرستوں کے دلائل پر ایک نظر

مفاد پرست طبقے کے لوگ ہوں، کیریرسٹ ہوں یا دوسروں کی تعمیر کردہ مسلم لیڈرشپ ہو ان تینوں میں کوئی بنیادی فرق نہیں کیوں کہ تینوں کے مفادات اور ان کے حصول کے طریقہ کار ایک ہیں۔

کچھ سال پہلے تک کیریرسٹ اور مصنوعی لیڈر مفاد پرستوں سے کچھ بہتر تھے لیکن اب مفاد پرستوں کے بڑے بڑے ٹولوں کے بے نقاب ہو جانے کے بعد کیریرسٹ اور مصنوعی لیڈر زیادہ خطرناک ثابت ہو سکتے ہیں۔

تینوں طبقوں کے ان لوگوں کو جو سیاست میں ہیں، عام مسلمان انہیں لیڈر سمجھتا اور کہتا ہے حالاں کہ ان کا کام صرف مسلمانوں کو بیوقوف بنا کر اپنے لیڈر کی طرف موڑنا ہوتا ہے، اسی کی انہیں مزدوری ملتی ہے چاہے نقد کی شکل میں ملے یا ٹکٹ، ممبری اور وزارت کی شکل میں انہیں سب کچھ کہا جاتا ہے صرف ''لیڈر'' ہی نہیں کہا جا سکتا کیوں کہ ان کا پارٹی کی پالیسی پروگرام اور مزاج سازی میں رتی برابر کا دخل نہیں ہوتا۔

چوں کہ مسلمانوں کی اجتماعیت اور ان میں ابھرنے والے سیاسی یا اجتماعی شعور سے ان تینوں اقسام کے لوگوں کو یکساں خطرہ ہوتا ہے، لہٰذا جب بھی اس قسم کا کوئی خطرہ پیدا ہوا ہے تب تینوں سو فیصدی ایک ہو جایا کرتے ہیں۔

ایک قیادت کے تحت اجتماعیت کے خلاف ان کے نئے اور پرانے دلائل ان کا بہی کھاتہ، ان کا ضرب تقسیم کچھ بھی نیا نہیں ہے، یہاں تک کہ ان کی بولی اور لب و لہجے کا ٹون تک وہی ہے جو چودہ سو سال پہلے ان کے مرشد اعظم لعنۃ اللہ علیہ کا تھا۔ آخر اس نے بھی تواحد کے میدان میں کثرت وقلت ہی کا بہی کھاتہ کھول کر

حساب لگایا تھا اور حاصل میں ہلاکت ثابت کر کے تین سولوگوں کو گمراہ کیا اور انہیں لے کر گھر کی راہ لی اور الٹے الزام لگایا کہ کچھ جذباتی نو جوانوں کی رائے مانی گئی؟

گفتگو کچھ طویل ضرور ہو جائے گی لیکن ابن الوقتوں کے دلائل پر ایک سرسری نظر ڈالے بغیر یہ گفتگو اپنی افادیت کھو دے گی، ہم ان کے چند مشہور سوالوں پر بحث بھی کریں گے، سوالوں کے جواب میں سوال بھی کریں گے تا کہ قارئین کے ذہن ان کا جواب خود تلاش کر سکیں۔

ان کی سب سے مشہور دلیل یہ ہے کہ مسلمانوں کی اپنی قیادت میں اجتماعیت سے ہندو فرقہ پرستی کو فروغ حاصل ہوگا۔

یہ دلیل سب سے پرانی بھی ہے، اسی کے تحت ابوالکلام آزاد نے شمال ہند کے مسلمانوں سے ۴۸ء میں اجتماعی سیاست سے توبہ کرائی تھی، سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ شمالی ہند کے مسلمان نصف صدی سے اس ''توبۃ النصوح'' پر عمل پیرا ہیں، پھر بھی ہندو فرقہ پرستی کو فروغ کیوں ہوا، اگر اس دلیل میں ذرا سا بھی وزن ہوتا تو فرقہ پرستی کا سب سے زیادہ فروغ کیرالہ میں اور اس کے بعد آندھرا میں ہونا چاہئے تھا کیوں کہ ان دو علاقوں میں مسلمان لگاتار اپنی قیادت میں منظّم رہا۔ اتر پردیش اور شمالی ہند میں اگر کبھی ایسی کوشش ہوئی بھی تو ایک فی صدی مسلمانوں نے بھی اس کا ساتھ نہیں دیا بلکہ ہمیشہ نام نہاد سیکولر پارٹیوں کے ساتھ رہا، پھر یہاں ہندو فرقہ پرستی کو فروغ اور جنوب میں زوال کیوں ہوا؟ کیا کوئی مائی کا لال اس حقیقت کو جھٹلا سکتا ہے کہ شمالی ہند میں ننانوے فیصد مسلمانوں نے ووٹ نوٹ اور افرادی طاقت سے نام نہاد سیکولر پارٹیوں اور ان کے حاشیہ برداروں کا ہی ہمیشہ ساتھ دیا۔ اس لئے شمالی ہند میں ہندو پرستی، فرقہ پرستی کے عروج کی بھی ذمہ داری سیکولر پارٹیوں اور ان کے پروردہ مفاد پرست طبقے کے مسلمانوں ہی پر عائد ہونی

چاہئے اور جنوب میں ہندوفرقہ پرستی کے زوال کا سہرا بھی ان مسلم لیڈروں کے سر پر بندھنا چاہئے اور جنہوں نے مسلمانوں کو اپنے ساتھ چلنے پر آمادہ رکھا۔

یہ پورا طبقہ اپنے مالکوں کی پوری مدد کے ساتھ اس سوال کا جواب نہیں دے سکتا چاہے وہ ایک ہزار کتابیں اس کے جواب میں لکھ دے۔ وہ صرف یہی کہے گا کہ جنوب کے حالات جدا تھے۔ کیا جنوب میں مسلم لیگ سرگرم نہیں ہے، وہ صرف سرگرم ہی نہیں بلکہ ہمیشہ ہی شریک اقتدار بھی رہی ہے۔ اگر حالات جدا تھے تو کیرالہ میں مسلم لیگ کے پچاس سال تک سیاسی گھوڑے کی لگام اپنے ہاتھ میں رکھنے کی وجہ سے یہ حالات بھی تو بدل جانے چاہئیں تھے۔

اترپردیش میں بھی جب تک مسلم مجلس سرگرم رہی چاہے مسلمانوں نے اسے ایک فیصدی ووٹ بھی نہ دیا ہو کبھی جن سنگھ اور بی جے پی کو عروج نہیں ہوا۔ اس کو عروج جب ہوا جب مسلمانوں نے مسلم مجلس کو تھکا کر مار دیا۔ الٰہ آباد اور اعظم گڑھ جیسے اضلاع میں جہاں چند دنوں کے لئے مسلمان مسلم مجلس کے تحت منظّم ہوگئے تھے ان میں اتنا اجتماعی شعور پیدا ہوگیا کہ وہاں کبھی بی جے پی یا کانگریس جیسی فرقہ پرست پارٹیاں پھر کوئی چناؤ آج تک نہیں جیت سکیں۔

غضب ہیں یہ مرشدان خود بیں خدا مری قوم کو بچائے
بگاڑ کر تیرے مسلموں کو یہ اپنی عزت بنا رہے ہیں

''بہت زور دے کر کہا جاتا ہے کہ مسلمانوں کے مفادات اپنی تنظیم کے ذریعہ نہیں بلکہ سیکولر پارٹیوں کے ذریعہ ہی پورے ہو سکتے ہیں۔''

اگر اس بات میں ذرا بھی دم ہوتا تو اب تک شمالی ہند میں مسلمانوں کا کوئی مسئلہ ہی نہیں رہتا کیوں کہ اس پورے علاقے میں مسلمانوں نے ہمیشہ ہی سیکولر پارٹیوں کو ہی مضبوط بنایا۔ ابن الوقتوں نے جب جس پارٹی یا لیڈر کو ''سیکولر''

ثابت کر دیا تب مسلمانوں نے اسی کو ووٹ دے کر اقتدار تک پہنچا دیا۔ پھر اس سوال کا جواب بھی انہیں ابن الوقتوں کی گردن پر ہونا چاہئے کہ شمالی ہند کا مسلمان جو پچاس برس پہلے تک یہاں کا سب سے مضبوط حکمراں طبقہ تھا، پچاس سال کے اندر ان کے فلسفے پر عمل کر کے ذلیل وخوار ہو کر کیوں رہ گیا؟

اس کے برعکس کیرالا وغیرہ میں مسلمان کبھی بھی حکمراں طبقے کی حیثیت نہیں رکھتا تھا بلکہ مغلوں کے دور میں بھی اس کی حیثیت بیک ورڈ کلاس کی ہی تھی کیوں کہ وہ علاقے دلی کے ماتحت کبھی نہیں رہے، اب کس وجہ سے وہ وہاں حکمراں طبقے کی حیثیت اختیار کر رہا ہے۔

شمال وجنوب سب ایک ہی مرکزی حکومت کے تحت ہیں، فرق یہ ہے کہ شمالی ہند کا مسلمان ''نام نہاد سیکولر'' پارٹیوں کے فریب کا شکار بنا دیا گیا۔ جنوب کے مسلمان نے اپنی سیاسی اجتماعیت کے تحت فیصلے کر کے اس پر عمل کیا۔

کسے خبر کہ سفینے ڈبو چکی کتنے
فقیہ و شاعر و لیڈر کی ناخوش اندیشی

شمالی ہند کا مسلمان نام نہاد سیکولر پارٹیوں کی جے کار لگا کر اتنا بے وزن ہو گیا کہ ان سیکولر پارٹیوں کے دسترخوان کا پس خوردہ چاٹنے والے، انہیں ایک ڈپلوما دلانے والا طبی یا انجینئرنگ کالج بھی نہیں دلا سکے بلکہ انہوں نے اپنے باپ دادا کے قائم کئے ہوئے کئی مفید ادارے گنوا بھی دیئے جب کہ جنوب کے مسلمانوں نے ہر ریاست میں میڈیکل، انجینئرنگ اور دوسرے نئے نئے ادارے حاصل کئے، بینک اور فائنانس کارپوریشن بنائے جب کہ وہاں باپ دادا کے قائم کردہ ادارے تھے ہی نہیں۔

شمالی ہند کا مسلمان انگریز کی واپسی کے بعد ہر دن ایک قدم پیچھے ہٹ رہا

ہے، جب کہ جنوب کا مسلمان ہر دن ایک قدم آگے بڑھ رہا ہے۔ کیا یہ ذہنی غلام اور دماغی مریض اس حقیقت سے بھی انکار کر دیں گے۔ اس کا انکار تو ان کا مرشد اعظم دوبارہ جنم لے کر بھی نہیں کر سکتا۔

بھروسہ کر نہیں سکتے غلاموں کی بصیرت پر
کہ دنیا میں فقط مردان حُر کی آنکھ ہے بینا

۷۷ء کے بعد مفاد پرستوں نے مل کر ایک نیا نعرہ دیا تھا کہ مسلمانوں کو سیاسی طاقت جب ملے گی جب زیادہ سے زیادہ مسلمان پارلیمنٹ اور اسمبلیوں میں پہنچیں گے۔ لہٰذا زیادہ سے زیادہ مسلمان جتاؤ خواہ وہ کسی بھی پارٹی کے ہوں، جس حلقے میں ایک سے زیادہ مسلمان کھڑے ہو جائیں وہاں صرف اس مسلمان کو اجتماعی ووٹ دیا جائے جو جیت سکتا ہو۔

کچھ دن تک بے چارہ مسلمان اس سراب کے پیچھے بھی بھاگا کیوں کہ یہ ان کے طبقہ مترفین کا تخلیق کردہ تھا۔ مسلمانوں نے اسمبلیوں اور پارلیمنٹ کے ہر طاق اور محراب کو مسلمان نما کٹھ پتلیوں سے سجا کر رکھ دیا۔ یہاں تک کہ ۸۰ء میں صرف یوپی سے اٹھارہ مسلمان لوک سبھا میں پہنچ گئے، شاید عام مسلمانوں کو یہ معلوم نہ رہا ہو لیکن ان نعرہ دینے والوں کو تو معلوم تھا کہ پارلیمنٹ اور اسمبلیوں میں کوئی ہندو یا مسلمان نہیں بیٹھتا بلکہ اس میں صرف پارٹیوں کے ایسے پابند ممبر بیٹھتے ہیں جو پارٹی وہیپ کے خلاف اپنی ناک پر بیٹھی ہوئی مکھی بھی نہیں ہٹا سکتے۔ بہت زیادہ نقصان مسلمان جتا دینے کا بھی کیا نتیجہ نکلا۔ اس کے لئے صرف ۸۰ء سے ۸۷ء تک کے واقعات پر ایک سرسری نظر ڈال لینا کافی ہوگا۔

فتنہ ملت بیضا ہے امامت اس کی
جو مسلماں کو سلاطیں کا پرستار کرے

نام نہاد سیکولر پارٹیوں کے مسلم ایم ایل اے اور ایم پی کی حیثیت عام طور پر ہمیشہ ہی ایک ایسی لاٹھی کی رہی ہے جس سے ان کے سیکولر لیڈر مسلمانوں کو پیٹنے کا کام لیتے رہے ہیں، چوں کہ لاٹھی بھی مشرف بہ اسلام ہوتی ہے اس لئے یہ لیڈر بھی ''سیکولر'' ہی بنے رہتے ہیں۔

۶ر دسمبر ۹۲ء کو بابری مسجد گروانے کے بعد کانگریس و بھاجپا کی زیر اقتدار سبھی دس ریاستوں میں نرسمہا راؤ کے ایک ہفتے کے ''آپریشن گرین اسٹار'' کے دوران کانگریس کے وزراء ممبران پارلیمنٹ و اسمبلی کا جو رول رہا، جو کردار انہوں نے ادا کیا، جس بدکرداری و منافقت کا انہوں نے ثبوت دیا دیگر مواقع پر دسری سیکولر پارٹیوں اور ان کے مسلم حواریوں کا کردار بھی بہت زیادہ مختلف نہیں رہا ہے۔

مثال کے طور پر ۹۰ء کے اواخر اور ۹۱ء کے اوائل میں یوپی میں ایک دوسری سیکولر پارٹی کی حکومت نے جتنے بڑے پیمانے پر، جتنے بڑے علاقے میں اور جتنے مظلومانہ طریقے پر مسلمانوں کا قتل عام ریاست میں ہونے دیا۔ اس کی دوسری کوئی مثال کم از کم اتر پردیش کی تاریخ میں مل ہی نہیں سکتی۔ تاریخ کے اس سب سے بڑے قتل عام میں نہ تو کوئی مقدمہ درج ہونے دیا گیا، نہ ہی مظلوموں کی اشک شوئی کی کوئی کوشش ہوئی۔ البتہ کانگریسیوں کی طرح اس پارٹی کے مسلمان ''ٹک ٹک دیدم دم نہ کشیدم'' رہے بلکہ اپنے لیڈر کے وکیل صفائی بن کر میدان میں آئے اور اس کے دامن سے خون کے سارے دھبے صاف کر کے اسے سیکولر ہی نہیں رفیق الملک والملت بنا دیا۔ نرسمہا راؤ اور ان کی کانگریس نیز وشو ہندو پریشد اور اس کا لیڈر ہری وشنو ڈالمیا تو مسلمانوں کے سب سے بڑے ویلین بن گئے ہیں لیکن اسے مسلم نفسیات کی مضحکہ خیزی کے علاوہ کیا کہا جا سکتا ہے کہ نرسمہا راؤ اور ڈالمیا کا یار غار اور ان کے اشاروں پر رقص کرنے والا لیڈر مسلمانوں کا

''ہیرو''بن گیا۔

اے رہرو فرزانہ بے جذب مسلمانی
نے راہ عمل پیدا نے شاخ یقیں نمناک

مسلمانوں کا رخ اجتماعیت کی طرف سے پھیرنے کے لئے مفاد پرست مفکر بڑے فلسفیانہ انداز میں سر ہلا کر کہتے ہیں کہ مسلمان تعلیم میں بہت پیچھے ہیں، یہی اس کی پسماندگی کا سبب بھی ہے، اجتماعیت برحق ہے لیکن پہلے مسلمانوں کو تعلیم یافتہ بنایا جائے، پھر کچھ سوچا جا سکتا ہے۔

تعلیم کی اہمیت سے کسی کافر کو بھی انکار نہیں ہو سکتا، لیکن اس قسم کے مفکر اور فلسفی یہ کبھی نہیں بتائیں گے کہ مسلمان تعلیم میں پیچھے ہوا کیوں اور اسے عام طور پر تعلیم یافتہ کیسے بنایا جا سکتا ہے۔ اسے ہم بتاتے ہیں جس کسی بھی تعلیم یافتہ قوم کو حکومت اپنے عمل سے یہ باور کرادے کہ تمہیں سرکاری نوکری اور اقتدار میں حصہ داری نہیں ملے گی، اسی دن اس قوم میں تعلیم کا رجحان کم ہونا شروع ہو جاتا ہے اور سیانے ہونے پر والدین اور خود لڑکا بھی روزی روٹی کے چکر میں لگ جاتا ہے، یہی مسلمانوں کے ساتھ ہوا۔

میں چیلنج کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ سیاسی طاقت سے تہی دامن اور تفریق کی شکار کسی بھی قوم کو عام طور پر تعلیم یافتہ بنایا ہی نہیں جا سکتا خواہ سارے دانشور اور فلسفی سر کے بل کھڑے ہو جائیں۔ سیاسی طاقت حاصل کر کے اس کے ذریعہ تفریق ختم کر کے اور تعلیم کو روزی روٹی سے جوڑ کر ہی تیز رفتار تعلیمی رجحان پیدا کیا جا سکتا ہے جیسا کہ جنوبی ہند میں ہو بھی رہا ہے جہاں ننانوے فیصد مسلمان تعلیمی اور سماجی طور پر ہمیشہ پسماندہ رہے ہیں۔ بحث کی گنجائش نہیں ہے لیکن میں یہ ماننے کے لئے تیار بھی نہیں ہوں کہ مسلمان تعلیم میں دوسروں سے کوئی بہت

زیادہ پیچھے ہے؟

کچھ مصلحین کا کہنا ہے کہ مسلمانوں کو سیاسی طاقت کے حصول کے بجائے یا اس کی کوشش سے پہلے یہودیوں کی طرح دولت کمانا چاہئے۔ وہ امریکہ کے یہودیوں کی مثال دیتے ہیں، ان کا کہنا ہے کہ دولت ہوگی تو سب کچھ ہو جائے گا۔شایداس قسم کے دانشور اسلام اور مسلمانوں کو جانتے بھی نہیں۔مسلمانوں کی حد تک ان کی یہ دلیل مضحکہ خیز ہے۔

سبب کچھ اور ہے کہ جس کو تو سمجھتا ہے
زوال بندہ مومن کا بے زری سے نہیں

کیا اس قسم کے مسخروں کو یہ بھی نہیں معلوم کہ اس دور میں سیاسی پشت پناہی کے بغیر دولت بھی نہیں کمائی جاسکتی۔ نہ ہی تعلیم کے ادارے قائم کئے جاسکتے ہیں۔ جہاں ریل میں سیٹ کے ریزرویشن کے لئے بھی سیاسی طاقت ضروری ہوگئی ہو وہاں اس قسم کی باتیں مسخرہ پن کے سوا کچھ بھی نہیں۔

یہ طبقہ جب گفتگو میں لاجواب ہوتا ہے اور کوئی دلیل نہیں پاتا تو کہہ دیتا ہے کہ مسلمانوں کو اپنی قیادت میں اجتماعیت کی کوشش بے سود ہے کیوں کہ مسلمان کبھی متحد ہو ہی نہیں سکتا۔ اس میں عقیدہ و مسلک کے اختلافات ہیں، ذات برادی کے جھگڑے ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ شمالی ہند میں اب تک مسلمانوں کو اپنی قیادت کی کسی تنظیم کے تحت متحد ہونے کا مقصد و مطلب تک ان کے ''مترفین'' نے سمجھنے نہیں دیا لیکن وہ مفاد پرست طبقے کے لیڈروں اور پارٹیوں کو جتانے کے لئے ہمیشہ متحد رہا ہے۔

بہت پرانی مثالوں کی ضرورت نہیں اے ء میں وہ اندرا گاندھی کو جتانے کے لئے پورے ملک میں متحد تھا تو ۷۷ء میں جنتا پارٹی کو ووٹ دینے میں اس نے

مثالی اتحاد کا مظاہرہ کیا، ۸۰ء ۸۵ء میں اس نے کسی بھی پارٹی کے مسلم امیدوار کو جتانے کے لئے مثالی اتحاد کا مظاہرہ کیا۔ ۸۹ء میں بھی اس کی اکثریت جنتا دل کو ووٹ دینے کے نام پر متحد رہی، ابھی ۹۳ء میں اس نے سماجوادی اور بہوجن سماج پارٹی اتحاد کو جتانے میں اپنی ساری طاقت جھونک دی، یہاں تک کہ اس نے عین الیکشن کے پہلے بی جے پی سے سماجوادی پارٹی میں گئے ان پینتالیس امیدواروں کے لئے بھی اتنی ہی طاقت لگائی جن میں سے اکثر بابری مسجد توڑنے میں بہ نفس نفیس شریک تھے اور حلقے کے مسلمانوں کو اس کا علم بھی تھا۔

یہ الگ بات ہے کہ مسلمانوں کے ان اتحادیوں کی بنیاد منفی اور غلط رہی ہے جس سے ان کو اس کا فائدہ نہیں ہوا بلکہ کچھ نقصان ہی پہنچا لیکن کسی نہ کسی صحیح یا غلط بنیاد پر ہمیشہ متحد رہنے والے گروہ کے بارے میں یہ کہنا کہ وہ متحد نہیں ہوسکتا یا یہ سمجھنا کہ وہ جب متحد ہوگا غلط بنیادوں پر ہی متحد ہوگا، بالکل بے ایمانی کی بات ہے۔

مثلاً اگر کسی گروہ کو لکھنؤ سے کانپور جانا ہو، اس کی منزل مقصود کانپور ہو، لیکن اس کو کچھ بے ایمان لوگ بہکا کر سیتاپور روڈ پر ڈال دیں اور یہ سمجھا دیں کہ یہی روڈ کانپور جائے گی تو یقیناً وہ لوگ جتنا سفر کریں گے منزل سے اتنی ہی دور ہوتے جائیں گے لیکن اس گروہ کے بارے میں یہ کہنا صریح ناانصافی ہوگی کہ اس میں سفر کرنے کی صلاحیت ہی نہیں یا وہ جب بھی آمادہ سفر ہوں گے الٹی سمت میں ہی چلیں گے۔

نو امید نہ ہو ان سے اے رہبرِ فرزانہ
کم کوش تو ہیں لیکن بے ذوق نہیں راہی

اب رہی مسلمانوں میں مسلک، عقیدہ اور ذات برادری کے جھگڑے کی بات تو یہ سوال ہی لغو ہے۔ سیاسی معاملات طے کرتے وقت مسلمان غلط فیصلہ

کریں یا صحیح، اب تک عام طور پر یہ چیز سیاست میں بالکل اثر انداز نہ تو ہوئی ہے نہ آئندہ ہوگی۔

البتہ ہم مفاد پرستوں سے یہ سوال تو کر ہی لیں کہ تم اپنے آقاؤں کے درباروں میں سے ایک ہی ایسے دربار کی نشان دہی کرو جس کے درباریوں اور خوشامدیوں میں بریلوی، دیوبندی، شیعہ، سنی، سید، پٹھان، انصاری سب ہی نہ ہوں لیکن ہم نے تو یہ کبھی نہیں سنا کہ ان درباروں میں کبھی اس نام پر کوئی جھگڑا یا اختلاف ہوا ہو۔

مفاد پرست طبقہ خواہ مسلمانوں کو عزت کی زندگی کے حصول کی جدوجہد سے باز رکھنے میں آئندہ کچھ برس اور کامیاب رہے لیکن وہ ذلت کی موت میں مسلمانوں کا سو فیصدی اتحاد روزانہ اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہے۔

محکوم کے الہام سے اللہ بچائے
غارت گر اقوام ہے یہ صورت چنگیز

کیا مسلمانوں کی سرکوبی کی کسی ایک مہم میں بھی پی اے سی والوں نے کسی مسلمان سے اس کا مسلک، عقیدہ، ذات، برادری یا سیاسی وابستگی پوچھ کر اسے گولی ماری؟ یا اس کا گھر لوٹا اور جلایا؟ آخر ذلت کی موت میں سو فیصدی متحد رہنے والا گروہ عزت کی زندگی کے حصول کی جدوجہد کے لئے متحد کیوں نہیں ہو سکتا؟

کرتے ہیں غلاموں کو غلامی پر رضا مند
تاویل مسائل کو بناتے ہیں بہانہ

ایک دلیل یہ دی جاتی ہے کہ مسلم مجلس اور مسلم لیگ تو بنی تھیں انہوں نے ہی کون سا تیر مار لیا؟ ان سے ہی کیا فائدہ پہنچا جس سے آئندہ یہ امید کی جا سکے کہ آئندہ تنظیم بنا کر اس سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے؟

اس موقع پر ہم اس بحث میں نہیں الجھنا چاہتے کہ مسلم مجلس سے کتنا فائدہ یا نقصان پہنچا، ایسے لوگوں سے اتنا ہی کہیں گے کہ یہ تمہارے منہ میں جو گز بھر لمبی زبان ہوگئی ہے ڈاکٹر فریدی اور مسلم مجلس سے پہلے اس کا وجود بھی محسوس نہیں ہوتا تھا۔

کسی ادارے، اسکول یا جماعت کے چلانے والوں سے اتنی ہی امید رکھنی چاہیے جتنے وسائل انہیں فراہم کئے گئے ہوں۔ ایک مکتب چلانے سے بھی کم وسائل فراہم کر کے کسی سے بھی یہ امید نہیں کرنی چاہیے کہ وہ کالج یا یونیورسٹی قائم کر کے دکھادے گا۔ اسی طرح کسی سیاسی جماعت کی کارکردگی اس کو دی جانے والی حمایت سے ہی ناپی جانی چاہیے۔ ہم پہلے کہہ چکے ہیں کہ مسلمانوں نے کبھی بھی مسلم مجلس کو ایک فیصدی سے زیادہ ووٹ ہی نہیں دیا، پھر اس کی کارکردگی پر بحث ایمانداری کے خلاف ہے۔

وہ فریب خوردہ شاہیں جو پلا ہو کرگسوں میں
اسے کیا خبر کہ کیا ہے رہ و رسم شاہ بازی

اکثریت واقلیت کا شیطانی فلسفہ

دورِ حاضر کے جن فلسفوں کے ذریعہ مسلمانوں کو موجودہ حالت تک پہنچایا گیا ان میں اکثریت واقلیت کے شیطانی فلسفے نے ایک اہم کردار ادا کیا۔ ہمارے مفاد پرست طبقے نے ’’كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً‘‘ جیسی قرآنی صداقتوں پر سے اپنا ایمان ختم کر کے مسلمانوں کو ایک طویل عرصہ تک اکثریت و اقلیت کے شیطانی فلسفے کا مومن بنادینے میں نمایاں کامیابی حاصل کی۔

اس فلسفے کو مسلمانوں کے دماغوں میں زہر کی طرح سرایت کر دیا گیا ہے اور

جب بھی کوئی صحیح آواز اٹھتی ہے تو اچھے بھلے لوگوں کے دماغوں میں بھی یہ بات آجاتی ہے کہ اقلیت میں ہونے کی وجہ سے ہم کر ہی کیا سکتے ہیں۔

جب بھی کوئی موقع آتا ہے بڑے سے بڑا مفاد پرست منافق بھی مسلمانوں کے بیچ کہہ دیتا ہے کہ ارے بھائی یہاں تو ہر ہندو ہندو اور مسلمان مسلمان ہے۔ یقیناً بعض حساس مواقع پر ایسا محسوس ہوتا ہے لیکن عام سماجی وسیاسی معاملات میں یہ بات حقیقت سے اتنی ہی بعید ہوتی ہے جتنی دوری زمین اور آسمان میں ہے۔

یہ ایک سچائی ہے کہ اس ملک میں نہ تو کوئی مستقل اکثریت ہے، نہ ہی اقلیت، نہ ہی یہاں اکثریت واقلیت کا کوئی مستقل مسئلہ ہے، البتہ حکمراں طبقے نے اپنے وسیع تر مفاد میں عوامی دماغوں میں اس قسم کا مکڑ جال ضرور بُنا ہے۔

بھارت کا انسانی معاشرہ بنیادی طور پر نسلی، قبائلی، علاقائی، لسانی، سماجی اور مذہبی اقلیتوں کا معاشرہ ہے، جس میں مسلمان سب سے بڑی اکثریت ہیں۔ اس ملک میں صرف مسلمان اور برہمن ہی آل انڈیا کردار رکھتے ہیں، سماج کی کوئی دوسری اکائی آل انڈیا کردار رکھتی ہی نہیں بلکہ سب کے سب علاقائی کردار رکھتے ہیں۔

خود اتر پردیش میں بھی صرف مسلمان اور برہمن ہی یہاں کے ہر اسمبلی حلقے میں پائے جاتے ہیں۔ اتر پردیش کی حد تک جاٹو یا چمار کہی جانے والی اکائی بھی صوبائی کردار رکھتی ہے، دوسری کوئی جاتی یا اکائی صوبائی کردار بھی نہیں رکھتی۔

بھارت یا اس کے کسی صوبے میں اونچی جاتیاں بھی ایک مکمل اکائی نہیں ہیں۔ برہمن، بنیا اور کائیستھ ضرور مل کر ایک اکائی اور اصل حکمراں طبقہ بن گئے ہیں لیکن ملک میں ان کا تناسب آبادی چھ سات فی صدی سے زیادہ نہیں ہے۔ اس وقت اونچی نیچی جاتیوں میں ابھر رہی کشمکش میں دوسری اونچی جاتیاں بھی

برہمن کا ساتھ دے رہی ہیں اور آئندہ کچھ برسوں تک ساتھ دے سکتی ہیں لیکن ان میں بھی ضرورت بھر ہم آہنگی نہیں ہے، نہ ہوسکتی ہے کیوں کہ برہمن نے ٹھاکروں اور جاٹوں وغیرہ کا کم استحصال نہیں کیا ہے۔

ملک میں کل ملا کر پچھڑی جاتیوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے، لیکن ان کی سیکڑوں جاتیوں میں سے کسی دو جاتی میں بھی ہم آہنگی نہیں ہے اور اب ان میں بھی پسماندہ اور بہت زیادہ پسماندہ جاتیوں کی تقسیم ابھر رہی ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ پچھڑی جاتیوں کی ہر ایک جاتی ایک الگ اکائی کی حیثیت رکھتی ہے اور ان میں باہمی باہمی کشمکش بھی ہے جب کہ یہ سب حکمراں طبقے سے کشمکش کے دور میں بھی داخل ہو رہی ہیں اور آپس میں بھی ایک دوسرے کے خلاف بغض عناد رکھتی ہیں۔

دلت یا اقوامِ مندرجہ فہرست میں کچھ ہم آہنگی ضرور پیدا ہوئی ہے لیکن ان کی الگ الگ جاتیوں میں آپسی کشمکش بھی موجود ہے، ان کی کئی چھوٹی چھوٹی جاتیوں پر ڈاکٹر امبیڈکر کا فلسفہ بالکل اثر انداز نہیں ہوا اور وہ اب تک حکمراں طبقہ کے گھڑے کی مچھلیاں بنی ہوئی ہیں، دلتوں کی جو بڑی جاتیاں بیدار ہو کر منظّم ہوچکی ہیں یا منظّم ہونے کے عمل سے گزر رہی ہیں ان کی مجموعی تعداد بھی مسلمانوں سے زیادہ نہیں، کم ہی ہے۔

چاہے اپنے مفاد میں ہمارا مفاد پرست طبقہ عام مسلمانوں کو کچھ نہ بتائے لیکن اسے بھی اچھی طرح معلوم ہے کہ ہندو کہی جانے والی جاتیوں اور طبقوں میں اس وقت بھی جتنی کھینچ تان، آپسی کشمکش اور باہمی ٹکراؤ موجود ہے وہ بھی عام ہندو مسلم سوال سے زیادہ ہی ہے۔ مستقبل قریب میں یہ ٹکراؤ آج سے کئی گنا زیادہ بڑھے گا۔ یہ اتنا بڑھے گا کہ ہندو مسلم سوال پس پشت چلا جائے گا۔

اگر بیچ کے اس عبوری دور میں جو صرف چند برسوں رہے گا اگر ہم صرف

مسلمانوں کے لئے نہیں بلکہ پورے ہندوستانی معاشرہ کے لئے اپنی قیادت کی کسی تنظیم کے تحت منظّم ہو کر جدو جہد کے میدان میں آنے پر آمادہ ہو جائیں تو ہندو مسلم سوال ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا اور مسلمان ایک بار پھر قیادت و امامت کے منصب تک پہنچ سکتے ہیں۔

اکثریت واقلیت کا شیطانی فلسفہ ہمیشہ ہی بے معنی رہا ہے لیکن اب ملک میں جو حالات پیدا ہو رہے ہیں اس میں تو فلسفے کی طاقت مکڑی کے جالے سے بھی کم ہے لیکن مکڑی کا جالا بھی توڑنے سے ہی ٹوٹتا ہے، خود بخود نہیں ٹوٹ جایا کرتا۔

قیادت آسمان سے نہیں ٹپکتی

حکمراں طبقے کی میڈیا ان کے زر خرید اردو کے روزانہ اور ہفتہ وار اخبارات اور ملت کے منافقین ہر افتاد پر ''مسلم لیڈر شپ'' کو برابر کوستے رہتے ہیں۔ اس طرح وہ ''مسلم لیڈر شپ'' کو کوس کر اپنے آپ کو مسلمانوں کا ہمدرد بھی ثابت کرتے ہیں اور اس سے ان کا سب سے بڑا مقصد یہ ہوتا ہے کہ اعتماد کے بحران کی شکار اس قوم کا اعتماد ہمیشہ اپنی لیڈر شپ سے اٹھا ہی رہے، کبھی کسی لیڈر شپ پر ان کا اعتماد جمنے ہی نہ دیا جائے۔

سب سے پہلے اس سوال پر غور کرنا چاہئے کہ کیا ملک میں کسی ''مسلم لیڈر شپ'' کا وجود ہے بھی؟ اگر اس جیسی کسی شئے کا وجود ہی نہیں تو ایک خیالی شئے پر مسلسل تیر اندازی کا مقصد اس کے سوا کیا ہو سکتا ہے جو ہم نے بتایا ہے۔ پہلے اس حقیقت کو تسلیم کیا جانا چاہئے کہ انگریز کی واپسی کے بعد مسلم لیڈر شپ نام کی چڑیا کو بھارت کے آسمان پر کسی نے اڑتے ہوئے دیکھا بھی ہے؟

لیڈر اسے کہتے ہیں جس کی ایک موثر سیاسی تنظیم ہو، اس کے مطلوبہ تعداد

میں فالور ہوں اور وہ آزادانہ طور پر اپنی پارٹی کی پالیسیاں بناتا ہو اور ہر موقعے پر حکمت عملی طے کرتا ہو۔ کیا سارے منافقین اور ان کے آقا مل کر ڈاکٹر فریدی کے علاوہ ایسا ایک مسلم نام پیش کر سکتے ہیں۔ صرف ڈاکٹر فریدی ہی شمالی ہند میں اکیلے آدمی ہوئے ہیں جنہوں نے اپنی تنظیم بنائی۔ اس کی پالیسیاں اور حکمت عملی بھی آزادانہ طے کی، لیکن وہ ایسے لیڈر تھے جسے اپنی زندگی میں مطلوبہ تعداد میں فالوور نہیں ملے اور وہ چند برس بعد ہی دنیا سے رخصت ہو گئے۔

علاقائی لیڈر شپ کا اطلاق صرف کیرالا اور کسی حد تک حیدرآباد (آندھرا پردیش نہیں) پر کیا جا سکتا ہے لیکن ان دونوں جگہوں پر مسلمانوں کے فوائد تو گنائے جا سکتے ہیں لیکن نقصانات کی سچی فہرست کوئی نہیں بنا سکتا۔ رہیں غلطیاں تو وہ سب سے ہوئی ہیں آئندہ اگر کوئی لیڈر شپ ابھرتی ہے تو اس سے بھی ہوں گی۔

ایک بات اور صاف کر دی جائے یہ مسلم ایم پی، ایم ایل اے، وزیر وغیرہ لیڈر نہیں ہوتے۔ کوئی دیوانہ یا مجنوں آدمی ہی انہیں لیڈر سمجھ کر مسلم لیڈر شپ پر تیراندازی کر سکتا ہے۔ یہ تو سب سے بڑے فالوور ہوتے ہیں۔ کسی پارٹی میں پالیسی پروگرام اور اس کی مزاج سازی میں ان کا حصہ رتی بھر بھی نہیں ہوتا۔ یہ ہماری حماقت ہے کہ ہر افتاد پر ہم ان سے استعفےٰ کی توقع کرتے ہیں اور پھر مایوس ہو جایا کرتے ہیں۔ یہ اوراق قارئین کے دماغ میں یقیناً ہلچل پیدا کریں گے۔ اس وقت قارئین کے دماغ میں یہ سوال پیدا ہوگا اور اگر پیدا نہ ہوا تو پیدا کر دیا جائے گا کہ جب ہمارا کوئی لیڈر ہی نہیں تو بغیر لیڈر کے کیا ہو سکتا ہے۔ اگر عام مسلمان کچھ کرنے پر تیار ہو جائے تب بھی بنا لیڈر کے کیا ہو سکتا ہے۔

پہلے اچھی طرح سمجھ لیا جانا چاہئے کہ جمود و تعطل کی شکار کسی قوم میں لیڈر شپ کس طرح پیدا ہوتی ہے، کسی گروہ، قوم یا طبقے کی لیڈر شپ ایسی سرسوں نہیں

ہے جسے ہتھیلی پر اگایا جا سکے۔ نہ ہی کوئی شخص چھتری کے ذریعہ آسمان سے اترنے والا ہے جسے دیکھ کر ہم سمجھ سکیں کہ یہ ہمارا لیڈر ہے، نہ ہی غیب سے یہ ندا آنے والی ہے کہ اے لوگو! فلاں شخص تمہارا لیڈر ہے، نہ نبوت کی طرح لیڈر شپ کا دعویٰ کرنے کی کوئی چیز ہے کہ کوئی شخص یہ دعویٰ لے کر اٹھے اور آپ سے بیعت کرے۔ اب تو آپ کے اندر لیڈر شپ کا جنم ایک صحیح طرز فکر کے تحت جدوجہد اور قربانیوں کے بطن ہی سے ہو سکتا ہے۔

قیس پیدا ہوں تری محفل میں یہ ممکن نہیں
تنگ ہے صحرا ترا محمل ہے بے لیلا ترا

یہ ایک حقیقت ہے کہ مقامی، ضلعی، صوبائی اور ملکی سطح پر اس وقت بھی مسلمانوں میں قیادت کے لائق افراد کسی بھی طبقے سے کم نہیں ہیں۔ مسلمانوں میں ایک جٹ ہو جانے کی صلاحیت بھی سب سے زیادہ ہے، ان کی اصل کمزوری یہ ہے کہ وہ اپنے کسی آدمی کو لیڈر ماننے پر آمادہ نہیں ہوتے، اس کی کئی عملی اور نفسیاتی وجوہات ہیں۔

ان کے اندر دوسری کمزوری یہ پیدا کر دی گئی ہے کہ جب تک انہیں جیت کا امکان نظر نہ آئے وہ کسی کا ساتھ دینے پر راضی نہیں ہوتے، جب بھی کوئی لیڈر شپ یا آواز حق اٹھے گی فوراً ہی اس کی کامیابی کا امکان نہیں رہے گا۔

اور اس کی پہلی کشمکش اپنوں ہی سے ہوگی اور سلطان صلاح الدین ایوبی کی طرح پہلے اسے مختلف قسم کے دعوے داروں کا خاتمہ کرنا پڑے گا، کیوں کہ:

حریف اپنا سمجھ رہے ہیں مجھے خدایان خانقاہی
انہیں یہ ڈر ہے کہ میرے نالوں سے شق نہ ہو سنگ آستانہ

قارئین اس پر غور کریں کہ اتر پردیش کے دلتوں کی اکثریت نے تین متواتر

الیکشنوں میں ایکپارٹی کواپنی پارٹی سمجھ کر ہار جیت کے امکان پر غور کئے بغیرا سے ووٹ دیا اور یہ خیال نہیں کیا کہ امیدوار کس ذات یا برادری کا ہے۔ تینوں الیکشنوں میں اس پارٹی کو معقول تناسب سے ووٹ ملے، لیکن اسے بدترین شکست کا سامنا کرنا پڑا، پھر بھی دلتوں نے مایوس ہو کر اس کا ساتھ نہیں چھوڑا۔ برہمنی میڈیا نے اس پارٹی اور اس کی لیڈر شپ کی بھر پور کردار کشی کی، اس کی لیڈر شپ نے غلطیاں بھی کیں لیکن دلتوں پر کوئی فرق نہیں پڑا جب کہ ان غلطیوں کو دلت عوام نے بھی تسلیم کیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ تاریخ میں پہلی بار دلت بھی سب سے بڑے صوبے میں شریک اقتدار ہو گئے۔

کیرالا میں خود مسلمانوں ہی کی مثال بھی لیجئے۔ وہاں مسلمانوں میں اپنی قیادت کی تنظیم کے تحت اجتماعیت کا شعور ہے، جس کی وجہ سے وہ کیرالا میں ایک طویل عرصے سے شریک اقتدار ہیں اور اقتدار میں ان کا حصہ مسلمانوں کی تناسب آبادی سے کہیں زیادہ رہا ہے۔ ذاتی اقتدار کی کشمکش (جو انسانی فطرت کا خاصہ ہے) میں مسلم لیگ پہلے بھی دو بار ٹوٹی منتشر ہوئی، مسلمانوں نے انہیں اتنی گالیاں دیں جس سے لوگوں نے سمجھا کہ مسلم لیگ اب ختم ہو جائے گی۔

اس وقت خود میں بھی یہی سمجھتا تھا لیکن جب الیکشن سے پہلے وہاں کے مسلمانوں سے بات کی تو لوگوں نے کہا کہ ''یہ کتے ہڈی کے ٹکڑوں پر لڑ رہے ہیں لیکن ووٹ تو ہم ان ہی کو دیں گے، ان کتوں کی لڑائی میں ہم اپنی طاقت کیوں ختم کریں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسلم لیگ کی تقسیم کے بعد دونوں دھڑوں کو ملا کر ان کی سیٹیں مزید بڑھ گئیں، بعد میں یہ پھر ایک ہو گئے۔

مسلم لیگ کا کانگریس سے اتحاد، کیرالہ کے مسلمانوں کو پھوٹی آنکھو بھی پسند نہیں۔ اگر انہوں نے آئندہ کانگریس سے اتحاد کرنے والے دھڑے کو چھوڑا بھی

تو وہ مایوس ہو کر کسی دوسرے آستانے پر سر نہیں جھکائیں گے بلکہ کانگریس مخالف دوسرے دھڑے کو اس طرح جتائیں گے کہ دونوں کو ملا کر سیٹیں کم نہ ہوں بلکہ بڑھ جائیں۔

براہیمی نظر پیدا بڑی مشکل سے ہوتی ہے
ہوس چھپ چھپ کے سینوں میں بنا لیتی ہے تصویریں

اگر اتر پردیش یا ملک کے دوسروں حصوں میں بھی مسلمانوں میں ایک ''بامقصد اجتماعی شعور'' ابھرتا ہے تو ان کے سامنے قیادت کے فقدان کا کوئی مسئلہ نہیں ہوگا۔ ہر سطح پر ان کے اندر قیادت کے لائق افراد موجود ہیں۔ضرورت ہے تو صرف اتنی کہ عوام میں قیادت کے پیچھے چلنے کا جذبہ دوبارہ پیدا کیا جائے۔

مسلمانوں کا اصل مسئلہ کیا ہے؟

اگر کسی شخص کے جسم کا خون خراب ہو جائے تو اس کے نتیجے میں اس کے جسم پر پھوڑے، پھنسیاں نکلیں گی اور دوسری تکلیفیں ہوں گی، اگر خون کی خرابی کو نظر انداز کر کے صرف پھوڑے پھنسیوں کا علاج کیا جائے تو بھی اس سے اس کی تکلیفوں میں کمی ہو سکتی ہے لیکن وہ بالکل ٹھیک نہیں ہوں گی۔ اگر ایک پھوڑا ٹھیک بھی ہو گیا تو پھر دوسرا نکلے گا۔

ایسے مریض کی صحت مندی کے لئے خون کا علاج ضروری ہے جب خون صاف ہو جائے گا تو پھوڑے پھنسیاں خود بنا کسی علاج کے ٹھیک ہو جائیں گی۔

انگریز کی واپسی کے بعد مسلمانوں کا طبقہ ''مترفین'' ملت کے جسم پر ایک تسلسل کے ساتھ نکلنے والے پھوڑوں کا کچھ نہ کچھ علاج ضرور کرتا رہا، اس کام کے لئے کبھی کبھی مفاد پرست طبقے کے آقاؤں نے بھی اپنے غلاموں کو یہ چھوٹ دی کہ تم بھی

فلاں پھوڑے کے علاج میں ہاتھ بٹا کر مریضوں کی ہمدردی حاصل کرلو۔

لیکن پچاس سال میں ایک بار بھی نہ تو ہم نے اصل مرض کی تشخیص کی نہ ہی ہمارے نام نہاد سیاسی لیڈروں، علماء اور دانشوروں نے اپنے اپنے مفاد میں یا ناسمجھی کی بنا پر مسلمانوں کو اصل مرض کے علاج کی طرف متوجہ ہونے دیا۔ ہاں کبھی کبھی کچھ سر پھرے قسم کے لوگوں نے اصل مرض کی نشاندہی کی کوشش کی بھی تو سب نے مل کر اسے جذباتی قرار دیا اور اس کی آواز کا گلا گھونٹ دیا۔ اب ہمارے پاس زیادہ وقت نہیں بچا ہے، اگر ہمیں مریض کو بستر مرگ تک پہنچ جانے سے بچانا ہے تو ہمیں وقت کے اندر سب سے پہلے اصل مرض کی تشخیص کرنی ہوگی اور پھر پوری تندہی اور طاقت سے اس کا علاج کرنا ہوگا۔ مریض کو صحت مند بنا کر قوموں، طبقوں اور گروہوں کی دوڑ میں شامل ہونے کے قابل بنانا ہوگا۔ مریض میں اتنی فطری صلاحیت ہے کہ اگر اس کو ایک بار دوڑ میں شامل کرنے پر تیار کر دیا جائے تو وہ اب بھی سب کو پیچھے چھوڑ دینے کی طاقت رکھتا ہے۔

اگر سمجھانے والے تیار ہو جائیں تو عوام کو یہ سمجھنے میں کوئی دقت نہیں ہوگی کہ یہ پرسنل لاء، اردو، علی گڑھ، سرکاری نوکریاں، فرقہ وارانہ فسادات، پی اے سی، تعلیم، معاشی پسماندگی وغیرہ وغیرہ اصل مرض یا اصل مسئلہ نہیں بلکہ یہ سب اصل مرض اور اصل مسئلے کے لازمی نتائج ہیں۔ اصل مرض اور اصل مسئلہ مسلمانوں کا اسلام کے مقصد وجود کو بھلا دینا ہے۔ وقت آ گیا ہے بلکہ تیزی کے ساتھ گزر رہا ہے۔ قوموں، طبقوں، نسلوں اور جاتیوں کی دوڑ شروع ہو رہی ہے، عام مسلمانوں کو اور ان کے مترفین میں جو لوگ بالکل مفاد پرست نہ ہو چکے ہوں، انہیں مل کر اپنے مفاد پرست طبقوں کو نظر انداز کر کے یہ سوچنا چاہئے کہ امت مسلمہ کا مقصد وجود کیا تھا؟ ظاہر ہے کہ امت مسلمہ کا جو مقصد وجود تھا وہی

مسلمانوں کا مقصد حیات بھی ہونا چاہئے۔

کیا اس بات میں کسی بحث کی گنجائش ہے کہ رسول اکرم ﷺ کے ذریعہ خدا نے اس امت کو صرف اس لئے برپا کیا تھا کہ یہ امت انسانی معاشرے کی صحیح سمت میں رہنمائی کرے گی۔ یہ امت اپنی پوری طاقت لگا کر انسانی معاشرے کو برائیوں کی طرف جانے سے روکے گی اور بھلائیوں کو نافذ کرے گی۔

اگر عزت کے ساتھ اس عظیم ملک اور دنیا کے دوسرے سب سے بڑے انسانی معاشرے میں زندہ اور باقی رہنا ہے تو ایک ایک فرد کو یہ سوچنا پڑے گا کہ اتنے اعلیٰ مقصد کے حصول کے لئے برپا کی گئی امت نہ صرف یہ کہ اپنے مقصد وجود سے ہی غافل ہوجائے بلکہ اس کا ذی اثر و باصلاحیت طبقہ برائیوں کے تھوک بیوپاریوں کا ملازم، کمیشن ایجنٹ، منیم اور چپراسی تک بن جانے میں فخر تک محسوس کرنے لگے۔ اس کے افراد برائیوں کی بڑی بری فیکٹریوں کے کل پرزے بن جانے کو اپنا مقصد حیات بنالیں تو پھر پیدا کرنے والے کو ایسی امت کی ضرورت ہی کہاں باقی رہ جاتی ہے۔

کیا ہم اور آپ روزانہ نہیں دیکھتے کہ بڑی محنتوں سے بار آور کئے گئے ان درختوں اور باغات تک کو جڑ سے کاٹ دیا جاتا ہے۔ جب وہ اپنا ’’مقصدِ وجود‘‘ یعنی پھل دینا بند کردیتے ہیں۔

کسی بھی بڑے خاندان کے ان افراد کو حقوق نہیں دیئے جاتے جو خاندان کے تئیں اپنی ذمہ داریاں بھی محسوس نہیں کرتے ہمارا ہندوستانی معاشرہ ایک بہت بڑے خاندان کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس پورے خاندان کے تئیں اس کے حصے کی جسے مسلمان کہا جاتا ہے کیا ذمہ داری تھی؟ کیا اسے بھی تفصیل کے ساتھ بتانے کی ضرورت ہے۔

کر سکتے تھے جو اپنے زمانے کی امامت
وہ کہنہ دماغ اپنے زمانے کے ہیں پیرو

اب ذرا قارئین کرام چند لمحے یکسو ہوکر ایمانداری کے ساتھ غور کریں کہ ایک ایسے جمہوری نظام میں جس میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے ذمہ داروں کی معقول اور فیصلہ کن تعداد ہونے کے باوجود اس معاشرے کی اخلاقی حس تک کو برباد کر کے رکھ دیا گیا لیکن ''کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃ'' کا ورد کر کے سینہ پھلانے والوں کے کان پر جوں تک نہیں رینگی۔

شراب سے متنفر ہندوستانی معاشرے کو چند روپیوں کے لئے ''ام الخبائث'' کا رسیا بنانے کی ملک گیر مہم چلتی رہی۔ ایک ایک گاؤں تک شراب کی سرکاری دوکانیں کھولی جاتی رہیں، لاٹری کے نام پر اعلانیہ لاکھوں کروڑوں کا لالچ دے کر ایک ایک فرد کو جواری اور افیونچی بنا کر معاشرے کی قوت عمل کو مفلوج کیا جاتا رہا لیکن مسلمان خاموش تماشائی ہی نہیں رہے بلکہ ان کے مددگار بھی بن گئے۔ فائیو اسٹار تہذیب کی نقالی نے ملک کی عصمت مآب سوسائٹی کی بیٹیوں کو ''کال گرل'' بنا کر رکھ دیا۔ سود خوری، معاشی استحصال اور سرمایہ دارانہ لوٹ کھسوٹ نے انسانیت کا رس نچوڑ کر رکھ دیا ہے۔ انسانی خون کا ایک ایک قطرہ غیر محسوس طریقے سے چوس لینے کے لئے ایک ایک گاؤں تک سود خور بنکوں کی جونکیں پہنچائی جارہی ہیں۔

عوام کے نوکر دھیرے دھیرے عوام کے حاکم بن کر ان کے سینوں پر سوار ہوگئے۔ ان کے ذریعہ پھیلائے گئے کرپشن، بدعنوانی، رشوت خوری، نااہلی، کام چوری، ظلم، دھاندلی اور سماجی ناانصاری نے انسانیت کی ساری حدود کو پامال کر کے رکھ دیا ہے۔ پوری انسانیت کینسر زدہ اور ایڈز زدہ ہوکر رہ گئی ہے۔

مسلمان جنہیں انسانیت کے انہیں روگوں کے معالج اور ڈاکٹر کی ڈیوٹی پر متعین کیا گیا تھا وہ نہ صرف یہ کہ اپنی ذمہ داریوں سے غافل ہو گئے بلکہ وہ تو ان بیماریوں کو پھیلانے والوں کے صرف معاون ہی نہیں بلکہ ان کے ڈولی بردار تک بن گئے۔ پھر بھی ہمیں یہ شکایت ہے کہ ہم پر ظلم ہو رہا ہے۔

اگر حاکم وقت کسی کو ہیلتھ آفیسر بنا کر متعین کرے لیکن اس کا ہیلتھ افسر بیماریوں کی روک تھام کرنے کے بجائے بیماریوں کے پھیلانے والوں کا مددگار بن جائے تو پھر حکمراں کو اس سے کیا دلچسپی ہو سکتی ہے کہ اس کا ہیلتھ افسر خود کسی بیماری کا شکار ہو کر مر جائے یا کوئی اسے قتل کر دے۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ خدا نہ کسی فرد یا گروہ پر ظلم کرتا ہے نہ ہی زیادہ دیر کسی کو ظلم کرنے دیتا ہے بلکہ افراد اور قومیں خود اپنے نفس پر ظلم کرتی ہیں لیکن یہ سمجھنے سے قاصر رہتی ہیں کہ ہم خود اپنے آپ پر ظلم کر رہے ہیں۔

کعبہ پہلو میں ہے اور سودائی بت خانہ ہے
کس قدر شوریدہ سر ہے شوق بے پروا ترا
اور ہے تیرا شعار آئین ملت اور ہے
زشت روئی سے تری آئینہ ہے رسوا ترا

دنیا بنانے والے نے اپنے آخری پیغام میں صاف صاف کہہ دیا ہے کہ ہم ظالم کی رسی کو زیادہ دراز نہیں کرتے، لیکن اگر شر کی طاقتوں کو رفع کرنے کے لئے خیر کی کوئی طاقت سامنے نہیں آتی تو ہم ایک شریر کو اس سے بڑے شریر کے ذریعہ دفع کرتے ہیں اور اس معاشرے کو اس بات کی سزا ملتی ہے کہ اس نے خیر کی کوئی طاقت کیوں نہیں بنائی۔

مسلمان کی حیثیت سے ہماری ذمہ داری تھی کہ ہم معاشرے کو غلط سمت میں

جانے سے روکتے اور اس مقصد کے حصول میں کسی نفع اور نقصان کی پرواہ نہ کرتے لیکن خدا کی نوے کروڑ مخلوق کے تئیں ہم نے کوئی ذمہ داری محسوس نہ کی اور معاشرہ برباد ہوکر رہ گیا۔ ہمیں اس کی دوہری سزا ملنی ہی چاہئے تھی سو وہ مل رہی ہے۔

ایک طرف ہم ہراس کرب کے شکار ہیں جس کا شکار پورا معاشرہ ہے تو دوسری طرف صرف مسلمان ہونے کے ناطے ہر سطح پر مظلوم ومقہور ہیں۔

فطرت افراد سے اغماض بھی کرلیتی ہے
کبھی کرتی نہیں ملت کے گناہوں کو معاف

مجھے معاف کیا جائے لیکن میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اپنے مقصد وجود سے غافل کروڑوں افراد پر مشتمل یہ قوم اس سرزمین پر ایک بےمصرف بوجھ بن چکی ہے۔ اگر جلد از جلد اسے اپنے مقصد وجود سے آگاہ کرکے برائیوں اور ناانصافیوں کے خلاف لڑنے اور پورے معاشرے کی حقیقی خدمت کے لئے اسے متحرک، فعال اور بامصرف نہ بنایا گیا تو یہ سرزمین اپنے اس بےمصرف بوجھ کو اٹھا کر پھینک بھی سکتی ہے۔ تاریخ انسانی ایسی مثالوں سے بھری پڑی ہے۔

میری نوائے پریشاں کو شاعری نہ سمجھ
کہ میں ہوں محرم راز درون مے خانہ

سیاسی گروہ بندیاں اوران کی حقیقی طاقت؟

اس ملک میں خواہ زبان سے کوئی بھی حقیقت کو تسلیم نہ کرے لیکن ابھی تک یہاں قبائلی سسٹم افریقی ممالک کی طرح طاقت ور ہے یہ اور بات ہے کہ قبیلوں کو جاتیوں کا نام دے دیا گیا ہے۔ انگریز کی واپسی کے بعد کانگریسی حکومتوں کے

ڈھکے اور کھلے مظالم نے مسلمانوں کو بھی کسی نظریاتی گروہ سے زیادہ ایک جاتی میں بدل دیا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ ملک میں کام کرنے والی سیاسی پارٹیاں خواہ کوئی بھی نام رکھیں یا کوئی بھی لبادہ اوڑھ لیں لیکن ہر پارٹی کسی ایک جاتی یا دو تین جاتیوں کے کنٹرول میں ہوتی ہے اور صرف انہیں جاتیوں کے مفاد میں کام کرتی ہے اور یہی جاتیاں ہی اس کی طاقت کا سرچشمہ ہوتی ہیں۔

چوں کہ اس کثیر القومی ملک میں کوئی ایک یا دو تین جاتیاں مل کر بھی کوئی چناؤ نہیں جیت سکتیں۔ اس لئے کامیابی اس پارٹی کو ملتی ہے جس کی لیڈرشپ غیر منظّم و منتشر اور لیڈرشپ سے تہی دامن جاتیوں کو بیوقوف بنا کر ان کا استحصال کرنے میں کامیاب ہو جائے۔

جیسا کہ ہم بتا چکے ہیں کہ انڈین نیشنل کانگریس اپنے قیام سے تا دم تحریر برہمنوں، بنیوں اور کائیستھوں کی پارٹی رہی ہے اور انہیں کے مفاد میں کام کرتی رہی ہے۔ اس کے طویل عرصے تک اقتدار میں رہنے کی صرف ایک وجہ رہی ہے کہ وہ لمبے عرصے تک مذہبی اقلیتوں اور دلتوں کو بیوقوف بنانے میں کامیاب رہی۔ اب جن جن صوبوں میں یہ بے نقاب ہو کر ان کی حمایت کھوتی جا رہی ہے وہاں وہاں سے اس کا صفایا ہوتا جا رہا ہے۔

کسی بھی سوسائٹی کا حکمراں طبقہ اتنا ہوشیار ہوتا ہے کہ وہ ہمیشہ اپنا ایک متبادل تیار رکھتا ہے تا کہ ایک بے نقاب ہو تو دوسرا اس کی جگہ لینے کے لئے پہلے سے تیار رہے اور کوئی تیسرا اس کی خالی جگہ کو نہ بھر سکے۔

کانگریس کی مذکورہ تینوں جاتیوں نے کانگریس کے پیٹ ہی سے آر ایس ایس کو جنم دیا تھا اور پھر ایک کانگریسی لیڈر شیاما پرشاد مکرجی کے ذریعہ اسی طبقے

نے جن سنگھ بنالی جواب بھارتیہ جنتا پارٹی کہی جاتی ہے۔حکمراں جاتیوں نے کانگریس اور بھاجپا کا طریقہ کار، تیور اور طرز کلام کو کانگریس سے بالکل الگ رکھا تا کہ دونوں ایک دوسرے سے بالکل الگ پہچان بنائیں جس سے ایک کی بداعمالیوں اور کمزوریوں کی چھاپ دوسرے پر نہ پڑے۔

جہاں تک حقیقی مقصد کا تعلق ہے کانگریس اور بی جے پی میں رتی برابر کا بھی کبھی فرق نہیں رہا ہے۔دونوں کی لیڈرشپ دل سے یکساں طور پر مسلمانوں اور شودر جاتیوں کی دشمن رہی ہے۔مسلمانوں کی داروگیر اعلانیہ اور کھلے طور پر اس لئے ہوتی رہی کیوں کہ اس گئی گذری حالت میں بھی زندگی کے ہر میدان میں مسلمان ہی حکمراں جاتیوں کا حریف بننے کے صلاحیت رکھتا ہے۔ان کی حکمرانی کو اصل خطرہ اب بھی مسلمانوں ہی سے ہے۔انہیں معلوم ہے کہ چناؤ کے میدان میں اگر شودر جاتیاں انہیں شکست بھی دیدیں تب بھی وہ برسوں تک زندگی کے کسی میدان میں ان کا مقابلہ نہیں کرسکتیں۔

بہرحال اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کرسکتا کانگریس اور بی جے پی دونوں کی طاقت کا سرچشمہ اونچی جاتیاں ہی ہیں، یہی وجہ ہے جہاں بی جے پی آگے بڑھتی ہے وہاں کانگریس کا وجود سمٹ جاتا ہے اور جہاں کانگریس آگے آتی ہے وہاں بی جے پی ایوان میں سکڑ جاتی ہے مدھیہ پردیش اور راجستھان وغیرہ اس اصول سے اس لئے الگ ہیں کہ وہاں شودر جاتیاں اور مسلمان دونوں ذہنی طور پر پسماندہ ہی نہیں بلکہ دیوالیہ ہیں۔

اس سے آگے بڑھ کر جہاں بھی نظر دوڑائی جائے تو یہی ثابت ہوگا کہ ہر پارٹی کسی ایک جاتی یا دو تین جاتیوں تک محدود ہے،صرف اتر پردیش کی مثال لیں۔ملائم سنگھ یادو کی پارٹی صرف ایک جاتی تک محدود ہے اور صرف اسی ایک

جاتی کے مفاد میں ننگی ہوکر کام کرتی ہے۔۹۱ء میں اسے دوسری جاتیوں کی حمایت نہیں ملی تو یو پی اسمبلی میں وہ اپنی موجودگی بھی باقاعدہ درج نہیں کرا پائی۔

بہوجن سماج پارٹی کسی ایک جاتی کے مفاد میں کام نہیں کرتی بلکہ وہ شودر جاتیوں کے اتحاد کی علم بردار ہے لیکن چوں کہ ماحول ہزاروں سال پرانا ہے، اس لئے اسے صرف کانشی رام کی جاتی کی ہی حمایت ملتی رہی جس کی وجہ سے وہ بھی تین الیکشنوں میں اپنی موجودگی درج نہیں کرا سکی۔۹۳ء میں کانشی رام اور ملائم سنگھ کا اتحاد اتر پردیش کی دو بڑی جاتیوں کے اتحاد میں بدل گیا۔ دو بڑی جاتیوں کے اتحاد سے بھی کچھ نہ ہوتا لیکن بی جے پی کے خوف کے شکار مسلمانوں نے اس کی آمد کو روکنے کے لئے اپنی ساری طاقت ادھر جھونک دی پھر اتر پردیش کی تین سب سے بڑی جاتیوں کے اتحاد کے باوجود انہیں چار سو پچیس کے ایوان میں صرف ایک سو چوہتر سیٹیں ہی ملیں۔

ملائم سنگھ یادو کی پارٹی کا نام سماجوادی پارٹی ہے۔ یادووادی پارٹی نہیں لیکن یادو جاتی کے علاوہ اسے کوئی دوسری جاتی اپنی پارٹی نہیں مانتی لیکن چوں کہ کوئی پارٹی ہر سیٹ پر ایک ہی جاتی کے امیدوار نہیں لا سکتی۔ پھر بھی جب ایک جاتی کسی پارٹی کو اپنی پارٹی مان لیتی ہے اور پارٹی کے امیدوار کو پارٹی کے نام پر خواہ وہ کسی جاتی کا ہو ووٹ دینے پر آمادہ ہو جاتی ہے تو اس پارٹی کی طاقت اتنی موثر ہو جاتی ہے کہ ہر جاتی کے لوگ اس جاتی کا ووٹ لینے کے لئے اس پارٹی میں بھیڑ لگا دیتے ہیں۔ جیسا کہ ہم نے کہا بہوجن سماج پارٹی نے کسی ایک جاتی کے مفاد میں کام نہیں کیا، لیکن تادم تحریر اچھوتوں کی ایک بڑی جاتی ہی اس کو اپنی پارٹی مانتی ہے اور چوں کہ اس کے ہر امیدوار کو آنکھ بند کر کے ووٹ دیتی ہے، اس لئے مسلمانوں اور شودروں کی ہر جاتی کے سیاسی لوگ اس کی ٹکٹ کی لائن میں کھڑے

نظر آتے ہیں۔

اتر پردیش میں مسلمانوں کی تعداد کسی بھی ایک جاتی سے بہت زیادہ ہے، یادو سے تو ان کی تعداد ٹھیک دوگنی ہے، لیکن وہ چوں کہ نہ تو اپنے کسی آدمی کو اپنا لیڈر ماننے پر راضی ہوتے ہیں، نہ ہی کسی مسلمان کی قیادت میں بنی کسی پارٹی کو اپنی پارٹی تسلیم کر کے اس کی حمایت پر تیار ہوتے ہیں، اس لئے وہ بی جے پی کے علاوہ ہر پارٹی کے لئے ایک ایسے کھیت کی حیثیت رکھتے ہیں جس کو ہر لیڈر کھلے سانڈ کی طرح چرنے میں بالکل آزاد ہے۔

مسلمانوں سے ملتی جلتی حالت یادوں کو چھوڑ کر بیک ورڈ کلاس کی زیادہ تر جاتیوں کی ہے سب کھلے کھیت کی مانند ہیں۔ مسلم کھیت کو نام نہاد سیکولر لیڈر چر رہے ہیں تو بی جے پی کے پیٹ بھرنے کا انحصار غیر یادو بیک ورڈ جاتیوں پر ہے۔

کمیونسٹوں نے پہلے جاتی سے اوپر اٹھ کر کام کیا، کچھ علاقوں میں وہ موثر طاقت بھی بن گئے لیکن چوں کہ انہیں کسی جاتی کی حمایت حاصل نہیں، اس وجہ سے اتر پردیش میں ختم ہو گئے۔

جب تک چودھری چرن سنگھ کو جاٹوں یادوؤں اور کسی حد تک کرمیوں کی حمایت حاصل رہی، وہ اتر پردیش کی دوسری سب سے بڑی طاقت رہے لین اجیت سنگھ جاتیوں کی حمایت سے محروم ہوتے ہی صاف ہو گئے۔

آج بھی بی جے پی کی طاقت کا راز اونچی جاتیوں کی حمایت میں پوشیدہ ہے (اجودھیا کی وجہ سے بالکل نہیں ہے) کل اگر اونچی جاتیاں دوبارہ کانگریس کی طرف مائل ہوتی ہیں تو پھر بی جے پی اپنی پرانی اوقات پر آجائے گی۔

اونچی جاتیوں میں سب سے مضحکہ خیز پوزیشن ٹھاکروں کی ہے وہ اپنی پوری تاریخ میں برہمن کے ہاتھ کی لاٹھی کی حیثیت کام کرتے رہے ہیں۔ جب کہ

اپنے اقتدار میں برہمن نے ان کا استحصال ہی کیا۔ پولیس کے علاوہ دیگر ملازمتوں اور زندگی کے دوسرے شعبوں میں ان کی حالت مسلمانوں سے بھی بدتر ہے لیکن یہ برہمن کا کمال ہے کہ انہوں نے ٹھاکروں کو وی پی سنگھ کے خلاف سب سے زیادہ استعمال کیا، جاتیوں کی اس نئی ہلچل میں بھی تادم تحریر یہ واضح ہو رہا ہے کہ ابھی ٹھاکر مزید گھاٹے میں جا سکتے ہیں کیوں کہ مسلمانوں کی طرح ان کی بھی نہ تو کوئی پارٹی ہے نہ ہی لیڈر شپ۔ اگر وی پی سنگھ ہیں بھی تو ٹھاکر ان کے زیادہ خلاف بھی ہیں۔

کل ملا کر اتر پردیش میں آج عوام کے پانچ طبقے ہیں، اول اونچی جاتی جس کی نمائندہ بھارتی جنتا پارٹی ہے۔ برہمن بنیا اور کایستھ کے علاوہ اسے جاٹوں اور ٹھاکروں کی بھی حمایت اس وقت حاصل ہے۔

(۲) دوسرے پسماندہ طبقے کی نسبتاً بہتر حالت کی جاتیاں، اس میں یادو تو منظّم ہیں، کرمی یادوؤں کے خلاف منظّم ہو رہے ہیں، گوجر ہر طرف ہیں، جو ان کو ٹکٹ دے دے اس حلقے میں اس کی طرف ہیں۔

(۳) بہت زیادہ پسماندہ جاتیاں ان میں الگ الگ جاتیاں منظّم ہونے کی کوشش میں ہیں لیکن انہیں کسی نہ کسی طرف جانا ہوگا۔

(۴) دلت جاتیاں ان کی نصف سے زیادہ تعداد منظّم ہے۔ کچھ جاتیاں منظّم ہونے کی منزل میں ہیں اور کچھ اندھیرے میں بھٹک رہی ہیں۔

(۵) مذہبی اقلیتیں عددی تناسب میں سب سے زیادہ بہتر پوزیشن میں ہیں، لیکن سب سے زیادہ غیر منظّم ہیں جب کہ ان میں منظّم ہونے کی صلاحیت سب سے زیادہ ہے کیوں کہ یہ اب تک غلطیاں بھی یک جٹ ہو کر ہی کرتے رہے ہیں۔

کیا حالات ''ناسازگار'' ہیں

ملک کے ہر صوبے میں مختلف جاتیوں، طبقوں، نسلوں اور لسانی گروہوں کے عددی تناسب جدا جدا ہیں، اسی لئے بڑی سیاسی پارٹیوں کا علاقائی کردار تک جدا ہو جاتا ہے۔ مرکزی حکومت اور شمالی ریاستوں میں پسماندہ جاتیوں کے ریزرویشن کی کانگریس شدید مخالف رہی ہے لیکن وہی کانگریس کرناٹک و آندھرا وغیرہ میں پسماندہ جاتیوں کے ریزرویشن کی وکیل بھی بن جاتی ہے۔ پورے ملک کے برخلاف کرناٹک میں جنتا دل کا کردار اپر کاسٹ پارٹی کا ہے۔

ان وجوہات سے ہم اس کتاب میں پورے ملک کا عددی تناسب پیش کرنے سے قاصر ہیں۔ یہ ہماری مجبوری ہے کہ اتر پردیش ہی کے تناسب پر بحث کریں، اس کی روشنی میں دیگر صوبوں کے قارئین کے اپنے صوبے کے تناسب پر بہ آسانی غور کر کے چاہیں تو راستہ نکال سکتے ہیں۔

اتر پردیش میں اعلیٰ ذات کی لسٹ میں شامل جاتیوں کا مجموعی تناسب بائیس فی صدی سے کسی طرح بھی زیادہ نہیں ہے، اس میں سے جاٹ پہلے بیک ورڈ کے ساتھ تھے۔ اب حالات کے دباؤ اور لیڈر شپ کی بے عقلی کی وجہ سے وہ اعلیٰ ذات اور بی جے پی کے ساتھ ہیں، دلت یا اقوام مندرجہ فہرست کا تناسب آبادی بھی بحیثیت مجموعی بائیس فیصدی ہے۔ اس میں نصف سے زائد تو امبیڈکر وادی ہو کر بی ایس پی یا اپنی دوسری تنظیموں سے جڑ چکے ہیں، ان کا ایک حصہ ذہنی تبدیلی کی منزل میں ہے لیکن شہروں میں رہنے والے بالمیکی اور سونکر وغیرہ اب بھی بنیوں کے زیر اثر ہیں۔

ہندو پسماندہ جاتیوں کا عددی تناسب چھتیس فیصدی ہے، اس میں نو فیصدی

یادوتو اپنی پارٹی کے ساتھ ہیں، باقی ستائیس فی صدی کے بارے میں اگر یہ کہا جائے کہ وہ بھی مسلمانوں کی طرح بے سری فوج ہیں تو کچھ غلط نہ ہوگا۔ مسلمان تو اکثر و بیشتر غلطیاں بھی ایک جٹ ہوکر کرتے ہیں، یہ جاتیاں ان سے بھی زیادہ انتشار کے عالم میں ہیں۔ یادو کے موجودہ رویے نے ان میں ایک نئی ہلچل کو جنم دیا ہے اور وہ بھی جاتی کی بنیاد پر منظّم ہونے کے لئے ہاتھ پاؤں مار رہی ہیں۔

کل ان کی ہلچل کا کیا رخ ہوگا، اس کے بارے میں اعتماد کے ساتھ کچھ کہنا مشکل ہے۔ فی الحال اس ہلچل کا رخ بظاہر تو برہمن مخالف لیکن عملاً یادو مخالف رخ اختیار کر رہا ہے۔ شاید وہ یہ بھول رہے ہیں کہ برہمن واد کی اصل تخلیق اور اصل طاقت ''جاتی'' ہی ہے۔ ایک طرف ملائم سنگھ یادو اپنی جاتی کو جاتی واد کے راستے پر ہانک رہے ہیں تو دوسری طرف دوسری پسماندہ جاتیاں جاتی کو ہی مضبوط بنا رہی ہیں۔

ان میں کری تو یادو کے مقابلے پر آمادہ ہے، دوسری جاتیاں زیادہ پسماندہ جاتیوں کا سوال کھڑا کر رہی ہیں۔ اس ہلچل سے برہمن فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ اگر مسلمان چاہیں تو وہ برہمن سے زیادہ فائدہ اٹھانے کی پوزیشن میں ہیں لیکن وہ فائدے کی بات کیوں سوچیں گے؟ اس نئی ہلچل سے یادو کا نقصان ہوگا، بہوجن سماج پارٹی کچھ فائدہ اٹھا سکتی ہے۔

اب بچیں مذہبی اقلیتیں تو اتر پردیش میں ان کا عددی تناسب (بودھئوں کے علاوہ) تقریباً بیس فیصدی ہے، اس میں سترہ فیصدی مسلمان اور تقریباً دو فیصدی سکھ ہیں، اب سکھوں اور مسلمانوں کی روایتی دشمنی ختم ہو چکی ہے، انہیں ایک اکائی بنایا جا سکتا ہے۔

کیا ہم ایک سوال پر غور کرنے کے لئے تیار ہیں۔ جمہوری نظام میں بائیس

فیصدی اونچی جاتیوں میں سے صرف بارہ فیصدی برہمن، بنیا اور کائیستھ چالیس سال اتر پردیش پر راج کر سکتے ہیں یا کسی وقت بھی راج کرنے کی پوزیشن میں رہ سکتے ہیں۔ آج بھی نو فیصدی یادو ایک پارٹی کو اپنی پارٹی اور ایک آدمی کو اپنا لیڈر مان کر نیز صرف ایک جاتی اور ان کی لیڈرشپ سے ہاتھ ملا کر راج کر سکتے ہیں تو ان دو جاتیوں کی بحیثیت مجموعی آبادی کے برابر آبادی رکھنے والے مسلمان...... کسی ایک پارٹی کو اپنی پارٹی اور کسی ایک آدمی کو اپنا لیڈر مان کر اقتدار کے مالک یا کم از کم شریک اقتدار کیوں نہیں بن سکتے۔

جب کہ یادو اور جاٹوں کی مجموعی آبادی کے برابر اکیلے مسلمانوں کی آبادی ہے نیز علم، مال، دولت، اثر و رسوخ اور جذبے میں مسلمان ان سے کوسوں آگے ہیں۔ مسلمانوں کو ایک سہولت یہ بھی ہے کہ وہ پہاڑ اور کچھ دوسرے حلقوں میں برائے نام ہیں، جس سے تقریباً ساڑھے تین سو حلقوں میں ان کا عددی تناسب اور مضبوط ہوتا ہے۔ ساٹھ ستر سیٹیں تو وہ اپنے بل بوتے پر جیتنے کی پوزیشن میں ہیں جب کہ کوئی جاتی صرف اپنے بل بوتے پر بیس سیٹیں بھی جیتنے کا دعویٰ نہیں کر سکتی۔

ان حقائق کی روشنی میں کیا مسلمانوں کے کردار کو ''مضحکہ خیزی'' سے تعبیر کرنا غلط ہوگا۔

مسلمانوں کے موجودہ کردار سے بھی زیادہ ہمارے ''مترفین'' کا یہ پروپیگنڈہ ''مضحکہ خیز'' ہے کہ...... کیا کیا جا سکتا ہے حالات ہی ''نامساعد'' ہیں۔

جب کہ اس حقیقت سے صرف پاگل یا منافق ہی انکار کر سکتا ہے کہ اس وقت حالات جتنے سازگار ہیں اتنے سازگار حالات قوموں کی زندگی میں بار بار نہیں آتے۔

خلاصہ بحث

اس پوری بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ موجودہ حالات میں جس سیاسی پارٹی کو بھی عوام کے پانچوں معروف طبقوں اپر کاسٹ، بیک ورڈ کلاس، بہت زیادہ پسماندہ جاتیاں، دلت یا اقوام مندرجہ فہرست اور اقلیت میں سے کسی ایک طبقے کی بھی ایسی وفادارانہ حمایت مل جائے کہ اس پارٹی کے امیدواروں کو اس طبقے کا ووٹ پارٹی کے نام پر مل جائیں خواہ امیدوار کی جاتی یا مذہب کچھ بھی ہو تو وہ پارٹی سیاست میں نہ صرف موثر رول ادا کرسکتی ہے بلکہ وہ اکثریت بھی حاصل کرسکتی ہے۔ یہ بحث اس حقیقت کو بھی ثابت کرتی ہے کہ اس ملک اور یہاں کے انسانی معاشرے کی حقیقی خدمت انجام دینے کے مقصد سے اگر ایک پارٹی کے جھنڈے تلے مسلمان اور دیگر کمزور طبقوں کی اجتماعیت کے لئے کام کیا جائے تو موجودہ حالات نامساعد نہیں بلکہ انتہائی سازگار ہیں۔

ملت کے باہر حالات کے نامساعد ہونے کا خواہ کتنا ہی پروپیگنڈہ کیا جائے لیکن ملت کے باہر کے حالات ضرورت سے کچھ زیادہ ہی سازگار ہیں، البتہ ملت کے اندر یہی حالات ضرور نامساعد ہیں اور یہ غیر فطری بھی نہیں ہے۔

اس سوال پر پہلے ہی بحث ہو چکی ہے کہ کسی بھی گروہ، طبقے یا قوم کے حالات اس طبقے کے ''مترفین'' کے عمل کے تابع ہوا کرتے ہیں کیوں کہ یہی بااثر، خوش حال اور بولنے والے لوگ عوام پر اثر انداز ہو کر انہیں غلط یا صحیح رخ پر موڑ دیا کرتے ہیں۔

اس وقت مسلمانوں کی اصل لڑائی ملت کے باہر نہیں بلکہ اصل لڑائی ملت کے اندر ہونی چاہئے کیوں کہ تقریباً ڈیڑھ صدی سے (چند برسوں کے علاوہ)

مسلمانوں کے مترفین نے مسلمانوں کی سوچ کا رخ غلط سمت میں موڑ رکھا ہے اور یہ خود غیروں کی نظر کرم کے رسیا بن چکے ہیں۔ دوسروں کے پیچھے چلنے کے عادی بن کر عوام کو بھی اس کا عادی بنا چکے ہیں۔

کسے نہیں معلوم کہ ایک اسمارٹ نوجوان بھی زندگی کی جدوجہد میں اگر اپنے باپ یا بھائی پر بھی انحصار کرنے لگے تو اس میں اپنے بل بوتے پر کچھ کرنے کی صلاحیتوں پر زنگ لگنا شروع ہو جاتا ہے۔

اگر کوئی فرد چند سال کسی دوسرے کی مہربانی پر گزر اوقات کرنے لگے یا بھیک مانگ کر کام نکال لے تو پھر اس کو اپنی محنت کی کمائی پر گزارہ کرنے پر آمادہ کر لینا بھی ایک مشکل کام ہوتا ہے۔

ایک آدمی ہاتھ پھیلا کر خدا کے نام پر سوال کرتا ہے تو اس سے معافی مانگ لی جاتی ہے یا چند پیسے دے کر چھٹکارہ لے لیا جاتا ہے، لیکن جب دوسرا شخص آتا ہے تو اسے عزت کے ساتھ چائے پیش کی جاتی ہے کیوں کہ وہ دوسرا شخص آپ کو بھی چائے پلانے کی حیثیت رکھتا ہے۔

ٹھیک یہی سب قوموں، طبقوں اور گروہوں کے معاملے میں بھی ہوتا ہے، چوں کہ مسلمانوں کا ''طبقہ مترفین'' ایک طویل عرصے سے اپنے آقاؤں کے پیچھے چلنے کا عادی مجرم بن چکا ہے۔ اگر یہ بہت ہی ہمت سے کام لیتا ہے تو آقا بدل لیتا ہے، اس لئے اس کے اندر آگے چلنے کی صلاحیتیں کلی طور پر ختم ہو چکی ہیں۔ اسکے بارے میں یہ سوچنا کہ وہ کبھی آگے چل سکتا ہے حماقت ہوگی، اس کے اندر کوئی رسک اٹھانے کی صلاحیت بالکل نہیں ہے۔

عمرانیات کا بنیادی اصول ہے کہ جب تک کسی فرد یا گروہ میں نقصان برداشت کرنے یا رسک لینے کی ہمت نہ ہو تب تک اسے فائدے کی بات سوچنی

بھی نہیں چاہئے۔

اگر کسی کسان کو کھیتی باڑی شروع کرنے سے پہلے جتائی، بوائی کی مشقتوں اور سوکھے وسیلاب اور فصلی بیماریوں کے نقصانات کے اندیشے میں مبتلا کر دیا جائے تو وہ ہل بیل چھوڑ کر بھاگ کھڑا ہوگا اور کھیت، مزدور بننے پر اکتفا کر لے گا کیوں کہ اس میں لگی بندھی مزدوری تو ملے گی، اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ملکی وسماجی سطح پر حالات انتہائی سازگار ہیں، پھر بھی مسلمانوں کو عام انسانی معاشرے کی قیادت وامامت کے منصب کی جدوجہد کے لئے تیار کر لینا انتہائی مشکل کام ہے کیوں کہ اس کام کے لئے جس طبقے کی خدمات کی ضرورت ہوتی ہے ان کا ایک حصہ عافیت پسند بن چکا ہے تو دوسرا بڑا حصہ بدترین قسم کا مفاد پرست ہے، اسی طبقے کا ایک حصہ اسلام کو ایک نفع بخش انڈسٹری میں بدل چکا ہے۔ بین الاقوامی ''گداگری'' کو انڈسٹری بنا دینے کی ہمارے ایک گروہ میں اتنی صلاحیت ہے کہ اگر نوبل پرائز کا ایک پرائز اس کے لئے رکھ دیا جائے تو بھارت کو ہر سال ایک نوبل پرائز مل سکتا ہے۔

بہر حال شمالی ہند کے مسلمانوں کے طبقہ مترفین سے اس کام کے لئے فی الحال مٹھی بھر لوگ بھی نہیں مل سکتے۔ اس لئے فی الحال اس پورے طبقے کو بالکل نظر انداز کر کے نئی نسل کے پڑھے لکھے نوجوانوں کو اس کام کے لئے آگے لانا پڑے گا۔ البتہ جب جدوجہد آگے بڑھے گی تو مقامی سطح پر قیادت کا خلاء عافیت پسند طبقے پر ہو سکتا ہے۔

پڑھے لکھے نوجوان طبقے سے مایوسی کی کوئی وجہ نہیں ہے، یہ ضرور ہے کہ انہیں بھی عافیت پسندی اور مفاد پرستی کا کچھ حصہ وراثت میں ملا ہوا ہے اور انہیں برہمنی میڈیا بڑی آسانی سے اپنی مرضی کے راستے پر موڑ دیا کرتی ہے، پھر بھی ان

میں قربانی، جدوجہد اور کچھ کر گزرنے کا جذبہ موجود ہے، جسے بہت آسانی کے ساتھ صحیح سمت میں موڑا جاسکتا ہے۔

راستہ کیا ہے؟

ماضی میں مسلمانوں کی اجتماعی سیاسی غلطیوں کی نشاندہی کے ساتھ ملک کے موجودہ سیاسی حالات اور سماجی رجحانات کا مکمل تجزیہ ہر ممکن اختصار اور دلائل کے ساتھ پیش کر دیا گیا۔

اس کتاب میں پیش کئے گئے واقعات، ان کے نتائج اور تجزیوں کو یقیناً پسند کیا جائے گا، شاید وہ لوگ بھی اسے دل سے ناپسند نہیں کریں گے جن کے مفادات پر اس کتاب سے ضرب لگ سکتی ہے لیکن اس حقیقت سے صرف نظر نہیں کرنا چاہئے کہ دنیا کی کوئی بھی منطق جس کی پشت پر اجتماعی طاقت نہ ہو کسی قوم یا گروہ کی تقدیر ہرگز نہیں بدل سکتی۔

عصا نہ ہو تو کلیمی ہے کار بے بنیاد

مسلمانوں کے بارے میں انسان کامل کا قول ہے کہ فراست ان کے ایمان کا جز ہوتی ہے۔ اگر مومن کو ایک بل سے دو بار ڈس لیا جائے تو مومن کو اپنے ایمان کی کمزوری تلاش کرنی چاہئے۔ کیا یہ بات حیرت انگیز نہیں ہے کہ انگریز کی واپسی کے بعد مسلمانانِ ہند جن نام نہاد ''سیکولر'' بلوں سے مسلسل ڈسے جاتے رہے ہیں اب بھی ملت کے فرزانے انہیں بلوں میں سے کسی بل کی تلاش یا آقاؤں کی تبدیلی کی وکالت سے باز نہیں آ رہے ہیں۔

تقریباً پچاس سال پرانے جمہوری نظام میں آقاؤں کی انفرادی یا اجتماعی تبدیلی کے سوا مسلمانوں نے اپنا اجتماعی جمہوری رول ادا ہی کب کیا کہ انہیں کسی

''دوسرے'' راستے کی تلاش کا اخلاقی حق حاصل ہو جائے۔

اب ملک میں نسلی گروہوں یا جاتیوں کی کشمکش شروع ہو چکی ہے۔ اتر پردیش اور ملک کے مسلمان اس کشمکش میں بھی کچھ پچھڑ چکے ہیں لیکن میں یہ بات پورے اعتماد کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اگر اب بھی مسلمان پورے معاشرے کو اخلاقی زوال کی دلدل سے نکالنے، پورے معاشرے کو صحیح سمت میں قیادت دینے اور سب کو یکساں سماجی انصاف دلانے کے جذبے کے ساتھ اپنے کسی تجربہ کار اور عقل مند فرد کی قیادت میں سیاسی اجتماعیت پیدا کرلیں تو نہ صرف یہ پورا ملک ان کے لئے خطہ امن بن سکتا ہے بلکہ وہ خدا کی نوے کروڑ مخلوق کے لئے امن وسلامتی اور انصاف کے ضامن بھی بن سکتے ہیں، جو اسلام کا مقصد وجود بھی ہے۔

جہاں تمام ہے میراث مرد مومن کی
میرے کلام پہ حجت ہے نکتہ لولاک

لیکن کچھ کرنے سے پہلے ہمیں چند حقائق کو تسلیم کرکے آگے بڑھنا ہوگا، سب سے پہلے ہمیں اس حقیقت کو تسلیم کرنا ہوگا کہ ہر نام نہاد سیکولر پارٹی صرف مسلمانوں کے ووٹ سے دلچسپی رکھتی ہے، اگر وہ کبھی کوئی کام کر بھی دے تو اس کا صرف ایک مقصد ہوتا ہے ووٹ؟ کوئی سیکولر پارٹی کبھی اپنے کسی مسلم وفادار کو بحیثیت لیڈر ابھرنے کا موقع نہیں دے سکتی، وہ کوٹا پورا کرنے کے لئے صرف ان مسلمانوں کو لائے گی جن کی وفاداری ہر شک وشبہ سے بالاتر ہو، نیز جس میں لیڈر بن جانے کی صلاحیت کا پیدائشی فقدان ہو۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر سیکولر لیڈر نے گاندھی جی کے مسلم ماس کانٹیکٹ اسکیم کو دانت سے پکڑ رکھا ہے۔ فطری طور پر بھی انہیں معلوم ہے کہ اگر کوئی مسلم لیڈر شپ ابھر گئی یا مسلمانوں نے کسی مسلم لیڈر کی وساطت سے سیکولر لیڈر کو پہچانا تو

پھر وہ بے چارہ کہاں سیاست کرے گا۔ مثال کے طور پر کچھ دنوں سے اتر پردیش میں ملائم سنگھ یادو کی سیاست نقطہ عروج پر رہی ہے لیکن اگر مسلمان کسی بھی مسلمان کو لیڈر مان کر اس کے ساتھ ہو گئے تو پھر ملائم سنگھ کیا پچاس سیٹ کا بھی خواب دیکھ سکتے ہیں؟

ہمیں اس حقیقت کو بھی تسلیم کرنا پڑے گا کہ اب تک ہم منفی ووٹنگ میں زیادہ دلچسپی لیتے رہے ہیں۔ ہم کسی پارٹی کو جتانے سے زیادہ کسی پارٹی کو ہرانے کے ارادے سے اپنی ووٹنگ حکمت عملی پر چلتے رہے ہیں۔ سیاست میں منفی بنیاد ہمیشہ نقصان دہ ہوتی ہے۔ آپ جس کو جتاتے ہیں وہ اچھی طرح سمجھتا ہے کہ وہ ووٹ ہمیں محبت میں نہیں بلکہ کسی کو ہرانے کے لئے ملا ہے۔ لہٰذا وہ ووٹ کی قیمت کیوں ادا کرے۔

ایک پارٹی ووٹ کے لئے ہی سہی پانچ سال ہماری لڑائی لڑتی ہے، لیکن چناؤ کے وقت اگر ہمیں یہ محسوس ہوا کہ اس پارٹی کو ووٹ دے کر ہم فلاں پارٹی کو ہرا نہیں پائیں گے تو ایک دم ہم اس پارٹی کی طرف ہو جاتے ہیں جو ہماری مغضوب پارٹی کو ہرانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ ہمارے اس رجحان کی وجہ سے کوئی پارٹی مسلسل ہماری لڑائی نہیں لڑتی اور ہم کسی پارٹی کو ہرانے کے لئے جس پارٹی کو ووٹ دیتے ہیں وہ بھی سمجھتا ہے کہ ہمیں منفی ووٹ ملا ہے، اس لئے وہ بھی پورا بھروسہ نہیں رکھتا۔ اس لئے ہمیں آئندہ کسی پارٹی کو ہرانے کے لئے اپنے منفی ووٹنگ رجحان سے مکمل توبہ کرنی ہوگی اور جو پارٹی بہتر ہو اس کو جتانے کے مقصد سے ووٹ دینا چاہئے خواہ وہ جیتے یا ہارے یا ہماری ووٹنگ کے نتیجے میں کوئی اور جیت جائے۔

تیسری بات ہمیں گرہ میں باندھ لینی چاہئے کہ اب ہمیں کانگریس کی کسی نئی یا پرانی شکل سے ہوشیار رہنا چاہئے۔ جو لوگ کانگریس کی تاریخ، اس کی روایات

اور نہرو خاندان کی وفاداری کا اظہار کرتے ہوں ہمیں اس سے کم از کم دوسو گز اسی طرح دور رہنا چاہئے جس طرح نہرو اقتدار نے بابری مسجد میں بت رکھوانے کے بعد مسلمانوں کو اس مسجد سے دوسو گز دور رکھنے کے احکامات نافذ کر رکھے تھے۔ بابری مسجد کے دوسو گز کے اندر جو مسلمان ملتا تھا پولیس اس کو گرفتار کر کے زد وکوب کر کے چھوڑ دیتی تھی، اسی طرح جو نام نہاد سیکولر لیڈر کانگریس سے بالواسطہ انڈر اسٹینڈنگ رکھتے ہیں ہمیں اس کو بھی کانگریس کے زمرے میں رکھنا چاہئے، لیکن کانگریس کو ہروانے کے نام پر بھی منفی ووٹنگ سے پرہیز کرنا چاہئے۔

چوتھے ہمیں لوک سبھا کے کسی بھی عام چناؤ میں علاقائی پارٹیوں کو ووٹ دینے سے پرہیز کرنا چاہئے اور پوری طاقت کے ساتھ صرف اس پارٹی یا گٹھ بندھن کا ساتھ دینا چاہئے جو دوسرے آل انڈیا دعوے داروں سے بہتر ہو۔ لوک سبھا چناؤ میں ایسی پارٹیوں کو جو پانچ سو پینتالیس ممبری لوک سبھا میں غیر موثر ہوں ووٹ دے کر کسی بہتر قومی متبادل کو تباہ کرنے میں حصہ دار ہرگز نہیں بننا چاہئے، خواہ ہمارے حلقے میں اس کا بہتر مسلم امیدوار ہی کیوں نہ ہو۔

پانچویں بات ہمیں یہ ذہن نشین رکھنی چاہئے کہ اسمبلی اور پارلیمنٹ میں کوئی ہندو یا مسلمان نہیں بیٹھتا بلکہ سب کے سب اپنی اپنی پارٹیوں کے پابند وہپ ممبر بیٹھتے ہیں، کچھ امیدوار ذاتی طور پر بہتر یا بدتر ہو سکتے ہیں لیکن اسمبلی یا پارلیمنٹ میں ان کا ہاتھ وہیں اٹھے گا جہاں پارٹی لیڈر شپ چاہے گی، یہ بھول جائیے کہ کبھی کسی سیکولر پارٹی میں کوئی مسلمان ممبر اسمبلی، ممبر پارلیمنٹ یا وزیر پارٹی کی پالیسی یا مزاج سازی پر اثر انداز ہو جائے گا غلط توقع یا امید سیاست میں زہر ثابت ہوتی ہے۔

چھٹی بات ہمارے ذہن نشین ہونی چاہئے کہ جمہوری نظام میں کوئی چیز

غیر سیاسی نہیں ہوتی، خواہ کوئی اپنے فورم یا تنظیم کے غیر سیاسی ہونے کا کتنا ہی ڈھنڈورا کیوں نہ پیٹے۔ اب تک ہمارا المیہ رہا ہے کہ ہمارے ہزاروں غیر سیاسی فورموں یا تنظیموں میں سے الا ماشاء اللہ شاید ہی کوئی ایسی رہی ہو جس کی لیڈر شپ اعلانیہ یا دبیز پردوں کے پیچھے کسی سیاسی طاقت کے ہاتھ اپنے کو گروی نہ رکھے ہوئے ہو، یا وقت پر زیادہ بولی لگانے والے لیڈر کی براہِ راست یا بالواسطہ مددگار نہ بنتی رہی ہو۔ لہٰذا اپنے کسی فورم کو غیر سیاسی سمجھنے کی غلطی نہ کی جائے۔

مذکورہ بالا چھ باتیں ملک وملت کے کسی مسئلے کا مستقل حل نہیں بلکہ جب تک مطلوبہ حل سامنے نہیں آتا تب تک کی بیماریوں کے اچھے علاج کی ہی حیثیت رکھتی ہیں۔

اب سوال یہ پیدا ہوگا کہ مسئلے کا مستقل حل یا بیماری کا مستقل علاج کیا ہے؟ میں جس مستقل حل یا علاج کو جانتا ہوں یا طویل ذاتی تجربے کی بنیاد پر میں جس نتیجے پر پہنچا ہوں اس کو تحریر نہ کرنا سخت ناانصافی یا بے ایمانی کی بات ہوگی۔ آج ملک میں حالات اور وقت کا جو دھارا بہہ نکلا ہے اس میں مسلمان ایسے مقام پر کھڑے ہیں جہاں مزید ٹھہرنا صرف ان کے لئے نہیں بلکہ اخلاقی زوال کی دلدل میں گردن تک دھنسی ہوئی ہندوستانی سوسائٹی کے لئے ہلاکت خیز بات ہوسکتی ہے کیوں کہ ساری خرابیوں، غلطیوں اور نااہلیوں کے باوجود اب بھی صرف مسلمان ہی اپنی اگوائی میں بھارت کے انسانی معاشرے کو صحیح سمت میں رہنمائی دینے کی صلاحیت پیدا کر سکتے ہیں۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ صرف برہمن ہی نہیں بلکہ ملک کے مختلف حصوں میں جس دوسرے طبقے کو بھی علاقائی اقتدار ملا اس نے بھی کرپشن، دھاندلی اور ظلم میں اپنے پیش رو کو پیچھے چھوڑ دینے کی کوشش کی ہے۔ اتر پردیش کی پچھلی

غیر برہمن حکومت اس کی زندہ مثال ہے جس نے اتر پردیش کی کسی بھی دوسری حکومت کو کرپشن کے معاملے میں کوسوں پیچھے چھوڑ دیا ہے۔

اب ہم اصل مطلب پر آتے ہیں، باوجود یہ کہ اجتماعی سیاست میں سارے معاملات کو تحریری طور پر واضح اور دوٹوک زبان میں بیان نہیں کیا جاتا لیکن چوں کہ عام مسلمان بھی بقراط کا چچا بن بیٹھا ہے، اس لئے ان کی نفسیات کو دیکھتے ہوئے ہماری مجبوری ہے کہ ہم اس بنیادی سیاسی اصول کو کچھ دیر کے لئے توڑ دیں اور اپنی بات صاف اور سب کی سمجھ میں لانے کے لئے دوٹوک انداز میں پیش کریں۔ چوں کہ ملک بہت بڑا ہے اور ہر صوبے میں مسلمانوں کی آبادی کے تناسب کے ساتھ دوسری جاتیوں کے حالات ان کے عددی تناسب سب جدا ہیں، اس لئے فی الحال اتر پردیش کو سامنے رکھ کر بات کریں گے۔ قارئین اس کی روشنی میں اپنے صوبوں کی حکمت عملی پر غور سکتے ہیں۔

فرض کر لیجئے کہ ۹۶ء کے لوک سبھا چناؤ کے بعد الیاس اعظمی اپنے دلت، پچھڑے اور اونچی جاتی کے اپنے دوستوں اور سیاسی ساتھیوں کو ساتھ لے کر اپنی واحد لیڈرشپ میں ایک سیاسی پارٹی ''جسٹس پارٹی'' کے نام سے بنا لیتا ہے اور وہ عوامی فلاح کے پروگرام مثلاً مکمل شراب بندی، لاٹری اور جوئے کی ہر قسم کے خاتمے، رشوت خوری، کمیشن، کام چوری، نااہلی، فضول خرچی اور عوامی دولت کی لوٹ کھسوٹ کے خلاف جہاد، رنگ و نسل، جات پات، اونچ نیچ کے خاتمے اور ہر جاتی و طبقے کو ان کی آبادی کے تناسب سے اقتدار اور قومی دولت کی تقسیم میں حصہ داری جیسے واضح پروگرام پر جدوجہد شروع کرتا ہے تو کیا کوئی اس پر فرقہ پرستی پھیلانے کا الزام لگا سکتا ہے؟

جس طرح آج اونچی جاتی کے لوگوں نے بھاجپا کو، جاٹوں اور دوسرے

دلت لوگوں نے بہوجن سماج پارٹی کو اور یادووں نے سماج وادی پارٹی کو اپنی پارٹی مان لیا ہے اور اس کے امیدواروں کو اس کا حسب نسب اور جات برادری پوچھے بغیر اس کو ووٹ اور حمایت دے رہے ہیں، اسی طرح فرض کر لیجئے کہ اگر مسلمانوں نے بھی ہمارے فرضی الیاس اعظمی کو اپنا لیڈر اور ہماری فرضی جسٹس پارٹی کو اپنی پارٹی مان کر اس کے جلسوں میں بھیڑ لگانے، اس کی مالی مدد کرنے اور اس کے امیدواروں کی جات برادری اور مذہب پوچھے بغیر اس کے لئے اسی طرح اپنی اجتماعی طاقت لگانا شروع کر دیا جس طرح وہ اب تک دوسروں کے لئے کرتے رہے ہیں تو کیا ہوگا؟

اپنے چالیس سالہ عوامی سیاست کے تجربے کی بنیاد پر میں یہ دعوے کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اگر ہمارے فرضی الیاس اعظمی اور اس کی فرضی جسٹس پارٹی کا مسلمانوں نے اس طرح سات دیدیا جس طرح یادو برادری، ملائم سنگھ یادو اور سماج وادی پارٹی کا جاٹو برادری کانشی رام اور بی ایس پی کو دے رہی ہے تو صرف پانچ سال کے بعد اتر پردیش پر جسٹس پارٹی کی حکومت ہوگی یا وہ کم از کم ایک مخلوط حکومت کی سب سے بڑی حصہ دار ہوگی۔

اگر مسلمانوں نے اتنا ہی ساتھ دیا جتنا مطلوب ہے یا ہم نے بتایا ہے اور پھر بھی جسٹس پارٹی شریک اقتدار نہ ہوسکی تو جرمانے کے طور پر راقم الحروف عام مسلمانوں پر اپنا خون حلال کرتا ہے۔ وہ چاہیں تو اپنی اکثریت کی کسی شہر کے چوراہے پر مجھے پھانسی دیدیں:

نغمہ پیرا ہو کہ یہ ہنگام خاموشی نہیں
ہے سحر کا آسماں خورشید سے مینا بدوش

میں ایک بار پھر کہتا ہوں کہ اگر ہمارے فرضی الیاس اعظمی نے اپنی جسٹس

پارٹی بنالی اور مسلمانوں نے آنکھ بند کر کے اس کا ساتھ دینے کا فیصلہ کرلیا تو ہمارا فرضی الیاس اعظمی اتر پردیش کا سب سے بڑا اور مضبوط لیڈر بن جائے گا۔ اس کے غیر مسلم ممبران اسمبلی و پارلیمنٹ اس کے اسی طرح وفادار رہیں گے جس طرح اب تک مسلم ممبران اسمبلی و پارلیمنٹ اپنی پارٹیوں کے وفادار رہے ہیں کیوں کہ جسٹس پارٹی کے ٹکٹ پر مسلمانوں کے تھوک ووٹوں کا وزن رہے گا

میری حیرت کی قسم آپ اٹھائیں تو نقاب
میرا ذمہ ہے کہ جلوے نہ پریشان ہوں گے

طلوع اسلام کے ایک ہزار سال بعد تک پورا انسانی معاشرہ مسلمانوں سے سبق لے کر اپنی بگڑی حالت درست کرتا رہا ہے، اس کے بعد مسلمان اس لائق نہیں رہ گئے کہ دوسرے ان سے سبق لیں لیکن اب ہمیں اتنا نالائق تو نہیں ہو جانا چاہیئے کہ ہم دوسروں سے بھی سبق نہ سیکھ سکیں۔

اگر ہم نے خودکشی کا فیصلہ یا عہد نہیں کر رکھا ہے تو ہمیں شتر مرغ کی پالیسی ترک کرنی ہوگی اور ہمیں دوسروں سے تو سبق سیکھنا ہی پڑے گا، اگر ہم برہمن سے سبق نہیں لے سکتے تو ہمیں یادو برادری اور جاٹو برادری ہی سے سبق سیکھنا چاہیئے کیوں کہ تادم تحریر انہیں کے پچھ لگو بن جانے پر اُتارو ہیں۔

اگر ہم صرف مذکورہ دو جاتیوں سے سبق سیکھ لیں تو ہم اعتماد کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ نہ صرف بھارت میں ہمارا مستقبل تابناک ہے بلکہ ہم ملک کے انسانی معاشرے کا مستقبل بھی تابناک بنا سکتے ہیں۔

* * *

پس چہ باید کرد اے اقوامِ ہند

(بھارت کی مظلوم اقوام کو اب کیا کرنا چاہئے؟)

باقی نہ رہی تیری وہ آئینہ ضمیری
اے کشتۂ سلطانی و مُلّائی و پیری اقبالؔ

(بادشاہت، پیری و مریدی اور مُلا ئیت کے باطل نظریئے کے مقتولو
تم میں وہ عقل مندی باقی نہیں)

بھارت کی مظلوم اقوام کو اب کیا کرنا چاہئے؟

انگریز کی واپسی کے بعد ہم کیا کرتے رہے؟

(۱) ایک جمہوری نظام میں کچھ سوچے سمجھے اور پرکھے بغیر ہم گائے بچھڑا کمپنی (کانگریس)، باپ بیٹا کمپنی (سماج وادی پارٹی) اور مایا مصرا کمپنی (بی ایس پی) کو ووٹ دیتے رہے جب کہ یہ کوئی سیاسی پارٹیاں نہیں بلکہ ایک ایک پریوار کے بزنس ہاؤسیز ہیں۔

(۲) ہم نے صرف دو چار بار صحیح فیصلہ کیا۔ ۱۹۷۷ء-۱۹۷۹ء وغیرہ میں جس کا ہمیں فائدہ بھی ملا، لیکن ہم زیادہ تر اپنے چھپے دشمنوں کے ہاتھ ہی مضبوط کرتے رہے تاکہ وہ مضبوط ہاتھوں سے ہمارا گلا گھونٹ سکیں۔

(۳) مذکورہ تینوں طاقتیں اپنے اپنے پریوار کے مفاد میں ہی پالیسیاں بناتی رہیں نہ کہ کسی سماج یا جاتی کے مفاد میں، البتہ وقت بدلنے کے بعد ان کی حامی جاتیوں اور گروہوں کو اُن کے کرموں کی سزا بھگتنی پڑی جیسے اس وقت مسلمان، یادو اور چمار بھگت رہے ہیں۔

(۴) بہوجن سماج میں مسلمان سب سے بڑی اکائی ہیں، مسلسل ظلم و ناانصافی نے ان میں مسلک اور جاتی کے اختلاف کو ختم کر کے انہیں ایک اکائی بنا دیا ہے۔ لیکن وہ صرف آقا بدل کر ہی تیس مار خاں بنتا ہے۔

(۵) نہرو پریوار، آر ایس ایس پریوار، ملائم پریوار، مایا مصرا پریوار اور مدنی پریوار سب کے سب ارب پتی ہیں۔

(۶) کیا ملک میں کوئی جانتا ہے کہ ان پریواروں کے پاس کوئی کارخانہ، فیکٹری یا بزنس ہاؤس ہیں، ان سب کے حمایتی ہی ان کا کچا مال ہیں، نیز ان کے ذریعہ ملنے والا ووٹ ہی ان کا تیار کال ہے۔

الگ الگ تجزیہ

پہلے کانگریس

(۱) ۱۹۸۰ء کے بعد اس کی لیڈرشپ کی عقل کسی گائے بچھڑے سے زیادہ نہیں رہی ہے، ویسے بھی ۱۹۷۰ء سے کسی چناؤ تک میں اس کا سمبل بھی گائے بچھڑا رہا ہے۔

(۲) کانگریس کا جنم داتا مشہور صہیونی انگریز یہودی لارڈ ہیوم تھا، اپنے جنم سے ہی جس طرح صہیونیت اسلام کی دشمن رہی ہے، اسی طرح لارڈ ہیوم کی یہ ناجائز اولاد بھی مسلمانانِ ہند کو تباہ کرنے کی سازشوں میں مصروف رہی ہے۔ یہ بھارتی سماج کا ''ام الخبائث'' ہے اور جمعیۃ الجہلائے ہند اسی کا بدبودار فضلہ ہے۔

(۳) منوواد: منووادی پرشاسنک سسٹم، بھرشٹاچار، اعلان شدہ پالیسیوں کے الٹ عمل، فرقہ واریہ، جاتی واد، مسلمانوں کو زندگی کے ہر شعبے سے اکھاڑ پھینکنا، سرکاری اور دستوری ایجنسیوں کے سیاسی استعمال، منووادی الکٹرانکس میڈیا سے لے کر ای-وی-ایم جیسی ساری برائیوں نے اسی کے پیٹ سے جنم لیا ہے۔[۴]

(۴) اب وائسرائے گل لاج کے انگریز افسروں سمیت سر ریڈکلف تک کی کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں، جن سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ چناؤ ۱۹۴۶ء

کے بعد انگریز نے بٹوارہ ٹالنے کے لئے ہی اپنی کیبنٹ کا ایک مشن دلّی بھیجا جس کے فارمولے پر کانگریس و مسلم لیگ میں مفاہمت ہوتے ہی مسلم لیگ نے بٹوارے کی اپنی مانگ واپس لے لی۔

(۵) جب مفاہمت کے فارمولے پر مرکزی کابینہ بن گئی تو اس کے عملی نتائج سے نہرو کو یہ یقین ہوگیا کہ اب نہ تو میری خاندانی بادشاہت قائم ہوسکتی ہے نہ ہی برہمن کی بالادستی والا بیوروکریٹک نظام قائم کرسکتا ہوں تو انہوں نے کیبنٹ مشن پلان پر اپنی دستخط کے باوجوداسّی فیصد یا زیادہ مسلم اکثریت کے علاقوں کو باقی ملک سے کاٹ کر الگ کردینے کی مہم شروع کی جس میں انہیں اپنی رکھیل لیڈی ماؤنٹ بیٹن کی مدد سے کامیابی ملی۔

(۶) نہرو کی اس مہم کے نتیجے میں لاکھوں انسان مارے گئے، کروڑوں انسان ترک وطن پر مجبور ہوئے اور انسانی تاریخ کی سب سے بڑی ٹریجڈی نے جنم لیا، جسے ''بٹوارہ'' کہا گیا، وہ بٹوارہ نہیں تھا بلکہ بھاری مسلم اکثریت کے علاقوں کو باقی ملک سے کاٹ کر الگ کرنے کی کارروائی تھی۔

(۷) نام نہاد بٹوارے کا سارا فائدہ صرف نہرو پریوار اور سارا نقصان بھارت، پاکستان اور بنگلہ دیش کے ایک سوستّر کروڑ عوام کو اٹھانا پڑا۔اس ڈرامے کے دوسرے کرداروں: محمد علی جناح، مہاتما گاندھی، سردار ولبھ بھائی پٹیل، لیاقت علی خاں اور ماسٹر تارا سنگھ کے پریواروں میں کوئی ہے یا نہیں کوئی نہیں جانتا۔

(۸) پورے بھارتی سماج کو ہمیشہ جذبات میں ڈبوئے رکھنے کے مقصد سے نہرو نے ہی کشمیر مسئلہ پیدا کیا جس سے پتہ نہیں کتنی نسلوں تک انسانی خون رستا رہے گا۔ یہ سارا خون نہرو کی ہی گردن پر سوار ہوگا۔

(۹) پنجاب میں اکالی دل کی سیاست کو ختم کرنے کے لئے اندارا گاندھی

نے سنت جرنیل سنگھ بھنڈراں والے کو، نیز تامل ناڈو میں دروڑ سیاست کو کمزور کرنے کے لئے ایل ٹی ٹی ای کو جنم دیا۔ ان دونوں کارروائیوں میں بھی لاکھوں انسان لقمۂ اجل بنے۔ خود اندرا گاندھی اور راجیو گاندھی بھی اپنے کیفر کردار کو پہنچے۔

(۱۰) اگر سونیا گاندھی ۲۰۰۹ء میں نوین چاولہ کے ہاتھوں ای-وی-ایم کے ذریعہ ساٹھ لوک سبھا سیٹیں بڑھا سکتی ہیں اور بہرائچ وکھیری جیسی سیٹیں بنا چناؤ لڑے جیت سکتی ہیں تو وہی کام نریندر مودی، سنیل اروڑا، کے ذریعہ کر کے اپنی ڈیڑھ سو لوک سبھا سیٹیں کیوں نہیں بڑھوا سکتے ؟

آخر کانگریس کس منہ سے ای-وی-ایم کی مخالفت کر سکتی ہے جب کہ اسی نے نوین چاولہ کے ذریعہ شروع کی ہے۔

ابھی ۹/نومبر ۲۰۱۹ء کو سپریم کورٹ کے ذریعہ جس اجودھیا ڈرامے کا ڈراپ سین کرایا گیا اس کی اسکرپٹ دنیا کے سب سے خطرناک انسان جواہر لال نہرو کے ہاتھ سے لکھی گئی۔ پھر اندرا گاندھی ڈائریکٹر بنیں، راجیو گاندھی تنہا اس کے ڈائریکٹر رہے، اس کے بعد اڈوانی کے تجربہ کار ہاتھوں نے اسے راجیو گاندھی کے اناڑی ہاتھوں سے چھین لیا۔ علمائے سوا پنے آقاؤں کے اشارے پر سردار پٹیل کو ولن بنانے کی کوشش کرتے رہے ہیں، بہت سی باتوں کا عینی شاہد ہوں، منافقین اور علمائے سو اس پر مجھ سے کھلی بحث کر سکتے ہیں، انہیں چیلنج دے رہا ہوں۔

ملائم بوا پریوار سماج وادی

(۱) کیا یہ بات کسی سے چھپی ہوئی ہے کہ ووٹوں کی گنتی سے صرف ایک دن پہلے ۲۲/مئی کو باپ بیٹے نے آمدنی سے زیادہ جائیداد معاملے میں سی-بی-آئی سے کلین چٹ لی۔ کیا اس کے بدلے یہ سودا نہیں ہوا کہ ووٹوں کی گنتی کے دوران

اور بعد میں پارٹی ای-وی-ایم پر زبان نہیں کھولے گی۔ بوا نے سارے پروکتاؤں کو کیوں برخاست کیا؟ وہ تادمِ تحریر برخاست ہیں۔

(۲) کیا سماج وادی پارٹی کے سارے ووٹر مل کر بھی اکھلیش یادو سے ای-وی-ایم کے خلاف تحریک شروع کرا سکتے ہیں؟

(۳) اتر پردیش کے ہر شخص کو معلوم ہے کہ سیفئی پریوار کے گھریلو نوکروں کے پاس بھی آمدنی سے زیادہ جائیداد ہے۔ ساری پارٹیوں نے مل کر پولیس کو یہ اختیار دیا ہے کہ وہ پچاس سال بعد بھی کوئی کیس کھول سکتی ہے۔

(۴) کیا یہ بات کسی سے چھپی ہوئی ہے کہ ہمارے وزیر داخلہ اپنی پارٹی سے زیادہ دوسری پارٹیوں کی بھی پالیسیاں طے کر رہے ہیں۔ این-ڈی-اے میں شامل پارٹیوں سے کہیں زیادہ وہ مخالف پارٹیوں پر اثر انداز ہیں۔ چوں کہ سپا اور بسپا تو ان کے اشارے کے بغیر ہل بھی نہیں سکتیں، اس لئے ان دونوں کی ضرورت ہی ختم ہو چکی ہے۔ نوکر کے بجائے سیدھے مالک کو مضبوط نہ کرنا عقل کے خلاف ہے۔

(۵) ای-وی-ایم پر چناؤ آیوگ اور چند ججوں کو چھوڑ کر کسی ایک آدمی کو بھروسہ نہیں ہے، پھر آخر نام نہاد مخالف پارٹیوں کو ای-وی-ایم کے خلاف تحریک چلانے سے کون روک رہا ہے؟ جب کہ دنیا کے سارے ترقی یافتہ ممالک میں بیلٹ پیپر سے چناؤ ہوتے ہیں۔

مایامصرا اینڈ کمپنی (بی-ایس-پی)

(۱) جب مایامصرا نے سرینڈر کر کے راجیہ سبھا سے تین طلاق اور لوک سبھا و راجیہ سبھا سے دفعہ ۳۷۰ اور A۳۵ ختم کرنے میں بنیادی کردار ادا کیا تو اس نے

ان سبھی مسلمانوں کو چپلوں سے نہیں پیٹا جس نے ہاتھی والا بٹن نہیں دبایا تھا؟ اس نے مسلمانوں کے ووٹ سے ملی ہوئی طاقت کو انہیں کے خلاف استعمال کیا۔ یہ بات سہارنپور، امروہہ، اور غازی پور کے مسلمانوں کو خاص طور پر نوٹ کرنی چاہئے اور مسلم ودھا یکوں کو بھی سوچنا چاہئے حالاں کہ سانسداور ودھا یک صرف اپنے بارے میں سوچتے ہیں۔

(۲) مایا مصرا اینڈ کمپنی نے سب سے بڑا جرم بابا صاحب امبیڈکر کی آتما کے خلاف کیا، یہ کہہ کر کہ بابا صاحب دفعہ ۳۷۰/اور A۳۵ کے خلاف تھے۔ میں بات دعوے کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ مایاوتی کو بابا صاحب کے جنم دن اور دنیا سے جانے کی تاریخیں تو معلوم ہوں گی، اس کے علاوہ ان کے بارے میں کچھ نہیں جانتی۔

(۳) سنویدھان کا کام ۲۶/نومبر ۱۹۴۹ء کو ختم ہو چکا تھا۔ بابا صاحب ۱۹۵۱ء میں مرکزی وزارت سے مستعفی ہو چکے تھے۔ ۱۹۵۲ء میں ان کی راجیہ سبھا کی ممبری بھی ختم ہو چکی تھی۔ شیخ عبداللہ ۱۹۵۳ء سے نہرو کی جیل میں تھے۔ ۱۹۵۵ء میں نہرو، مہاراجہ ہری سنگھ اور شیخ عبداللہ میں پردے کے پیچھے سمجھوتہ ہوا، جس کے تحت دستور میں دفعہ ۳۷۰/اور A۳۵ جوڑی گئی اور ہری سنگھ صدر ریاست اور شیخ عبداللہ وزیراعظم بنائے گئے۔ بابا صاحب ۱۹۵۵ء میں سیاسی ریزرویشن ختم کرنے کی تحریک کے ساتھ ساتھ دھرم پریورتن کی تیاریوں میں مصروف تھے۔ اس وقت مایاوتی جی اپنی ماں کے پیٹ میں تھیں اور میں اکیس سال کا نوجوان تھا، بمبئی میں ہی رہتا تھا، سیاست میں بھی حصہ لے رہا تھا۔ شاید بابا صاحب کو پتہ بھی نہ رہا ہو کہ دستور میں کیا کیا جوڑا جا رہا ہے۔ میں خاص طور پر دلت سماج سے کہوں گا کہ کسی کو بھی بابا صاحب سے غلط بات منسوب نہ کرنے دیں ورنہ ایک صدی کے بعد بھی سماج کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

(۴) کل بہن جی یہ بھی کہہ سکتی ہیں کہ مجھے بابا صاحب نے ہی حکم دیا تھا کہ ٹکٹ اور سمبل بیچ کر اتنا دھن اکٹھا کرو کہ تم اڈانی وامبانی کے قریب پہنچ جاؤ، اس سے میری آتما کو شانتی ملے گی۔

(۵) بہن جی یہ بھی بتا دیں کہ کیا چناؤ نتیجوں کے فوراً بعد گٹھ بندھن ختم کر دینے کا حکم بھی بابا صاحب کی آتما نے دیا تھا۔ حکم تو ملا تھا جس پر آپ نے عمل کیا۔ اب یہ بھی بتادیں کہ وہ حکم کسی آتما نے دیا تھا یا بہت زیادہ طاقت ور کسی زندہ انسان نے دیا تھا؟

(٦) بہن جی بہوجن سماج کو اتنا ضرور بتائیں کہ کل جب کاغذ پر چھپا ہاتھی کوئی خریدنے والا بھی نہیں ملے گا تب بھی آپ بہوجن سماج میں ہی رہیں گے یا وہاں چلی جائیں گی جہاں کو بیر کا خزانہ پہلے پہنچ چکا ہوگا۔

خلاصۂ بحث

اس بحث سے قارئین اس نتیجے پر پہنچیں گے کہ آئندہ کسی چناؤ میں بہوجن سماج پارٹی، سماج وادی پارٹی اور کانگریس کو ایک ووٹ بھی دینا اجتماعی خودکشی کے مترادف ہوگا۔ پھر یہ سوال پیدا ہوگا کہ جب تک دلتوں، پچھڑوں اور اقلیتوں کے لئے نیا وکلپ نہیں بنتا تب تک کیا بھاجپا کو ووٹ دیں یا پھر ووٹ ہی نہ ڈالیں۔

اگر بھاجپا، آر-ایس-ایس (برہمن واد) کی غلام نہ ہوتی اور آزادانہ فیصلہ لینے والی پارٹی ہوتی تو اس پر غور کیا جا سکتا تھا، لیکن وہ تو آر ایس ایس کے چنگل میں اس طرح پھنسی ہوئی ہے کہ اس سے نکل نہیں سکی۔ ان حالات میں بھاجپا کا ساتھ دینے پر غور بھی نہیں ہوسکتا۔ ایسا سوچنا بھی سمرتھن نہیں سمرپن ہوگا، جو قوموں کی زندگی کے لئے خطرناک ہوتا ہے۔ راستہ صرف عربی زبان والے صبر

کے ساتھ سنگھرش میں چھپا ہے۔

ہمیں اب پختہ ارادہ کر لینا چاہئے کہ آئندہ ہمیں کسی پارٹی کو ہرانے کے نام پر ووٹ دینے سے توبہ کر لینی چاہئے، حالاں کہ نام نہاد سیکولر پارٹیاں اور مسلمانوں کے علمائے سو نیز منافقین ملت انہیں بھاجپا ہراؤ کے احمقانہ نعرے میں الجھائے رکھنا چاہیں گے، لیکن یہ ثابت ہو چکا ہے کہ یہ راستہ ہلاکت خیز ہے۔ ہمیں اچھی متبادل پارٹی کو ووٹ دینا چاہے خواہ وہ جیتے یا ہارے یا ہماری اس نئی لائن سے کسی کو بھی فائدہ پہنچے اگر ہم نہیں جیتتے تو کون جیتتا ہے اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔ اب تک سیکولر حکومتیں، نام نہاد کمیونل حکومتوں سے بدتر ثابت ہوتی رہی ہیں۔ تا دمِ تحریر مرکز اور زیادہ تر صوبوں میں کمیونل کہی جانے والی حکومتیں ہیں اس سے سیکولر حکومت (دو چار کے علاوہ) ہمارے لئے بہتر رہی ہے۔ بس ہمیں کمیونل حکومت بنانے میں مددگار نہیں بننا چاہئے۔ یہ ایک سچائی ہے کہ نہ تو کوئی پارٹی سیکولر ہے نہ ہی کمیونل، سب کی ووٹ بنانے کی حکمت عملی الگ الگ ہے۔ اسے عوام کو بے وقوف بنانے کی حکمت عملی کا نام دینا چاہئے۔

مطلوبہ وکلپ کیا ہوسکتا ہے؟

(۱) اب بہت کم لوگوں کو یاد ہوگا کہ ۱۲/۱۳/اکتوبر ۱۹۶۸ء کو لکھنؤ قیصر باغ بارہ دری میں مرحوم قائد ملت ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی، پیریار راما سوامی ناٹکر، بندیشوری پرشاد منڈل، چھیدی لال تھی، بی شیام سندر اور ڈاکٹر امبیڈکر کے بچے کھچے ساتھیوں نے شمالی ہند میں پہلی بار دلتوں، پچھڑی جاتیوں اور اقلیتوں کا پہلا اور بہت بڑا سمیلن کرایا تھا۔ یہ سمیلین نہ صرف شمالی ہند کا پہلا سمیلن تھا بلکہ اس نے شمالی ہند کی سیاست کی سمت تبدیل کرنے میں بنیادی کردار ادا کیا۔ یہ سمیلن

اسی جگہ ہوا جہاں جنوری ۱۹۸۶ء میں سرسیدؒ اور مہاراجہ بنارس نے کانفرنس کر کے مسلمانوں اور ٹھاکروں کو آگاہ کیا تھا کہ کانگریس کے ذریعہ تم نچلی سطح پر برہمنوں اور بنیوں کے بھی غلام بن جاؤ گے۔ کانگریس کی مخالفت کے لئے ہی انہوں نے پٹریاٹک فرنٹ وہیں بنایا تھا۔

(۳) عام مسلمانوں نے نہ تو ۱۸۸۶ء میں سرسید کی بات مانی تھی، نہ ہی ۱۹۶۸ء میں ڈاکٹر فریدی کی بات مانی۔ نتائج دونوں بار کے یکساں رہے۔ کانگریس نے انگریزوں کے ساتھ عوام کو بڑے برہمنوں اور بڑے بنیوں کا غلام بنا کر رکھ دیا اور ۱۹۶۸ء میں ڈاکٹر فریدی کی بات نہ مان کر موجودہ نسل اس کی بھگت بھوگی ہے ہی۔

(۴) ۱۹۶۸ میں مہاپرشوں نے یہ راستہ دکھایا تھا کہ پہلے اتر پردیش کے مسلمان دلت اور پچھڑی جاتیاں ایک سیاسی پارٹی میں جمع ہوں اور ڈاکٹر فریدی کی قیادت میں یہ تینوں طبقے ایک سیاسی طاقت بن جائیں۔

(۵) ابتداء میں تو دلتوں کے ساتھ مسلمانوں میں بھی جاگنے کے آثار پیدا ہوئے لیکن اندرا گاندھی نے خطرے کو بھانپ کر جمعیۃ الجہلائے ہند اور سارے علمائے سو کو کام پر لگا دیا کہ جو لوگ فرقہ وارانہ فسادات میں ہمارے گھروں کو لوٹتے ہیں ڈاکٹر فریدی انہیں ہی تمہاری گردنوں پر سوار کرنا چاہتے ہیں۔ دوسری طرف اندرا گاندھی نے بدھ پریہ موریہ کو توڑ کر سیدھے مرکزی وزیر بنا کر وقت کی دلت لیڈر شپ کو اسی طرح توڑنے کی مہم شروع کی جس طرح تادمِ تحریر موجودہ حکمراں جماعت اپوزیشن لیڈروں کو توڑ کر بکھیر رہی ہے۔

(۶) پہلے اور آج میں فرق یہ ہے کہ اب مسلمان نام نہاد علمائے سوء کے جال سے نکل کر جاگروک ہوا ہے، دلت بھی اپنی لیڈر شپ کے ذریعہ جتنی بری

طرح ٹھگا گیا ہے اسے محسوس کر رہا ہے۔ پورا دلت طبقہ بالخصوص اس کی سب سے بڑی جماعت پوری طرح جاگروک ہے۔ پچھڑی جاتیوں کے پڑھے لکھے لوگ بھی بھاجپا اور اقتدار کی نیت کو بھانپ کر چوکنے ہو رہے ہیں۔

(۷) کچھ مسلمان بے چینی میں مسلم لیڈر شپ کو ایک بار پھر جنوبی بھارت امپورٹ کرنے کا خواب دیکھ رہے ہیں، کیا وہ لوگ ۱۹۷۴ء بھول گئے جب اندرا گاندھی نے اتحاد ثلاثہ بی-کے-ڈی، ایس-ایس-پی اور مسلم مجلس کو شکست اور کانگریس کو فتح سے ہمکنار کرنے کے بعد پھر کسی کو ڈھونڈے سے نہیں ملی، البتہ کانگریس کا مستقل سر درد بن چکی مسلم مجلس اس زخم سے ابھر نہیں پائی۔

(۸) تمہارے پاؤں کا کانٹا تمہیں سے نکلے گا کے مصداق جو دلت اور پچھڑی سیاسی شخصیتیں موجودہ حالات سے بیزار ہو کر نیا راستہ تلاش کر رہی ہیں ان سب کی ایک چھوٹی میٹنگ (صرف لیڈروں کی) لکھنؤ یا دلّی میں ہو کر سارے معاملات طے کر کے لکھنؤ میں ایک بڑا اسمبلی کر کے نئی پارٹی کا اعلان کیا جائے۔ اس پر کافی کام بھی ہو چکا ہے اور کئی بیٹھکیں ہو چکی ہیں۔

(۹) میرا خیال ہے کہ اس وقت اگر مناسب تعداد میں شخصیتیں تیار ہو جائیں تو نئی پارٹی کے ساتھ مسلمان اور دلتوں کی سب سے بڑی جاتی کی اکثریت اس کو اسی طرح اپنی پارٹی مان لے گی جس طرح دلتوں نے بی-ایس-پی کو مان لیا تھا۔ اس طرح پارٹی کے پاس بی-ایس-پی سے زیادہ ٹرانسفر ہونے والا ووٹ ہو جائے گا، اس سے ان دلت جاتیوں کو جوڑنا آسان ہوگا جو بھاجپا میں بھاگ گئی تھیں۔ رہیں پچھڑی جاتیاں تو ان میں دو طاقت ور جاتیوں پر زیادہ محنت نہ کر کے دیگر پچھڑی جاتیوں کو جوڑنا آسان ہوگا۔ وہیں اکھلیش یادو کے جاتی واد سے مایوس ہو کر انہیں سبق سکھانے کے مقصد سے بھاجپا کی طرف گئے

تھے، انہیں اچھی طرح معلوم ہے کہ بھاجپا ان کی دوست نہیں ہوسکتی۔

(۱۰) جذباتی سیاست کبھی کسی مسئلے کا حل نہیں رہی ہے۔ سیاست سیاسی عقل مندی کا دوسرا نام ہے۔ جذباتی سیاست سے ہم صرف اپنے دشمنوں کو فائدہ پہنچا سکتے ہیں۔ راستہ صرف ایک ہے کہ مسلمانوں، دلتوں اور زیادہ پچھڑی جاتیوں کو ملا کر امبیڈکر و ڈاکٹر فریدی کے نظریات پر ایک نئی سیاسی پارٹی جس کے ہر امیدوار کو مسلمان، دلت، اور دیگر پچھڑی جاتیاں اپنا ووٹ ٹرانسفر کریں۔ اگر اس میں پچاس فیصد بھی کامیابی مل گئی تو اتر پردیش کی سیاست کی چابی آپ کے ہاتھ میں ہوگی۔ اگر مسلمان اور دلت ستّر فیصد تک ایک پارٹی کے ووٹر بن جائیں تو اس پارٹی کو اکثریت میں لانے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ اسی میں لفٹ نظریات کے لوگوں کو بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔

حرفِ آخر

اگر ہم پچاس سال پہلے ڈاکٹر فریدی کی بات مان لیتے تو آج ہم ایک نئے اور بہتر بھارت کے شہری ہوتے۔ اگر اب سے مان لیں تو بھی صرف دس سال میں اپنا گول حاصل کر سکتے ہیں۔ انٹرنیٹ کے اس زمانے میں یہ مدت پانچ سال بھی ہوسکتی ہے۔ جس کا امکان زیادہ ہے کہ دو سال میں یہ کام ممکن ہے۔

اگر ہم ابھی نہ مانیں تو پچاس سال بعد ۲۰۷۰ء میں اگر کچھ دردمند دل بیٹھ کر حالات بدلنے پر غور کریں گے تب بھی صرف یہی راستہ ملے گا۔ کیوں کہ بھارت کے سماج کی بناوٹ ہی ایسی ہے جس میں کوئی دوسرا راستہ ہے ہی نہیں جو مل سکے۔

صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لئے

***

الہ آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ

۳۰/ستمبر ۲۰۱۰ء

''سمرتھ کا نہیں دوش گوسائیں''

(طاقتور کا جرم، جرم نہیں ہوتا)

''سمرتھ کا نہیں دوش گوشائیں''

(طاقتور کا جرم، جرم نہیں ہوتا)

یہ دور اپنے براہیم کی تلاش میں ہے
صنم کدہ ہے جہاں لا الٰہ الا اللہ
بہت سے بت ہیں جماعت کی آستینوں میں
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
(علامہ اقبالؔ کی روح سے معذرت کے ساتھ)
الیاس اعظمی

یوں تو نہرو اور ان کا پریوار ۹۴؍سال سے انسانیت کو شکست دیتا چلا آرہا ہے، اب ۳۰؍ستمبر ۲۰۱۰ء کو ایک بار پھر قانون کی حکمرانی کا تصور نہرو کی آتما سے شکست کھا گیا۔ دس جن پتھ سے لے کر آئی بی ہیڈ کوارٹر تک، دگوجے سنگھ سے لے کر جناردن دویدی تک اور لکھنؤ سے لے کر دہلی تک کانگریسیوں کی دس روزہ اچھل کود کے نتیجے میں قانون اور انصاف کی دیوی کو طاقت اور حکومت کی چوکھٹ پر سجدہ ریز ہونا ہی پڑا اور چوری وسینہ زوری کو قانون کا درجہ حاصل ہو ہی گیا۔ سونیا دگ وجے سنگھ کے چہرے سے بھی نقاب پلٹوادی، خواہ کانگریس دولت کے بل پر سارے ہی مدنیوں، برنیوں، علویوں، نقویوں، فاروقیوں، فرنگیوں کو میدان میں اتار دے لیکن اس سچائی کو تو سبھی کو ماننا ہی پڑے گا کہ ۶؍دسمبر کے

مقابلے ۳۰؍ستمبر ۲۰۱۰ء کا دن زیادہ سیاہ اور تاریک تھا۔

۶؍دسمبر ۱۹۹۲ء کو انسانیت کی عصمت دری، اس کی چیخوں، آہوں اور سسکیوں کے باوجود عدلیہ کی ایک شمع روشن تھی لیکن مظلوم انسانیت کی اس آخری امید کو بھی ۳۰؍ستمبر ۲۰۱۰ء کو شام چار بجے بابری مسجد کی طرح ڈھا دیا گیا اور اس بار بھی اسے کانگریس نے ہی منہدم کروایا۔

اب جو سوچتا ہے کہ اس ملک میں طاقت ور کے مقابلے میں کمزور کو انصاف مل سکتا ہے، اس کی جگہ صرف پاگل خانے میں ہی ہو سکتی ہے۔

برہمن ازم کے مفاد میں مسلمانانِ ہند پر موتی لال نہرو کا پہلا حملہ ۱۹۱۶ء میں نہرو رپورٹ کے ذریعہ کیا گیا تھا، جس کے ذریعہ موتی لال نہرو نے مسلمانوں کی اکثریت کے صوبوں میں بھی ان کی حکومتیں نہ بن پانے کا پختہ انتظام کر دیا تھا۔

۱۹۲۰ء میں محمد علی نے جواہر لال نہرو کو کانگریس کا جنرل سکریٹری بنا کر انہیں اتنا مضبوط کر دیا کہ وہ اپنے مضبوط ہاتھوں سے مسلمانانِ ہند کا گلا گھونٹتے رہیں۔

جواہر لال نہرو نے سیکولرازم، سوشل ازم اور جمہوریت کے گلا پھاڑ نعروں کے درمیان ہمیشہ ہی مسلمانوں کو اپنا ٹارگیٹ بنا رکھا۔ مسلمانوں کے خلاف نہرو کی یہ جنگ کسی فرقہ پرستی یا نفرت کی بنا پر نہیں تھی، ان کا ٹارگیٹ اپنے خاندان کی قیادت میں برہمنوں کو زندگی کے ہر شعبے میں حاوی کرنا تھا۔

یہ کام مسلمانوں کو زندگی کے ہر میدان سے کھدیڑے بغیر ممکن ہی نہیں تھا کیوں کہ مسلمان زندگی کے سبھی شعبوں پر چھایا ہوا تھا یہاں تک کہ اسلام میں ناپسندیدہ رقص و موسیقی کے شعبوں پر بھی انہیں کا قبضہ تھا۔ برہمنوں کے مفاد کی خاطر نہرو صرف مسلمانوں ہی کے نہیں بلکہ پوری انسانیت کے دشمن بن گئے تھے۔ جب ۱۹۲۳ء میں بابا صاحب بھیم راؤ امبیڈکر میدان میں آئے اور ان کی

کوششوں سے سائمن کمیشن آیا تو نہرو کو لگا کہ اب ہزاروں سال کے جانور بھی انسان بن کر ہندوؤں کے نام پر برہمن کو ملنے والے حصے میں بٹائی دار نہ بن جائیں اس لئے انہوں نے پوری کانگریس کو ''گو بیک سائمن'' تحریک میں جھونک دیا اور ۱۹۲۷ء سے ۱۹۳۲ء تک نہرو کو دلتوں اور پچھڑوں کے خلاف کھل کر جنگ لڑنے پر مجبور ہونا پڑا۔

نہرو نے مسلم لیگ کے تقسیم ہند کے مطالبے کو سمجھنے میں غلطی کر دی ورنہ انہیں اس کو فوراً مان لینا چاہئے تھا لیکن خیبر پاس سے کاکس بازار تک برہمن وادی رام راجیہ کا جھنڈا پھہرانے کے لالچ میں نہرو نے مسلم لیگ کے تقسیم ہند کے مطالبے کی مخالفت کی۔ لیکن جب ۱۹۴۶ء کے چناؤ کے بعد مسلم لیگ کیبنیٹ مشن کے پلان کو مان کر اور تقسیم کے مطالبے سے دست بردار ہو کر انٹریم گورنمنٹ میں شامل ہوگئی تب اسی پلان پر دستخط کرنے کے صرف دو مہینہ بعد نہرو کو یہ محسوس ہو گیا کہ اس سمجھوتے پر دستخط کر کے وہ اپنی لڑائی ہار چکے ہیں۔ تب انہوں نے بھاری مسلم اکثریت کے علاقوں کو باقی ملک سے کاٹ کر الگ کر دینے اور باقی ملک پر برہمن کی بالا دستی والا نظام قائم کرنے کی علانیہ جدو جہد شروع کر دی۔

نہرو کی خوش قسمتی سے ماؤنٹ بیٹن بھارت کا آخری وائسرائے بن کر آ گیا۔ لیڈی ماؤنٹ بیٹن سے نہرو کے جسمانی تعلقات سے پورا زمانہ واقف تھا اور نامرد ماؤنٹ بیٹن اپنی جورو کا غلام تھا ہی۔

اس ملک کی تاریخ پر رکھیلوں نے بہت ہی گہرے نقوش چھوڑے ہیں، ان میں سب سے گہرا اور خوں ریز نقش لیڈی ماؤنٹ بیٹن کا ہی ہے۔

مئی ۱۹۴۶ء کے آخری ہفتہ میں جواہر لال نہرو نے کانگریس ورکنگ کمیٹی

کی ارجنٹ میٹنگ بلا کر مسلمانوں کی بھاری اکثریت کے علاقوں کو باقی ملک سے کاٹ کر الگ کر دینے کی تجویز دو کے مقابلے اٹھارہ ووٹوں کی اکثریت سے پاس کروا کر اور اس تجویز کو اپنی رکھیل کے ذریعہ ماؤنٹ بٹن سے منوا کر ہندوستانی مسلمانوں پر سب سے مہلک اور جان لیوا حملہ کیا اور مسلمانوں کو برہمنی سیاست کا ''صید زبوں'' بنا کر رکھ دیا۔

اس کے بعد بھی رامپور سے امرتسر تک مسلمانوں کی چالیس فیصدی آبادی کسی بھی وقت نہرو کے پلان کے لئے خطرناک ہوسکتی تھی، اس کے لئے نہرو نے کیا کیا ہم صرف دلّی کی مثال دیں گے۔ کہا جاتا ہے کہ مسلم بادشاہ بہت ظالم تھے، انہیں ہندوؤں کو تلوار کی نوک پر مسلمان بنانے میں بہت مزا آتا تھا۔ ہر ہندو مسلمان کے لئے یہ سوال غور کرنے کا ہے کہ وہ ظالم بادشاہ سات سو سال تک اپنی راجدھانی کے شہر دلی میں بھی مسلمانوں کی اکثریت نہیں بنا سکے، لیکن جب سیکولرزم، سوشل ازم اور جمہوریت کا گلا پھاڑ نعرہ لگانے والے نہرو اقتدار کے گھوڑے پر سوار ہوئے تو انہوں نے دلّی کی چالیس فیصدی مسلم آبادی کو قبرستان یا پاکستان بھیجنے میں سات دن سے زیادہ کا وقت نہیں لیا۔ یہی کہانی دلی سے امرتسر اور پٹھان کوٹ تک دہرائی گئی۔ اس کے بعد نہرو کے سامنے صرف ایک چیلنج رہ گیا تھا کہ ملک بھر کے مسلمانوں کے حوصلوں کو تیز رفتاری کے ساتھ کس طرح پست کیا جائے۔ ۱۹۴۹ء تک نہرو نے مسلمانوں پر براہِ راست حملے کئے تھے لیکن اب انہوں نے حکمت عملی تبدیلی کی اور مسلمانوں کو حاشئے پر لانے کے لئے انہوں نے انتظامیہ، عدلیہ اور علماء اور منافقین کا بڑے پیمانے پر استعمال کیا۔

اب یہ ثابت ہو چکا ہے کہ ۲۲ر دسمبر ۱۹۴۹ء کی رات میں فیض آباد کے ساؤتھ انڈین کلکٹر کے-کے-نیر نے جواہر لال نہرو کے ہی اشارے پر ابھے

رام داس، رام سکل داس اور سدرشن داس سے مورتیاں رکھوائی تھیں۔

لکھنؤ کے چنہٹ علاقے میں سوامی اکشے برہم چاری برسوں تک میرے قریبی پڑوسی رہے ہیں وہ اس وقت فیض آباد ضلع کانگریس کے سکریٹری تھے، انہوں نے کئی بار مجھ کو بتایا کہ خبر سن کر میں صبح اجودھیا پہنچ گیا تھا، جہاں مسجد میں تینوں موجود تھے، باہر چند لوگ تھے، سب بہت گھبرائے ہوئے تھے، میں نے تینوں کو مورتیاں ہٹا لینے پر بھی راضی کر لیا تھا لیکن کلکٹر آ گیا میں نے اس کو بتا دیا کہ کوئی بات نہیں مورتیاں یہ لوگ ہٹا لیں گے تب کلکٹر نے اکشے برہم چاری کو الگ لے جا کر کہا کہ سب کچھ اوپر کے حکم سے ہو رہا ہے، آپ اس میں مداخلت نہ کریں اور جو مورتیاں مسجد کے ممبر سے اٹھ بھی چکی تھیں، وہ پھر وہیں رکھ دی گئیں۔

اسی دن مرکزی وزیر داخلہ سردار پٹیل نے یو پی کے وزیر داخلہ لال بہادر شاستری کو ریڈیو گرام بھیجا کہ ہم نے سیکولرزم کو اپنی مرضی سے اپنایا ہے اس لئے ہمیں اس کے تئیں ایمان دار رہنا چاہئے۔ جب یو پی حکومت کو یہ تسلیم ہے کہ مورتیاں چوری سے رکھی گئی ہیں تو یو پی حکومت کو پولیس کے ذریعہ مورتیاں ہٹوا دینی چاہئے۔

لیکن جب نہرو کو سردار پٹیل کے ریڈیو گرام کا علم ہوا تو انہوں نے وزیر اعلیٰ پنت کو ایک طویل ریڈیو گرام بھیجا جس میں سیکولرزم کی تعریف کی گئی تھی اور کہا گیا تھا کہ سیکولرزم کا مطلب ہے قانون کی حکمرانی اور قانون کی حکمرانی کا تقاضہ ہے کہ پورے معاملے کو قانون کے حوالے کر دیا جائے۔

کانگریسیوں کی غلطی سے یہ دونوں ریڈیو گرام سرکاری فائلوں میں پڑے رہ گئے اور جنتا پارٹی کے زمانے میں عام ہو گئے۔ نہرو خاندان کو پریشانی ہونے لگی کہ اگر یہ دونوں خط شائع ہو گئے تو نہرو کے سیکولرزم کا کیا ہوگا۔ لہٰذا مرکزی

ایجنسیوں کو لگا دیا گیا۔

سبھاش نام کا کلرک فائلوں کو لے کر لبراہن کمیشن میں جارہا تھا، تلک برج ریلوے اسٹیشن پر اسے پیچھے سے ڈھکیل کر قتل کردیا گیا اور فائلیں اڑا دی گئیں۔ سبھاش کے والد کانپور سے دلی اسپتال میں پہنچے۔ سبھاش نے ان سے کہا میں تو چند گھنٹوں کا مہمان ہوں، میرا قاتل فائلیں لے گیا اس کی فکر کریں۔ ابھی چند ہفتہ پہلے سبھاش کے والد نے پھر یہی بیان دیا ہے۔

بابری مسجد میں مورتیاں رکھنے کے بعد معاملہ سٹی مجسٹریٹ کورٹ میں گیا۔ ۲۹ر دسمبر ۱۹۴۹ء کو نہرو نے مسلمانوں کو پہلی عدالتی شکست دی جب سٹی مجسٹریٹ مارکنڈے سنگھ نے مسلمانوں کی دادرسی اس طرح کی کہ مسجد کو قرق کرلیا اور فیض آباد میونسپل چیئرمین پریہ دت کو ریسور مقرر کردیا اور پوجا پاٹ کی اجازت دے دی، پھر ایک ایڈمنسٹریٹو آرڈر جاری کرکے امن وقانون کے نام پر مسجد کی عمارت کے دوسو گز کے دائرے کے اندر کسی بھی مسلمان کے داخل ہونے پر پابندی لگادی۔ یہ نہرو کے ہاتھوں مسلمانوں کی دوسری قانونی شکست تھی۔ پھر ۱۶ر جنوری ۱۹۵۰ء کو گوپال سنگھ وشارد نے سول جج فیض آباد کے یہاں مقدمہ داخل کرکے مسجد کے متولی ظہور احمد اور سرکاری افسران کے خلاف انجنکشن مانگا کہ وہ پوجا پاٹ میں مداخلت نہ کریں۔ اسی میں فیض آباد کلکٹر جیکرن نے یہ بیان داخل کیا کہ مذکورہ عمارت بابری مسجد ہے، اس میں ہمیشہ پنج وقتہ نماز ہوتی رہی ہے، اس میں پوجا کبھی نہیں ہوئی، پھر بھی سول جج نے مسلمانوں کے خلاف انجنکشن دے دیا۔ یہ نہرو کے ہاتھوں مسلمانوں کی تیسری عدالتی شکست تھی۔

پھر ۵ر دسمبر ۱۹۵۰ء کو پرم ہنس رام چندر داس نے گوپال سنگھ وشارد جیسا ہی سول سوٹ داخل کیا اس کو خارج نہ کرکے یکم فروری ۱۹۵۱ء کو وشارد کے سوٹ سے

اٹیچ کر دیا، یہ نہرو کے ہاتھوں مسلمانوں کی چوتھی شکست تھی۔

۱۷ر دسمبر ۱۹۵۹ء کو نرموہی اکھاڑا کی طرف سے مقدمہ دائر کیا گیا کہ ریسور کو ہٹا کر جائیداد اس کی نگرانی میں دی جائے، اب نہرو کو کوئی ضرورت باقی نہیں رہ گئی تھی، پورے ملک کا مسلمان احساس کمتری کے اس غار کے دہانے کے قریب پہنچ چکا تھا، جس کے اندر سے ہریجن کی کراہوں کی آواز اس وقت تک آ رہی تھی، اس لئے اس مقدمے کو وقت ضرورت کے لئے فریز کرا دیا گیا۔

۱۸ر دسمبر ۱۹۶۱ء کو سنی سنٹرل وقف بورڈ نے مقدمہ دائر کیا، اسے بھی نہرو نے نرموہی اکھاڑے کے مقدمے کے ساتھ فریز کرا دیا۔ یہ مسلمانوں کی پانچویں عدالتی شکست تھی۔

علماء سو اور منافقین ملت کو یہ بتانا چاہئے کہ کیا ان معاملات سے نہرو یا کانگریس سرکاروں کا تعلق نہیں تھا جب کہ اس وقت انتظامیہ اور عدلیہ بالکل الگ نہیں تھے۔

یکم جولائی ۱۹۸۹ء کو الٰہ آباد ہائی کورٹ کے ہی ریٹائرڈ جج دیوکی نندن اگروال نے رام للا براجمان کے دوست کی حیثیت سے ایک نیا مقدمہ اسی موجود بنچ میں دائر کیا۔ نرموہی اکھاڑے اور سنی سنٹرل وقف بورڈ کے مقدمے تو میعاد باہر ہونے کی بنیاد پر خارج کئے گئے لیکن محترم عدالت عالیہ نے اٹھائیس سال بعد دائر ہونے والے مقدمے کو اس بنیاد پر میعاد کے اندر قرار دیا کہ رام للا دنیا میں نہیں ہے۔

نہرو کے بعد ان کی بیٹی اندارا گاندھی کو سیاسی ضرورت محسوس ہوئی کیوں کہ انہیں ۱۹۷۷ء میں اپنی شکست کا بدلہ مسلمانوں سے لینا تھا۔ یہ بات مجھ سے پرم ہنس رام چندر داس نے بتائی کہ ایک دن اچانک مجھے اور اجودھیا کے کئی

سادھوؤں کواندرا جی نے اپنی کوٹھی پر بلوایا وہاں کئی کانگریسی لیڈر بھی موجود تھے۔ مہنت نے بتایا کہ اندرا جی نے کہا کہ اگر آپ لوگ اتنی زوردار تحریک چلا دیں جس سے لگے کہ سرکار کی مجبوری بن گئی تھی تو ہم بابری مسجد آپ لوگوں کو دے دیں گے، اس کے لئے اسی دن اندرا گاندھی نے اپنی کوٹھی پر ہی سینئر کانگریسی لیڈر سابق وزیر صحت داؤ دیال کھنہ کی قیادت میں ''رام جنم بھومی مکتی یگیہ سمیتی'' بنوائی اس میں اجودھیا کے سادھوؤں اور کانگریسی لیڈروں کو لیا گیا۔

اجودھیا سے چاروں سمتوں میں چار رتھ روانہ کر کے رام مندر تحریک کی ابتداء کی گئی، ان چاروں رتھوں کو وزیر آب پاشی ویر بہادر سنگھ نے ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا اور رام مندر آندولن شروع ہو گیا۔ یہ بات بھی مجھ سے پرم ہنس رام چندر داس نے بتائی کہ چاروں رتھوں کی یاترا پوری کر کے ہم لوگ پھر اندرا سے ملے اور کہا کہ تحریک بہت زوردار رہی، اب مسجد ہمارے حوالے کر دیں۔ ہماری اس بات پر اندرا بہت زور سے ہنسی اور ہمارا ایک پمفلٹ جو رتھوں سے بانٹا گیا تھا نکالا اور کہا کہ اس میں تو آپ لوگوں نے ہی لکھا ہے کہ بابر سے رام مندر کو بچانے کے لئے تین لاکھ چھیاسی ہزار ہندو مارے گئے، تب بابری مسجد بن پائی، لیکن ابھی تو آپ کی تحریک میں ایک بھی ہندو نہیں مرا اور چلے آئے مسجد کی چابی لینے؟ اس کے بعد رام مندر تحریک کو دھار دینے کے لئے اندرا جی نے مہاراجہ کرن سنگھ کی اگوائی میں وراٹ ہندو سمیلن دلّی کے بوٹ کلب پر کروایا۔ پھر انہیں کی قیادت میں ایکا تمتا یگیہ تحریک چلوائی جس کے تحت پورے ملک میں زہریلے فرقہ وارانہ نعروں کی وال پینٹنگ کروائی۔

ہمارے جیسے احمق یہ سمجھتے رہے کہ یہ وال پینٹنگ جن سنگھی کروا رہے ہیں لیکن سچائی یہ ہے کہ اس وال پینٹنگ کا سو فیصدی خرچہ اندرا گاندھی نے اٹھایا اور

کام کی نگرانی مہاراجہ کرن سنگھ نے کی۔ ساری زہریلی تحریکیں اندرا گاندھی نے چلوائیں لیکن انہیں کسی عدالتی ڈارمے کی ضرورت نہیں پڑی۔ لیکن راجیو گاندھی نے اقتدار سنبھالتے ہی اپنے نانا کے شروع کئے ہوئے اور ماں کے پروان چڑھائے ہوئے کام کو پورا کرنے پر سارا دھیان مرکوز کر دیا۔

بات ۲۹ر جنوری ۱۹۸٦ء کی ہے، میں اپنے معمول کے مطابق چنہٹ کے اپنے مکان سے مسلم مجلس کے ایم ایل اے فضل الباری کے یہاں پہنچا تو مجھے بتایا گیا کہ کل دن بھر ایک صاحب آپ کو تلاش کرتے رہے، تھوڑی دیر بعد ہی میرے آبائی قصبے پھول پور، ضلع اعظم گڑھ کے کانگریسی لیڈر غیاث عالم خان آگئے، مجھے الگ کمرے میں لے گئے اور کہا کہ میں سابق وزیر عبدالرحمٰن نشتر کے گھر پر ٹھہرا ہوں، وہ بہت پریشان ہیں اور مجھ سے کہا ہے کہ یہ بات صرف الیاس کو بتائی جائے۔

انہوں نے کہا کہ راجیو گاندھی نے ویر بہادر سنگھ چیف منسٹر سے کہہ دیا ہے کہ بابری مسجد کو ہندوؤں کو دینا ہے اور ہر حالت میں تمہیں یہ کام کرنا ہے۔ ویر بہادر نے وقف بورڈ کے چیئر مین کو بلوایا ہے، ان پر دباؤ ڈالا جا رہا ہے کہ وہ بورڈ کی طرف سے خود مسجد ہندوؤں کو سونپ دیں۔

اس وقت وقف بورڈ کے چیئر مین ریٹائرڈ آئی اے ایس فرحت علی صاحب تھے، جو مسلم مجلس کے صدر ذوالفقار اللہ صاحب کے داماد ہونے کے ناطے ہمارے بھی قریبی تھے۔

حالاں کہ مجھے غیاث بھائی کی بات پر پورا یقین نہیں آیا، آخر میں بھی ایک عقل مند قوم کا ہی فرد ہوں، میں یہ سمجھنے سے قاصر رہا کہ کیا ایک وزیر اعظم اس سطح تک گر سکتا ہے۔ بہر حال میں تصدیق کرنے شیخ مستنصر اللہ صاحب مرحوم کے

مکان واقع بنارسی باغ پہنچا، وہاں نوکر نے بتایا کہ فرحت صاحب آئے تھے، تین چار دن رکے تھے، پھر واپس الہ آباد چلے گئے۔ میں مچھلی محل میں واقع وقف بورڈ کے دفتر گیا، وہاں پتہ چلا کہ چیئر مین صاحب بورڈ آئے ہی نہیں نہ ہی انہوں نے اپنی لکھنؤ میں موجودگی کی کوئی اطلاع ہی دی، اب میرا ماتھا ٹھنکا، مجھے غیاث بھائی کی باتوں میں دم لگا۔ میں فوراً الہ آباد روانہ ہو گیا۔

وہاں فرحت علی صاحب نے ہر اس بات کی تصدیق کی جو مجھے غیاث بھائی نے بتائی تھی، یہ بھی بتایا کہ چیف منسٹر نے بورڈ کو ایک کروڑ کی گرانٹ اور مجھے کسی پسندیدہ ملک کا امبیسڈر بنانے کی پیشکش کی لیکن میں نے کہا کہ میں اسلام سے خارج کر دیا جاؤں گا۔ تب مجھے چھٹی دے دی گئی۔ چوں کہ چیف منسٹر نے یہ بھی بتایا کہ یہ پردھان منتری کا حکم ہے۔ اگر میں نے یہ کام نہ کیا تو مجھے بھی لکھنؤ چھوڑ کر گورکھپور جانا پڑے گا، اس لئے وہ مجبور ہیں کہ کوئی بھی دھاندلی کریں یہ سمجھو کہ بابری مسجد گئی۔

میں نے مسلم مجلس کے ساتھیوں سے مشورہ کر کے طے کیا کہ کل پریس کو بلا کر عوام کو راجیو گاندھی کی سازش سے آگاہ کر دیا جائے لیکن دوسرے دن صبح کے اخباروں سے پتہ چلا کہ یکم فروری ۱۹۸۶ء کو تالا کھل بھی گیا۔ ہوا یہ کہ فرحت علی سے مایوس ہونے کے بعد ویر بہادر سنگھ نے فیض آباد کے ضلع جج کرشن موہن پانڈے سے بات کی کہ ایک سادہ درخواست پر تالا کھولنے کی اجازت بھر دے دیں لیکن ضلع جج کے آنا کانی کرنے پر راجیو گاندھی نے سپریم کورٹ کے ایک برہمن جج کو فیض آباد بھیج کر ضلع جج کو راضی کیا، پھر ایک کانگریسی برہمن امیش چند پانڈے نے تالا کھولنے کی درخواست دی، مسلم وکیلوں کو پتہ چلا تو بھاگ کر پہنچے، اعتراض داخل کیا، لیکن درخواست، ثبوت، شہادت، بحث اور فیصلہ پھر فیصلے پر فوراً عمل درآمد اور

کانگریس ممبر پارلیمنٹ کے باپ کے ہاتھوں تالا توڑنے میں کل ملا کر پچاس منٹ ہی لگے۔ یہ نہرو کے ہاتھوں مسلمانوں کی چھٹی عدالتی شکست تھی۔

مسلمانوں نے اس حکم کے خلاف ہائی کورٹ میں ۱۲رمئی ۱۹۸۶ء کو اپیل داخل کی، جس حکم میں سب ملا کر پچاس منٹ لگے تھے، اس کی اپیل پر عدالت عالیہ کو فیصلہ کرنے میں صرف چوبیس سال چار مہینے اور اٹھاون دن لگے، وہ بھی اپیل خارج کرنے میں۔ اگر عوام نعرہ لگائیں ہماری عدلیہ زندہ باد، اس کا انصاف پائندہ باد، غلیظ نہرو نسل زندہ باد، علماء سوز زندہ باد، منافقین ملت، ان کا جھنڈا تو باسٹھ سال سے بلند رہا ہے پتہ نہیں اور کتنے دنوں بلند رہے گا۔

۱۰رجولائی ۱۹۸۹ء کو لکھنؤ ہائی کورٹ کی خصوصی بنچ نے سنوائی شروع کی، اس بنچ نے ۱۴راگست ۱۹۸۹ء کو متنازعہ آراضی پر حالات کو جوں کا توں رکھنے کا واضح اور دوٹوک حکم دیا لیکن راجیو گاندھی نے اس حکم کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ۹رنومبر ۱۹۸۹ء کو وہاں رام مندر کا شیلا نیاس کرادیا اور ہمارے پورے عدالتی نظام کو سانپ سونگھ گیا۔ اسے نہ تو اپنی عزت کا کوئی پاس رہا نہ اپنے ۱۴راگست کے حکم کی خلاف ورزی کا ہی خیال آیا۔

موقعے پر حالات کو جوں کا توں رکھنے کا حکم سپریم کورٹ سے بھی پاس ہوا تھا۔ ہائی کورٹ کا ۱۴راگست ۱۹۸۹ء کا حکم جاری رہا، پھر بھی جولائی ۱۹۹۱ء میں کلیان سنگھ سرکار نے راجیو گاندھی کے شیلا نیاس پر ایک بڑا آر سی سی کا چبوترہ ایک ہفتے تک بنوایا، ۷۷ء۲رایکڑ آراضی بنی ساری پختہ قبریں مسمار کرادیں، ان پر ٹریکٹروں سے زمین برابر کرائی لیکن شاید ہمارا پورا عدالتی نظام بے ہوش ہو چکا تھا۔

پھر ۶ردسمبر ۱۹۹۲ء کو کانگریس، آر ایس ایس، مرکزی حکومت، یو پی حکومت چاروں کی سازباز اور ملی بھگت سے دن کی روشنی میں بابری مسجد کو توڑا گیا۔ صرف

تاریخی عمارت ہی نہیں توڑی گئی بلکہ ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے ''اسٹیٹس'' کو سارے احکامات بلکہ سچائی تو یہ ہے کہ ملک کے پورے قانون اور عدالتی نظام کو منہدم کردیا گیا۔ لیکن مرکزی حکومت، اس کی قہرمانی طاقت اور عدلیہ کے احکامات کی طاقت سب کو لقوہ مار گیا، کسی میں ہلکی سی جنبش بھی نہیں ہوئی۔

اگر اقبالؒ کو اللہ سے شکوہ کرنے کا حق تھا تو مجھے بھی اتنا حق تو ملنا ہی چاہئے کہ میں اپنے اللہ سے اتنا شکوہ تو کرلوں کہ اگر مجھے پیدا کرنا ہی تھا تو مجھے پڑوس کے افغانستان میں کیوں نہیں پیدا کردیا۔ مجھے اتنی شاندار اور عجیب الخلقت قوم ہندوستانی مسلمانوں میں کیوں پیدا کیا جس کو صرف ایک اڈوانی کی رتھ یاترا یاد رہ گئی جس میں کسی کی نکسیر بھی نہیں پھوٹی تھی۔

لیکن اس کو ''رام جنم بھومیہ مکتی یگیہ سمیتی'' وراٹ ہندو سمیلن اور 'ایکا تمتا یگیہ'' کے ذریعہ چلوائی گئی وہ سیکڑوں رتھ یاترائیں بھول گئیں جن میں روزانہ بہت سارے انسانوں کا خون بھی بہایا جاتا رہا۔ تین سال تک روزانہ درجنوں شہروں میں کرفیو لگتے رہے۔

میری حیرت انگیز قوم کو اپنے ہزاروں قتل عاموں میں سے صرف ایک گجرات کا قتل عام یاد رہ گیا، آج وہ صرف ایک قاتل نریندر مودی کو جانتی ہے، باقی سب کو بھول چکی ہے۔ گجرات جیسے ہزاروں قتل عاموں کے کانگریسی قاتلوں کو صرف عوام ہی نہیں بھول گئے، اب وہ ہمارے برنیوں، مدنیوں، نقویوں، علویوں، فرنگیوں فاروقیوں کسی کو بھی یاد نہیں رہ گئے۔

راشد علوی اور داؤد احمد وغیرہ کانگریسی مسلمانوں نے تو اپنی پارٹی کے حکم پر لوک سبھا میں گجرات قتل عام پر ہونے والے مباحثے کے بعد نریندر مودی کی حمایت میں ووٹ بھی دیا تھا۔

کانگریس کے ذریعہ کرائے گئے ہزارہا قتل عام نہ ہمارے علماء سو کو یاد ہیں نہ ہی نام نہاد مشائخ کو، نہ ہی نہرو خاندان کی خیرات پر امیرانہ زندگی گزارنے والے منافقین کو، نہ ہی آئی بی کے معتبروں کو، اب وہ نہ تو ہمارے شاعروں کو یاد رہے نہ کسی صحافی اور دانشور کو۔

میں ملک بھر کے منافقوں کو چیلنج کر کے کہہ رہا ہوں کہ بلا شبہ نریندر مودی میری نظر میں ایک قاتل ہے لیکن اگر وہ دس بار جنم لے اور ہر بار کسی نہ کسی اسٹیٹ کا چیف منسٹر بنے تب بھی وہ اتنے انسانوں کو مروانے کی طاقت ہی نہیں رکھتا جتنے انسانوں کو راجیو گاندھی نے تالا کھلوانے سے لے کر رام مندر کے شیلا نیاس کے درمیان کے تین سال نو مہینے اور آٹھ دنوں میں مرواڈالا یا مرجانے دیا تھا۔

نریندر مودی نے پورے گجرات میں بلوائیوں کو مسلم آبادیوں پر چڑھا دیا اور پولیس سے کہہ دیا کہ وہ خاموش تماشائی کا رول ادا کرے لیکن راجیو گاندھی نے کئی قتل عام صرف پولیس سے کرواڈالے اور بلوائیوں کو زحمت نہیں دی۔

میں پوری ذمہ داری کے ساتھ لکھ رہا ہوں کہ گجرات قتل عام کے مقابلے میں راجیو گاندھی کے اشارے پر ہونے والا گنگ نہر اور ہنڈن ندی کے کناروں کا قتل عام اپنی سنگینی کے لحاظ سے بدتر تھا، کیوں کہ اس میں پولیس نے مسلمانوں کو گھروں سے اٹھوایا۔ چار تھانوں میں رکھا اور پھر رات میں پی اے سی کے ٹرکوں میں بھر کر جگہ جگہ ان کا قتل عام کر کے لاش پانی میں بہائی گئی۔

۶ ردسمبر ۱۹۹۲ء کی شہادت عظمیٰ کو میں انصاف کے ترازو پر تول کر ان کی ذمہ داری برابر برابر کانگریس اور آر ایس ایس پر ڈالتا ہوں، میرے اس انصاف پر جو چاہے کھلی بحث کرے۔ لیکن ۲۲ ردسمبر ۱۹۴۹ء کو مسجد میں مورتیاں رکھنے سے لے کر ۹ رنومبر ۱۹۸۹ء کو رام مندر شیلا نیاس کے درمیان چالیس برسوں میں جتنے بھی

شرمناک واقعات ہوئے ان میں کانگریس کے علاوہ ایک بھی بھاجپائی یا جن سنگھی کو تلاش نہیں کیا جاسکتا۔ میں ملک بھر کے منافقین ملت کو چیلنج کر کے کہتا ہوں کہ وہ ایک نام ہی بتادیں۔

رہے اجودھیا اور ہر یدوار کے سادھوسنت تو وہ کانگریس اور آر ایس ایس کی ہر تحریک میں شامل رہے۔ خود آر ایس ایس ایک مہینہ اپنی ماں کانگریس کے ساتھ رہتی ہے تو دوسرے مہینہ اپنی بیٹی بھاجپا کے ساتھ۔

بابری مسجد کی شہادت ۶؍دسمبر ۱۹۹۲ء کو چار بجے شام کلیان سنگھ کے استعفیٰ کے بعد اتر پردیش بھی صدر راج کے تحت کانگریس کے زیر اقتدار آچکا تھا۔

کیا اتر پردیش کانگریس کے زیر اقتدار آنے کے بعد کے واقعات کی ذمہ داری بھی منافقین ملت بھاجپا پر ڈالیں گے؟

کیا وہ اس روشن سچائی سے انکار کر دیں گے کہ کانگریس نے مسجد کی شہادت کے بعد کارسیوکوں کو اجودھیا میں کانگریس کے خرچہ پر تین دن روکا، انہیں پولیس تحفظ میں ملبہ ہٹانے کے لئے ۳۶؍گھنٹہ اور تیسرے گنبد کی جگہ عارضی مندر بنانے کے لئے ۴؍گھنٹہ کا وقت دیا تھا۔

اس دوران کانگریس نے درجنوں خصوصی ٹرینوں اور یوپی روڈویز کی ہزاروں بسوں کو فیض آباد اور اجودھیا بھیجا۔ کانگریس کے خرچہ پر انہیں وجے جلوسوں کی شکل میں ان کے گھروں تک پہنچایا گیا، کیا اس کارروائی میں کوئی ایک بھاجپائی بھی شامل تھا؟

پھر کانگریس نے اس عارضی مندر کو عدالتی اور قانونی تحفظ دلانے میں سپریم کورٹ پر دباؤ ڈالا، جب سپریم کورٹ نے منع کر دیا تب کانگریس نے پہلے آرڈی نینس کے ذریعہ پھر پارلیمنٹ سے قانون پاس کروا کر اس عارضی مندر کو

قانونی تحفظ دیا۔

کیا کانگریس اپنے برنیوں، فاروقیوں اور مدنیوں سے مذکورہ بالا حقائق کی تردید کرائے گی۔

دس جن پتھ، آئی بی ہیڈ کوارٹر، دگ وجے سنگھ، جناردن دویدی، کانگریسی وکیلوں اور موکلوں کی دس روزہ ڈرامہ بازیوں کے بعد ۳۰ر ستمبر ۲۰۱۰ء کو جو فیصلہ منظر عام پر لا گیا ہے اس نے خود عدلیہ کی عظیم الشان ساکھ کو مٹی میں ملا دیا ہے حالاں کہ اجودھیا معاملے کی پوری تاریخ میں ہمیشہ ہی عدلیہ کی ساکھ مجروح ہوتی رہی ہے۔

یہ ایک فیصلہ ہے جس میں یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ بابری مسجد میں مورتیاں ۲۲ر دسمبر ۱۹۴۹ء کی رات میں رکھی گئیں، پھر بھی عدالت نے اس چوری اور برسوں کی سینہ زوری پر قانون کی مہر لگا کر اصل نقصان کس کو پہنچایا ہے مسلمانوں کو یا خود اپنی ساکھ کو؟

فیض آباد کے کلکٹر جے کرن کا بیان جو سول جج کی عدالت میں دیا گیا کہ ’’یہ بابری مسجد ہے اور اس میں ہمیشہ ہی نماز ہوتی رہی ہے اور یہ رام مندر کے طور پر کبھی استعمال نہیں ہوئی، کو عدالت نے جھوٹا اور فرضی بھی قرار نہیں دیا اور اسے مسجد بھی نہیں مانا۔

سنی سنٹرل وقف بورڈ اور نرموہی اکھاڑے کے مقدمہ کو میعاد باہر کر کے خارج بھی کیا گیا اور انہیں ایک ایک تہائی زمین بھی دی گئی۔

لیکن مذکورہ دونوں مقدموں کے ۲۸ر سال بعد دیو کی نندن اگروال کا مقدمہ میعاد کے اندر مانا گیا اور لام للا براجمان کو ایک تہائی زمین دی گئی، جب کہ عدالت کو یہ بھی تسلیم ہے کہ وہاں رام للا کو ۲۲ر دسمبر ۱۹۴۹ء کو رات میں

براجمان کیا گیا۔

الٰہ آباد ہائی کورٹ کی اس تین رکنی بنچ نے پوری ہندوستانی سوسائٹی کے لئے یہ قانونی نظیر بنادی کہ جہاں بھی رام للا یا ان جیسے دیوتا کو ۲۲ر دسمبر ۱۹۴۹ء کی طرح براجمان کردیا جائے گا وہ اس پراپرٹی کے ایک تہائی کے مالک ہوجائیں گے خواہ وہ مسجد، چرچ اور گردوارہ ہو، چاہے وہ پارلیمنٹ ہاؤس، سینٹرل سکریٹریٹ، راشٹرپتی بھون ہو، چاہے خود آنریبل سپریم کورٹ کی عمارت ہو۔

مقدمے کے ہر فریق نے یہ مانا تھا کہ بابری مسجد کو بابر کے مقرر کردہ حاکم میر باقی نے بنوایا، اس پر کسی کو کوئی اعتراض نہیں تھا، صرف اختلاف یہ تھا کہ میر باقی نے مندر توڑ کر مسجد بنوائی یا خالی جگہ پر بنائی۔

لیکن محترم عدالت عالیہ نے سارے فریقوں کے اتفاق کو مسترد کرکے یہ لکھا کہ پتہ نہیں کہ اس عمارت کو کون کب بنا کر چلا گیا لیکن عدالت نے ریسرچ کرکے یہ ضرور بتایا کہ میر باقی شیعہ تھا۔

محترم عدالت کے تین ججوں نے آستھا کو قانون کا درجہ دے کر تاریخ میں اپنا نام درج کرالیا ہے لیکن اس کا فیصلہ آنے والی تاریخ ہی کرے گی کہ انہیں ہیرو کا درجہ ملتا ہے یا ولن کا۔

ان تین جج صاحبان میں ایک صاحب تو کم از کم ایک صدی بعد پیدا ہوگئے، وہ کھانا بنانے سے پہلے لکڑی دھو کر سکھاتے ہیں کیوں کہ اسے کسی شودر نے چیرا ہوگا۔ ان پر چھوت چھات، اونچ نیچ کا کوئی قانون لاگو ہی نہیں ہوتا۔ ست یگ کے اس آدمی کو کل یگ میں پیدا کرکے بھگوان رام نے اپنے اس بھگت کے ساتھ کافی زیادتی کی ہے۔

اب جب کہ ملک کے تقریباً ہر منافق کو بل سے باہر نکال دیا گیا ہے تو عام

لوگوں کو کیا کرنا چاہئے؟ اب تک فیصلے کے بارے میں ریٹائرڈ سپریم کورٹ کے ججوں سمیت مشہور ماہرین قانون کی رائے آچکی ہے۔ زیادہ تر نے اس کو عدالتی فیصلہ ماننے سے ہی انکار کیا ہے، ان حالات میں میری رائے ہے کہ:

۱- کوئی دھرنا، مظاہرہ نہ کر کے ہمیں جگہ جگہ سمپوزیم سیمینار کر کے اپنی صفوں کے منافقوں کی پہچان کرنی چاہئے اور پوری سوسائٹی کو یہ باور کرا دینا چاہئے کہ ہم کسی بھی حالت میں مسجد کی ایک انچ زمین دینے پر راضی نہیں ہیں۔ اگر سونیا گاندھی زبردستی وہاں مندر بنوا بھی دیں تب بھی ہم اس کو کبھی بھی تسلیم نہیں کریں گے۔ نہ ہماری آنے والی نسلیں اس کو تسلیم کریں گی۔

اجودھیا میں جو کچھ ہوا ہے سیاسی طاقت کے ذریعہ کیا گیا ہے، ہم جب تک ممکن ہے سپریم کورٹ میں لڑیں گے، اس کے بعد بھی ہماری نسلیں سیاسی زمانہ بدلنے کا انتظار کریں گی لیکن ہم کسی بھی حالت میں مسجد اور قبرستان کی ایک انچ زمین سے دستبردار نہیں ہوسکتے۔

۲- ہم کو سمپوزیم اور سیمیناروں میں ہونے والی تقریروں سے یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ اس سے توہین عدالت کا معاملہ بنے گا اگر کوئی بناتا ہے تو ہم اوپر دئے گئے حقائق سے یہ ثابت کر دیں گے کہ ہماری جوڈیشری اجودھیا معاملے میں ''توہین پروف'' رہی ہے۔

۳- جب ایک سرکاری مسلمان جو منصب دار بھی ہے پوری سوسائٹی کے سامنے یہ جھوٹ بول سکتا ہے کہ ستر فیصدی مسلمان فیصلے کے حق میں ہیں جب کہ شاید صرف ستر مسلمان ہی پیٹ کی خاطر فیصلے سے اتفاق کریں۔ میرے جائزے کے مطابق اس وقت پوری ہندوستانی سوسائٹی میں مشکل سے بیس فیصد آبادی بھی فیصلے سے متفق نہیں ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ فیصلے سے جو متفق

ہیں وہ حکمراں گروہ ہیں اوران کے منھ میں زبان ہےلیکن اسّی فیصدی عوام اس فیصلے کے خلاف ہیں لیکن ان کے منھ میں زبان نہیں ہے۔ کچھ برسوں بعد ہندوؤں کی بڑی تعداد زبان کھولنے کے لائق بن جائے گی؟ ہمیں اس کا بھی انتظار کرنا چاہئے۔

۴-مسلمانوں کو جلد از جلد سپریم کورٹ میں اپیل داخل کردینی چاہئے۔ یوپی سنی سینٹرل وقف بورڈ نے فیصلہ کردیا ہے مسلم پرسنل لاء بورڈ کی یہ اوقات نہیں ہے کہ وہ اپنی صفوں میں گھسے، سرکاری اور درباری مسلمانوں سے باز پرس کرسکے وہ اتنی چھوئی موئی ہے کہ ان سے بات بھی نہیں کرسکتی۔لیکن عام لوگوں کواس سے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس بار منافقین اور مسلم پرسنل لاء بورڈ دونوں کی کینچل اتر گئی ہے۔

۵-ہمیں یہ بات سمجھ لینی چاہئے کہ نہرو خاندان کو کتنا ہی طاقت ور ہولیکن بابر کے خاندان سے زیادہ طاقت ورتو نہیں ہوسکتا۔ملک پر تین سوسال تک راج کرنے والے بابر کے خاندان کا آج اتہ پتہ نہیں ہے۔جس دن نہرو خاندان کا چراغ گل ہوگا یا کانگریس کا خاتمہ ہوگا اسی دن بابری مسجد کے معاملے میں انصاف کے راستے کی دیواریں خودبخود منہدم ہوجائیں گی،ہمیں انتہائی سخت جانی کے ساتھ زمانہ بدلنے کا انتظار کرنا چاہئے۔ ہار کسی حالت میں بھی نہیں ماننا ہے،صبر اور نماز کو اپنی ڈھال بنا کر مسجد کی قیمت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرنا ہے۔

۶- منافقین کی بیان بازیوں سے دل برداشتہ نہیں ہونا چاہئے۔ دورِ رسالت میں بھی یہ مسلم آبادی کا کئی فیصد تھے،آج تو یہ الحمدللہ مسلم آبادی کا ایک فیصد بھی نہیں ہیں۔ یہ زیادہ تر دلّی اور لکھنؤ میں ہی ملتے ہیں کیوں کہ ان پر من و سلویٰ دلّی اور لکھنؤ کے آسمانوں سے ہی نازل ہوتا ہے۔مثال کے طور پر لکھنؤ کے

ٹیلو، عیدو کبھی ملائم سنگھ یاد کے ٹکڑوں پر پلنے والے مشہور لوگوں میں ہوا کرتے تھے، اب یہ مایاوتی کا درشن تو نہیں کر سکتے اس لئے ان کے ایک نمک خوار کے حلقہ بگوش ہو گئے۔ پچھلے دنوں ان کی ملاقاتیں دگ وجے سنگھ سے رہیں۔ بس ان کی اتنی ہی اوقات ہے، اس لئے ان کی بیان بازیوں کو پیٹ سے خارج ہونے والی ریاح سے زیادہ اہمیت نہیں دینی چاہئے۔

جو شخص زمانے کے خداؤں سے لڑا ہے
سقراط بنا ہے کبھی سولی پہ چڑھا ہے

* * *

چناؤ ۲۰۱۲ء

مسلم قیادت میرٹ کی بنیاد پر

اسلم زیدی

اپنی ملت کو قیاس اقوامِ دیگر سے نہ کر
خاص ہے ترکیب میں قومِ رسولِ ہاشمی
ان کی جمعیت کا ہے رنگ ونسب پر انحصار
قوتِ مذہب سے مستحکم ہے جمعیت تری

چناؤ ۲۰۱۲ء
مسلم قیادت میرٹ کی بنیاد پر

اتر پردیش میں پہلی بار ایسا چناؤ ہو رہا ہے جس کے پہلے پردیش کے مسلمانوں کی اکثریت نے یہ تسلیم کرلیا ہے کہ مسلمانوں کو بھی ایک قیادت اور جماعت کی ضرورت ہے۔ اسی نظریئے کے تحت وہ چند سرابوں کے پیچھے بھاگ بھاگ کر قدرے مایوس بھی ہو رہا ہے۔

اس سے پہلے ہر چناؤ میں مسلمان اپنے آقا کو چن کر اُسے ووٹ دیتے تھے، آقاؤں کی تبدیلی کے علاوہ انہوں نے کچھ کیا ہی نہیں ہے حالاں کہ مسلمانوں کو اپنی اجتماعیت کے ذریعہ پورے معاشرہ کی اگوائی کے لئے تیار کرنے کا کام مرحوم قائد ملت ڈاکٹر فریدی اور ان کے ساتھیوں نے طویل عرصے تک کیا، پھر اسی کام کو نیشنل لوک تانترک پارٹی نے آگے بڑھایا۔

قائد ملت ڈاکٹر فریدی نے ۱۹۶۴ء سے تحریک شروع کی، پھر ۱۹۹۵ء سے ڈاکٹر مسعود نے اسی کام کو آگے بڑھایا، لیکن عام مسلمانوں میں چالیس سال تک وہ جذبہ نہیں ابھرا۔ ۲۰۰۴ء سے مسلمانوں میں یہ جذبہ ابھرنا شروع ہوا لیکن اسی وقت نیشنل لوک تانترک پارٹی میں بکھراؤ کا عمل بھی شروع ہوا۔

''یہ ناداں گر گئے سجدے میں جب وقتِ قیام آیا'' (علامہ اقبالؒ)

جب مسلمانوں کی سوچ میں بدلاؤ شروع ہوا، اس وقت مسلم مجلس اپنی شاندار اور قابلِ فخر تاریخ کو سینے سے لگائے ہوئے تھی اور نیشنل لوک تانترک پارٹی بکھر رہی تھی۔ مسلمانوں میں سوچ کی تبدیلی سے ''اقتدارِ وقت'' بے خبر نہیں رہ سکتا تھا، کانگریس اور بی جے پی اعلیٰ کمان کے ''تھنک ٹینک'' میں اس پر باقاعدہ غور وخوض ہوا۔

کانگریس اس نتیجے پر پہنچی کہ اگر مسلمانوں میں سوچ کی تبدیلی نتیجہ خیز منزل تک پہنچتی ہے تو ابھرنے والی قیادت کو خریدا جاسکتا ہے۔ اگر کوئی صالح قیادت ابھری تو ہم اپنے غلاموں اور علمائے سو کے ذریعہ کافی دیر تک اس کو روک سکتے ہیں۔

لیکن بی جے پی تو یہ نہیں سوچ سکتی تھی اس نے فیصلہ کیا کہ مسلمانوں میں ایسی لیڈرشپ پیدا کرنے پر انوسمنٹ کیا جائے جو مسلم ووٹوں سے ہار جیت کا فیصلہ کروانے کے بجائے انہیں الگ کھڑا کردے۔

اب کیا تھا مسلم قیادت کی سیکولر پارٹیاں دھڑا دھڑ بننے لگیں، ہر طرف مسلم راشٹر یہ ادھیکچھ گھومنے لگے، کانگریس نے بھی نیم دلی کے ساتھ ایک پارٹی بنوائی اور ایک کے سر پر ہاتھ رکھا لیکن بی جے پی نے اپنی بنوائی ہوئی تنظیموں میں ایک راشٹر یہ ادھیکچھ کو زیادہ زرخیز اور ہر حالت میں ہمیشہ اپنے قابو میں رہنے والا مان کر اس پر بھاری انوسمنٹ کیا۔

کچھ مسلمان پارٹیاں حالات کے دباؤ کے تحت بھی بنیں، تو کچھ کو اپنے ذاتی مسائل اور ذاتی دشمنیوں کو مسلمانوں کے کندھوں پر لادنے کی نیت سے بھی بنایا گیا۔

بہر حال ایک مسلم مجلس اور نومولود ویلفیئر پارٹی کو چھوڑ کر پردیش کی ہر مسلم پارٹی فردِ واحد کی ذاتی ملکیت کی بنیاد پر کھڑی کی جارہی ہیں اور فردِ واحد کی ذاتی ملکیت فردِ واحد کے ہی کام آتی ہے۔ جس طرح بی ایس پی اور سماج وادی

پارٹیاں فردِ واحد کے ذاتی مفاد کے طور پر گردش کر رہی ہیں، ان دونوں کی کانگریس سے دشمنی ہے لیکن دونوں نے مل کر اور اکیلے اکیلے مرکز کی کانگریس حکومت ۲۰۰۸ء سے اب تک کم از کم پانچ بار گرنے سے بچایا ہے، صرف اس لئے کہ سی بی آئی ان دونوں کے لیڈروں کو آمدنی سے زیادہ جائیداد معاملے میں جیل نہ بھیجے۔

ٹھیک اسی طرح سنگل لیڈر شپ یا ذاتی ملکیت کی کوئی مسلم پارٹی بھی اگر خدانخواستہ کچھ سیاسی طاقت حاصل کرے تو وہ طاقت مسلمانوں کے لئے نہیں صرف فردِ واحد کے ذاتی مفاد کو ہی پورا کرے گی۔

جس طرح ایک پارٹی نے ابھی چند ضلعوں میں مسلمانوں کی صرف بھیڑ دکھائی ہے، کوئی ایک سیٹ بھی جیتی نہیں ہے لیکن اس نے ابھی سے پارٹی ٹکٹ کے نام پر مسلمانوں کا ووٹ غیر سیاسی نو دولتیوں کے ہاتھ بیچنے کا کام شروع کر دیا ہے۔

یہ کوئی عجوبہ نہیں ہے، لازمی فطری عمل ہے کیوں کہ آم کا پودا سمجھ کر ببول کا پودا لگا کر اسے بارآور کرنے والوں کو اس سے آم کے پھل کی توقع بھی نہیں کرنی چاہئے۔ ایسے لوگ جن کی زندگی کے بیشتر ایام مختلف بہانوں سے لوگوں کو ٹھگنے اور انہیں چیٹ کر کے لوٹ لینے میں گزری ہو، اُس سے بھلائی کی امید کوئی پاگل ہی کر سکتا ہے۔

ہمارے بھی ہیں مہرباں کیسے کیسے؟

کسی بھی قوم، گروہ اور طبقے کی قیادت ایسی چیز نہیں ہے جسے ہر دعویدار کے حوالے کر دیا جائے کیوں کہ خاص صفتوں کے حامل آزمودہ کار لوگ ہی قیادت

کے اہل ہوتے ہیں۔ اگر کوئی غلط آدمی تال ٹکڑم، چالاکی، طاقت یا دولت کے بل پر قیادت حاصل کر لیتا ہے تو وہ ان لوگوں کی بربادی کا سبب بن جاتا ہے جنھوں نے غلط آدمی کو لیڈر مانا ہو۔

اسلام میں تو قیادت کی صفات پر کتابیں نہیں لائبریریاں موجود ہیں۔ اسلام میں قیادت کا اہل صرف اس شخص کو مانا گیا ہے جس کی گزشتہ زندگی اسلام کے معیار پر دوسروں سے بہتر اترتی ہو، جس کی ایمانداری، خلوص، صلاحیت، تجربے اور جہد مسلسل پر دشمن بھی انگلی نہ اٹھا سکے۔

جس کی پچھلی زندگی سے یہ اعتماد بنتا ہو کہ قیادت پر متمکن ہونے کے بعد یہ شخص ''فے''، یعنی عوام کے خزانے کو ذاتی ملکیت کی طرح استعمال نہیں کرے گا یا وہ عوام کی گردنوں پر سوار نہیں ہو جائے گا۔

اسلام کی پوری تاریخ میں یزید کے دور سے لے کر صدام حسین تک جب جب مسلمانوں نے غلط آدمی کو اپنی گردنوں پر مسلط ہو جانے دیا تب تب ان کی تاریخ نے کاری زخم کھائے ہیں۔ جب مسلم تنظیموں کی بھرمار ہوئی تو لکھنؤ میں کئی تنظیموں نے مل کر ایک معروف عالم دین کی قیادت میں پی ڈی ایف بنائی۔ مسلم ووٹوں کے واحد اجارہ دار مکھیہ منتری ملائم سنگھ یادو کو پریشانی ہوئی، انہوں نے قیادت سے ملاقات کی اور یہ قیادت ایک ملاقات بھی نہیں جھیل پائی اور اس نے یہ کہہ کر قیادت کا بوجھ اتار پھینکا کہ میں سیاسی آدمی نہیں ہوں۔

پھر مغربی یوپی میں یوڈی ایف بنی، اس کی اٹھان شاندار تھی، لیکن قیادت ایک کانگریسی کو سونپنے کی غلطی ہوگئی، جس کی وجہ سے کانگریس نے اس کے سر پر ہاتھ رکھا۔ چناؤ میں صدر کا چھوٹا بھائی اکیلے جیتا۔ وہ عاشقِ رسول کا لبادہ پھینک کر مایاوتی کے قدموں میں لیٹ گیا۔ یہ ہماری قومی ذلت کی آخری حد تھی۔ ہمیں

مایاوتی کا شکر گزار ہونا چاہئے کہ اس نے اس رنگے سیار کو اہمیت نہ دے کر اسے ذلیل کر ڈالا۔

قیادت کے دعویداروں میں ایک صاحب چودہویں لوک سبھا کے ممبر تھے، اسی لوک سبھا میں جناب الیاس اعظمی نے چند دوسرے ممبران کی مدد سے جو عظیم جدوجہد کی اس کے نتیجے میں عوام کو سوچنے کا ادھیکار، سچر کمیٹی رنگا ناتھ مصرا کمیشن، مائنارٹی اضلاع، مضبوط آزاد فاؤنڈیشن اور بہت کچھ ملا۔لیکن پوری جدوجہد کے درمیان ان صاحب کو کبھی کھانسی بھی نہیں آئی جو ریکارڈ میں درج ہوتی۔

بٹلہ ہاؤس فرضی انکاؤنٹر کے معاملے میں الیاس اعظمی اور اکبر ڈمپی نے لوک سبھا نہیں چلنے دی، لیکن ان صاحب نے کئی دوسروں کی طرح پیچھے سے بھی مدد نہیں کی، پھر بھی یہ چاہتے ہیں کہ مسلمان ان کے پورے خاندان کو پارلیمنٹ اور اسمبلی میں بھیجیں۔ یہ مسلمانوں کا فرض ہے۔

ٹھیک اسی طرح مغربی یوپی کے ایک صاحب سمجھتے ہیں کہ مسلمان ان کے پورے خاندان کو اسمبلی اور پارلیمنٹ میں بھیجتے رہیں۔ یہ صاحب بھی چودہویں لوک سبھا میں تھے، لیکن اس کے ہنگامے میں کیا شرکت کرتے، پانچ سال میں صرف ایک دن لوک سبھا میں بیٹھے وہ بھی کیوں؟ جب انہیں مسلمانوں کے بین الاقوامی سر پرست جارج ڈبلو بش اور ملکی سر پرست سونیا گاندھی کی عزت اپنے ووٹ سے بچانی تھی۔

قیادت کے دعویداروں کے ہاتھوں مسلمانوں کی سودے بازی کی داستان جتنی طویل ہے اتنی ہی دردناک بھی ہے۔ہم تفصیل میں نہ جا کر مسلمانوں کو مایوس کرنا مناسب نہیں سمجھتے لیکن عوام کی ضروری تعلیم بھی اتنی ہی اہم ہے۔

قیادت کے دعوے داروں میں ایک انتہائی منچلا شخص اٹھا، نوجوانی سے ہی

اس کے عزائم لامحدود، دولت اکٹھا کرنے کے تھے، اس کے لئے اس نے مقامی مافیا کا دامن تھاما۔ سب سے پہلے اس کی نظر دو بھائیوں کی انتہائی قیمتی زمین پر پڑی، یہ دونوں بھائی اس کی غربت کے دنوں کے محسن بھی تھے۔ اس نے ان بھائیوں کی زمین دھوکے سے ہڑپ لی، ان میں ایک بھائی انتہائی سادہ اور ایک بھائی تیز طرار تھا۔ اس کے بھائی کو اس نے فلمی انداز میں اتنی خوبصورتی کے ساتھ اوپر بھیج دیا جس سے اس کے حوصلوں کو مہمیز ملی۔

اب اس نے فیکٹری شیئر سے لامحدود دولت بنانے کے نام پر ان مسلمانوں کی دولت لوٹ لینے کا جامع پلان بتایا، جس کے پاس گلف اور ملیشیا سے لے کر مقامی طور پر کافی دولت تھی، لیکن وہ بے چارے شیئر کا صرف نام سنتے تھے، اس سے واقف نہ تھے۔ اس بڑے منصوبے میں اس نے اپنی توقع سے بھی چار گنا زیادہ روپیہ چیٹ کر لینے میں کامیابی پائی، پھر تو جس کو اپنے لٹ جانے کا احساس ہوا اور اس نے دھمکی بھی دی، سب کو اپنے سیاسی سر پرستوں کے ذریعہ ٹھکانے لگا دینے میں کامیابی پائی۔ اعظم گڑھ کے مسلمانوں پر آتنک واد کا لیبل چسپاں کرنے کی ابتداء اسی آدمی نے چار لوگوں کو آتنک واد، دیش وِرودھ، دیش کے خلاف جنگ چھیڑنے کے معاملوں میں جیل بھجوا کر کی۔

ایک سیاسی مافیا سے بگڑ جانے کے بعد دسرے بڑے سیاسی مافیا کا دامن تھام لینا آسان نہیں تھا لیکن اس نے اس مشکل کام میں بھی کامیابی پائی۔ یہ وہی دور تھا جب ایک بڑی سیاسی طاقت مسلم لیڈر شپ پروجیکٹ کرنے کا کام شروع کر چکی تھی، اس شخص کو پہلی نظر میں ہی پاس کر دیا گیا۔

اسے حکم ملا کہ پہلے کسی مسلم پارٹی میں شامل ہو کر وہاں سے پیسے کے بل پر کچھ فائر برانڈ مقرروں کو توڑنے کے بعد پارٹی بنائے۔ چوں کہ وہی وقت تھا

جب مسلمانوں میں اپنی پارٹی کا رجحان ابھر چکا تھا، لیکن ان بے چاروں کو یہ تو معلوم نہیں تھا کہ مسلم قیادت میں کیا خصوصیتیں ہونی چاہئیں، انہیں تو صرف یہ معلوم تھا کہ یادو اور چمار اپنے ایک آدمی کو لیڈر مان کر کہاں سے کہاں پہنچے، ہماری تعداد تو ان سے زیادہ ہے۔

اب کیا تھا، دولت کے بل پر بھیڑ جٹا کر ریلیوں کے ذریعہ مسلمانوں کو مسحور کیا جانے لگا۔ مسلمانوں کی بھیڑ دیکھ کر غیر مسلم نو دولتیوں نے سوچا کہ اس آدمی کے ذریعہ مسلمانوں کا ووٹ لے کر ہم بھی ایم ایل اے بن سکتے ہیں۔

دولت کی آمد کے ساتھ ہوس بڑھتی گئی، یہ ایک طاقت تک محدود نہیں رہا۔ اس نے پرمانٹ آقا کے علاوہ رام بلاس پاسوان، لالو یادو، امر سنگھ، اجیت شرد پوار سے کہا کہ مجھے روپیہ دو، میں تمہیں سیاسی اقتدر تک پہنچا دوں گا۔ وہ اسلام کی بین الاقوامی دشمن طاقت کا بھی منظور نظر بن چکا ہے۔

جن ضلعوں میں وہ مسلمانوں کی بھیڑ دکھا چکا ہے وہاں کے مسلمانوں کا ووٹ وہ غیر سیاسی غیر مسلم نو دولتیوں کے ہاتھ بیچنے کے لئے ایک ایک حلقے میں کئی کئی لوگوں کو لالچ میں پھنسا کر مارکیٹنگ کر رہا ہے کیوں کہ ایسے لوگ دولت کو سامنے دیکھ کر صبر کر ہی نہیں سکتے۔

کچھ دن پہلے مغربی یوپی میں عاشقِ رسول ایک بہت بڑے خطرے کی حیثیت سے ابھرا تھا لیکن وہ اقتدار دیکھ کر صبر نہیں کر سکا اور مسلمان ایک بہت بڑے خطرے سے بچ گئے۔ اب دولت سامنے دیکھ کر یہ شخص صبر نہیں کر سکا۔ شاید قدرت کو ہی منظور ہے کہ مسلمان ایک ''چیٹر'' کو لیڈر مان لینے کی غلطی میں دور تک آگے نہ بڑھیں اور رک جائیں۔ اگر ہمارا یہ اندازہ صحیح ہے تو ہم بہتر مستقبل کی بشارت دینے میں حق بجانب ہوں گے۔

ہمارا قائد کون ہوسکتا ہے؟

اگر کچھ لوگوں کی حرکتوں کی وجہ سے عام مسلمانوں کا اعتماد اپنی لیڈر شپ سے پھر ختم نہ ہو گیا تو ہم یقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ بہت دیر سے سہی مرحوم قائد ملت ڈاکٹر فریدی کی لائن پر مسلمانوں میں اپنی قیادت میں اجتماعیت کا احساس ابھر چکا ہے۔

اس سے عوام کو تو فائدہ جب ہی پہنچ سکتا ہے۔ جب اجتماعیت اسلام کی نظریاتی چھتری کے نیچے اور قیادت ایسے شخص کے حوالے کی جائے جو اسلام کی مقرر کردہ اہل بیت کے قریب تر ہو۔

ایسا جب ہی ممکن ہے جب مسلمان صرف میرٹ کی بنیاد پر ایسی شخصیت کو اپنا لیڈر تسلیم کریں جس کی ایمانداری، دیانت، خلوص، نیک نیت، صلاحیت، دور اندیشی اور وسیع تجربے کے ساتھ جس کا ریکارڈ خدمتِ خلق اور طویل جدوجہد کے معاملے میں شاندار رہا اور جو سخت جانی میں اپنی مثال آپ ہو۔

ہم نے نیلو پا کے تحت طویل جدوجہد کی آج ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ کارکن خود اپنی قیادت کے ذریعہ برباد کئے گئے لوگ ہیں، ہماری غلطی اتنی ہے کہ ہم نے قیادت کے لئے اسلام کی باندھی گئی شرطوں پر غور ہی نہیں کیا تھا۔

ہم مسلمانوں کو یہ شکایت رہی ہے کہ مسلم ممبران پارلیمنٹ واسمبلی اپنی منزل پانے کے بعد پارٹی لیڈر شپ کے غلام بن جاتے ہیں، لیکن انہیں میں جناب الیاس اعظمی بھی ہیں جنہوں نے پارلیمنٹ میں پہنچنے کے بعد شاید ہی لیڈر شپ کی مرضی کی پروا کی ہو۔ بار بار ٹکٹ کٹوانے کے بعد بھی نہیں؟

بٹلہ ہاؤس فرضی ان کاؤنٹر کے بعد کانگریس حکومت نے دلّی میں اعظم گڑھ

کے تین لڑکوں کو پکڑ کر ان کے چہرے عربی رومالوں سے ڈھک کر پوری دنیا میں ان کی تصویریں جاری کیں تا کہ پوری دنیا عربی رومال کو دہشت گرد کی علامت مان لے تو الیاس اعظمی اور اکبر ڈمپی دو لوگوں نے پارلیمنٹ نہیں چلنے دی، یہ تاریخ میں پہلی بار ہوا، جب صرف دو ممبران نے پارلیمنٹ ملتوی کرا دی ہو جب کہ اسی پارلیمنٹ میں مسلمانوں کی قیادت کے دو دعویدار ایسے تھے جو مسلمانوں کا فرض عین مانتے ہیں کہ مسلمان ان کے پورے خاندان کو پارلیمنٹ اور اسمبلی میں پہنچائیں۔

جس حکومت نے ۱۹؍دسمبر کو بٹلہ ہاؤس فرضی انکاؤنٹر کروایا تھا اس کو صرف دو مہینے پہلے ۲۲؍جولائی ۲۰۰۸ء کو ملائم سنگھ یادو نے مسلمانوں کے ووٹ سے جتوائے ہوئے اپنے ۳۵؍ممبران کے ذریعہ بچایا تھا۔ اس وقت بھی سرکار اُن کے رحم و کرم پر تھی، اگر وہ ایک بار کہہ دیتے تو سونیا کی مجال نہ تھی کہ وہ اس واقعے کی عدالتی تحقیقات سے انکار کر دیتی۔

لیکن ملائم سنگھ نے پارلیمنٹ اور سونیا گاندھی سے کہنے کے بجائے عام مسلمانوں کو بے وقوف بنانے کے لئے بٹلہ ہاؤس اور سنجر پور میں ریلی کر کے عدالتی تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ نام نہاد سیکولر پارٹیاں اسی طرح پینسٹھ سال سے مسلمانوں کو بے وقوف بنا رہی ہیں۔

مذکورہ روشن پہلوؤں کے باوجود آج ایک عام مسلمان یہ سمجھنے میں حق بجانب ہے کہ قیادت کے درجنوں دعویداروں میں آخر مسلمان کس کو اپنا لیڈر مانے۔ یہ سوال بہت مشکل نظر آتا ہے لیکن یہ سوال بہت مشکل نہیں، بہت آسان ہے۔

اسلام کا نظریہ ہے کہ جو شخص مسلمانوں کی قیادت کی دعویداری کرے اسے قیادت کے لئے نا اہل قرار دیا جائے گا۔ جن چالاک لوگوں نے اپنی اپنی قیادت

میں اپنی اپنی پارٹیاں خود بنائی ہیں وہ ویسے بھی قیادت کے نااہل ہیں۔اس وقت مسلم مجلس میں برابر چناؤ ہوتے ہیں، قیادتیں بدلتی ہیں،نومولود ویلفیئر پارٹی کے بارے میں کہا جاسکتا ہے کہ اس میں بھی قیادت نہیں ہوگی، مستقل قیادت کی پارٹی پارٹی نہیں ایک آدمی کی جائیداد ہے۔

ہم نے کچھ قیادتوں کی پچھلی زندگی کی طرف اشارہ کرکے یہ ثابت کیا ہے کہ وہ کم از کم مسلمانوں کی قیادت کی قطعی اہل نہیں ہوسکتیں۔ضروری نہیں ہے کہ سارے دعویداروں کی زندگی میں جھانکا جائے، ہم تو صرف یہ چاہتے ہیں کہ قیادت کا فیصلہ صرف اہل بیت اور میرٹ کی بنیاد پر کیا جائے۔

ہم صاف اور دوٹوک الفاظ میں کہہ دیں کہ ہم میرٹ کی بنیاد پر جناب الیاس اعظمی کو قیادت کا سب سے زیادہ اہل سمجھتے ہیں۔بی ایس پی چھوڑنے کے بعد وہ کافی عرصہ کسی پارٹی میں نہیں گئے، انہوں نے بڑی طاقتوں کی پیشکشوں کو ٹھکرایا، پھر وہ کچھ دن کے لئے ویلفیئر پارٹی میں اس لئے گئے کہ یہ کسی کی ذاتی ملکیت نہیں اور اسے جماعت اسلامی کی تائید حاصل ہے، جو ہمارے معاشرے کے بہت اچھے لوگ ہیں، لیکن ویلفیئر پارٹی ایک سیاسی جماعت کی طرح کام نہیں کرسکی، تو وہ بددل ہوکر گھر بیٹھ گئے۔

اس کے بعد نیشنل لوک تانترک پارٹی کے سیکڑوں کارکنوں نے لکھنؤ اور دلی میں بیٹھکیں کرکے ان سے درخواست کی کہ وہ ہماری قیادت کریں تو وہ اجتماعی قیادت کے اصول پر سربراہی کرنے پر تیار ہوئے ہیں۔

ہم ان کی سیاسی جدوجہد، ایمانداری، بصیرت، قربانی، صلاحیت، تجربے کی میرٹ اس اعلان کے ساتھ لکھ رہے ہیں کہ اگر قیادت کے درجنوں دعویداروں میں جناب الیاس اعظمی قیادت کی میرٹ میں سب سے اوپر ہوں تو کم از کم

اتر پردیش کے عوام کو انہیں اپنا قائد مان لینا چاہئے، ہاں اگر کسی اور کی میرٹ پیش کی جائے جو مذکورہ صفات اور اہل بیت میں ان سے اوپر ہو تو ہم اعظمی سمیت اس کی قیادت کو قبول کر لیں گے۔ ابھی حال ہی میں اعظمی صاحب نے ویلفیئر پارٹی میں مجتبیٰ فاروق کی قیادت کو قبول کیا تھا۔ میرٹ حسب ذیل ہے۔ ہماری درخواست ہے کہ اسے غور سے پڑھا جائے۔

(۱) الیاس اعظمی ۲۲/اگست ۱۹۳۴ء کو اعظم گڑھ کی مردم خیز سرزمین پر پیدا ہوئے، ان کے والد پھول پور مسلم لیگ کے سکریٹری تھے۔ انہوں نے ۱۲/سال کی عمر میں بچوں کی ٹیم بنا کر جداگانہ طریق انتخاب کے تحت ہونے والے ۴۶ء کے اسمبلی چناؤ میں مسلم لیگ کے امیدوار ڈپٹی عبدالغنی کی چناؤ مہم میں حصہ لیا۔ اس طرح ۱۲/سال کی عمر سے ہی وہ سیاست میں آ گئے۔

(۲) انہوں نے ۱۹۵۲ء اور ۱۹۵۷ء کے چناؤ میں بھی سوشلسٹوں کے ساتھ حصہ لیا، بیس بائیس سال کی عمر میں ہی انہوں نے یہ بحث چھیڑ دی کہ کانگریس مسلمانوں کو پیٹ کر کونے میں کھڑا کر رہی ہے، مسلمان اس کو ووٹ کیوں دے رہے ہیں۔ انہوں نے اپنے ہم عمر نوجوانوں کی ٹیم بنا کر سائیکلوں سے گاؤں کا دورہ کر کے کانگریس کے خلاف مہم چھلائی اور ۱۹۶۲ء کے چناؤ میں ہی مسلمانوں نے کانگریس کو اعظم گڑھ ضلعے میں طلاق مغلظہ دیدی۔ تب سے آج تک کانگریس ضلع اعظم گڑھ میں اسمبلی کا کوئی چناؤ نہیں جیت سکی۔

(۳) ۲۶/فروری ۱۹۶۴ء کو محترم قائد ملت ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی نے کونسل اور سوشلسٹ پارٹی کی ممبری اور اپوزیشن لیڈر کا عہدہ چھوڑ کر مسلمانوں کو ختم کر کے تہذیبی انضمام سے بچانے کے لئے جدوجہد شروع کی۔ الیاس اعظمی ۶/مارچ کو ہی ان سے جڑ گئے اور ہمیشہ جڑے رہے۔ ڈاکٹر فریدی سے جڑنے

والوں میں اعظمی صاحب شاید سب سے زیادہ بے حیثیت فرد تھے، لیکن ڈاکٹر فریدی جیسے جوہر شناس نے انہیں پہلی ملاقات میں ہی پہچان لیا، انہیں اپنا مشیر بنایا، ان کی ڈیوٹی لگائی کہ وہ ہر ہفتہ لکھنؤ آکر ایک دن ان کے ساتھ گزاریں۔

(۴) اعظم گڑھ میں مسلمانوں نے کانگریس کو کچل ڈالا تھا، کانگریس نے بدلہ لینے کے لئے مسلمانوں کو کچلنے کا فیصلہ کیا، پہلے ۱۹۶۹ء میں مئو کو کچلا گیا، ۱۷ مسلمان شہید ہوئے، پانچ سو اٹھارہ مسلمانوں کو تھانوں میں ادھ مرا کرکے اعظم گڑھ جیل بھیجا گیا۔ اعظمی صاحب کی اگوائی میں جن حالات میں لاشوں کو پوسٹ مارٹم ہاؤس سے لاکر جامعۃ الرشاد کے قبرستان میں دفن کیا گیا وہ ناقابل بیان ہے۔

سبھی پانچ سو اٹھارہ زخمیوں کی جیل میں مرہم پٹی اور علاج سے لے کر ضمانت ومقدمات تک مئو کے لوگوں کو تکلیف نہیں دی گئی، جب کہ مئو میں کسی غیر مسلم کی نکسیر بھی نہیں پھوٹی تھی۔ وہاں ڈاکٹر فریدی کالونی کے نام سے کچھ مظلوموں کو بسایا بھی گیا۔

(۵) مئو کے بعد جب کانگریس نے دیکھا کہ مسلمانوں کے حوصلے پست نہیں ہوئے تو اس نے مغربی علاقے کو کچلنا ضروری سمجھا۔ ڈی آئی جی کالی پرشاد ترپاٹھی کو لگایا گیا، منڈیار پھرنوناری، لوہرا؟ پھرسنجی پر یلغار ہوئی۔ جس دن سنجی کا واقعہ ہوا اعظمی صاحب لکھنؤ میں تھے تو قائد ملت نے ہی انہیں اطلاع دی اور ساتھ لے کر آئی جی کے یہاں گئے، رات میں جب اعظمی صاحب جانے لگے تو قائد ملت نے فرمایا کہ اب کی بار کالی پرشاد تمہیں چھوڑے گا نہیں۔ یہی ہوا سنجی میں عیدگاہ اور پی اے سی کیمپ کے پاس اعظمی صاحب ڈی آئی جی سے الجھ گئے، اس نے انہیں سنگین دفعات میں گرفتار کرلیا، لیکن اعظم گڑھ کا پورا اپوزیشن اعظمی

کی حمایت میں ٹوٹ پڑا۔ آر ایس ایس کے لیڈر گواہ بنائے گئے، انہوں نے اعظمی کے خلاف جھوٹی گواہی سے انکار کیا، وہ اکیس دن بعد جیل سے رہا ہو گئے۔

انہیں یہ شرف بھی حاصل ہے کہ پورے ملک میں فرقہ وارانہ فساد کی پہلی جوڈیشنل انکوائری کمیٹی کی ہوئی، جس میں وہ پوری طرح سرخ رو رہے، اس کے بعد کانگریس نے اعظم گڑھ کے معاملے میں بٹلہ ہاؤس انکاؤنٹر تک ہتھیار ڈالے رکھا۔

(۶) ڈاکٹر فریدی نے ۱۲/۱۳/اکتوبر ۱۹۶۸ء کو قیصر باغ بارہ دری میں شمالی ہند میں پہلی بار بیک ورڈ کلاس، شیڈولڈ کاسٹ، مائنارٹی کنونشن کیا جس میں پیر پاراما سوامی نایکر، بی شیام سندر، ڈاکٹر امبیڈکر کے سبھی زندہ ساتھی بہار سے بندیشوری، پرشاد منڈل سمیت تاریخ کا سب سے موثر اور تاریخ ساز کنونشن ہوا۔ اعظمی صاحب اس تحریک کے روح رواں بن گئے۔

اس کنونشن نے شمالی ہند میں دلتوں اور پچھڑوں کی سیاست کی ابتداء کی وہ سارے نعرے جو بعد میں کانشی رام نے لگائے پہلے اسی کنونشن نے دئے تھے، اسی کنونشن کے بعد شمالی ہند کی تصویر اور تقدیر بدلنا شروع ہوئی اور سیاست پر اونچی ذات کی اجارہ داری ختم ہونا شروع ہوئی۔

(۷) ۳/جون ۷۲ء کو اندرا نے مسلم یونیورسٹی کا رسوائے زمانہ ایکٹ پاس کر کے لاگو کر دیا۔ قائد ملت یورپ میں تھے، چچا شفیق الرحمٰن نے ۱۶/جون کو یوم سیاہ منانے کا اعلان کیا۔ اندرا گاندھی نے فیروز آبا، بنارس اور علی گڑھ میں صرف کالی پٹیاں باندھنے کے جرم میں بہتر مسلمانوں کو گولیوں سے بھنوا کر شہید کر دیا۔ قائد ملت کے واپس آنے پر اعظمی صاحب ہی کے مشورے کو مان کر علی گڑھ تحریک کے پلیٹ فارم پر اپوزیشن کو جمع کرنے کا کام شروع ہوا۔ اس میں اعظمی صاحب نے بہت کلیدی رول ادا کیا اور دیکھتے دیکھتے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی ملّی

مسئلہ نہ رہ کر ایک قومی مسئلہ بن گیا۔

یہاں تک کہ ۱۰؍مئی ۷۳ء کو قائد ملت کے ساتھ راج نرائن اور بہت سارے لیڈران نے گرفتاری دی، ۱۰؍دن تک روزانہ گرفتاریاں دی جاتی رہیں، لکھنؤ جیل میں کل تین سو تیرہ لیڈران اکیس دن تک سیاسی کانفرنس کرتے رہے، سیاست میں اپوزیشن اتحاد کی بنیاد اسی لکھنؤ جیل میں پڑی۔ الیاس اعظمی صاحب اس تحریک کے بھی روح رواں رہے اور اس ملک گیر تحریک کے سرگرم ترین افراد میں شمار ہوتے تھے۔

(۸) اکتوبر ۷۳ء میں دلی کے مہدیان میں مسلم یونیورسٹی تحریک کا تاریخی اجلاس ہوا، جس میں شیخ محمد عبداللہ سمیت ملک کے مشاہیر نے شرکت کی، اسی میں کانگریس کے سوشل بائیکاٹ کی تجویز مسلم لیگ کی مخالفت کے باوجود منظور ہوئی۔ اس وقت تک اعظمی صاحب کا شمار لیڈروں میں ہونے لگا تھا۔

(۹) اسی دوران قاری محمد طیب صاحب کی قیادت میں ممبئی میں مسلم پرسنل لاء کنونشن میں بھی وہ شریک رہے، اس کے بعد مسلم پرسنل لاء بورڈ کے عاملہ کے ممبر کی حیثیت سے ہمیشہ اگلی صفوں میں رہے۔ شاہ بانو کیس میں وہ مولانا علی میاں اور راجیو گاندھی کے درمیان سمجھوتے کی مخالفت کرتے ہوئے مسلم پرسنل لاء بورڈ سے الگ ہوئے۔

(۱۰) ۷۴ء کے الیکشن میں مسلم مجلس بی کے ڈی سوشلسٹ پارٹی کا ترگٹ مورچہ بنا، اعظمی صاحب اس مورچے کے معماروں میں تھے۔ تاریخ میں پہلی بار کوئی مسلم تنظیم ایک بڑے مورچے کا حصہ بنی تھی۔ اندرا گاندھی گھبرا گئی، اس نے مسلم مجلس کو تباہ کرنے اور ترگٹ مورچہ سے مسلم ووٹوں کو الگ کرنے کے مقصد سے کیرل سے مسلم لیگ کو امپورٹ کر کے اسے اشتعال انگیز جذباتی تقریروں کی

اس طرح چھوٹ دی کہ مسلم پاکٹوں میں مسلمانوں کا ووٹ ترگٹ مورچہ کے بجائے مسلم لیگ کو چلا گیا۔ کانگریس نے مورچہ کو کمزور کرنے کے لئے مجلس کے اہم لوگوں کو بھاری رقومات کے عوض خرید کر مورچے کی مخالفت کرانے کی مہم چلائی، چندلوگ بکے بھی لیکن اعظمی صاحب جیسے بیشتر لوگوں کو غربت کے باوجود اندرا گاندھی نہیں خرید پائی۔

(۱۱) ۱۹رمئی ۷۴ء کو اچانک قائد ملت کی رحلت کے بعد مجلس کو بھنور سے نکالنے اور مرحوم حبیب احمد کی قیادت میں مجلس کو بدستور ایک سیاسی طاقت بنائے رکھنے میں اعظمی صاحب نے بنیادی کردار ادا کیا۔

(۱۲) ۷۴ء میں ہی جے پرکاش نرائن تحریک چلی، اس کو جن سنگھ اور آر ایس ایس کی کھلی حمایت کی وجہ سے ملک کی سو فیصدی مسلم تنظیمیں جے پی تحریک کے خلاف تھیں، لیکن الیاس اعظمی کی دوربین نظروں نے یہ بھانپ لیا کہ اسی تحریک کے ذریعہ اندرا گاندھی کا بیڑہ غرق ہوسکتا ہے۔ انہوں نے دن رات محنت کر کے مجلس کی لیڈرشپ کو تحریک کی حمایت پر آمادہ کیا۔

جس دن مجلس نے جے پی تحریک کی حمایت کا حیرت انگیز اعلان کیا اسی دن جے پی نے مجلس کا شکریہ ادا کیا۔ اترپردیش میں تحریک میں مجلس کو قائدانہ رول دیا۔ ایمرجنسی میں مجلس بھی حکومت کی معتوب بنی لیکن ۷۷ء میں مسلمانوں کے نناوے فیصد ووٹ جنتا پارٹی کو ملے، مجلس کو اقتدار میں حصہ داری ملی اور یہ ثابت ہوگیا کہ الیاس اعظمی میں سیاست کی نبض پہچاننے کی خداداد صلاحیت ہے، نیز مسلمانوں میں بہہ رہے دھارے کے خلاف سینہ سپر ہوجانے کی ہمت بھی ہے۔

(۱۳) ۱۹۸۰ء میں اندرا پھر اقتدار میں واپس آئی اور اس نے جموں پیٹرن سیاست کا آغاز کرتے ہوئے ۱۳راگست ۸۰ء کو مرادآباد عیدگاہ میں اسّی

ہزار نمازیوں پر فائرنگ کروا کر ڈھائی سو لوگوں کو شہید کر دیا۔ اتنا ہی نہیں اس نے منافقین ملت اور علمائے سو کی پوری فوج کو میدان میں اتار کر مسلمانوں پر ہی بہتان طرازی کی مہم چلائی۔ پاکستان اور پیٹرو ڈالر کا شوشہ اندرا نے مرادآباد سے ہی چھوڑا۔

ایسی حالت میں انسانی ضمیر کو جگانے اور اندرا کے ظلم کو بے نقاب کرنے کے لئے مسلم مجلس نے لکھنؤ پیدل مارچ کا حیرت انگیز جرأت مندانہ فیصلہ کیا۔ اعظمی صاحب کی اہلیہ سخت بیماری تھیں، لیکن یہ بیمار اہلیہ کو چھوڑ کر پیدل مارچ میں نکل گئے، راستے میں ہی تھے کہ اعظم گڑھ میں اہلیہ کا انتقال ہوگیا، انہیں جنازہ بھی نصیب نہ ہوا۔ ان کی عمر صرف پینتالیس سال تھی، انہیں اتنا صدمہ ہوا کہ انہوں نے عقد ثانی نہیں کیا اور موقع ملتے ہی شاہ آباد میں بدرالنساء پوسٹ گریجویٹ کالج قائم کیا، جو اس علاقے کے کئی ضلعوں میں سب سے بڑا تعلیمی ادارہ ہے۔

(۱۴) یکم فروری ۸۶ء کو راجیو گاندھی نے بابری مسجد کا تالہ کھلوا لیا۔ ۴رفروری ۸۶ءکو بابری مسجد ایکشن کمیٹی کی تشکیل میں اعظمی صاحب نے حصہ لیا، سخت حالت میں بابری مسجد کی تحریک کے ہر مرحلے میں وہ اگلی صفوں میں رہے۔ بارہ بنکی کے پیر بٹاون قتل عام کے بعد الیاس اعظمی کی مکھیہ منتری ویر بہادر سنگھ کے دفتر میں جو جھڑپ ہوئی اس پر ہماری تاریخ کو فخر کرنا چاہئے۔ اعظمی صاحب نے جان پر کھیل کر یہ جھگڑا کیا تھا، لیکن ویر بہادر ان سے اس قدر متاثر ہوئے کہ پورے پردیش میں بابری مسجد تحریک میں جو کئی ہزار لوگ جیلوں میں بند تھے ویر بہادر نے سب کو اسی دن غیر مشروط طور پر چھوڑ دیا، اس نے ڈی کے آنند پر این ایس اے تک ہٹوا دیا۔ یہ اعظمی صاحب کی فہم وفراست کے ساتھ ان کی جرأت

مندی کا کمال کہا جا سکتا ہے۔

اعظمی صاحب نے نرسمہا راؤ کی وساطت سے بابری مسجد گفتگو کی مخالفت کر کے اس کا بائیکاٹ کیا، اس کے علاوہ اب تک ہر تحریک میں پیش پیش رہے۔

(۱۵) ۱۹۸۳ء میں میرٹھ کے فیروز بلڈنگ علاقے میں کانگریس حکومت کی بربریت کو دیکھ کر اعظمی صاحب اتنے متاثر ہوئے کہ وہیں انہوں نے پی اے سی توڑ وارنٹی فورس بناؤ تحریک شروع کرنے کا اعلان کیا، یہ اعلان دیوانے کے خواب جیسا تھا انہوں نے مسلم مجلس کے ذریعہ پی اے سی کے خلاف اتنی طویل تحریک چلائی، دھرنوں ومظاہروں، جیل بھرو آندولن کا اتنا طویل سلسلہ چلایا کہ کانگریس انٹی رائٹ کی جگہ ریپیڈ ایکشن فورس بنانے پر مجبور ہوئی اور پی اے سی کا کردار بدل گیا۔ یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ پی اے سی توڑو تحریک کے دوران الیاس اعظمی اور فضل الباری سر کو ہتھیلی پر رکھ کر گھومتے رہے۔

(۱۶) ۱۹۸۷ء میں راجیو گاندھی نے میرٹھ اور ملیانہ کا قتل عام کرایا اور ندیوں ونہروں کے کنارے مسلمانوں کا قتل عام کرایا گیا تو اعظمی صاحب نے راجیو گاندھی کو اکھاڑ پھینکنے کی قسم کھائی۔ لوگ ان کی قسم کا مذاق بھی اڑاتے تھے، لیکن یہ ان کے خلوص کی گرمی اور جذبۂ ایمانی کی صداقت کا ہی اثر تھا کہ قدرت مہربان ہوئی اور وی پی سنگھ نے بغاوت کر دی۔

اعظمی صاحب نے بار بار کہا کہ وی پی سنگھ کے ہاتھوں ہی راجیو گاندھی کے مظالم کا خاتمہ ہوگا۔ انہوں نے وی پی سنگھ کی مدد کے لئے گھر بار سب تیاگ دیا۔ یہاں تک کہ مسلم مجلس سے بھی نکال دیئے گئے لیکن جب تک ۸۹ء کا الیکشن نہیں ہوگیا وہ پاگلوں کی طرح گھر بار چھوڑے اکثر بھوکے پیاسے ایک ہی حال میں مست رہے یہاں تک کہ قدرت نے ان کی قسم کو پورا کر دیا اور ظلم کے اقتدار کا

خاتمہ مسلمانوں کے ووٹ سے ہوا۔

(۱۷) وی پی سنگھ کے دور اقتدار میں مسلم یونیورسٹی کا نیا ایکٹ بنوانے منڈل کمیشن لاگو کرانے اور بابری مسجد کے معاملات اور دیگر مسائل کے حل کے لئے لکھنؤ اور دلّی کے چکر لگاتے رہے۔

(۱۸) وہ لوک سبھا میں بی ایس پی کے ٹکٹ پر پہنچے۔ مسلمانوں کے سروں پر نصف صدی سے لٹک رہی کامن سول کوڈ کی تلوار پارلیمنٹ میں ان کی ایک تاریخی تقریر سے شاید ہمیشہ کے لئے ہٹ گئی۔ اسی طرح بنگلہ دیش گھس پیٹھیا پر ان کی تاریخی تقریر کا زبردست اثر ہوا۔ کسی موقع پر محترم اٹل بہاری واجپائی نے کہا کہ مسلمانوں کے لئے بنات والا کے بجائے الیاس اعظمی کا طرزِ کلام مفید ہے، اسی طرح ہندوؤں کے لئے توگڑیا کی زبان کی کوئی ضرورت نہیں۔

(۱۹) اعظمی صاحب پارلیمنٹ میں دونوں بار ایسی پارٹی سے پہنچے جس میں زبان بندی ایک اصول کی طرح لاگو رہتی ہے لیکن انہوں نے پارلیمنٹ میں بولنے کا ایسا ریکارڈ قائم کیا جسے شاید آئندہ بھی کوئی مسلمان نہ توڑ سکے۔ ہم یہ بات دعوے کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ اگر اعظمی صاحب چودھویں لوک سبھا میں نہ ہوتے تو شاید عوام کو سوچنا کا ادھیکار، سچر کمیٹی، رنگ ناتھ مشرا کمیشن، ملٹی سیکٹورل یوجنا جیسی بہت ساری سوغاتیں نہ ملتیں۔ موجودہ لوک سبھا اپنا آدھا وقت پورا کر چکی ہے، لیکن مظلوموں کے حق میں ایک لفظ بھی ریکارڈ پر نہیں آیا۔

(۲۰) جناب اعظمی صاحب اس معاملے میں بھی منفرد ہیں کہ ان کی رائے ہمیشہ وقت پر صحیح ثابت ہوتی رہی۔ پورے ملک کا مسلمان کانگریس کو ووٹ دیتا رہا، اعظمی صاحب ہمیشہ کانگریس کے خلاف مصروف جہاد رہے۔ پورے ملک کا مسلمان تحریک کا مخالف تھا لیکن اعظمی صاحب نے اس کی حمایت کی۔

مسلمان، جمال عبدالناصر بھٹو اور صدام حسین کا دیوانہ تھا، لیکن اعظمی صاحب نے ہمیشہ اپنی زبان اور قلم کو ان کے خلاف استعمال کیا۔ وہ شاید ملک کے پہلے مسلمان ہیں جس نے شاہ ایران کے خلاف خمینی تحریک کی پہلے دن سے حمایت کی اور انقلاب ایران کے لئے شاہکار مضامین اور پمفلٹ لکھے۔اسی طرح انہوں نے عالم اسلام کے ڈکٹیٹروں کی کبھی حمایت نہیں کی۔

(۲۱) وہ سر سید، علامہ اقبال، علامہ مودودی، ڈاکٹر امبیڈکر اور ڈاکٹر فریدی سے متاثر رہے، لیکن اس میں بھی ایک انفرادیت رہی ہے۔ عام مسلمانوں کے برعکس وہ سر سید کے فین مسلم یونیورسٹی کے بجائے ان کے ان سیاسی خیالات کی وجہ سے بنے جن کو مسلمانوں نے مانا ہی نہیں۔

انگریز کی واپسی کے بعد مسلمانوں اور عوام کی جتنی بھی مفید تحریکیں چلیں مثلاً لاٹری مخالف تحریک، کسانوں سے لیوی وصولی کے خلاف تحریک، مسلم مجلس مشاورت، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی تحریک، پرسنل لاء بورڈ تحریک، پی اے سی توڑو تحریک، جے پی تحریک، بابری مسجد تحریک سمیت شاید ہی کوئی تحریک ہو جس کی بنیاد ڈالنے سے لے کر آخر تک اس میں شامل نہ رہے ہوں۔

(۲۲) اعظمی صاحب نے اردو ہندی اخبارات و رسائل میں ہزارہا مضامین لکھے، سیاست پر درجنوں کتابیں لکھیں جو بہت مقبول ہوئیں۔ مسلمانوں کی قیادت کے دعویداروں میں اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جو اعظمی صاحب کی لکھی ہوئی کتابیں ٹھیک سے پڑھ بھی نہیں سکتے چہ جائے کہ وہ اس میدان میں ان کی ہمسری کر سکیں۔ ہم جس شخصیت کو قیادت کا سب سے زیادہ اہل سمجھتے ہیں اس کی بہت مختصر میرٹ اتر پردیش کے عوام کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔

یہ ہمارا کھلا اعلان ہے کہ قیادت کے دعویداروں میں اگر ان سے بہتر میرٹ

پیش کردی جائے تو ہم بے تکلف بہتر میرٹ کی قیادت کو تسلیم کرلیں گے۔ ہماری نظر میں دولت کی ہوس ہماری تاریخ کا سب سے بڑا فتنہ رہی ہے۔ اعظمی صاحب میں اٹھہتر سال کی عمر میں اگر دولت کی ہوس پیدا ہوئی تو فطری طور پر اولاد کے لئے ہوگی۔ سب کو معلوم ہے کہ اللہ نے ان کی ہر اولاد کو انتہائی فارغ البال بنایا ہے۔

ہم عوام سے یہ توقع کرنے میں حق بجانب ہیں کہ اگر قیادت کی میرٹ اور صلاحیت میں اعظمی صاحب سب سے اوپر ہوں تو سب کا فرض بنتا ہے کہ سب لوگ ان کی قیادت پر ایک رائے بن جائیں؟ اور ایک سیاسی طاقت حاصل کرنے کے مقصد پر جھوٹے مفادات و وابستگیوں کو قربان کردیں۔ انشاءاللہ یہ عوام کے حق میں انعام ثابت ہوگا۔

* * *

کارواں بنتا گیا

لکھنؤ دلّی پیدل امن مارچ کے تاثرات

محمد الیاس اعظمی

سر خاکِ شہیدے برگ ہائے لالہ می پاشم
کہ خونش بانہال ملت ما سازگار آمد
علامہ اقبالؔ

ترجمہ: کبھی شہیدوں کی لاشوں پر پھول کی پتیاں نچھاور کرتا ہوں
ان کا خون میری ملت کے پودے کے لئے ہمیشہ بارآور رہا ہے

انتساب

رفیقۂ حیات کے نام ایک لائق بیوی جو اپنے نالائق شوہر کی راہ تکتے ہوئے ۱۸/اکتوبر ۸۰ء کو صبح سات بجے اُس وقت ہم سے ہمیشہ کے لئے جدا ہوگئی جب ہمارا قافلہ ہاپوڑ سے چند کلومیٹر آ گے تھا۔ ۷/اکتوبر کو دل کا دورہ پڑنے کے بعد اسے میرا شدید انتظار تھا۔اس نے کہا: میں جانتی ہوں وہ نہیں آئیں گے، مجھے یہ بھی معلوم نہیں کہ وہ اس وقت کہاں ہیں؟ وہ قوم کی نیتا ہیں نا۔ایسی قوم کے نیتا جو ہر موقع پر انگوٹھا دکھا دیتی ہے۔ بہر حال میں انہیں معاف کرتی ہوں۔ان سے یہ بھی کہہ دینا کہ مجھے بھی معاف کر دیں۔

آج ایک عشرہ بعد جب دوستوں کی مخلصانہ تعزیت میرے زخموں پر مرہم رکھنے جا رہی ہے میں کبھی کبھی سوچنے لگتا ہوں ...... کیا واقعی...... میری قوم اپنے مخلص کارکنوں کو ہمیشہ انگوٹھا دکھاتی رہے گی۔

محمد الیاس اعظمی، صدر پور برولی

۸/اکتوبر ۱۹۸۰ء

* * *

ابتدائیہ

آٹھویں دہائی کی ابتداء کے ساتھ ہی ملک میں پھیلی ہوئی اخلاقی انارکی کی رفتار تیز سے تیز تر ہوگئی۔ سرمایہ دار طبقہ سیاست کے کاروبار میں لگائے ہوئے سرمائے کا من مانی در سے سود در سود وصول کرنے پر تل گیا۔ بیس نکاتی پروگرام میں شراب کی حوصلہ شکنی کا نکتہ رکھنے والی حکومت ہر گاؤں اور ہر گلی میں شراب کی دوکانیں سجانے لگی۔ بیوروکریسی جس نے نئی حکومت کے قیام میں بنیادی کردار ادا کیا تھا، اب اپنے کام کی زیادہ سے زیادہ قیمت وصول کرنے کے لئے شتر بے مہار بن گئی۔ نااہلی، غفلت، رشوت ستانی اور عوامی املاک کی لوٹ کھسوٹ، دھونس، دھاندلی، ظلم و جبر اور جنرل ایڈمنسٹریشن ایک ہی سکے کے دو رخ بن گئے اور عوام وہ تو جنتا پارٹی کے مختلف ٹکڑوں کو ان کے جرم کی سخت سزا دینے کے بعد حالات کے خاموش تماشائی بن گئے یا بننے پر مجبور کر دیئے گئے۔

پورے معاشرے پر ایک جمود اور بے بسی کی کیفیت طاری ہوگئی اور ملک کا مسلمان جن کی اخلاقی ذمہ داریاں دوسروں سے کہیں زیادہ تھیں سب سے زیادہ بے حس بنا کر رکھ دیا گیا۔

اتر پردیش کی پولیس بالخصوص پی اے سی اپنی گھناؤنی روایات پر تیزی کے ساتھ عمل پیرا ہوگئی، اس نے ظلم و زیادتی، قتل، لوٹ مار اور زنا بالجبر کے لئے اپنے ہی قائم کردہ سارے ریکارڈ توڑنا شروع کر دیئے اور حکمراں جماعت اور اس کے

اعلیٰ عہدیدار پی اے سی کے سب سے بڑے وکیل بن کران کے ''حوصلے بلند سے بلند تر کرتے چلے گئے۔

ان حالات میں ۱۳؍اگست ۱۹۸۰ء کی عید کے دن پولیس اور چند لوگوں کی معمولی تکرار پر مرادآباد کی عیدگاہ ہندوستان کی تاریخ کی سب سے بڑی شہادت گاہ میں تبدیل کردی گئی۔

پولیس اور پی اے سی کے ہاتھوں تاریخ کے سب سے بڑے قتل عام کو ''فرقہ وارانہ فسادات'' ثابت کرنے کے لئے حکمراں جماعت ننگی ہوکر سامنے آ گئی۔ اس نے تہذیب وشرافت اورانسانیت کے سارے جامے اتار کر پھینک دیئے۔ ابلاغ عامہ کے سارے ذرائع نام نہاد نیشنل پریس اورآل انڈیا ریڈیو نے ایسے جھوٹ، شرارت اور دجل وفریب کا مظاہرہ کیا جس سے گوبلز کی روح بھی شرم سے پانی پانی ہوگئی۔ ایک زوال پذیر، بے حس قوم اپنی صفوں میں جتنے منافق پیدا کرسکتی تھی سب کو ننگا کر کے سامنے لایا گیا۔ ان حالات میں یہ امید ہوسکتی ہے کہ اپوزیشن انسانیت کے غم میں نہ سہی اپنے مفاد میں ہی اپنے حصے کا رول ادا کرے گا لیکن اس کا یہ رویہ حکمراں جماعت سے بھی زیادہ افسوس ناک رہا۔ باغپت میں پولیس کے ہاتھوں تین افراد کے قتل پر پورے اترپردیش میں ہنگامہ کرنے والی اپوزیشن کی سب سے بڑی پارٹی لوک دل اسی پولیس کے ہاتھوں ہزاروں معصوموں کے قتل عام کی خاموش تماشائی بن گئی، اس کے لیڈر کے منہ سے ہمدردی کے دو بول بھی نہیں نکل سکے، البتہ اس کے چوٹی کے کئی لیڈر اسی پی اے سی کے وکیل بن کر سامنے آگئے جس کے ظلم کے خلاف احتجاجاً ابھی ابھی جیل سے نکل کر باہر آئے تھے، جرأت مندانہ شہرت رکھنے والی چھوٹی سی تنظیم مسلم مجلس جو ابھی تک اپنی ہی غلطیوں سے کھائے ہوئے زخموں کو مندمل نہ کر پائی تھی

حالاں کہ اس کی صفوں میں گھستے ہوئے ابن الوقت وقت پڑتے ہی دامن جھاڑ کر نئے آقاؤں کی آغوش میں پناہ لے چکے تھے، لیکن پھر بھی اس پر ایک اضمحلال طاری تھا، اس کے زخموں سے ابھی تک خون رس رہا تھا۔ لیکن مجلس کے چند مخلص کارکنوں نے ایک فیصلہ کیا۔ ایک جرأت مندانہ فیصلہ ۲۸ر ستمبر ۸۰ء کو صوبائی مجلس کی کونسل میں لکھنؤ سے دلی تک پیدل مارچ کرنے کی تجویز پیش ہوئی۔ بزرگوں نے اس سے اختلاف کیا، انہیں اندیشہ تھا کہ موجودہ فضا میں مارچ ممکن نہیں ہے۔ پانچ سو کلو میٹر لمبے مارچ میں پولیس کی سازش سے کارکنوں کی پٹائی بھی ہوسکتی ہے، انہیں قتل بھی کیا جاسکتا ہے، لیکن تجویز کے محرکین نے کہا کہ عبادت گاہوں، گلیوں، دکانوں اور پولیس تھانوں میں بہنے والا خون خاموش بھی رہ سکتا ہے، لیکن ہمیں یقین ہے کہ چوبیس نمبر نیشنل ہائی وے کی چوڑی سڑکوں پر اگر ہمارا خون گرا بھی تو وہ خاموش نہیں رہے گا، یہ خون ساری دنیا میں آواز لگائے گا، اس کی آواز صدا بہ صحرا ثابت نہیں ہوگی۔ تجویز بھاری اکثریت سے منظور ہوگئی۔

۲ر اکتوبر یعنی مہاتما گاندھی کے یوم پیدائش پر لکھنؤ سے مارچ شروع کرتے اور ۲۰ر اکتوبر عید قرباں کے وقت جامع مسجد دہلی پر مارچ ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا کہ شاید مہاتما گاندھی کے نام لیواؤں کو کچھ شرم کا احساس ہو اور عید قرباں، وہ تو ایک عظیم الشان قربانی کے یادگار کے طور پر منائی جاتی ہے۔ مارچ کا بنیادی مقصد کسی ظالم سے رحم کی بھیک مانگنا ہرگز نہیں بلکہ ظلم و جبر اور اخلاقی انارگی کے خلاف عوامی ضمیر بیدار کرنا قرار پایا۔ ایک کٹھن، صبر آزما اور طویل جدوجہد کی تیاری کے لئے ہمیں کل چار دن کا وقت ملا، لیکن پختہ عقیدے اور اللہ پر بھروسے کے ساتھ کام شروع کر دیا گیا۔

شام ساڑھے چھ بجے ہم ملیح آباد پہنچے وہاں چوک پر عوام نے پرتپاک خیر

مقدم کیا، ایک مقامی حادثے کی وجہ سے جلسۂ عام کا پروگرام منسوخ ہو چکا تھا، لیکن عوام کی بڑی تعداد گفتگو میں شریک ہوئی، آج پہلا دن تھا، بیشتر اراکین تھکن سے نڈھال تھے، کوئی فرد ایسا نہ تھا کہ پاؤں میں ایک سے زیادہ چھالے نہ پڑے ہوں لیکن عزائم پوری طرح جوان تھے، اس پر طرہ یہ کہ ملیح آباد کے پٹھانوں نے اپنی روایتی مہمان داری سے سب کی تھکن دور کردی، یہاں سدّ وں خاں صاحب کے ایثار وخلوص کا تذکرہ نہ کرنا بے انصافی ہوگی، شاید موصوف رات میں دو ایک گھنٹے سے زیادہ نہ سوئے ہوں۔

ملیح آباد کے پٹھانوں نے مہمان داری میں تو اپنی روایات باقی رکھی ہیں، لیکن ابھی یہ دیکھنا باقی ہے کہ ملی جدوجہد اور قربانی کی عظیم روایات کو بھی زندہ کرتے ہیں یا وہ بھی ہمارے ''قومی دھارے'' میں پوری طرح تحلیل ہو چکے ہیں۔

۳/ اکتوبر کو صبح سویرے سدّو خاں صاحب نے نماز فجر کے بعد چائے پلا کر رخصت کیا۔ کٹولی میں عوام نے روک کر چائے پلائی، تھبو ہیا میں ایک دوکاندار میوالال نے پورے قافلے کی چائے پانی سے تواضع کی۔ جندور گڑھی میں مہتاب حسین وغیرہ نے بہت اصرار کے ساتھ روک کر چائے پلائی اور ہم بارہ بجے رحیم آباد پہنچے، نماز جمعہ ادا کی اور وہاں کے خوش حال خاندان مشتاق نرسری کے لوگوں نے دوپہر کا پر تکلیف کھانا کھلایا۔ تلویا کلاں میں نماز عصر ادا کی گئی اور ہم لکھنؤ ضلع عبور کر کے ہردوئی ضلع کے اہم قصبے سندیلہ پہنچ گئے، وہاں کے بہت سے نوجوانوں نے قصبے کے باہر ہمارا استقبال کیا، چوک پر جلسۂ عام کا اہتمام ہوا، جو کافی دیر تک چلتا رہا۔ بہت بڑی تعداد میں ہندو مسلم عوام نے جلسۂ عام میں شرکت کی اور مارچ کے مقاصد سے بہت متاثر ہوئے۔ ملیح آباد سے سندیلہ کی منزل بھی ۲۷ رکلومیٹر کی تھی بیگم اعزاز رسول ایم ایل اے کی باغ والی کوٹھی میں

ہمارے قیام و طعام کا انتظام کیا گیا۔ یہاں ڈاکٹر زبیر احمد اور ان کے ساتھیوں نے بہت خلوص کا مظاہرہ کیا اور اگلی منزل بالامئو ۲۱ر کلومیٹر تک ساتھ دیا۔ ڈاکٹر صاحب اور ان کے ساتھیوں سے ہماری بہت امیدیں وابستہ ہیں۔ خدا سے دعا ہے کہ انہیں قربانی اور جدوجہد کا لذت شناس بنائے۔

تیسری منزل صرف ۲۱ر کلومیٹر کی ہے، لیکن سندیلہ کے بالاموء تک سڑک چٹیل میدانوں سے گزرتی ہے، سایہ اور درخت کا دور دور تک نام ونشان بھی نہیں ملتا۔ دھوپ بھی بہت تیز تھی۔ بہر حال ہم لوگ راستے میں رکتے اور عوام سے ملتے ملاتے شام چھ بجے بالامئو کے قصبے پچھونا پہنچے، وہاں کے خوش حال تاجر رادھے شیام اگروال نے ہماری میزبانی کی اور جلسۂ عام کا انتظام کیا۔ منتظمین اور سامعین کی بھاری اکثریت غیر مسلم تھی، جو ہماری تقریروں کو رات دیر تک سنتی رہی اور تاثر بہت ہی اچھا رہا۔ ضلع ہردوئی کے سب سے بڑے انٹر کالج پٹیل تپاشا دیوی کالج، غوث گنج کے پرنسپل سریندر سنگھ بضد تھے کہ ہم ایک دن مزید وقت نکالیں اور ان کے کالج کے طلبا کو خطاب کریں۔ تجویز بہت مناسب تھی لیکن وقت کی کمی اور چوتھی منزل کا لمبا فاصلہ زنجیر بن گیا اور ہم موصوف کی خواہش پوری نہ کر سکے

۴ر اکتوبر کو صبح ۵ر بجے روانہ ہوئے، اراکین قافلہ میں کئی لوگوں کے پاؤں چھالوں سے بری طرح زخمی تھے، سب سے خستہ حالت فضل الباری کی تھی۔ انور علی فاروقی اور قاضی نفیس الحسن بھی چند قدم چلنے کی پوزیشن میں نہ تھے، سفر بھی لمبا ۳۵ر کلومیٹر کا راستے میں سایہ کا نام ونشان نہیں۔ راقم الحروف سمیت دو تین افراد کو چھوڑ کر سب کی تکالیف ناقابل برداشت لیکن مقصد کا عشق ہر تکلیف پر حاوی رہا اور آبلہ پایانِ شوق کا یہ قافلہ منزل کی طرف رواں دواں رہا۔ بھولی یا بھن کھیڑا، لال پور رکتے ہوئے ہم شام ۷ بجے ہردوئی پہنچ گئے، ناممکن چند گھنٹوں

کے اندر ممکن بن گیا۔

ہردوئی کی چنگی پر مجلس کے کارکنوں اور عوام نے اتنا والہانہ خیر مقدم کیا کہ ساری تکلیف ختم ہوگئی۔ ڈاکٹر فریدی زندہ باد اور مسلم مجلس زندہ باد کے اتنے فلک شگاف نعرے لگائے گئے کہ بہت سے پرانے زخم کرید اٹھے، آنکھیں آبدیدہ ہوگئیں، بہت سی یادیں تازہ ہوگئیں، خاص طور پر پچھلے تین برسوں کی نالائقیاں اور کوتاہیاں، مفاد پرستوں کی ہوسِ اقتدار، تحریک کی پژمردگی ایک ایک کر کے آنکھوں کے سامنے آتی رہیں اور مقامی کارکن ہمیں پورے شہر میں گھماتے رہے۔ احساس کی چوٹ پاؤں کی تکلیف پر اتنی حاوی رہی کہ ہمیں تین چار کلومیٹر مزید پھرایا گیا، لیکن احساس بھی نہ ہوا۔ قیام گاہ پر ابھی چائے بھی نہیں پی تھی کہ پریس والے آگئے اور پریس کانفرنس ہوئی حالاں کہ ہمیں معلوم تھا کہ پریس میں کچھ بھی چھپنے والا نہیں۔ جلسۂ عام میں چلنے کے لئے گاڑی لائی گئی، لیکن ہم نے انکار کیا، پھر دو کلومیٹر دور جلسہ گاہ۔ عوام تھے کہ ہٹنے کا نام نہیں لیتے تھے، مجبوراً جلسہ بارہ بجے رات تک چلا، اس کے بعد کھانا کھا کر سونے میں رات کے ڈیڑھ بج گئے۔ اگلی منزل شاہ آباد ۳۳ رکلومیٹر تھی۔

صبح سات بجے سے پہلے کوئی بھی نہ اٹھ سکا۔ لوگوں کے اصرار پر ناشتہ کرنے میں نو بج گئے۔ پھر لوگوں کے پاؤں کے زخم کی وجہ سے مجبوراً یہ طے پایا کہ ہردوئی شاہ جہاں پور کا درمیانی فاصلہ ۶۵ رکلومیٹر پروگرام کے مطابق دو دن کے بجائے تین دن میں طے کیا جائے۔ لہٰذا شاہ آباد کے بجائے بہٹا گوکل ۱۸ رکلو میٹر منزل بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ آرام کے ساتھ چلتے ہوئے شام کے وقت بہٹا گوکل پہنچے اور تھانے کے پاس دیہی جھک کے برآمدے میں مقیم ہوئے۔ یہاں گرام پلیا کے ٹھاکر رام بھیا سنگھ نے جو ایک روایتی راجپوت ہیں پورے قافلے کو

چائے پلائی۔ٹھاکر صاحب اپنی مخصوص گالیوں بھری زبان میں ملکی مسائل پر گفتگو کرتے رہے۔ ہمارے مکمل شراب بندی پروگرام کی پرزور حمایت کرتے رہے حالاں کہ موصوف اس وقت بھی شراب کے نشے میں تھے۔ان کا کہنا تھا کہ جنتا کے دور میں جب شراب بندی تھی مجھے شراب وقت پر نہیں ملتی تھی تو میری عادت کافی حد تک کم ہوگئی تھی لیکن اب پھر گلی گلی شراب خانے کھل جانے کے بعد عادت نہیں مانتی۔اگر شراب پینے والوں کو سرعام کوڑے لگائے جائیں تو میں ایک دن میں شراب ترک کرسکتا ہوں۔

سرودے تحریک کے ضلعی لیڈر شانتی سروپ تیواری نے اہل قافلہ کی کافی خاطر مدارات کی اور رات گئے تک ملکی حالات اور پیدل سفر کے تجربات پر گفتگو ہوتی رہی۔

تیواری جی نے صبح سوا چار بجے ہمیں جگایا اور نماز پڑھ کر ہم اندھیرے منہ منہ روانہ ہوگئے۔آج اہل قافلہ کے زخم قدرے ٹھیک تھے،لہٰذا طے پایا کہ آج کا سفر قدرے طویل کردیا جائے تاکہ شاہ جہاں پور کی منزل چھوٹی ہوجائے۔صدر مسلم مجلس شاہ جہاں پور محمد اسلام خاں صاحب رات ہی میں بٹھا گوکل آگئے تھے، ان کے مشورے پر سیرامئو کو منزل بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔اب ہم لوگ قدیم شاردا نہر پر پہنچ گئے، اس نہر کو عظیم الشان کہا جاسکتا ہے۔نہر پر حوائج ضروریہ سے فراغت حاصل کی گئی۔

۲ / اکتوبر ۸۰ء کو صبح ۸ / بجے لکھنؤ کی تاریخی قیصر باغ بارہ دری پر مارچ میں حصہ لینے اور انہیں رخصت کرنے والے جمع ہوئے۔ایک چھوٹی لیکن پراثر رخصتی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔لکھنؤ کی بزرگ شخصیت شاہ بھورے میاں کی صدارت میں تقریب کا آغاز ہوا۔ مارچ کے لیڈر فضل الباری قریشی اور نائب لیڈر محمد

الیاس اعظمی نے چند منٹ خطاب کیا، اسی دوران جنتا ایس کے صدر منی رام باگڑی جنتا ایس کے بانی لیڈر راج نرائن کا پیغام لے کر آئے اور جلسے کو خطاب کیا۔ اتر پردیش کے سابق وزیر ست پرکاش مالوی نے عوامی تحریکات میں مسلم مجلس کے رول کی تعریف کی۔ یوپی جنتا ایس کے نائب صدر ایم اے حلیم نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ مسلم مجلس ایک طویل نیند کے بعد پھر بیدار ہوئی ہے، اس جرأت مندانہ زقدام سے مجھے یقین ہے کہ مجلس اپنی شاندار روایات کو نہ صرف زندہ کرے گی بلکہ ملک میں ایک اہم رول ادا کرے گی۔ سابق وزراء ریوتی رمن سنگھ، ویریندر سہائے، بھگوتی سنگھ، اقبال حسین ایم ایل اے وغیرہ نے بھی خطاب فرمایا۔ یوپی مسلم مجلس کے نئے صدر سید اسد حسین اور مرکزی صدر ذوالفقاراللہ صاحب نے کہا کہ اس مارچ کے ذریعے ہم کسی پر کوئی احسان نہیں کر رہے ہیں بلکہ اپنا فرض ادا کر رہے ہیں۔ ہماری سخت اور طویل جدوجہد ہمارے گناہوں کا کفارہ بھی ہے۔ شاہ بھورے میاں کی دعا کے بعد ٹھیک ساڑھے نو بجے ہمارا قافلہ روانہ ہوا۔ لکھنؤ کی اہم شاہراہوں اور گلی کوچوں سے گزرتا ہوا قافلہ اکبری گیٹ پہنچ کر مجلس کے بزرگ لیڈر اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی تحریک کے قائد شفیق الرحمٰن ایڈوکیٹ کی قیام گاہ پر پہنچ کر ان کی دعائیں حاصل کیں۔ ہم اپنے دوسرے بزرگ محترم ظفر احمد صدیقی وکیل کی دعائیں بھی حاصل کرنا چاہتے تھے لیکن اسی دن موصوف پر فالج کا حملہ ہو چکا تھا اور انہیں ان کے وطن سیتاپور لے جایا جا چکا تھا۔ ملیح آباد پہنچ کر موصوف کی رحلت کی جانکاہ اطلاع ملی، غم سے آنکھیں لبریز ہو گئیں، بہت سی یادیں تازہ ہو گئیں، جو المناک بھی تھیں، مسرت انگیز بھی، ایک تصویر آنکھوں کے سامنے جھلملانے لگی۔ خلوص، لگن، جدوجہد، ایثار و قربانی کا ایک عظیم پیکری، دینی تعلیمی تحریک، مسلم مجلس

مشاورت، مسلم مجلس، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی تحریک، ایک ایک کر کے سامنے آتے گئے اور ان میں مرحوم کا مسکراتا ہوا پرعزم چہرہ ؎

ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی

لکھنؤ شہر میں عوام نے جگہ جگہ روک کر قافلے کا خیر مقدم کیا، لکھنؤ کی کئی مقتدر شخصیتوں نے شہر کے اندر میلوں پیدل چل کر قافلے کو رخصت کیا اور ہم شہر سے نکل کر پچیسویں صوبائی شاہراہ لکھنؤ پلیا روڈ پر آ گئے۔

کاکوری کے قریب میکے سے سسرال جاتی ہوئی کسی خوش حال خاندان کی خاتون نے کار رکوا کر میکے سے چلی ہوئی مٹھائی قافلے کو پیش کی۔

کاکوری چوک پر قافلے کو روک کر پھلوں اور چائے سے تواضع کی گئی، پھر قصبے میں نماز ظہر ادا کرنے کے بعد کھانا کھلایا گیا اور ہم ۲۷ رکلومیٹر کی پہلی منزل ملیح آباد کی طرف روانہ ہوئے۔ سانولے سلونے رنگ کا ایک لڑکا بہت متاثر ہوا۔ وہ اپنا سفر ترک کر کے الٹے قدموں واپس ہوا اور کئی میل ہمارے ساتھ پیدل چل کر اپنے گھر لوٹ گیا۔ اس کی زبان تو بند تھی، لیکن اس کی چمک دار آنکھیں بار بار یہ سوال کر رہی تھیں کہ کیا واقعی اب بھی اس قوم میں ایسے لوگ ہو سکتے ہیں جو اتنے بلند عزائم رکھتے ہوں۔

وہ کہہ رہا ہے بھائی کیا ہوگا۔ ہم ایک نہیں ہو سکتے، ہم میں ذات برادری کا اختلاف ہے۔ امیر، غریب کا جھگڑا ہے۔ بریلوی، دیوبندی، شیعہ، سنی کے جھگڑے ہیں اور علمائے کرام ...... حالاں کہ میں صاف دیکھ رہا ہوں، ہمارے سارے جھگڑے سارے اختلاف عزت کی زندگی کے حصول کی کوششوں کو تارپیڈو کرنے والے ہاتھ کھڑے کرتے ہیں۔ ذات کی موت میں ہم ایک ہو جاتے ہیں وہاں کوئی اختلاف نہیں میری چشم تصور صاف دیکھ رہی ہے کہ مرادآباد کی

عیدگاہ میں ایک دیوبندی کی لاش کے اوپر ایک بریلوی کی لاش پڑی ہے۔ایک کانگریس مسلمان کے خون میں ایک سوشلسٹ مسلمان کا خون شامل ہو کر جم گیا ہے۔ایک کارخانے دار کی لاش ایک مزدور کی لاش سے چمٹی ہوئی ہے، دونوں نے ایک ساتھ جان دی ہے۔سیاسی مفاد پرستوں اور جبہ ودستار کے خرقۂ سالوس میں ملبوس منافقوں نے ہمیں جتنے خانوں میں تقسیم کیا تھا۔فاسٹ پی اے سی کی گولیوں نے کسی تقسیم کو قبول نہیں کیا۔سارے خانے چشم زدن میں ٹوٹ کر ڈھیر ہو گئے۔یہاں تو ایک اہل حدیث کے خون کی پھوار ایک حنفی کے مردہ جسم کو لالہ زار کر رہی ہے۔یہاں مزدور، مزدور بھائی بھائی کا کوئی نعرہ سنائی نہیں دیتا۔ یہاں تو کوئی تفریق نہیں، کوئی دیوار نہیں۔سب کی لاش ایک ہی دریا میں بہائی گئی یا ایک ہی گڈھے میں دبائی گئی یا انہیں ایک ساتھ ہی چیل کوؤں کی خوراک بنایا گیا، جو بھی انجام ہوا، سب کا بلاتفریق مسلک وفرقہ بلاتفریق سیاسی مسالک اور بلاتفریق رنگ ونسل ایک ہی انجام ہوا۔

اب ہمارا قافلہ صدر مجلس مرادآباد، حفیظ الرحمٰن گڈو کے مکان کے پاس وسیع وعریض مدرسے میں قیام پذیر ہو چکا ہے۔عوام کا ایک ریلا ہے جو چلا آرہا ہے، وسیع ہال بھر جاتے ہیں، چند منٹ خطاب کر کے معافی مانگ لی جاتی ہے، پھر دوسرا ریلہ آتا ہے پھر کوئی خطاب کر کے رخصت کرتا ہے۔

یہ سلسلہ ۱۲ ربجے تک چلتا ہے، رات میں ایک بار پھر بی ایس ایف کا کمانڈر آتا ہے اور کسی ضرورت کے لئے اپنی خدمات پیش کرتا ہے۔بی ایس ایف سے اہل مرادآباد کو کوئی شکایت نہیں جب سے اس فورس کو انتظام سونپا گیا اور پی اے سی کو ہٹایا گیا تب سے کوئی بڑا واقعہ نہیں ہوا، لیکن اس کو زیادہ اختیارات بھی حاصل نہیں ہیں۔سول حکام جہاں چاہیں وہیں ان کی ڈیوٹی لگ سکتی ہے۔آج

بھی ہم صاف دیکھ رہے ہیں پی ایس ایف کو صرف ایک طبقے کے محلوں میں تعینات کیا گیا ہے۔ دوسری طرف میدان صاف ہے۔ پی ایس ایف صرف واقعات کی رپورٹ کرسکتی ہے تفتیش اور مقدمات کا قیام سول پولیس کے ذمہ ہے اور سول پولیس وحکام۔

ہم صبح ۶ر بجے مرادآباد سے روانہ ہوئے، کچہری روڈ سے غیر مسلم علاقوں سے ہوکر گزرے ہندو مسلمان سب نے ہمارے کام کو سراہا، لیکن جب ہم سول لائن تھان کے سامنے پہنچے تو ایک پولیس آفیسر نے بہ آواز بلند کہا یہ مارچ والے ہیں انہیں غنڈوں سے پٹوانا چاہئے۔ ایک نے کہا ان کے جھولوں کی تلاشی لینا چاہئے اس میں کچھ ہے تو نہیں، ہم رک گئے، لیکن تلاشی لینے کوئی نہیں آیا۔ ہم آگے بڑھ کر نیشنل ہائی وے پہنچے دو تین کیلو میٹر چلنے کے بعد ایک شخص سائیکل سے آیا اور بتایا کہ آپ؛ لوگ ہوشیار رہیں، پولیس سازش کر رہی ہے کہ آپ لوگوں کو کہیں غنڈے بھیج کر پٹوادے۔ ہم نے شکریہ ادا کیا اور آگے بڑھ گئے۔ چند کیلو میٹر دور سڑک کے دائیں کنارے ایک درس گاہ زیر تعمیر ہے، جس کے بارے میں نیشنل پریس نے بہت بڑی یونیورسٹی پٹرو ڈالر سے تعمیر کئے جانے کا پروپیگنڈہ کیا تھا، حالاں کہ اس مدرسے میں جتنا روپیہ لگا ہے اس کے ہزار گنے سے زیادہ شاہ جہاں پور کے آگے رام کرشنا مشن کی تعمیرات پر اخراجات ہوئے ہیں، وہ کس پٹرو ڈالر سے تعمیر ہوا ہے، جسے کوئی نہیں جانتا۔ شام سات بجے ہم ۳۰ رکلو میٹر کا فاصلہ طے کر کے جویا پہنچے، جویا امروہہ سے ۴ رکلو میٹر کے فاصلے پر نیشنل ہائی وے پر پڑتا ہے، یہاں لوک دل کے سابق ایم ایل اے ہرگوبند نگلہ نے ہمارا استقبال کیا اور ہائی وے پر واقع مدرسے میں ہمارے قیام وطعام کا بندو بست کیا گیا۔ یہاں امروہہ کے سکندر مرزا اور مقامی انٹر کالج کے پرنسپل مظہر علی

صاحبان نے ہماری خاطر مدارات کی مدرسے سے ملحق ہوٹل مالک نے بہت فراخ دلی کا مظاہرہ کای۔

اگلی منزل گڈھ مکتیشور کافی لمبی تھی، جویا میں رات کے پچھلے پہر اچانک تیز سردی پڑی، صبح بعد نماز فجر روانگی ہوئی تو بیشتر اراکین قافلہ کو بخار تھا، سفر میں بھی ۳۹ رکیلو میٹر طویل آج ایک امتحان تھا، جس سے گذرنا تھا لیکن پختہ عزم کے ساتھ ہم روانہ ہوئے۔ رجب پور میں شاہ معین الدین صاحب جو کسی درسگاہ کے سجادہ نشین ایک مجاہد قسم کے بزرگ ہیں اور دوسرے لوگوں نے ہمارا خیر مقدم کیا۔ اہل قافلہ کو کافی لمبا چوڑا ناشتہ کرایا۔ شاہ صاحب نے پورے قافلے کو ایک ایک کر کے گلے لگایا، ان کے رخسار چومے، اکثر لوگ بخار میں مبتلا تھے۔ عوام کی کافی بھیڑ اکٹھا تھی، شاہ صاحب جو ایک وسیع المشرب بزرگ ہیں اور صاحبان جبہ و دستار کے گہرے عقیدت مند رہے ہیں۔ ہم لوگ بخار کی تکلیف سے خاموش بیٹھے ہیں اور شاہ صاحب تین عالم ممبران پارلیمنٹ کا نام لے کر فصیح و بلیغ الفاظ میں ان کی تواضع کر رہے ہیں، ان کا رشتہ عبداللہ بن اُبی سے لے کر میر جعفر تک سے جوڑا جا رہا ہے۔ عوام حیران ہیں، ہم مسکرا رہے ہیں۔ شاہ صاحب کے جذبات اتنے شدید ہیں کہ ہماری ہمت نہیں پڑتی کہ ہم ان کو سمجھا سکیں کہ آپ کے جذبات قابل قدر اور باتیں سو فیصد درست ہیں، لیکن اپنی صفوں میں ہزاروں لاکھوں منافق پیدا کرنے کی ذمہ داری سے ہم خود نہیں بچ سکتے۔ منافق کسی حساس اور بیدار معاشرے میں پیدا ہی نہیں ہو سکتے۔ اگر پیدا بھی ہوں تو میر جعفر نہیں بن سکتے بلکہ ان کا انجام عبداللہ بن ابی جیسا ہی ہوگا۔ ہم جن حالات میں زندگی بسر کر رہے ہیں، ہمارا مسلم معاشرہ جو کھیت تیار کر رہا ہے اس میں منافق ہی اگ سکتے ہیں، انہیں کی نشو ونما کا سارا سامان ہم خود فراہم کر رہے

ہیں۔ منافقوں کو کوسنے کے بجائے ہمیں ایسا حساس معاشرہ بنانا پڑے گا جس میں منافقت کا بیج بارآور نہ ہوسکے۔

بعد دوپہر ہم گجرولہ پہنچے، یہاں لب سڑک بس اور ٹرک والوں کا ایک بہت بڑا ہوٹال ہے، جس کا مالک ایک مسلمان ہے۔انہوں نے پورے قافلے کو نہ صرف من پسند کھانا کھلایا بلکہ آرام کے لئے چارپائیوں کا انتظام کیا، پھر چائے پلا کر رخصت کیا، انہیں کے مشورے پر ہم نے طے کیا کہ گڑھ مکتیشور کے بجائے ہم اللہ بخش پور رکیں گے، گڑھ مکتیشور ہائی وے سے دور پڑتا ہے، گنگا برج پر برج گھاٹ کے نام سے ایک تیرتھ استھان آباد ہے۔فضل الباری صاحب کی طبیعت پھر خراب ہوگئی، جس کی وجہ سے ہم پانچ افراد نو بجے شب میں اللہ بخش پور پہنچے، وہاں گاؤں والوں نے قیام وطعام کا لمبا بندوبست کیا تھا۔ بہت سے لوگ ملنے آئے ان سے گفتگو ہوئی۔نماز فجر کے بعد ہاپوڑ کے لئے روانگی ہوئی، جو یہاں سے ۳۴رکلومیٹر دور ہے۔راستے میں سکیڑا میں نماز جمعہ ادا کی گئی اور ہم لوگ شام سات بجے ہاپوڑ پہنچے۔اہل ہاپوڑ نے چنگی کے باہر ہمارا استقبال کیا اور ہمارا جلوس لمبے بازار کا گشت کرتا ہوا مدرسہ رحمانیہ میں قیام پذیر ہوا، جہاں کے لوگوں میں کافی جوش خروش تھا، یہاں تک کہ ہمارے قیام کو لے کر دو مدرسوں کے منتظمین اور ان کی معاصرانہ رقابتوں نے افسوس ناک شکل اختیار کرلی۔ایک گروپ ہم سے ناراض ہوگیا، انہیں کیا معلوم کہ ہماری حالت ''مردہ بدست زندہ'' کے مصداق ہے۔اگر ہمیں معلوم ہوتا تو ہم اپنے طور پر کہیں بھی پڑ رہتے، یہاں پہنچتے ہی میرٹھ سے مسلم مجلس کے چند کارکن آئے اور انہوں نے کہا کہ ہم نے میرٹھ میں اعلان کرکے جلسۂ عام رکھ دیا ہے، آپ لوگوں کو چلنا ہے، مجبوراً طے پایا کہ فضل الباری صاحب دیگر ساتھیوں کے ساتھ ہاپوڑ میں عوام سے

خطاب کریں اور شاہ فضل الرحمٰن اور راقم الحروف میرٹھ جا کر جلسے کو خطاب کر کے واپس آ جائیں، مجبوراً ہم فوراً میرٹھ کے لئے جیپ سے روانہ ہو گئے۔ وہاں جلسۂ عام شروع تھا، جلسہ گاہ سے پہلے چائے پی گئی، چائے خانے میں ایک نوجوان بڑی حسرت سے کہہ رہا تھا، افسوس کہ ہمارا کوئی لیڈر نہیں۔ ایک ڈاکٹر فریدی تھے وہ بھی چلے گئے، کاش کوئی لیڈر پیدا ہو جاتا۔ اس بے چارے کو کیا معلوم کہ لیڈر آسمان سے نہیں اترتا، نہ ہی غیب سے ندا آتی ہے کہ فلاں تمہارا لیڈر ہے، قیادت کسی کھیت میں بھی نہیں اگتی۔ میں نے اس سے سوال کیا ڈاکٹر فریدیؒ کی زندگی میں کتنے مسلمانوں نے ان کو اپنا لیڈر مانا تھا، وہ سوچ کر بولا ان کی زندگی میں تو لوگوں نے نہیں مانا لیکن اب ہم سمجھتے ہیں کہ وہ ہمارے لیڈر تھے۔

میں سوچ رہا ہوں کیا ہم میں اتنی طاقت ہے کہ ہم اُس جیسے لاکھوں معصوم نوجوانوں کو سمجھا سکیں کہ کسی قوم، کسی طبقے میں قیادت کس طرح پیدا ہوتی ہے۔ ہم جلسے میں پہنچے، مقامی مقررین کی تقریریں ہو رہی ہیں۔ مرادآباد کے قتل عام اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی اور پرسنل لاء کا پرانا مرثیہ پڑھا جا رہا ہے، شاید ان بے چاروں کو ابھی تک یہ معلوم نہیں ہو پایا کہ یہ سب امراض نہیں بلکہ اصل مرض کی علامتیں ہیں۔ جن کے اوپری علاج سے مریض اچھا ہونے والا نہیں، اگر کسی پھوڑے میں کچھ افاقہ ہوگا بھی تو اندر کا فاسد مادہ دوسرے کئی ناسوروں کو جنم دے دے گا۔

اگر کچھ کرنا ہے تو اب اصل مرض کا علاج کرنا ہوگا، مرض کے نتائج کا نہیں۔ ہمارا اصل مرض یہ ہے کہ ہم اپنے منصب سے ہٹ چکے ہیں۔ ہم نے اپنے داعی کی حیثیت ختم کر دی ہے اور ہر چلتے ہوئے نعرے کے اولین مدعوین بن چکے ہیں۔ پورے ملک اور پورے معاشرے کی بربادی کا علاج ہمارے پاس ہے۔

ہمارا فرض ہے کہ پوری اخلاقی طاقت کے ساتھ آگے آئیں۔ آج ملک کی وہ تمام سیاسی پارٹیاں جن کے پیچھے ہم بھاگتے رہے ہیں، ناکام ہوچکی ہیں۔ پورے ملک کی روح کرب سے کراہ رہی ہے، جب تک ہم آگے بڑھ کر پورے معاشرے کے اندرونی امراض دور کرنے کی ذمہ داری نہیں اٹھاتے۔ اس ملک کے تئیں اپنے حصے کے فرائض ادا نہیں کرتے۔ ہمارے اپنے امراض بھی بڑھتے ہی رہیں گے۔ ان کے علاج کے لئے پہلے قدم کے طور پر ہمیں پیچھے چلنے کی عادت ترک کرنی پڑے گی۔ میرٹھ کے جلسۂ عام کے بعد ہم تقریباً ڈیڑھ بجے ہاپوڑ پہنچے۔ چند گھنٹے آرام کے بعد موذن نے ندا دی، نماز اور چائے سے فراغت کے بعد ۲۶ رکیلومیٹر کی منزل ڈاسنا کے لئے روانہ ہوئے۔ چار پانچ کیلومیٹر کے بعد پیچھے رہ جانے والے کچھ ساتھیوں کے انتظار میں ایک باغ میں بیٹھ کر آرام کیا۔ فضل الباری صاحب نے کہا کہ باغ کی خستہ حالی اور بے ترتیبی یہ بتا رہی ہے کہ یہ باغ کسی مسلمان کا ہے۔ ساڑھے سات بجے کا وقت تھا، ۱۸راکتوبر کی تاریخ۔ آہ یہ وہی وقت تھا جب میری رفیقۂ حیات میری راہ تکتے تکتے ہمیشہ کے لئے مجھ سے جدا ہو رہی تھی۔

وہاں سے چل کر مسوری میں شاہی نہر پر پہنچے، وہاں کھانا کھا کر آرام کیا گیا۔ ظہر اور عصر کی نمازوں کے بعد ڈاسنا کی طرف بڑھے، ہمیں چودھری یامین صاحب نے اپنے پیٹرول پمپ پر روک لیا اور کافی دیر تک گفتگو کرتے رہے اور ہم اپنے ساتھیوں سے کافی دیر بعد ڈاسنا پہنچے۔ یہاں غیاث الدین تغلق عہد کے ایک بزرگ کے مقبرے اور خانقاہ کی وسیع عمارت میں ہمارے قیام و طعام کا انتظام تھا۔ خانقاہ کے سجادہ نشین بڑے فخر کے ساتھ بتا رہے تھے کہ جدید مہمان خانہ اور وسیع شیڈ سب موہن میکن شراب کے صنعت کار نے بنوایا ہے، وہ ہر سال

اس کی فیٹنگ کے اخراجات بھی برداشت کرتا ہے۔ہم کیا کہتے۔نماز عشاء کے بعد جوق در جوق لوگ آئے جن سے قمرالدین قمر اور روی چندتر پاٹھی نے خطاب کیا۔شاہ صاحب اور ہم لوگوں نے بھی گفتگو میں حصہ لیا۔

۱۹راکتوبر کو نماز فجر کے بعد روانگی ہوئی۔اب ہماری منزل مقصود ۲۸ رکلومیٹر دور ہے،لیکن رات کا قیام جمنا برج کے پہلے جعفرآباد کی جدید بستی میں طے پایا ہے۔ہم لوگ آرام کے ساتھ ٹہلتے اور جگہ جگہ رکتے غازی آباد کو عبور کر کے دہلی یوپی سرحد پر شاہدرہ پہنچے، یہاں دہلی پولیس کی ایک وائرلیس وان اور سی آئی ڈی کے لوگ ہمارے منتظر تھے۔سی آئی ڈی کے سردار جی ہمارا تعارف کراتے ہوئے ہمارے آگے آگے چلنے لگے۔ہمیں شرارت سوجھی، رفتار تیز کی، سردار جی تین چار کیلومیٹر کے بعد پریشان ہوگئے اور کسی سے سائیکل لے لی۔ بعد میں انہوں نے بڑی مدد کی اور انہیں کی رہنمائی میں ہم جعفرآباد کی مدینہ مسجد کی اپنی قیام گاہ پہنچے جہاں لوگ بعد نماز عصر ہمارے استقبال کے لئے نکلنے کی تیار کر رہے تھے۔ ہم چند منٹ آرام کے بعد جلسے وغیرہ کے انتظامات میں لگ گئے۔نماز مغرب کے بعد بھائی محمد الیاس قریشی مالک جی سی پرنٹرس نے مجھ سے میری اہلیہ کی خبر چھپا کر ''تشویشناک حالت'' کی خبر دی، میرے اوپر بجلی سی گر پڑی اور میرے رفقاء نے دہلی ریلوے اسٹیشن لاکر مجھے ۸۴رڈاؤن پر سوار کرادیا۔

میری روانگی سے قبل ہی میرٹھ اور دیوبند سے بڑی تعداد میں مجلس کے کارکن جعفرآباد پہنچ چکے تھے۔رات میں مختلف مقامات سے ان کی آمد جاری رہی۔شاہ جہاں پور سے محمد اسلام خاں بھی پہنچ گئے۔

علی الصباح یہ قافلہ ایک بڑے جلوس کی شکل میں جامع مسجد روانہ ہوا، وہاں شاہی امام سید عبداللہ بخاری نے قافلے کا استقبال کیا اور اپنے ساتھ لے کر مسجد

کے اندر گئے۔عید قرباں کے خطبے میں انہوں نے امن مارچ پر ایک پر اثر تقریر کی۔نماز کے بعد انہوں نے پورے قافلے کی ضیافت کی،اس کے بعد یہ جلوس راشٹر پتی بھون روانہ ہوا۔راستے میں بابو جگ جیون رام نے جلوس کا استقبال کیا اور کچھ دور تک جلوس کے ساتھ پیدل چلے، پھر راج نرائن آئے۔انہوں نے خیر مقدم کیا اور تقریر کی۔ بوٹ کلب کے آگے جلوسوں پر لگی پابندی کی آبلہ پایانِ شوق نے کوئی پرواہ نہیں کی لیکن پولیس نے آگے جانے میں کوئی مزاحمت نہیں کی اور پورا جلوس راشٹر پتی بھون پہنچا اور انہیں اپنا میمورنڈم پیش کیا۔ساؤتھ بلاک کے سامنے ایک جلسہ کیا گیا جو بعد میں میری اہلیہ کے تعزیتی جلسے میں تبدیل ہو گیا اور پانچ کیلومیٹر کا لمبا فاصلہ طے کرنے والے تھکے ماندے مجاہدین نے شاہی امام سید عبداللہ بخاری اور امام شہر لکھنؤ شاہ فضل الرحمٰن کی معیت میں مرحومہ کے لئے دعائے مغفرت کی۔

* * *

عوام سے
اکابرین کی اپیل

عوام سے اکابرین کی اپیل

مسلم مجلس اتر پردیش کے جنرل سکریٹری جناب محمد الیاس اعظمی آپ کے حلقے سے اسمبلی کے امیدوار بنائے گئے ہیں۔ اعظمی صاحب نے اپنی عمر، اپنی صلاحیتوں اور اپنی کمائی کا ایک بڑا حصہ مرحوم ڈاکٹر فریدیؒ کے مشن پر صرف کیا ہے۔

حالات کے اُتار چڑھاؤ، محرومیوں و ناکامیوں اور تیزی سے بدلتے ہوئے عوامی رجحانات کے باوجود انہوں نے کبھی چند لمحوں کے لئے بھی اپنے بنیادی مشن سے انحراف نہیں کیا۔

گزشتہ پانچ تاریک ترین برسوں کے دوران جب بڑی بڑی اپوزیشن پارٹیاں ظلم و جبر سے صرفِ نظر کر کے صرف پارٹیاں بنانے و توڑنے، گٹھ جوڑ کرنے، اسے ختم کرنے اور جوڑ توڑ اور سازشوں میں مصروف رہیں۔ مسلم مجلس ہی ایک واحد سیاسی پارٹی تھی جس نے ظلم و جبر وخونِ ناحق کے خلاف یو پی کی راجدھانی لکھنؤ اور ملک کی راجدھانی دہلی میں مظاہروں، دھرنوں اور ستیہ گرہ کا بار بار پروگرام چلایا اور کئی بار لکھنؤ میں گرفتاریاں دیں۔ مرادآباد کے قتل عام کے خلاف سخت خوف ودہشت کے ماحول میں لکھنؤ سے دلّی تک پانچ سو کلومیٹر طویل تاریخی پیدل مارچ کیا۔ اردو مخالف تحریک کے خلاف آپ کے ضلع سمیت بیشتر

اضلاع میں بھوک ہڑتال اور دھرنوں کا پروگرام چلایا۔ پی اے سی توڑنے اور اینٹی رائٹ فورس بنانے کی ایک مستقل تحریک برپا کی اور اس کے چھ مرحلے مکمل کئے۔ ہریجنوں پر ہونے والے مظالم کے خلاف پنتھر کے ساتھ یوپی اسمبلی پر درجنوں مظاہرے کرائے۔

اعظمی صاحب نہ صرف ہر تحریک میں شامل رہے بلکہ انہوں نے اس میں قائدانہ رول بھی ادا کیا۔ لکھنؤ، دلی کے عظیم پیدل مارچ میں اپنی اہلیہ کی شدید علالت کے باوجود شروع سے آخر تک شریک رہے، اسی مارچ کے دوران ان کی اہلیہ ان سے ہمیشہ کے لئے رخصت ہوگئیں۔

اعظمی صاحب نے نہ صرف تحریکات میں حصہ لیا بلکہ انہوں نے ظلم کے خلاف عوامی ضمیر پیدا کرنے کے لئے اتر پردیش کے بیشتر شہروں اور قصبات میں سیکڑوں بلکہ ہزاروں جلسوں میں تقریریں کیں۔

اقلیتوں، ہریجنوں اور دوسرے مظلوم طبقات کے مسائل اور ان پر ہونے والے مظالم کو اجاگر کرنے کے لئے انہوں نے اردو، ہندی اخبارات و رسائل میں سیکڑوں مضامین لکھے، ان کے بعض مضامین کا ترجمہ غیر ملکی اخبارات میں بھی شائع ہوا۔

اقلیتوں و ہریجنوں کی تنظیموں میں اتحاد و اشتراک پیدا کرنے کی جتنی کوششیں ہوئیں سب میں اعظمی صاحب نے اہم اور بنیادی کردار ادا کیا۔

اعظمی صاحب انتہائی سادہ مزاج، مخلص بے لوث، ذہین و باصلاحیت اور فعال و متحرک شخصیت کے مالک ہونے کے ساتھ مرحوم ڈاکٹر فریدیؒ اور ان کی تحریک کے مزاج شناس بھی ہیں۔

ہمیں پختہ یقین ہے کہ اگر آپ نے اعظمی صاحب کو طاقت دی اور انہیں

اسمبلی کے اندرو باہر کام کرنے کا موقع دیا تو آپ کو چند ماہ کے اندر ہی یہ احساس ہو جائے گا کہ آپ کی بہت بڑی جیت ہو چکی ہے اور آپ نے کسی اور کا نہیں بلکہ خود اپنا ہاتھ مضبوط کیا ہے۔

اعظمی صاحب کی کامیابی صرف آپ کے حلقے کی کامیابی نہیں بلکہ اتر پردیش کے مظلوم طبقات کی کامیابی ثابت ہوگی۔

ہم ضلع اعظم گڑھ کے باشعور عوام سے توقع رکھتے ہوئے اپیل کرتے ہیں کہ ہر قسم کے اندیشہ ہائے دور دراز سے بالاتر ہو کر اعظمی صاحب کو کامیاب بنائیں اور اتر پردیش میں مظلوم طبقات کی اجتماعیت کا سنگ میل نصب کر دیں۔

سلطان صلاح الدین اویسی، ایم پی، صدر کل ہند مجلس اتحاد المسلمین
جاوید حبیب، سابق صدر مسلم یونیورسٹی یونین اور جنرل سکریٹری مسلم یوتھ کنونشن
فضل الباری، صدر مسلم مجلس، اتر پردیش
ڈاکٹر شمیم احمد خاں، صدر انڈین یونین مسلم لیگ

قضیہ دارالعلوم

یا

بین الاقوامی سازش؟

قضیہ دارالعلوم یا بین الاقوامی سازش؟

ہم اپنے خون کے دھبّے کہاں تلاش کریں
ہمارے ساتھ مقدس لباس والے ہیں

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے بعد اب دارالعلوم دیوبند مسلمانان ہند کے سامنے ایک سوالیہ نشان ہے۔ یہاں بھی وہی طاقتیں اور اسباب ومحرکات کام کر رہے ہیں جنہوں نے مسلم یونیورسٹی سے زندگی کی حرارتیں سلب کرنے کی کوششیں کی تھیں۔علی گڑھ میں پہلے چھاگلہ علی یاور جنگ اور بعد میں نورالحسن جیسے عناصر کورٹ واسٹاف کی معتد بہ تعداد کو اپنا ہم نوا بنانے میں ناکام رہے لیکن دیوبند میں ان کے جانشین اسعد مدنی و اسحاق سنبھلی شوریٰ کی اکثریت کو اپنے اشارے پر کٹھ پتلی کی طرح نچانے میں کامیاب نظر آرہے ہیں۔علی گڑھ میں سرکاری وکمیونسٹ ذرائعِ ابلاغ عوام کی اکثریت کی سوچ کا رخ موڑنے میں اس وجہ سے ناکام رہے کہ ان کے حریف مرحوم ڈاکٹر فریدی وشفیق الرحمٰن صاحبان کمیونسٹوں کے داؤ پیچ سے واقفیت کی وجہ سے ان کا جواب دینے کی پوزیشن میں تھے،لیکن دیوبند میں سرکاری وکمیونسٹ ذرائع ابلاغ کا وسیع یک طرفہ پروپیگنڈہ اپنا اثر دکھا رہا ہے۔دستور،شوریٰ اور سروں کی گنتی کی دُہائی کے نعروں کے درمیان جھوٹ کی یک طرفہ تشہیر اتنے بڑے پیمانے پر ہو رہی ہے کہ عوام کے ذہنوں میں معاملات گڈمڈ ہو کر رہ گئے ہیں۔

دارالعلوم کے پورے قضیئے کا تجزیہ کرنے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے مندرجہ ذیل نکات پر غور وخوض کرلیا جائے، پھراُن سے نتائج اخذ کئے جائیں، تبھی ایک انصاف پسند آدمی معاملات کی تہہ تک پہنچ سکتا ہے۔

(۱) مجلسِ شوریٰ کی آئینی، جمہوری، اخلاقی، اسلامی حیثیت کیا ہے؟

(۲) دستور ۴۸ء کی اسلامی اور جمہوری حیثیت کیا ہے؟

(۳) خاندانی وراثت کا پروپیگنڈہ کون لوگ کر رہے ہیں؟ نیز اس پروپیگنڈے کی حیثیت کیا ہے؟

(۴) اس قضیئے کی تاریخ، اسباب اور محرکات کیا ہیں؟

(۵) دونوں متحارب گروپوں کی قیادت کن ہاتھوں میں ہے اور دارالعلوم پر کس گروپ کے قبضے کے کیا اثرات مرتب ہوں گے؟

(۶) اس جھگڑے میں حکومت اور دیگر سیاسی پارٹیوں کا رول کیا ہے؟

(۷) اس قضیئے کا صحیح حل کیا ہوسکتا ہے؟

مجلسِ شوریٰ

اے مسلماں اپنے دل سے پوچھ، مُلّا سے نہ پوچھ
ہوگیا اللہ کے بندوں سے کیوں خالی حرم

مجلسِ شوریٰ کی آئینی حیثیت کا تعین کرنے سے قبل ہمیں دارالعلوم کی حیثیت متعین کرنی پڑے گی۔ اگر آپ یہ تسلیم کرتے ہیں کہ دارالعلوم ایک اسلامی، دینی ادارہ ہے تو مجلسِ شوریٰ کے وہی حقوق وفرائض آئینی حیثیت رکھیں گے جو اسلام کی رو سے اسے حاصل ہے۔ اسلام نے سروں کی گنتی کی بنیاد پر فیصلہ کرکے اس کو نافذ کرنے کا اختیار مجلس شوریٰ کو دیا ہی ہیں، اس کی ذمہ داری

صرف امیر کو مشورہ دینے تک محدود ہے۔ اگر کوئی شوریٰ اپنے ہی خودساختہ دستور کے ذریعے اپنے آپ کو امیر کا بھی حاکم اعلیٰ متصور کرے تو اس کا صاف مطلب ہے کہ وہ اپنے آپ کو خدا اور رسولؐ کے بتائے ہوئے آئین وضوابط سے بھی بالاتر سمجھنے کی مجرم ہے۔ خلفائے راشدین کا دور ایسی مثالوں سے پُر ہے کہ امیر نے شوریٰ کی اکثریت کی رائے کے برعکس احکامات نافذ کئے ہیں اور ان پر بلا چون و چرا کے عمل بھی ہوا ہے۔ خلیفہ اوّلؓ نے منکرینِ زکوٰۃ کے معاملے میں شوریٰ کی تقریباً متفقہ رائے کے خلاف اعلانِ جنگ جیسا بنیادی فیصلہ کیا لیکن کسی نے سروں کی گنتی کی دہائی نہیں دی۔

اوّل تو ایک اسلامی ادارے میں کسی دوسرے نظام فکر کی دُہائی دینا ہی منافقت ہے۔ دوسرے ان لوگوں کا جمہوریت اور سروں کی گنتی کی دُہائی دینا مضحکہ خیز ہے، جن کا وجود بجائے خود جمہوریت کے منھ پر زوردار طمانچے کی حیثیت رکھتا ہو۔ کیا شوریٰ کا کوئی رکن یہ بتانے کی جسارت کرسکتا ہے کہ وہ کب سروں کی گنتی کی بنیاد پر رکنِ شوریٰ منتخب ہوا ہے؟

یہ سب کے سب ''من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو'' کے مصداق ایک دوسرے کے اسی طرح نامزد کردہ ہیں کہ ملک الموت کے سوانہوں نے اللہ تعالیٰ کے لئے بھی یہ گنجائش نہیں چھوڑی ہے کہ وہ جمہوریت کے ان عجیب وغریب پجاریوں کو ایک منٹ کے لئے بھی ان کی رکنیت سے محروم کرسکیں۔ انہوں نے برہمنوں کی طرح اپنے خودساختہ دستور میں دارالعلوم کے سارے حقوق اپنے نام اور سارے فرائض مہتمم کے نام درج کررکھے ہیں۔

یہ لوگ اپنے آپ کو دارالعلوم کا مالک اور عطیہ دہندگان کا وکیل سمجھتے ہیں، لیکن کیا شوریٰ کا سب سے چرب زبان مناظر رکن یہ بتانے کی ہمت کرسکتا ہے

کہ عطیہ دہندگان نے اُسے کب اور کتنے دنوں کے لئے اپنا ''وکیل شرعی'' مقرر کیا تھا؟ کیا اس لمبی چوڑی دنیا میں کسی ایسے وکیل کا وجود ثابت کیا جا سکتا ہے جو موکل کی مرضی کے بغیر اس کی گردن پر اسی طرح سوار ہو گیا ہو کہ موکل کو اپنے وکیل پر کوئی اختیار باقی نہ ہو۔

آج تقدس کے دبیز ہالوں سے خود ہی نکل کر یہ حضرات بازار کے چوراہے پر کھڑے ہیں، پھر پوری ڈھٹائی کے ساتھ اخلاقی اقدار کی باتیں کر رہے ہیں حالاں کہ بنیادی انسانی اخلاق کا تقاضہ ہے کہ عوامی چندے کے بل پر چلنے والے کسی ادارے کی ہیئت حاکمہ میں صرف وہی افراد رہ سکتے ہیں جن کی ساری توانائیاں اسی ادارے پر وقف ہوں لیکن ۴۸ء کے بعد کی مجلسِ شوریٰ کی بہت بڑی اکثریت کی ساری توانائیاں دارالعلوم کے بجائے دوسرے ادروں پر وقف ہیں۔

دارالعلوم تو صرف ان کی ذاتی قدآوری، تفریح طبع اور گروہ بندی کے ذریعے مریدین کی تعداد میں اضافے کا ایک ذریعہ ہے۔ اس کی تعمیر و ترقی میں ان کا حصہ ایک شاندار ''صفر'' سے زیادہ نہیں ہے۔ یہ صرف شوریٰ کی میٹنگوں میں شرکت کا وقت دیتے رہے ہیں اور اس کی بھرپور نقد قیمت وصول کرتے رہے ہیں۔ پچھلے کئی برسوں سے دارالعلوم کی شوریٰ کے ایک اجلاس کا خرچہ ہماری مرکزی حکومت کی کابینہ کے خرچے سے بھی زیادہ رہا ہے۔ یہ ''مقدس ہستیاں'' اپنی ایک میٹنگ میں غریب مسلمانوں کی گاڑھی کمائی کا بیس پچیس ہزار روپیہ بلا ڈکار لئے ہضم کرتی رہی ہیں۔ بیشتر میٹنگیں بھی دارالعلوم کی تعمیر و ترقی کے لئے نہیں بلکہ طلبہ و اساتذہ میں اپنے اپنے حلقۂ اثر کی توسیع سے پیدا ہونے والی رقابتوں اور گروہ بندیوں میں اپنے اپنے مریدین کے مفادات کے تحفظ کا راستہ تلاش کرنے یا ان کا دفاع کرنے کے لئے ہوتی رہی ہیں یا زیادہ وقت انہیں میں

صرف ہوتا رہا ہے۔ ہنگاموں سے پیشتر شوریٰ کی میٹنگوں میں اکثر ممبران شرکت تک نہیں کرتے تھے، کچھ ممبران تو ایسے بھی ہیں کہ جنہوں نے آٹھ آٹھ سال تک مسلسل کسی میٹنگ میں شرکت نہیں کی۔ ایک صاحب تو ۱۸؍سال تک اپنی رکنیت بھولے رہے، لیکن جب حکمراں جماعت اور روسی لابی کی کوششوں سے یہ ''منجمد گنگا'' بہہ نکلی تو دارالعلوم کے سبھی ''پشتینی مالکان'' اس میں ہاتھ دھونے کے لئے دوڑ پڑے۔

شوریٰ کے ممبران نے میٹنگوں کے ٹی اے، ڈی اے کے نام پر دارالعلوم سے کتنا روپیہ اینٹھا ہے، یہ صفحات اس کی تفصیل کے متحمل نہیں ہو سکتے لیکن ہم شوریٰ کی ''مقدس ترین ہستی'' مولانا حبیب الرحمٰن اعظمی کا حوالہ دیں گے جنہوں نے ۸۱ء کے وسط کے بعد کی دو میٹنگوں میں اعظم گڑھ سے دیوبند کا سفر خرچہ، قیام وطعام کے علاوہ بالترتیب بارہ سو روپئے اور بارہ سو دس روپئے لیا ہے۔ ہانڈی کے سب سے بہتر چاول سے پوری ہانڈی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

جمہوریت کی چیخ و پکار کرنے کے باوجود یہ حضرات جمہوریت کی ابجد سے بھی ناواقف ہیں۔ شاید بہت کم لوگ اس حقیقت سے باخبر ہوں گے کہ شوریٰ کی جن تجاویز نے دارالعلوم کو موت و حیات کی کشمکش میں مبتلا کیا ہے سب کی صدارت مولوی منظور احمد نعمانی نے کی اور صدر میٹنگ نے وہ ساری تجویزیں خود ہی پیش کیں اور خود ہی پاس کیں۔ جمہوریت کے بنیادی اصولوں کے تحت صدر کوئی تجویز پیش نہیں کرتا اور اگر پیش کر دے تو وہ پاس سمجھی جاتی ہیں۔ ان تجاویز کو صدر کے ذریعے پیش کر کے پاس کراتے وقت شوریٰ میں سیاسی مثلث کو اکثریت حاصل نہیں تھی، لیکن جب دارالعلوم کو اسلامی خطوط پر چلانے کا مطالبہ کرنے والے گروہ نے اس ''حادثے'' کے بعد شوریٰ کی حاکمیت بلکہ اس کے

وجود کو چیلنج کر دیا تو اکثریت بھی فطری طور پر ساتھ ہوگئی۔ اب تیرہ ممبران سیاسی مثلث کے ساتھ ہیں۔ پانچ کی رائے اسلامی دستور کے ساتھ ہے اور تین ممبران ''خاموش'' ہیں۔

ان حقائق کے باوجود اِنَّ الْعُلَمَاءِ وَرثَۃُ الاَنْبِیاءْ کی رٹ لگانے والوں کو اسلامی طریقے کے بجائے اگر سروں کی گنتی پر ہی اصرار ہے تو بسم اللہ لیکن اب دارالعلوم سے ٹی اے، ڈی اے لینے والے سروں کی نہیں بلکہ دینے والے سروں کی گنتی ہونی چاہئے۔

اگر یہ گنتی ہوئی تو بہت سے چہروں کا میک اپ کھرچ اٹھے گا اور واضح ہوجائے گا کہ:

ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ
دیتے ہیں دھوکہ یہ بازی گر کھلا

دارالعلوم کا دستور ۴۸ء

یہی شیخ حرم ہے جو چرا کے بیچ کھاتا ہے
کلیم بوذرؓ و دلقِ اویسؒ و چادرِ زہراؓ

دارالعلوم اپنے قیام کے ابتدائی اسّی برسوں تک اپنے بانیؒ کے آٹھ اسلامی اصولوں کے تحت علم وروحانیت کی بلند منازل طے کرتا رہا۔ اس دور میں رائے کا کوئی اختلاف فتنے کا سبب نہ بن سکا۔ اسی دور میں دارالعلوم نے عالمِ اسلام کو عبقری شخصیتیں فراہم کیں، لیکن جنگ آزادی کے آخری برسوں میں مسلم وکافر کی متحدہ قومیت کے علم بردار مولانا حسین احمد مدنیؒ اور قومیت اسلام کے علم بردار مولانا شبیر احمد عثمانیؒ کی قیادتوں میں دارالعلوم دو کیمپوں میں تقسیم ہوگیا۔ اس

جنگ نے حریف گروپوں کے مریدین ومعتقدین میں ایک نہ پُر ہونے والی خلیج پیدا کردی۔

تقسیم ملک کے بعد مسلمانانِ ہند کی پسندیدہ جماعت کے پاکستان فرار ہوجانے پر ناپسندیدہ جماعت، جمعیۃ العلماء کے لئے میدان صاف ہوا تو ان کی ریشہ دوانیوں سے تنگ آ کر مہتمم مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ بھی پاکستان چلے گئے، لیکن مسلمانوں کے اعتماد سے محرومی کے سبب جمعیۃ علماء دارالعلوم کو نہ چلا سکی۔ لہٰذا پھر مہتمم صاحب کو راضی کر کے واپس لایا گیا، ان کی شہریت بحال کرائی گئی، لیکن اب ان کے ہاتھ میں بانیان دارالعلوم کے آٹھ اصولوں کے بجائے ایک ایسا دستور تھما دیا گیا جو اسلامی اصولوں کی عین ضد تو تھا ہی، جمہوریت اور اخلاق کے بھی بالکلیہ خلاف تھا اور عملی طور پر ناممکن العمل۔

قاری طیب صاحبؒ نے دستور کی مخالفت کی، لیکن انہیں دبا لیا گیا۔ اس پورے قضیئے میں مہتمم صاحب کا سب سے بڑا جرم یہی ہے کہ انہوں نے ایک اسلامی ادارے پر غیر اسلامی دستور کے نفاذ کو کیوں برداشت کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ضمن میں موصوف کو آخرت کی جواب دہی کے لئے تیار رہنا چاہیئے۔

اس دستور کی رو سے مجلس شوریٰ عطیہ دہندگان کی وکیل شرعی ہے۔ وہی دارالعلوم کی سپریم گورننگ باڈی ہے، وہ کسی کے سامنے جواب دہ نہیں ہے (شاید خدا کے سامنے بھی نہیں) دارالعلوم کے سارے حقوق بحق شوریٰ محفوظ ہیں، لیکن اس کے فرائض کچھ بھی نہیں ہیں۔ پہلی شوریٰ کو دستور سازوں نے نامزد کیا، بعد والوں کو شوریٰ کے اراکین خود نامزد کرتے رہیں گے، اس کی میقات تاحیات ہے۔ اس میں اساتذہ اور طلباء کے حقوق اتنے زیادہ ہیں کہ اُن کے سامنے شعبۂ اہتمام کی حیثیت تنخواہ دار چپراسی سے بھی کم ہے۔ مہتمم کے ذمہ صرف فرائض ہی

فرائض ہیں۔ دستوری طور پر وہ بنیادی انسانی حقوق تک سے محروم ہے۔

اس دستور کی دفعات میں مہتمم، شوریٰ، اساتذہ اور طلباء چار فریق ہیں اور فریقین میں نہ صرف کشمکش بلکہ تصادم کروانے کی پوری پوری گنجائش رکھی گی ہے، جس کی وجہ سے ۱۹۴۸ء کے بعد سے وہاں نہ صرف کشمکش بلکہ تصادم بھی ہوئے۔ طلباء واساتذہ کی گروہ بندیوں کا یہ دستور محافظ ہی نہیں، خالق بھی ہے اور یہ گروہ بندی وہاں مسلسل چلتی رہتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس ماحول کے پروردہ طلباء جب زندگی کے میدان میں قدم رکھتے ہیں تو یہ ان کی فطرتِ ثانیہ بن چکی ہوتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ۴۸ء کے بعد دارالعلوم سے کوئی قابلِ ذکر شخصیت نہیں ابھر سکی۔

پچھلے ۳۴ رسالوں سے اس دستور کو اسلامی سانچے میں ڈھالنے کی ساری کوششیں پہلے ہی مرحلے میں اسوجہ سے ناکام ہوئیں کہ اس کی مجاز مجلسِ شوریٰ ہے اور مجلسِ شوریٰ کے بیشتر اراکین اپنے خدائی اختیارات میں کمی کرنے پر راضی نہیں ہو سکے۔

شوریٰ کے بعض وکیلوں نے یہ دلیل دی ہے کہ ۳۴ رسال نافذ رہنے کی وجہ سے دستور کی حیثیت ایک معاہدۂ عمرانی کی ہوگئی ہے۔ اگر اس دلیل کو تسلیم کرلیا جائے تو لمبے عرصے تک غلطیاں کرنے والوں کو توبہ واصلاح کے بنیادی حق سے محروم کرنا پڑے گا۔

اب خود ساختہ شوریٰ کو نہیں ملک کے مسلمانوں کو تین میں سے ایک فیصلہ کرنا پڑے گا۔ اگر وہ دارالعلوم کو اسلامی دینی ادارہ مانتے ہیں تو دستور ۴۸ء منسوخ ہوجائے گا اور دارالعلوم کے بانیوںؒ کے آٹھ اسلامی اصولوں پر مبنی ایک جامع اسلامی دستور کی تشکیل کرنی پڑے گی۔ اگر مسلمان یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ دارالعلوم اسلامی ادارہ نہیں بلکہ عوامی جمہوری ادارہ ہے تو بھی دستور ۴۸ء منسوخ ہوگا اور

ایک جمہوری دستور کی تشکیل کے بعد اس کی ساری باڈیاں جمہوری انتخابات کے ذریعے ایک معین میقات کے لئے عالمِ وجود میں آئیں گی۔ اگر یہ دوراستے صحیح نہیں سمجھے جاتے تو پھر یہ فیصلہ کرنا پڑے گا کہ دارالعلوم نہ تو اسلامی ادارہ ہے نہ جمہوری، بلکہ ملک کی تقسیم کے بعد ۴۸ء میں چندمہینوں کے لئے اس پر جن لوگوں کا غلبہ رہا ملکی ماحول کے تحت کسٹوڈین نظام نے انہیں اس کا وارث بنا دیا ہے تو پھر دستور ۴۸ء جائز ہے۔

پھر تو اگر شوریٰ کے اراکین سفرِ خرچ کے نام پر سارا فنڈ بھی آپس میں تقسیم کرلیں تو انہیں اس کا پورا حق ہے۔

خاندانی وراثت کی حقیقت

آئی ہے وراثت میں انہیں سند ارشاد
زاغوں کے تصرف میں عقابوں کے نشیمن
(اقبالؒ)

قیادت و امامت کے معاملے میں اسلام خاندانی وراثت کا قائل نہیں، خاندانی وراثت تو صرف نجی جائیداد تک محدود ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اگر وصیت کر کے اپنے لڑکے کو قیادت کے حق سے محروم کر دیا تھا تو یہ ان کی احتیاط اور ان کا تقویٰ تھا۔ میں ذاتی طور پر ایسے عز وشرف کا سخت مخالف ہوں جس کی بنیاد ذاتی صلاحیت کے بجائے صرف خاندانی وراثت پر ہو لیکن کسی باصلاحیت شخص کو محض اس وجہ سے معزول یا محروم نہیں کیا جاسکتا کہ اس نے کسی قائد یا امام کے گھر میں جنم لیا ہے۔ مہتمم صاحب دارالعلوم کے بانیؒ کی اولاد میں سے ہیں، لیکن انہوں نے پچھلے ساٹھ ستر سالوں میں سب سے اپنی صلاحیت کا لوہا منوالیا

ہے۔ مجھے اس الزام کی حقیقت پوری طرح معلوم نہیں ہے کہ مہتمم صاحب اپنے لڑکے مولانا محمد سالم قاسمی کو اپنے بعد مہتمم بنانا چاہتے ہیں۔ اگر خود مہتمم صاحب یا کچھ لوگ ایسا چاہتے ہیں تو مولانا سالم قاسمی صاحب کی صلاحیت کو سمجھے بغیر ہم کوئی رائے قائم نہیں کر سکتے۔

لیکن اس ضمن میں جو لوگ واویلا مچا رہے ہیں اور دن رات سوتے جاتے ایک ہی راگ بلا تکان الاپتے رہتے ہیں کہ مہتمم صاحب اپنے لڑکے کو نائب بنا کر دارالعلوم کو ذاتی جائیداد بنا رہے ہیں۔ یہ دیکھنا پڑے گا کہ کیا واقعی یہ لوگ قیادت و امامت کے معاملے میں خاندانی وراثت کے اتنے ہی مخالف ہیں۔ خاندانی وراثت کا واویلا مچانے والے گروہ کے لیڈر شری اسعد مدنی ایم پی ہیں اور جب سے شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب مدظلہٗ نے ان کے سر پر دستِ شفقت رکھا ہے جب ہی سے ان کے اندر اتنی طاقت پیدا ہوئی ہے کہ وہ دارالعلوم کا تیاپانچہ کر سکیں۔

اسعد مدنی نے خود وراثت ہی کی بنیاد پر جمعیۃ علماء ہند کی قیادت پر فائز شخصیتوں کو دھکیل کر اس تنظیم پر قبضہ کیا۔ وراثت ہی کی بنیاد پر وہ اپنے نام کے آگے ''مولانا'' اور ''مدنی'' جیسے الفاظ استعمال کرتے ہیں حالاں کہ وہ بخاری شریف کے ایک صفحے کا صحیح متن بھی نہیں پڑھ سکتے چہ جائے کہ اس کے معانی و مطالب بیان کر سکیں۔ وہ کانگریس آئی سے راجیہ سبھا کے ممبر ہیں۔ انہوں نے اندرا کانگریس سے وفاداری کا حلف اٹھایا ہے، جس کی بنیاد ہی خاندانی وراثت پر ہے۔ وہ پنڈت جواہر لال نہرو کو اپنا لیڈر مانتے تھے، اب اندرا گاندھی کو اپنا لیڈر مانتے ہیں۔ آگے کے لئے ہر کانگریسی نے راجیو گاندھی اور ان کے بعد راہل گاندھی کے ہاتھ پر بلا اعلان بیعت کر رکھی ہے۔ اگر ایسا نہیں ہے تو شری

اسعد مدنی ایم پی میں اتنی ہمت تو ہونی ہی چاہئے کہ وہ اعلان کر دیں کہ میں راجیو گاندھی کو اپنا لیڈر نہیں مانتا، میں خاندانی وراثت کے خلاف ہوں۔

محترم شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب تبلیغی جماعت کے سب کچھ ہیں، اُن کی تصنیف تبلیغی نصاب کو پڑھے یا سنے بغیر کوئی فرد ایک منٹ کے لئے بھی اس جماعت میں نہیں رہ سکتا۔ آپ بانئ جماعت مولانا محمد الیاسؒ کے خاندانی عزیز ہیں۔ مولانا الیاسؒ کے بعد اُن کے لڑکے مولانا محمد یوسفؒ امیر جماعت بنے، ان کے بعد ان کے بھانجے انعام الحسن صاحب امیر جماعت ہیں جب کہ اس جماعت میں مولانا علی میاں جیسی عالمی شہرت کی شخصیتیں موجود ہیں لیکن وہاں امامت و قیادت خاندان سے باہر نہ تو گئی ہے نہ ہی جا سکتی ہے۔ یہ حضرات دیوبند کے ایک سیاسی جغادری مولوی عثمان کو آگے رکھ کر اچھال رہے ہیں، لیکن ان کے نام کے آگے نبیرۂ شیخ الہندؒ لکھنا نہیں بھولتے۔ اس لئے کہ دیوبند سے باہر اُنہیں کوئی نہیں جانتا لیکن ان کے عظیم ناناؒ سے سبھی واقف ہیں۔ ہنگاموں سے پیشتر شوریٰ کی میٹنگوں میں اکثر ممبران شرکت نہیں کرتے تھے۔ اقرباء پروری کا الزام ''الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے'' کی مشہور مثل کے عین مطابق ہے۔ آج مہتمم صاحب کی نسل میں دو درجن سے زیادہ ایسے افراد موجود ہیں جو دارالعلوم کی ملازمت کی صلاحیت رکھتے ہیں ان کے عزیزوں اور رشتہ داروں کی تعداد اس کے علاوہ ہے، لیکن ان کے خاندان کے صرف دو افراد دارالعلوم کے ملازم ہیں، جب کہ مجلس شوریٰ کے اکثر ارکین اور ان کے حامیوں کی کئی نسلوں کو بلا ضرورت دارالعلوم کی ملازمتوں پر رکھا گیا۔ یہ حقیقت ہے کہ دارالعلوم کے پاس تین سو ملازموں کا اسٹاف، اس کی ضروریات سے کئی گنا زیادہ ہے، لیکن ان کی اسکریننگ کی جائے تو یہ حقیقت واضح ہو جائے گی کہ اس ضمن میں بھی شوریٰ کے

اراکین نے اپنے اقرباء کا بار بھی ملت کے کاندھوں پر ڈال رکھا ہے۔

میں ایک بار پھر صاف کردوں کہ میں کسی قائد یا امام کی اولاد کو صلاحیت کے باوجود ان کی صلاحیتوں سے کام نہ لینے کو مناسب نہیں سمجھتا، لیکن یہ حضرات اتنے ڈھیٹ اور دیدہ دلیر ہیں کہ خود تو باصلاحیت خاندانی وراثت سے ہر قسم کا جائز و ناجائز فائدہ اٹھائیں۔ایک شخص کی چار پشتوں کو اپنا لیڈر تسلیم کرکے اپنا اُلّو سیدھا کریں، دوسری طرف خاندانی وراثت کا ہوّا کھڑا کرکے پورے ملک میں خاندانی وراثت کے خلاف ''جہاد'' کرتے پھریں۔

میں نہیں سمجھتا کہ ان حضرات کا ''اپر چیمبر'' بالکل خالی ہے یا یہ ساری عوام کو اپنا اندھا بہرا مرید ہی سمجھتے ہیں۔

موجودہ قضیئے کے اسباب ومحرکات

ہو اگر قوتِ فرعون کی در پردہ مرید
قوم کے حق میں ہے لعنت وہ کلیم الٰہی

یوں تو درالعلوم کے قضیئے کی بنیاد اُسی وقت پڑ گئی جب کہ وہاں مولوی صاحبان، متحدہ قومیت اور قومیت اسلام کے نظریات کے تحت دو متحارب گروپوں میں تقسیم ہو گئے، لیکن مہتمم صاحب کی روایتی بردباری کی وجہ سے سازشوں، جوڑ توڑ گٹ بندیوں، ہڑتالوں اور طلباء کی شورشوں کے درمیان نہ صرف دارالعلوم چلتا رہا بلکہ طلباء کی تعداد اور عمارات کی حد تک اُس نے ''زبردست ترقی'' بھی کی۔

جمعیۃ علماء ہند پر قبضے کے بعد اسعد مدنی نے انگریزی اخبار اور ریلیف ورک کے نام پر بے حد وحساب دولت جمع کی۔دوسری طرف انہوں نے مسلم اور عرب سفارت خانوں نیز ملکی راج دربار پر یہ تاثر عام کر دیا کہ دارالعلوم دیوبند جمعیۃ علماء

ہند کا ایک ذیلی ادارہ ہے۔اس تاثر کے تحت انہوں نے بے حد وحساب مالی اور سیاسی فوائد حاصل کئے۔ادھر دارالعلوم کے پاس کسی پروپیگنڈہ مشنری کا سرے سے وجود ہی نہیں تھا۔

ان چیرہ دستیوں سے تنگ آ کر دارالعلوم نے نئی دہلی کے لودھی اسٹیٹ میں ایک باصلاحیت نوجوان سید اعجاز حسن کی قیادت میں اپنا دفتر رابطہ قائم کیا۔اعجاز حسن اسعد مدنی ایم پی کا بہترین جواب تھا۔انہوں نے بہت جلد حکومت ہند اور عرب سفارت خانوں کی یہ غلط فہمی دور کر دی کہ دارالعلوم کسی بھی تنظیم کا ذیلی ادارہ نہیں بلکہ انہوں نے یہ بھی واضح کر دیا کہ جمعیۃ علماء ہند کے توسط سے دارالعلوم کو ایک پائی کی بھی بیرونی امداد نہیں ملی ہے۔

ان کی اس کارروائی نے جیسے بھڑوں کے چھتے کو چھیڑ دیا ہو۔شوریٰ کے اجلاس میں جمعیتی اراکین نے دفتر رابطہ ختم کرنے کے لئے کافی اُدھم مچائی،لیکن جب شوریٰ نے اپنی عادت کے مطابق معاملے کو ٹال دیا تو اسعد مدنی نے مہتمم صاحب کو دفتر رابطہ ختم کرنے یا پھر سنگین نتائج بھگتنے کی دھمکی دی۔یہی وجہ ہے کہ مولوی منظور احمد نعمانی نے صدارتی ''آرڈیننس'' میں دفتر رابطہ کو ختم کرنے کے فیصلے کو خاص اہمیت دی تھی۔

تفصیل تو بہت طولانی ہے، اتنا سمجھ لینا چاہئے کہ جب اسعد مدنی کی دھمکیوں اور شوریٰ میں شامل ان کے آدمیوں کی دھینگا مشتی کے باوجود دفتر رابطہ کام کرتا رہا تو اسعد مدنی نے دارالعلوم کی اینٹ سے اینٹ بجا دینے کا فیصلہ کرلیا اور وہ جنگ جو ایک لمبے عرصے سے سازشوں اور جوڑ توڑ کے ذریعے لڑی جا رہی تھی اس نے جنگ مغلوبہ کی شکل اختیار کر لی۔

جشنِ صد سالہ میں شری متی اندرا گاندھی کو مدعو کرنے کا مطالبہ تو اسعد مدنی

کے بار بار اصرار اور آمد ورفت پر منظور کرلیا گیا، لیکن باضابطہ دعوت نامہ اسعد مدنی کے بدست بھیجنے کے بجائے جب دفتر رابطہ کے ذریعے بھیجا گیا تو اسعد مدنی غصے سے بالکل بے قابو ہو گئے اور انہوں نے اندرا گاندھی کی دیوبند میں موجودگی کے دن ہی اپنے والد کے مریدین وشاگردوں کو ملا کر موتمر فضلائے قدیم بنا کر جنگ کا بگل بجا دیا۔ اس کے بعد اب تک جو کچھ ہوتا رہا اگر اس کی مختصر روداد بھی بیان کی جائے تو بھی ایک علیحدہ کتاب کی ضرورت پیش آئے گی۔ جو کچھ ہوا ہے اس کے بارے میں اب تک اخبارات میں تقریباً یک طرفہ رپورٹنگ ہوئی ہے لیکن واقعات کا سرسری غیر جانبدارانہ تجزیہ کرنے پر قارئین کو حقیقت معلوم کرنے میں زیادہ دقت نہیں ہوگی۔

ہم صرف اتنا ہی عرض کریں گے کہ شری اسعد مدنی ایم پی کمیونسٹ لیڈر شری اسحاق سنبھلی سابق ایم پی اور سید احمد ہاشمی ایم پی، اس سیاسی مثلث کا دارالعلوم سے اتنا ہی تعلق ہے جتنا ملک کے کسی بھی مسلمان کا ہوسکتا ہے۔ ان حضرات کا دارالعلوم کی انتظامیہ یا درس و تدریس سے دور کا بھی تعلق نہیں لیکن یہی سیاسی مثلث دارالعلوم مخالف گروہ کا سب کچھ ہے۔ شوریٰ کے تیرہ ممبران دستور ۴۸ء اور جن جن چیزوں کی دُہائی دی جارہی ہے سب اس سیاسی مثلث کی طالع آزمائی کے حقیر آلے سے زیادہ کوئی حیثیت نہیں رکھتے۔ ایک عام مسلمان کو اپنے دل سے سوال کرنا چاہئے کہ اگر جھگڑا ہے تو شوریٰ، مہتمم، اساتذہ اور طلبہ اس کے فریق ہوسکتے ہیں۔ ان سیاسی لیڈران کی راتوں کی نینداور دن کا چین کیوں حرام ہوگیا ہے۔ ان کے سارے وسائل و ذرائع اور ساری طاقتیں اسی ایک محاذ پر کیوں مرتکز ہیں۔

دارالعلوم کے متحارب گروہ

پرواز ہے دونوں کی اسی ایک فضا میں
کرگس کا جہاں اور ہے شاہیں کا جہاں اور
(اقبالؒ)

یوں تو ہر جھگڑے میں متحارب گروہ اصولوں اور آئین و دستور کی بات کرتے ہیں۔ یہ بھی صحیح ہے کہ کسی جھگڑے میں کوئی گروہ معصوم عن الخطاء نہیں ہوسکتا۔ اصولوں اور آئین واخلاق کی بحث طولانی اور اکثر بے نتیجہ بھی رہتی ہے۔ ایک ہی بات کو چرب زبانی کے ذریعہ خلاف آئین اور مکمل طور پر آئینی ثابت کیا جاسکتا ہے۔ اصل بات یہ ہوتی ہے کہ متحارب گروہوں کی قیادت کن افراد کے ہاتھوں میں ہے۔ ان کے نظریات کیا ہیں؟ ماضی میں ان کا کردر کیا رہا ہے اور ادارے کے اُن ہاتھوں میں جانے کے بعد کیا اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔

دارالعلوم کے ایک گروہ کی قیادت قاری طیب صاحب کررہے ہیں۔ ان کا ساٹھ سالہ کردار ایک کھلی کتاب کی طرح عوام کے سامنے ہے۔ آج دارالعلوم جو کچھ ہے (عمارات، فنڈ کی حد تک) سب کچھ انہیں کی مساعی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے ملت کے دیگر معاملات میں بھی اپنے حصے کا فریضہ ادا کیا ہے۔ وہ آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ کے چیرمین بھی ہیں، جس کی خدمات اظہر من الشمس ہیں۔ ان کے ساتھ مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی ہیں جو ہندوستان بھر کی سبھی مسلم سیاسی و غیر سیاسی تنظیموں کے وفاق مسلم مجلس مشاورت کے صدر ہیں۔ مولانا منت اللہ رحمانی ہیں جو بہار اوراڑیسہ کی امارت شرعیہ کے چیئرمین بھی ہیں۔ بہار اور ملک کے دوسرے علاقوں میں فرقہ وارانہ غارت گری کے خلاف ہمیشہ سینہ سپر رہے

ہیں۔ وہ آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ کے جنرل سکریٹری بھی ہیں۔ ایمرجنسی کے تاریک دور میں انہوں نے اعلانیہ جبری نس بندی کے خلاف فتویٰ دے کر مہم چلائی، جس کی وجہ سے آج تک ''دلِ یزداں'' میں کانٹے کی طرح کھٹک رہے ہیں۔ مولانا انظر شاہ کشمیری جیسے لائق ترین استاد ہیں، ان کے علاوہ جمعیۃ علماء ہند کو چھوڑ کر ملک کی ہر مسلم تنظیم ان کے ساتھ ہے، لیکن ابھی تک یہ حضرات دارالعلوم کے معاملات میں سیاسی شخصیتوں کو ''ملوّث'' کرنے کے خلاف ہیں۔

اگر دارالعلوم پر اس گروہ کا غلبہ ہوتا ہے تو دستور ۴۸ء منسوخ ہوگا اور بانیانؒ کے آٹھ اسلامی اصولوں کی روشنی میں ایک جامع دستور کے تحت دارالعلوم پھر اسی راستے پر گامزن ہو جائے گا جس کے لئے اس کی بنیاد پڑی تھی۔

دسرے گروہ کی قیادت اسعد مدنی ممبر راجیہ سبھا کے ہاتھوں میں ہے، ان کے کردار اور ماضی پر معمولی تبصرے کے لئے بھی ایک علیحدہ کتاب کی ضرورت پڑے گی۔ ان کے داہنے ہاتھ مشہور دہریہ (بے خدا) کمیونسٹ لیڈر اسحاق سنبھلی سابق ایم پی ہیں۔ ان کے بارے میں اتنا ہی کافی ہے کہ وہ مسلمان کے بجائے کمیونسٹ ہیں۔ عالم اسلام کے علماء جن میں مؤتمر فضلائے قدیم کے صدر مفتی محمود صاحب (پاکستان) بھی شامل ہیں، ان کا متفقہ فتویٰ ہے کہ ایک شخص مسلمان اور کمیونسٹ دونوں نہیں رہ سکتا۔ ان کے بائیں ہاتھ سید احمد ہاشمی ممبر راجیہ سبھا ہیں، آپ روسی مفادات کی ترجمان جن وادی پارٹی کے اتر پردیش کے صدر بھی ہیں۔ روسی سامراج کے خرچ پر روس کا دورہ کر کے افغانستان کے لئے اپنی تصویریں چھپوا کر لوٹنے کے بعد وہ اس ''جہاد'' میں شریک ہوئے ہیں۔ اس سے پہلے مالِ غنیمت کی تقسیم کے سوال پر ان کی اسعد مدنی سے جانی دشمنی تھی۔ اس پورے گروہ کی از اول تا آخر قیادت انہیں تین ہاتھوں میں ہے۔ شوریٰ کے

تیرہ ممبران میں گیارہ کی اپنی کوئی شخصیت نہیں۔ایک مولانا حبیب الرحمٰن اعظمی کی شخصیت ہےلیکن ان کی کمزوری ہے کہ وہ اسعد مدنی کے والد کے حلقے سے متعلق رہے ہیں اور پیری مریدی کا ہندوستانی تصور پیر کی اولاد کو بھی دین وایمان کا جزء بنا ہی دیتا ہے۔مولانا منظور احمد نعمانی کی شخصیت مولانا علی میاں کے پارس پتھر کے ذریعہ بنی تھی، لیکن جماعت اسلامی اور مسلم مجلس مشاورت کی پیٹھ میں چھرا گھونپنے اور ندائے ملت ٹرسٹ کو بلاڈکار ہضم کرنے کے بعد پچھلے دنوں وہ جن پریشانیوں میں مبتلا تھے اس کی وجہ سے اچانک ان کی اسعد کیمپ میں موجودگی ان لوگوں کے لئے حیرت کی بات نہیں تھی جو مولانا کو قریب سے جانتے تھے۔

بہرحال اس گروہ کی بلاشرکت غیرے قیادت مذکورہ سیاسی مثلث کے ہاتھوں میں ہے۔شوریٰ کے تیرہ اراکین میں زیادہ سے زیادہ منظور نعمانی صاحب کل انہیں آنکھ دکھا سکتے ہیں، لیکن اگر انہوں نے یہ ہمت کی بھی تو شوریٰ میں موجود ان کا چائے والا اسپانسر بھی ساتھ نہیں دے گا۔لہٰذا خواہ یہ مثلث کچھ دن تک پردے کے پیچھے ہی رہے، لیکن عملی اقتدار اسی کے ہاتھ میں ہوگا۔ان کا ایک مکھن باز رکنِ شوریٰ مرادآباد میں یہ اعلان کر ہی چکا ہے کہ جو موتمر کا صدر ہوگا وہی دارالعلوم کا مہتمم ہوگا۔ایک دواساز فیکٹری کو چلانے والے ہاتھ جب چاہیں فیکٹری کا نام اور سائن بورڈ تبدیل کئے بغیر اس سے شراب سازی اور زہر سازی کر سکتے ہیں۔اگر علم وروحانیت کی اس عظیم دواساز فیکٹری پر اس سیاسی مثلث کا قبضہ ہوتا ہے تو فیکٹری کے اوریجنل ٹریڈ مارک کے ساتھ جو ''مصنوعات'' بین الاقوامی منڈی میں پہنچیں گی وہ کیا گل کھلائیں گی، اس کا صرف تصور ہی کیا جا سکتا ہے۔

مری نوائے پریشاں کو شاعری نہ سمجھ
کہ میں ہوں محرم راز درونِ مے خانہ

دارالعلوم میں حکومت اور سیاسی پارٹیوں کا رول

دارالعلوم میں جنگ مغلوبہ ۲۲؍مارچ ۸۰ءکو عین اس روز شروع ہوئی جس دن وزیر اعظم شری متی اندرا گاندھی اجلاس صد سالہ میں تشریف لے گئیں اور شری سنجے گاندھی نے وہاں وسیع لنگر خانہ چلوایا۔ اس واقعہ کو اتفاق بھی کہا جا سکتا ہے۔

لیکن اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں ہے کہ اسعد مدنی کے چیلوں نے دارالعلوم میں جب بھی سنگین فوج داری جرائم کا ارتکاب کیا، مکمل قانونی کارروائی کے باوجود سارے مقدمات حیرت انگیز طور پر ختم کردیئے گئے۔ اس میں طاہرالاسلام پر قاتلانہ حملے کا دفعہ ۳۰۷ کا مقدمہ بھی شامل ہے جس میں فائنل رپورٹ نہیں لگ سکتی۔ جب کہ مضروب اور گواہان مقدمہ چلانے پر مصر ہوں۔ پھر بھی یہ سیاسی دباؤ ہی تھا کہ نامزد رپورٹوں کے باوجود اصل مجرمین آزاد ہیں۔ دستور ۴۸ء ملکی رجسٹریشن ایکٹ کے مطابق رجسٹرڈ ہو نہیں سکتا۔ پچھلے ۳۴؍سالوں میں اس کو رجسٹرڈ کرانے کی کئی کوششیں بلا کسی اعتراض کے ناکام ہو چکی تھیں، لیکن ۳۴؍سال بعد باقاعدہ قانونی اعتراض کے باوجود محض سیاسی دباؤ کے تحت حال ہی میں رجسٹرار کو رجسٹرڈ کرنے پر مجبور ہونا پڑا۔ دارالعلوم کا بینک اکاؤنٹ محض سیاسی دباؤ کی وجہ سے منجمد ہو گیا ورنہ بینک کے قاعدہ سے مہتمم صاحب کی مرضی کے خلاف بینک اکاؤنٹ منجمد نہیں ہو سکتا تھا اور میری پیش گوئی ہے کہ جلد ہی یہ اکاؤنٹ سیاسی مثلث کے حق میں واگذار ہو جائے گا اور اس مثلث کو بغیر پسینہ بہائے ستر لاکھ روپئے کی خطیر رقم مل جائے گی۔ ضلع انتظامیہ نے ایک طرف مہتمم صاحب کے بار بار اعلان کے باوجود کئی مہینہ تک دارالعلوم کو امن و امان کے نام پر کھلنے سے روکے رکھا۔ دوسری طرف ان کی سرپرستی میں مسجد ضرار

کیمپ کے نام پر چالو رکھی گئی جس سے امن وامان کو کوئی خطرہ لاحق نہیں ہوا۔ پھر ۲۳ ؍۲۴ ؍مارچ ۱۹۸۲ء کی درمیانی شب میں پولیس و پی اے سی کی نگرانی میں باہر کے ڈھائی سوافراد نے نقب اور سیڑھیوں کے ذریعے دربانوں کو مار پیٹ کر دارالعلوم کی عمارت پر قبضہ کرلیا اور اس قبضے کی حفاظت اور قابضین کو عوام کے غیض وغضب سے بچانے کے لئے پولیس اور پی اے سی کی پوری بٹالین اس قبضے کی حفاظت کر رہی ہے۔عوام کے مظاہرے اور گرفتاریاں تادمِ تحریر جاری ہیں، لیکن حکومت ہند اسعد مدنی کا دارالعلوم پر قبضہ کرانے کا تہیہ کئے ہوئے معلوم ہوتی ہے۔

شری اسعد مدنی کانگریس آئی کے رکن اور راجیہ سبھا کے ممبر ہیں، ان کی پارٹی ان کی کارروائی میں پوری طرح ان کی پشت پر ہے۔شری اسحاق سنبھلی کمیونسٹ پارٹی کے لیڈر اور لوک سبھا کے سابق ممبر ہیں۔ملک کی دونوں کمیونسٹ پارٹیاں اپنی پوری قوت کے ساتھ ان کی ہم نوا ہیں۔کمیونسٹ ذرائع ابلاغ اپنے فن کی پوری مہارت استعمال کررہے ہیں۔اس گروہ نے اب تک دیوبند اور دہلی میں جتنے بھی مظاہرے کئے ہیں سب کی قیادت اسحاق سنبھلی نے کی ہے، نیز کمیونسٹ پارٹی نے افراد مہیا کئے ہیں، ان کی اسی خدمت کے صلے میں انہیں نیشنل کونسل کا نیا رکن نامزد کیا گیا ہے۔جن وادی پارٹی یوپی کے صدر، روس کے دورے سے لوٹنے کے بعد پوری قوت کے ساتھ اسعد مدنی کے ساتھ شامل ہیں۔عوام غور کریں سیاسی پارٹیاں بلا اپنے سیاسی مفاد کے کبھی کوئی کام نہیں کرتیں۔روسی سامراج ہو یا امریکی استعمار انہیں بلا مقصد کسی معاملے میں ٹانگ پھنسانے کی فرصت نہیں ۔کمیونسٹ پارٹی کو ’’افیون کی کاشت‘‘ کرنے والے مذہبی اداروں سے کیا دلچسپی ہوسکتی ہے لیکن ان سبھی طاقتوں کی دارالعلوم میں

دلچسپی کی بنیادی وجہیں ہیں۔حکومتِ ہند نہیں چاہے گی کہ دارالعلوم سے پھر محمود الحسنؒ، اشرف علی تھانویؒ اور شبیر احمد عثمانیؒ جنم لیں۔ روسی سامراج اور کمیونسٹ پارٹیاں بین الاقوامی اسلامی تحریک سے خائف ہیں۔اس کی دلچسپیاں دارالعلوم تک محدود نہیں ہیں، وہ دنیا بھر میں اس قسم کے اداروں پر اپنے زرخرید ایجنٹوں کا کنٹرول چاہتا ہے کیوں کہ اب ان اداروں سے آیت اللہ خمینی، مولانا برہان الدین ربانی اور عبدالرسول سیاف جنم لینے لگے ہیں جنہوں نے موجودہ دور کے قیصر (امریکہ)اور کسریٰ (روس) کی نیندیں حرام کررکھی ہیں۔کسی لمبی چوڑی بحث میں نہ پڑھ کر ہندوستانی مسلمان اگر صرف اسی ایک نکتے پر غور کریں کہ آخر کیا وجہ ہے کہ حکمراں جماعت اور کمیونسٹ پارٹیاں دارالعلوم کے معاملات میں دلچسپی لے رہی ہیں تو بہت آسانی کے ساتھ ان کے فکروعمل کا دائرہ متعین ہوسکتا ہے۔

قضیۂ دارالعلوم کا صحیح حل

ملت کے دردمند، مخلص افراد نے بار بار متحارب گروپوں سے صلح کی اپیلیں کیں،لیکن شاید کسی نے صلح کے مضمرات پر پوری طرح غور کرنے کی کوشش نہیں کی۔ مجھے حیرت ہے کہ ملت کے نسبتاً ذہین افراد اور لیڈروں نے چند روز پہلے ایک عجیب وغریب حل پیش کیا ہے،جس کو پڑھ کر ع ''ناطقہ سربگریباں ہے اسے کیا کہیئے'' کی مثل صادق آتی ہے۔

صلح ان جھگڑوں میں ہوا کرتی ہیں جن میں کسی اصول ونظریات کا دخل نہ ہو بلکہ جائیداد وغیرہ کا جھگڑا ہو۔اگر دارالعلوم کو دارالعلوم بنا کر رکھنا ہے تو وہاں صلح کی موجودہ کوششوں کوایسے خلوص سے تعبیر کیا جاسکتا ہے کہ جس میں نادانی کا عنصر غالب ہو، پھر آج کے دور میں صلح حق وانصاف کے تحت نہیں بلکہ طاقت کے

توازن کے تحت لو اور دو کے اصول پر ہی ہو سکتی ہے اور دارالعلوم میں سیاسی مثلث نے اپنی اپنی پارٹیوں کے بل بوتے پر اپنی طاقت کا لوہا منوا ہی لیا ہے۔ لہٰذا آج صلح کی صورت میں دارالعلوم ایک ایسا مجموعہ اضداد بن جائے گا جس کے بطن سے مزید فتنے جاگیں گے۔

علم وروحانیت کے نقطۂ نظر سے دارالعلوم پر اسعد گروپ کے قبضے اور مہتمم صاحب کی مکمل پسپائی سے اتنا نقصان نہیں پہنچے گا جتنا دور رس نقصان صلح کے ذریعے اس کو مجموعۂ اضداد بنا دینے سے ہوگا۔ اس گروپ کے مکمل قبضے کے بعد اس فیکٹری کا ٹریڈ مارک بہت جلد اپنی قدر و قیمت کھودے گا اور اس کی مصنوعات زیادہ دنوں تک ملت کے جسم کو مسموم نہیں کر سکیں گی، لیکن صلح کی صورت میں بھی اس گروپ کا غلبہ ہو جائے گا اور جعلی دواؤں پر اصلی ٹریڈ مارک کا دھوکہ کافی عرصے تک اپنا اثر دکھاتا رہے گا۔

دارالعلوم کے قضیئے کا صحیح حل یہی ہے کہ خواہ مہتمم صاحب نہ چاہیں اس مسئلے کو مسلم تنظیمیں اور ملت سے ہمدردی رکھنے والے لوگ اپنے ہاتھ میں لیں اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے طرز پر ایک اجتماعی ایکشن کمیٹی بنا کر پہلے مسلم رائے عامہ ہموار کی جائے جسے سرکاری اور کمیونسٹ ذرائع ابلاغ نے بڑی حد تک گمراہ کر دیا ہے۔ ۱۹۴۸ء کے دستور کو پوری طرح دریا برد کر کے دارالعلوم کے بانیوں کے آٹھ سالہ اسلامی اصولوں کی روشنی میں ایک جامع دستور بنایا جائے۔

موجودہ دارالعلوم کا بے رحمی کے ساتھ آپریشن کیا جائے اور ۴۸ء کے دستور نے وہاں فساد کی جو فصل تیار کی ہے اس کو خس و خاشاک کی طرح اکھاڑ پھینکا جائے۔ وہاں انتظامیہ میں صرف ان لوگوں کو رکھا جائے جن کی فکر صحیح ہو، کسی نیشنل پارٹی سے ظاہری و باطنی تعلق نہ رکھتے ہوں اور ان کی زندگیاں صرف

دارالعلوم پر وقف ہوں۔

میں سمجھتا ہوں کہ اگر مسلم تنظیموں نے اس مسئلے سے سرد مہری برتی تو دارالعلوم کا المیہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے المئے سے کہیں زیادہ خطرناک نتائج کا حامل ہوگا جو مجھے یقین ہے کہ اگر علی گڑھ طرز کی ایکشن کمیٹی بنتی ہے تو بہت جلد مسلمانانِ ہند کے دلوں کی دھڑکن بن جائے گی اور مفسد و مفاد پرست گروہ اس کا مقابلہ نہیں کر سکے گا اور یہ مسئلہ بھی اطمینان بخش طریقے پر حل ہو جائے گا۔ اگر حکومت ہند اور روسی لابی کی طاقت سے دارالعلوم ہمیشہ کے لئے مسلمانانِ ہند کے ہاتھوں سے چھن بھی جاتا ہے تو مسلمانوں اور مسلم تنظیموں کی متحدہ کوششوں سے چند سالوں کے اندر اندر ایک نیا دارالعلوم تعمیر کر کے اس نقصان کی تلافی کی جا سکتی ہے۔

* * *

مولوی اسعد کی
حقیقی سوچ اور فکر

مولوی اسعد کی حقیقی سوچ اور فکر

نام ونسب

یوں تو آپ ''حلقۂ یاراں'' میں آج کل فدائے ملت حضرت مولانا اسعد مدنی مدظلہٗ کے نام سے مشہور ہیں، وہ خود اپنے آپ کو اسعد غفرلہٗ لکھتے ہیں۔ راجیہ سبھا اور اپنی پارٹی اندرا کانگریس میں شری اسعد مدنی کہے جاتے ہیں۔ کچھ لوگ انہیں اسعد ٹانڈوی بھی کہتے ہیں۔ آپ موخرالذکر نام سے کافی خفا ہوتے ہیں، چوں کہ سرکاری نام شری اسعد مدنی ہے اور آپ راجیہ سبھا میں اسی نام سے مخاطب بھی ہوتے ہیں، لہٰذا میں سمجھتا ہوں کہ آپ کا یہی نام زیادہ مناسب ہے۔

جہاں تک مدنی یا ٹانڈوی کی بحث ہے یہ حقیقت ہے کہ آپ کا آبائی وطن ٹانڈہ، ضلع فیض آباد اور موجودہ وطن دہلی اور دیوبند ہے۔ مدینہ سے ان کا تعلق بس اتنا ہی ہے جتنا تعلق دنیا کے اُس شخص کا ہوسکتا ہے جس نے کسی مسلمان کے گھر میں جنم لے لیا ہو۔ بہرحال اگر موصوف اپنے نام کے ساتھ وطن کی نسبت بہتر سمجھتے ہوں جس کا انہیں بہرحال حق حاصل ہے تو آپ مدنی تو کسی طرح بھی نہیں ہوسکتے، البتہ اگر ٹانڈوی سے وزن کچھ ہلکا محسوس ہوتا ہو تو دیوبندی یا دہلوی سے زیادہ کچھ بھی نہیں ہوسکتے۔ لیکن آپ جس پیشے سے متعلق ہیں اس کی نسبت سے دہلوی، دیوبندی اور ٹانڈوی کی نسبتیں بہت ہی معمولی ہیں۔ لہٰذا

موصوف کے والد محترم کے مریدوں نے جذبۂ پیری کے نشتروں سے زبردست آپریشن کر کے ان کی جنس تبدیل کر دی اور انہیں ایک دم ٹانڈوی سے ''مدنی'' بنا دیا۔ اس تبدیلی کا پروپیگنڈہ اتنے وسیع پیمانے پر ہوا کہ اب ہم خواہ انہیں مدنی نہ سمجھیں لیکن انہیں مدنی لکھنے پر تو مجبور ہی ہیں۔ لہٰذا اب موصوف کا صحیح نام شری اسعد مدنی ہے۔

شری اسعد مدنی نے جس مذہب کا لبادہ اوڑھ رکھا ہے اس کے نزدیک کسی کا سید یا دھوبی ہونا سرے سے کوئی معنی نہیں رکھتا، نہ ہی کسی کے مدنی یا ٹانڈوی ہونے سے اس کی حیثیت میں کوئی فرق ہی پڑتا ہے، وہاں تو افضلیت کا معیار خوف خدا ہے جس کی کتنی ہوا شری اسعد مدنی کو لگی ہے وہی بتا سکتے ہیں۔

رنگ و نسل اور قوم و وطن کا بت توڑنے کے باوجود اسلام نے لوگوں کو اپنی شناخت تبدیل کرنے سے منع کیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اتنی موٹی بات تو شری مدنی کو معلوم ہی ہوگی، لیکن ایک کامیاب بزنس مین کی حیثیت سے شری اسعد مدنی نے اپنی وطنی نسبت ہی تبدیل نہیں کی بلکہ انہوں نے اپنا نسب بھی تبدیل کر لیا ہے اور سوتے جاگتے، اٹھتے بیٹھتے خود بھی اپنے سید ہونے کا ورد کرتے رہتے ہیں اور اپنے اور والد محترم کے مریدوں کی یہ ڈیوٹی ہے کہ موصوف کے خالص و بلا آمیزش کے نجیب الطرفین سید ہونے کا اتنا راگ الاپیں کہ دنیا آنکھ بند کر کے انہیں سید تسلیم کر لے۔ ویسے موصوف بڑے بڑے دینی جلسہ ہائے عام میں اعلانیہ حضور ﷺ کو اپنا نانا کہہ کر مخاطب کرتے رہے ہیں۔ جب ان کے والد محترم بارہا یہ کہہ چکے ہیں کہ میں مدنی نہیں بلکہ ننگ اسلاف ہندی ہوں۔ انہوں نے یہ بھی لکھا ہے کہ میرا سید ہونا محقق نہیں ہے کیوں کہ میرے پاس شجرۂ نسب نہیں ہے اور جو شجرۂ نسب ہے وہ شیخ نور الحقؒ ٹانڈوی پر ختم ہو جاتا ہے۔

شخصیت

شری اسعد مدنی کی شخصیت کا قلمی خاکہ بنانا جوئے شیر لانے کے مترادف ہے، ان کے فربہ گداز اور بھاری بھرکم جسم کی تصویر کشی تو آسان ہے لیکن جسم اور عمر کے توازن کو دیکھتے ہوئے ان کے طویل وعریض پیٹ کا جغرافیہ معلوم کرنا بہت مشکل ہے۔ چند مہینوں پہلے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی تحلیل شدہ یونین کے لیڈروں اور طلباء نے موصوف کے قبلہ وکعبہ نمبر 1، صفدر جنگ روڈ نئی دہلی کے سامنے والے پارک میں اس عظیم الشان توند کی پیمائش اور کیمیاوی تجزیہ کر کے عوام کو اپنی ابتدائی تحقیقات کے نتائج سے آمادہ بھی کر دیا تھا لیکن جہاں تک ان کی نگاہوں کے تیرِ نیم کش کا سوال ہے تو اُس میں تو وہ جادو ہے کہ چند مہینہ پہلے ان کی توند کا کیماوی تجربہ کرنے والوں کا لیڈر آج خود ان کی زلفِ گرہ گیر کا اسیر ہے۔

پہلے یہ خیال عام تھا کہ موصوف کا اپر چیمبر بالکل ہی خالی ہے لیکن پچھلے تین برسوں کے دوران انہوں نے ثابت کر دیا ہے کہ جو لوگ ایسا سمجھتے تھے انہیں خود دماغی امراض کے کسی اسپتال میں اپنا علاج کرانا چاہئے۔ ابھی حال ہی میں دارالعلوم کے فضیحت کے دوران لکھنؤ اور سہارنپور کے ''ماہرین فن'' نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ ان کی کھوپڑی کے اکثر و بیشتر خانے پوری طرح فٹ ہیں۔ اگر کچھ اسکریو ڈھیلے بھی ہوں تو حضرت کو اس کی کیا پرواہ ہوسکتی ہے۔

رنگ تو بے رنگ ہے لیکن بھرے بھرے گالوں پر چوڑا دہانہ اور بھنچے ہوئے ہونٹوں پر کتری ہوئی مونچھیں اور حدود کو پھلانگتی ہوئی داڑھی، پھر اس پر لباسِ غرور کی باندھی ہوئی ہر حد کو خس و خاشاک کی طرح بہاتے ہوئے رنگ برنگے جبۂ و دستار اور خرقہ ساز میں؟ ان کی شخصیت کی وہ خصوصیات ہیں جس نے

ہندوستان کے دس بارہ کروڑ مسلمانوں کے سامنے ایک سوالیہ نشان کی حیثیت اختیار کر لی ہے۔

علم دین اور خلافت

یہ حقیقت ہے کہ شری مدنی نے دارالعلوم دیوبند میں تعلیم حاصل کی، لیکن یہ بات تحقیق طلب ہے کہ علم کے دریا سے انہوں نے کتنے چلّو پانی پیا ہے۔

مجھے معلوم نہیں ہے کہ حضرات علماء کرام اپنے نام کے آگے لفظ ''مولانا'' کا اضافہ کن معنوں میں کراتے ہیں کیوں کہ مولانا یا تو خدا کو کہا جاسکتا ہے یا غلام کو۔ ظاہر ہے کہ علماء حضرات کو غلام کہنے کی جسارت کر کے کوئی مسلمان جہنم خریدنے کی جسارت نہیں کر سکتا۔ لہٰذا یہ لفظ یا تو مشرکانہ ہوسکتا ہے یا تحقیر آمیز۔ مجھے اس لفظ کی تاریخ بھی معلوم نہیں ہے لیکن اتنی بات تو بلاخوف تردید کہی جاسکتی ہے کہ یہ لفظ شاہ ولی اللہ دہلویؒ کے بہت بعد کی ایجاد ہے۔ آج حالت یہ ہے کہ کسی عالم دین کو مولانا کے بجائے مولوی بھی کہہ دیا جائے تو وہ اس کو گالی سے بھی برا سمجھے گا۔

بہر حال دیوبند کے کئی نامور فاضلین انہیں مولوی لکھتے رہے جس کے جواب میں انہیں گالیاں ملیں تو اخبارات و رسائل میں چیلنج دیا کہ اگر شری اسعد مدنی بخاری شریف کے ایک صفحے کا صرف صحیح متن بھی پڑھ دیں تو ہم انہیں عالم دین تسلیم کر لیں گے لیکن موصوف نے یہ چیلنج قبول نہ کیا، پھر بھی ان کی ذاتی ملکیت کے اخبار اور مریدین نے ان کے مولانا ہونے کا اتنا پروپیگنڈہ کیا کہ آج عوام کی اکثریت خواہ ان کے کارناموں پر کتنا ہی ناک بھوں چڑھائے لیکن انہیں مولانا تو سمجھتی ہی ہے۔ رہا پیری مریدی کا وسیع کاروبار تو موصوف اپنے کھلنڈرے پن کی وجہ سے اس کی بنیاد سے ہی محجوب ہو گئے تھے اور ان

کے والد ماجد نے انہیں ''خلعت خلافت'' سے سرفراز نہیں کیا تھا۔لہٰذا کافی دنوں تک تو اپنے والد کے مریدین سے ہی دل بہلاتے اور کام چلاتے رہے، لیکن یہ بات ان کے وسیع حوصلوں اور امنگوں سے میل نہیں کھاسکتی تھی، لہٰذا انہوں نے ''رشد و ہدایت'' کا وہ منصب جو اس بزنس کے بنیادی عقیدے کے مطابق صرف ایک سینے سے دوسرے سینے میں منتقل کیا جاتا ہے زور بازو سے حاصل کرنے کا فیصلہ کرلیا۔

اس کے لئے انہوں نے کسی زندہ پیر کے بجائے اپنے مرحوم والد کی لاش ہی کو مشق ستم بنایا اور حیرت انگیز طور پر ان کی موت کے کئی سالوں بعد بذریعہ خواب (یا وحی) انہوں نے اپنے والد کی خلافت بھی حاصل کر لی جس کی تصدیق کے لئے والد محترم کے مریدین کی اچھی خاصی فوج موجود ہی تھی۔

اب کیا تھا مشہور باپ کی اولاد۔ نجیب الطرفین سید ہونے کی دھونس اور خالص مدنی کی نسبت ملک کی حکمراں جماعت کی ممبری جدید ہندوستان کی درگا ماتا کی عقیدت مندی اور اس کے طفیل میں بخشی ہوئی راجیہ سبھا ممبری اور لیڈری سب نے مل کر وہ گل کھلائے کہ گانٹھ کے مضبوط سیٹھوں کو نظر آنے لگا کہ یہی وہ دور ہے جس پر سر رکھ دینے سے ہماری بھاری توندوں پر تقدس کا ہالہ قائم ہوسکتا ہے، نیز اسی چوکھٹ سے ہمیں ایک ساتھ خدا اور اندرا گاندھی دونوں تک بیک وقت رسائی ہوسکتی ہے۔

لہٰذا بہت جلد مریدین کی بھیڑ ایک سیاسی لیڈر کے گرد جمع ہونی شروع ہوگئی۔ اب حالت یہ ہے کہ بہت سے مدرسوں کی مدرسی کے لئے حضرت کی سفارش ضروری ہے اور سفارش بھی ہوسکتی ہے جب امیدوار درس و تدریس کے ساتھ حضرت کے کشف و کرامت کی کہانیاں بھی شاگردوں اور عوام کو سنائے۔

ان کے کیریکٹر رول میں گڈ انٹری کے لئے لازمی ہے کہ وہ حضرت کو بھاری جیب والے مرید برابر فراہم کرتا رہے ورنہ اس کی ڈیڑھ دوسو کی یہ نوکری بھی خطرے میں رہے گی۔ علم دین حاصل کرنے کے بعد بے چارہ مدرسی، موذنی اور امامت کے سوا دنیا کے اور کس کام کا رہ جاتا ہے۔

گلا تو گھونٹ دیا اہل مدرسہ نے ترا
کہاں سے آئے صدا لا الٰہ الا اللہ

جمعیۃ علماء ہند

شری اسعد مدنی نے اپنے والد ماجد کی خلافت زورِ بازو سے حاصل کرلی، مریدین کی فوج بھی بھرتی ہونی شروع ہوگئی۔ اب حوصلوں نے مزید پَر پرزے لگائے، جس کے لئے مریدین ہی کافی نہیں ہوسکتے تھے، اس کے لئے ایک بنی بنائی تنظیم کی ضرورت تھی، انہوں نے بزنس کا جو میدان منتخب کیا تھا اس کی مناسبت سے جمعیۃ علماء ہند ہی وہ تنظیم ہوسکتی تھی جہاں حوصلے پورے ہوسکتے تھے، لیکن وہاں مجاہد ملت حفظ الرحمٰن سیوہارویؒ کی قیادت اور مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی جیسی شخصیتوں کا بول بالا تھا۔ لہٰذا انہوں نے پہلے تو مجاہد ملت پر سنگ باری شروع کی، ان کو کافی زخمی کیا جس کی تاب نہ لاکر وہ اس درفانی سے کوچ کر گئے۔ اب قیادت مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی کے ہاتھوں میں آئی، ان کی صحت بہت اچھی تھی، ان کی قیادت و شخصیت پر معمولی سنگ باری سے فرق پڑنے والا نہیں تھا، لہٰذا پہلے تو انہوں نے اصل تسلیم کانگریس کے آقایان ولی نعمت سے معاملات کئے، ان کی سمجھ میں آ گیا کہ یہ نچلا نوجوان مفتی عتیق الرحمٰن سے کہیں زیادہ ہمارے مطلب کا آدمی ہے، ان کا آشیرواد حاصل کرنے بعد انہوں نے میرٹھ میں اپنے اور اپنے

والدمحرم کے مریدین کی ایک خصوصی میٹنگ بلائی، اس میں ایک قرارداد کے ذریعہ مفتی عتیق الرحمٰن اور جمعیۃ علماء کی پوری باڈی کو ''معزول'' کرنے کا اعلان کردیا۔

پہلے تو لوگوں نے اس اعلان کو ایک مذاق سے زیادہ اہمیت نہیں دی لیکن ایک دنیا نے دیکھا کہ بسوں اور ٹرکوں میں بھر کر کچھ مریدین اور کچھ کرائے کے سماج دشمن عناصر مسجد عبد النبی پہنچے اور انہوں نے مسجد عبد النبی پر قبضہ کرلیا۔ جمعیۃ علماء کے اکابرین کا قیمتی سامان لوٹ لیا اور دیگر سامان اٹھا کر سڑک پر پھینک دیا۔ جمعیۃ علماء کے اکابرین چیختے رہے لیکن دہلی کی پولیس قابضین کے قبضے کی حفاظت پر متعین ہوگئی۔ ان حضرات نے کانگریس کے تئیں جمعیۃ علماء کی ''خدمات'' یاد دلائیں اور جمعیۃ علماء کا مرکز خالی کرانے پر زور دیا لیکن حکومت کی طرف سے انہیں باور کرادیا گیا کہ اسعد مدنی بھی جمعیۃ علماء ہی چلائیں گے اور وہ آپ لوگوں سے کہیں زیادہ ہماری ''خدمت'' کی اہلیت رکھتے ہیں۔

جمعیۃ علماء پر قبضے کے بعد شری اسعد مدنی کی طالع آزمائی کا میدان اب مزید وسیع ہوگیا۔ مفتی عتیق الرحمٰن صاحب اور دیگر جمعیتی اکابرین نے کچھ ہاتھ پاؤں مارے گئے، لیکن کانگریس اور حکومت کا موڈ دیکھ کر خاموش ہوگئے، کچھ نے دوبارہ اپنے آپ کو ''حضرت'' کے ہاتھ میں دیدینے ہی میں اپنی عافیت سمجھی۔ الجمعیۃ کے ایڈیٹر مولانا عثمان فارقلیط نے کچھ مزاحمت کی لیکن ضعف پیری کے سبب کچھ نہ کرسکے اور انہیں بھی ہتھیار ڈالنے پڑے۔

اس خانہ جنگی سے فراغت کے بعد انہوں نے تیز رفتاری کے ساتھ جمعیۃ علماء کو درباری کے آداب سکھائے۔ جمعیۃ علماء کے کارکنوں پر، شیخ الہندؒ، شیخ الاسلامؒ اور مجاہد ملتؒ کے بچے کھچے اثرات کے ''داغ دھبوں'' سے صاف کیا۔ یہ تاریخی کارنامے انجام دینے کے لئے جس ہمت وطاقت کی ضرورت پڑتی ہے وہ

شری اسعد مدنی میں بدرجہ اتم موجود ہے۔

بعض حاسدوں نے انہیں قصیدہ گو درباری شاعر یہاں تک کہ درباری مسخرے کا خطاب دیا ہے۔ لیکن انہیں شاید معلوم نہیں کہ اکبر اعظم کے دربار میں صرف ایک بیربل تھا، جو افغانستان میں قتل ہو گیا تو اکبر کو دوسرا بیربل نہیں مل سکا۔ لیکن حضرت میں اتنی صلاحیت ہے کہ انہوں نے چند بروں کی قیادت میں شیخ الہند جیسے مجاہد کی تنظیم کو بیربلوں کے غول میں تبدیل کر دیا ہے۔

اب حالت یہ ہے کہ دو چار سال بھی اس تنظیم سے وابستہ رہنے کے بعد اس پر یہ رنگ اتنا پختہ ہو جاتا ہے کہ دنیا کا کوئی بھی صابن اسے ہلکا بھی نہیں کر سکتا۔

کچھ دن قبل آقایانِ ولی نعمت نے یہ سمجھا کہ حضرت سے زیادہ ناظم عمومی ہمارے ڈھب کا آدمی ہے۔ لہٰذا خدمات کے صلے میں راجیہ سبھا کی ایک سیٹ بطور انعام اس مرتبہ صدر کے بجائے ناظم عمومی کو دیدی گئی۔ لہٰذا حضرت کو بہت غصہ آیا اور ناظم عمومی کو کرسی سے دھکیل دیا، لیکن ناظم عمومی چھ سالہ انعام تو لے ہی اڑا۔ دونوں میں کافی لفظی جنگ بھی ہوئی، مسلمانوں نے سمجھا کہ چلو ہمیں بیٹھے بٹھائے ایک راجیہ سبھا کا ممبر مل گیا۔

لیکن وہ یہ نہ سمجھ سکے جو شخص اتنے عرصے تک حضرت کے ساتھ رہ چکا ہو وہ اتنی آسانی کے ساتھ ملت کا کیوں کر ہو سکتا ہے، ہوا بھی یہی سید احمد ہاشمی نے تو اندرا گاندھی کی جے کار میں حضرت کا مقابلہ کیا لیکن جب یہ سمجھ لیا کہ اس میدان میں شاگرد استاد کا مقابلہ نہیں کر سکتا اور اگلا قرعہ فال دوبارہ استاد ہی کے نام نکلے گا تو انہوں نے بلا دریغ اندرا گاندھی کی بیعت فسخ کر دی اور چندر جیت یادو کے ہاتھ پر بیعت ہو گئے، ان کے حوصلے مزید بڑھے۔ روسی سامراج کو چند ایسے مسلمانوں کی ضرورت تھی جن کی صورت ظاہر فریبی ہو اور افغانستان کے لاکھوں

مسلمانوں کے قتل عام کا جواز پیش کریں۔ اس کی یہ ضرورت سید احمد ہاشمی نے پوری کی اور اس کے صلے میں روسی سامراج کی مفت سیاحت اور پتہ نہیں کیا کچھ حاصل کیا۔

ڈاکٹر فریدیؒ کی تنظیم مسلم مجلس کو اپنی ملی خدمات پر بڑا ناز تھا۔ علی گڑھ تحریک کے زمانے میں حضرت کے ایک شاگرد شری مسعود خاں جمعیۃ علماء سے ناراض ہو کر مسلم مجلس میں گئے، وہاں ان کی بہت آؤ بھگت ہوئی لیکن یہ ان کے جمعیۃ علماء میں ہی چند سوال رہنے کا اثر تھا کہ آج مسلم مجلس اپنی قسمت کو رو رہی ہے۔

ان کی قیادت کے بعد جمعیۃ علماء کا نام اتنا ''روشن'' ہو چکا ہے کہ اب روسی سامراج نے بھی افغانستانی علماء سو کی ایک تنظیم بنالی ہے، جو روسی غلام اور سامراج کی خرید اور مجاہدین کی مخالف ہے۔ اس تنظیم کا نام بھی جمعیۃ علماء افغانستان ہے۔ ہوسکتا ہے کہ اندرا جی نے اپنے کامیاب تجربے سے برزنیف کو آمادہ کیا ہو۔

مسلم فنڈ

شری اسعد مدنی کے والد نے دیوبند کے غریب مسلمانوں کو سود خوار مہاجنوں کے ظلم و بربریت کے چنگل سے بچانے کے لئے وہاں ایک مسلم فنڈ کھولا، جس کا مقصد یہ تھا کہ خوش حال مسلمانوں کا فاضل سرمایہ ایک متعین میعاد کے لئے جمع کرایا جائے اور غریب و ضرورت مند مسلمانوں کو اگر قرض حسنہ کی ضرورت ہے تو اپنے زیور بطور ضمانت جمع کر کے بلا سود قرض لے جائیں۔ مسلم فنڈ کا مقصد بہت اعلیٰ اور نیک تھا اور اس نے اپنے بانی کے دور میں کچھ مفید خدمات بھی انجام دیں۔

مولانا حسین احمد مدنیؒ کی رحلت کے بعد شریک اسعد مدنی نے مسلم فنڈ کی وراثت بھی قوت بازو سے حاصل کر لی اور اپنے معتمد خصوصی حسیب صدیقی کو مسلم فنڈ کا منیجر بنایا۔ انہوں نے پورے ہندوستان میں غریب مسلمانوں کی مدد کا خوب ڈھنڈورا پیٹا۔ موٹی توندوں والے سیٹھوں کے یہاں جب خدا اور اندرا گاندھی دونوں کو بیک وقت حاصل کرنے کا واحد ذریعہ شری اسعد مدنی قرار پائے تو انہوں نے ان سیٹھوں سے بہت موٹی موٹی رقمیں مدت متعینہ کے لئے مسلم فنڈ میں جمع کرائیں۔ ادھر مسلم فنڈ سے قرض لینے کے ضوابط میں ترمیم کی۔ اب حالت یہ ہے کہ مسلم فنڈ کا بہت بڑا حصہ جو اندازاً تیس چالیس لاکھ شیڈ ولڈ بینکوں میں سود پر فکسڈ ڈپازٹ کر دیا ہے اور اس کا ایک بہت چھوٹا حصہ زیور گروی رکھ کر تین مہینہ کے لئے ڈھائی فیصدی شرح سود پر سروس چارج کے نام پر دیا جاتا ہے۔ اگر کوئی فرد تین مہینہ میں اپنا زیور نہیں چھڑا تا اگلے تین مہینہ کے لئے اس کی درخواست قبول کی جاتی ہے اور اسے مزید ڈھائی فیصدی سروس چارج یا سود دینا پڑتا ہے۔ اس طرح زیور گروی رکھ کر دس فیصدی سالانہ سروس چارج یا سود وصول کیا جا رہا ہے۔

فکسڈ ڈپازٹ کا سود ہی لاکھوں روپیہ سالانہ بنتا ہے، دس فیصد والی آمدنی اس پر مستزاد ہے۔ اس طرح نام مسلم فنڈ کا اور کام شیڈ ولڈ بینک کا یعنی رند کے رند رہے ہاتھ سے جنت نہ گئی۔ پتہ نہیں حضرت کے نزدیک سود کی تعریف ہی تبدیل ہو چکی ہے یا سود کی حرمت سے متعلق آیات و احادیث متروک ہو چکی ہیں یا پھر ہو سکتا ہے شیخ طریقت کی حیثیت سے خواب کے ذریعہ علم سینہ کی جس دولت سے سرفراز کئے گئے ہیں اس سے انہوں نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہو۔ چوں کہ شیخان طریقت کا یہ معروف عقیدہ ہے کہ نعوذ باللہ حضور ﷺ نے علم کا کچھ حصہ عام انسانوں تک

پہنچایا ہی نہیں بلکہ خفیہ طور پر صرف حضرت علیؓ کو بتایا اور یہ علم صرف سینہ بہ سینہ شیخان طریقت تک پہنچ رہا ہے۔ مجھے نہیں معلوم علم سینہ میں اب سود کی حرمت حلت سے تبدیل ہو چکی ہے یا اور کوئی معاملہ ہے۔

یہاں یہ سوال کیا جاسکتا ہے کہ حضرت مسلم فنڈ کے صرف سرپرست ہیں، اس کی رقمیں ان کے گھر استعمال تو ہوتی نہیں، لیکن مسلم فنڈ کے سود کی رقمیں حضرت کے بونے قد کو ہمالیائی بنانے کے علاوہ اور کس مقصد میں استعمال ہو رہی ہیں۔ اگر کسی کو علم ہو تو ہمیں بتایا جائے۔

سود کی اس رقم نے ملت اسلامیان پر کیا کیا قہر ڈھائے ہیں، اس کی تفصیل کا یہ موقع نہیں ہے۔

لیکن کون نہیں جانتا یہ رقم دارالعلوم کے طلبا کے وظیفوں پر خرچ کر کے ان کو اپنا وفادار بنا کر اپنا کام نکالنے پر سب سے زیادہ خرچ ہوتی ہے، اس کا حضرت کو براہِ راست کتنا فائدہ پہنچا ہے یہ دارالعلوم کے حالیہ واقعات سے ظاہر ہے۔

مسلم مجلس مشاورت

۱۹۴۸ء کے پُر آشوب دور نے مسلمانانِ ہند کو احساسِ کمتری کے جس عمیق غار میں دھکیلا اس سے آج بھی ہر شخص نہ صرف واقف بلکہ متاثر ہے۔ ۴۸ء نے ہی مسلمانانِ ہند کو مسلمانوں ہی کے ہاتھ سے دو ایسے زخم لگائے جس سے تیس سال گزرنے کے باوجود آج تک خون رس رہا ہے۔ اول دارالعلوم دیوبند کا غیر اسلامی وغیر اخلاقی دستور کا نفاذ۔ دوسرے مولانا آزاد کا بلایا ہوا لکھنؤ کنونشن جس کے فیصلے کے مطابق مسلمانوں نے اپنی ساری تنظیموں کو ختم کر کے آئندہ کے لئے اپنی اجتماعیت پر مہر لگا دی۔ ۴۸ء۔ سے ۶۴ء تک ملک پر ایک پر ہول سناٹا طاری

رہا۔اسی دور میں ایک ایک کر کے مسلمانوں کے وہ سارے مسائل پیدا کئے گئے جن کا رونا ہم آج رو رہے ہیں۔٦٤ء میں جمشید پور راوڑ کیلا کے قتل عام کے بعد ان گنت شہیدوں کے خون کے صدقے مسلمانانِ ہند میں احساس زیاں بیدار ہوا اور ۹/۸/ اگست ٦٤ء ندوہ کے عظیم الشان مسلم کنونشن آزادی کے بعد پہلی بار مسلمانانِ ہند کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم عطا کیا اور مسلمانانِ ہند اس کی طرف پرامید نظروں سے دیکھنے لگے۔ یہ وہی دور تھا جب شری اسعد مدنی نے بزور شمشیر جمعیۃ علماء ہند پر قبضہ کیا تھا۔ندوہ کے نقوش سے ایک سال قبل جبل پور و ساگر کی فرقہ وارانہ غارت گری کے بعد مجاہد ملت مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی نے دہلی میں پہلا مسلم کنونشن کیا تھا جس کا گلا حکومت ہند کی زبردست مخالفت نے گھونٹ دیا تھا۔لکھنؤ کنونشن کی بھی حکومت ہند نے زبردست مخالفت کی لیکن نہ کانگریس کی گٹ بندیوں کی وجہ سے اتر پردیش کی سوچیتا کرپلانی وزارت نے ڈاکٹر فریدیؒ کو لکھنؤ میں کنونشن کرنے کی اجازت دیدی۔ اس کنونشن میں شری اسعد مدنی اور ان کی جمعیۃ علماء نے بھی اپنے ضمیر کی چبھن کے تحت یا مرکزی حکومت کی ایما پر شرکت کی۔مسلم مجلس مشاورت کوئی علیحدہ تنظیم نہیں بلکہ پورے ملک کی سبھی مسلم سیاسی وغیر سیاسی تنظیموں کا مشترکہ مشاورتی پلیٹ فارم تھا۔اس کی قیادت بھی کسی ''فرقہ پرست'' کو نہیں بلکہ مشہور ''قوم پرست'' ڈاکٹر سید محمود کو سونپی گئی۔اس سے بہت سے صاف دل و دماغ کے غیر مسلم سماجی و سیاسی لیڈر بھی شریک ہوئے۔مسلم مجلس مشاورت نے جمعیۃ علماء کو بھی ایک مسلم تنظیم سمجھنے کی غلطی کی اور اس کو بھی مشارت میں شامل کرلیا۔

حکومت ہند اور حکمراں جماعت کو مظلوم و مقہور اقلیت کا اتحاد ایک آنکھ نہیں بھایا۔اُس نے مشاورت کے خلاف پروپیگنڈے کا ایک طوفان کھڑا کردیا۔

سابق نائب وزیر خارجہ اور جنم جنم کے کانگریسی ڈاکٹر سید محمود پر بے حد دباؤ ڈالا گیا لیکن موصوف اپنے موقف پر جمے رہے۔

ان حالات میں جب کہ ابھی صرف مشاورت کی تشکیل ہی ہوئی تھی اور اس نے صحیح یا غلط کوئی کام بھی نہیں کیا تھا کہ اچانک شری اسعد مدنی نے ملت کے اس اولین حصار پر اچانک بمباری کردی اور یہ کہہ کر جمعیۃ العلماء کو مسلم مجلس مشاورت سے علیحدہ کرلیا کہ اس کی وجہ سے جمعیۃ العلماء کی انفرادیت کو خطرہ ہے۔ شری مدنی نے وضاحت نہیں کی کہ ان کی جمعیۃ العلماء کی کون سی انفرادیت ہے جس کو خطرہ لاحق ہے۔ جب مسلم لیگ، اتحاد المسلمین اور جماعت اسلامی جیسی تنظیموں کی انفرادیت کو اس سے خطرہ نہیں۔ بہرحال بعد میں جب شری اسعد مدنی کا کردار واضح ہوگیا تو یہ بات واضح ہوگئی کہ واقعی ان کی جمعیۃ العلماء پورے ہندوستان کی ایک ''منفرد'' جماعت ہے۔

شری اسعد مدنی نے اپنی تنظیم کو مشاورت سے علیحدہ کر لینے پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ حکومت ہند نے اس کے خلاف جو مہم چلائی تھی اس کا بار بھی اپنے نازک کندھوں پر اٹھالیا۔

غنڈہ گردی کی مہم

ایک طرف ملک کے طول وعرض میں مسلم مجلس مشاورت کے رہنماؤں کے دورے اور عظیم الشان جلسۂ ہائے عام جاری تھے یہاں تک کہ جمشید پور راوڑ کیلا کے فساد زدہ کے علاقوں میں بھی مشاورت نے دورے اور جلسے کر کے فرقہ وارانہ ہم آہنگی میں تاریخی تعاون کا کام انجام دیا۔ دوسری طرف حکومت ہند اور ان کے خصوصی معاون شری اسعد مدنی کا مشاورت کے خلاف جہاد بھی جاری رہا۔

انہیں حالات میں مشاورت کے لیڈران نے دیوبند کا دورہ کیا، وہاں دیوبند کی تاریخ کا عظیم ترین جلسۂ ہائے عام منعقد ہوا جب جلسۂ عام اپنے شباب پر پہنچا تو حکومت کی شہ اور سازش سے اسعد مدنی نے مسلم فنڈ کے سود کے پروردہ اپنے طلباء اور کرائے کے غنڈوں کے ذریعہ بلا کسی اشتعال کے اس جلسے پر اچانک اور منظّم حملہ کرایا۔ مفتی عتیق الرحمٰن کو جان سے مار ڈالنے کی کوشش کی گئی۔ پنڈت سندر لال اور ڈاکٹر فریدی کو کچھ نوجوانوں نے جان پر کھیل کر اور اپنے جسم پر ہر وار کو روک کر بچایا۔ مولوی منظور نعمانی نے اسٹیج کی چوکیوں کے نیچے چھپ کر اپنی جان بچائی۔ منتظمین جلسہ، مقررین و مندوبین نے شری سید اسعد مدنی کو حملہ آور ٹھہرایا، لیکن حکومت ہند اور اس کے ذرائع ابلاغ شری اسعد مدنی کی پشت پر تھے۔ شری اسعد مدنی نے کہا کہ میرا اس حملے سے کوئی تعلق نہیں۔ یہ حملہ تو عوام نے کیا تھا، جو جمیل مہدی کے طویل مقالے سے اکتا گئے تھے۔

دارالعلوم نے ان طلباء کا اخراج کرنا چاہا، جنہوں نے اس حملے میں کرائے کے غنڈوں کے ساتھ حصہ لیا تھا تو شری اسعد مدنی نے طلباء کے حقوق کے نام پر مہم شروع کر دی، بالآخر دیگر وظیفہ خوار طلباء تو معاف کر دئے گئے، البتہ مار دھاڑ میں نمایاں جگہ لینے والے ان کے چار لیڈروں کا دارالعلوم سے اخراج کیا گیا۔ یہ چاروں مخرج غنڈے اس کے بعد سے مسلسل شری اسعد مدنی کے ساتھ ہیں۔ ان کے ایک لیڈر اسرار الحق تو آج جمعیۃ العلماء ہند کا ناظم عمومی ہے۔ دوسرا فضیل احمد بھی جمعیۃ العلماء ہند کے ذمہ داران میں ہے۔

جمال عبدالناصر

مصر میں فرعونیت کے علم بردار جمال عبدالناصر نے روسی آقاؤں کے حکم پر

اسلام کا نام لینا بھی دوبھر کر دیا۔ اس نے سیکڑوں علماء کو پھانسیوں پر لٹکا دیا، ہزار ہا کو بھیانک عقوبت خانوں کے حوالے کیا مصر کے المناک واقعات سے ہندوستانی مسلمان عالم اسلام کے اضطراب میں برابر کے شریک تھے۔ سید قطب شہید اور دیگر علماء اسلام کی پھانسیوں کے فوراً بعد جمال عبدالناصر ہندوستان آنے والا تھا۔

علماء کے قتل عام کے خلاف بطور احتجاج ہندوستانی مسلمانوں کی تمام تنظیموں نے اس کی استقبالیہ تقریبات کے بائیکاٹ کا اعلان کیا۔ بائیکاٹ کی یہ تحریک بہت جلد مسلمانانِ ہند کی دل کی دھڑکن بن گئی یہاں تک کہ حکمراں جماعت کے مسلمان ممبران پارلیمنٹ نے یہ تہیہ کرلیا کہ کسی نہ کسی بہانے وہ بھی بائیکاٹ میں حصہ لیں گے۔ اس زمانے میں کانگریس کی تنظیم خاندانی بادشاہت میں تبدیل نہیں ہوئی تھی، حکومت کو پریشانی اور تشویش لاحق ہوئی، اس نے بائیکاٹ کا اعلان کرنے والے مسلم لیڈروں کو ناصر کی آمد سے کئی روز قبل ہی گرفتار کرلیا۔

ان حالات میں آقایانِ ولی نعمت کو پریشان دیکھ کر اسعد جی نے حقِ نمک ادا کر دیا اور اپنی لحیم وشحیم توند، جبہ ودستار اور مریدین کی فوج کے ساتھ اس دور کے فرعون کو پھول مالائیں پہنائیں اور استقبالیہ تقریبات میں اس کی شاندار خدمات پر درباری قصیدے سنائے۔

مسجد اقصیٰ

۶۹ء میں صہیونی درندوں نے مسجد اقصیٰ میں آگ لگا دی۔ عالم اسلام کے ساتھ ہندوستانی مسلمانوں میں بھی اضطراب کی لہر دوڑ گی۔ ہندوستانی مسلمانوں نے ملک گیر احتجاج کیا۔ حکومت ہند اسرائیل کے وجود کو تسلیم کرنے کے باوجود

اپنے قومی مفاد کے تحت عرب اسرائیل تنازعات میں عربوں کی زبانی ہمدردی کا اظہار کرتی ہے۔لہٰذا اس مسئلے میں شری اسعد مدنی آقایانِ ولی نعمت کو کوئی منفی مشورہ نہیں دے سکتے تھے لیکن اس مسئلے پر مسلمانوں کے لاکھوں کے اجتماعات سے حکومتِ ہند کو یہ پریشانی ہوئی۔مسجد اقصیٰ کی تحریک کے بطن سے کہیں مسلمانوں کی متحدہ سیاسی طاقت کا جنم نہ ہو جائے۔ان حالات میں صہیونیوں اور ان کے امریکی سرپرستوں کو یہ باور کرانے کے لئے اپنے اختلافات کے باوجود ہندوستان کے مسلمان اس مسئلے میں ایک ہو کر قربانی دیں گے۔۲۵/دسمبر ۶۹ءکو دہلی میں آل انڈیا فلسطین کانفرنس کے انعقاد کا اعلان کیا گیا۔اتحاد ملت کا ثبوت اسی طرح دیا جاسکتا تھا کہ ملک کی ہر مسلم تنظیم اس کانفرنس میں شرکت کرے۔حکومت ہند کو یہ پریشانی نہیں تھی کہ فلسطین کانفرنس ہو رہی ہے،اس کو یہ پریشانی تھی کہ کہیں اس کانفرنس میں کوئی کل ہند مسلم تنظیم نہ بن جائے۔لہٰذا اس کے خلاف پروپیگنڈہ شروع کر دیا،اچانک شری اسعد مدنی کا بیان آل انڈیا ریڈیو کی وساطت سے ملک کی فضاؤں میں گونجنے لگا کہ جمعیۃ العلماء ہند کی فلسطین کانفرنس ۱۶/دسمبر کو دہلی میں ہوگی یعنی مسلمانوں کی مشترکہ کانفرنس سے نو روز قبل حکومت کے وسائل کی مدد سے جلد بازی میں یہ کانفرنس ہوئی اور شری اسعد مدنی نے اپنے دو سو مریدین کے ساتھ امریکی سفارت خانے پر مظاہرہ کر کے ہندوستان کے دس کروڑ مسلمانوں کی اجتماعیت کا ثبوت خواہ نہ پیش کیا ہو لیکن مشترکہ کانفرنس کے مقاصد کو تارپیڈو کرنے میں کامیاب تو ہو ہی گئے۔

سقوطِ ڈھاکہ

۱۶/دسمبر ۷۱ءکو سقوطِ ڈھاکہ نے پورے مشرقی بنگال میں بہاریوں کے قتل

عام کا ایسے تاریخی المیئے کو جنم دیا، جس پر مسلمانانِ عالم صدیوں تک خون کے آنسو روتے رہیں گے۔ اس قتل عام نے عالم اسلام کو مضطرب کر دیا۔ فطری طور پر ہندوستانی مسلمان زیادہ متاثر ہوا۔ شمالی ہند کے بہت سے مسلم گھرانوں سے آہ و بکا کی صدائیں بلند ہونے لگیں۔ ہندوستان اور عالم اسلام کے بہت سے مسلم لیڈروں نے مشرقی بنگال جا کر بہاریوں کی حالت کا مشاہدہ کرنے کی کوششیں کیں۔ ۱۹۷۱ء کے الیکشن میں اندرا گاندھی کی حمایت کرنے کی وجہ سے اُس وقت تک ڈاکٹر فریدیؒ بھی اندرا گاندھی کے دوست تھے۔ انہوں نے شری متی گاندھی اور وزارتِ خارجہ کی وساطت سے شیخ مجیب الرحمٰن سے درخواست کی مجھے ہندوستانی مسلمانوں کا ایک وفد ڈھاکہ لے جانے کی اجازت دی جائے لیکن مجیب الرحمٰن نے ڈاکٹر فریدی کو بہت ترش جواب دیا اور شری متی گاندھی نے ڈاکٹر فریدی کو مشورہ دیا کہ وہ ڈھاکہ نہ جائیں۔

عالم اسلام کے اضطراب کو ٹھنڈا کرنے کے لئے مجیب الرحمٰن کو مسلمانوں جیسا نام رکھنے والے کچھ ایسے افراد کی ضرورت تھی جو بہاریوں کے قتل عام کا خوبصورت اور شرعی جواز پیش کر سکیں۔ لہٰذا شری اسعد مدنی کے علاوہ ہندوستان کے اندر کس میں اتنی ہمت تھی۔ اسی مجیب الرحمٰن نے جس نے عالم اسلام کے ہر لیڈر کی درخواست مسترد کر دی تھی، ڈھاکہ میں فدائے ملت شری اسعد مدنی کا استقبال کرایا تھا، وہی مجیب الرحمٰن جس نے پچیس سال بنگال میں ان کے والد اور مولانا حسین احمد مدنیؒ پر پتھراؤ کیا تھا۔

ڈھاکہ میں شری اسعد مدنی اپنے ہم مشربوں کے استقبال پر ریشہ خطمی بن کر جس انداز اور جس زبان میں لپکے اس سے ان کے ''پیش رووں'' کی روح بھی شرم سے پانی پانی ہوگئی جس میں کچھ کی قبریں بنگال میں بھی موجود ہیں۔ ان

کے ڈھاکہ کے بیانات آج بھی اخبارات کی فائلوں میں موجود ہیں کہ جن کا لب لباب یہ ہے کہ:

(۱) شیخ مجیب الرحمٰن کی پرجوش قیادت میں بنگالی نے یہ ثابت کردیا کہ دوقومی نظریہ باطل تھا اوراس نظریئے کی حقانیت ثابت ہوگئی کہ قوم مذہب سے نہیں بلکہ وطن سے بنتی ہے۔

(۲) بنگالی عوام مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے فرقہ پرستانہ نظریئے پر مبنی پاکستان کی دھجیاں بکھیر کر رکھ دیں۔

(۳) بہاری مسلمانوں پر مگرمچھ کے آنسو بہانے والے اس وقت کہاں مر گئے تھے جب پاکستانی فوج اور جماعت اسلامی کے گرگوں نے بنگالیوں کا جینا دو بھر کر کے رکھ دیا تھا۔

جب کچھ ہی دنوں بعد بنگالیوں نے شیخ مجیب الرحمٰن کے پورے خاندان اور ان کی پارٹی کے سبھی بڑے لیڈروں کو موت کے گھاٹ اتا کر ایک بار پھر بین الاقوامی اسلامی برادری میں شمولیت کی کوششیں شروع کردیں۔ اس سے کس نظریئے کی حقانیت اور کس نظریئے کا بطلان ثابت ہوتا ہے۔ شری اسعد مدنی نے اس کو اب تک راز ہی رکھا ہے، ویسے بنگلہ دیش میں ہندوستان دشمنی کے روز افزوں جذبات کو دیکھتے ہوئے کہا جاسکتا ہے کہ جلد ہی شری اسعد مدنی کا یہ بیان متوقع ہے کہ بنگالی ایک نمک حرام قوم ہیں۔

دولاکھ حرامی

۱۶؍دسمبر ۱۷ء کو پاکستانی فوج نے ڈھاکہ میں ہتھیار ڈالے۔ فروری ۷۲ء میں شری اسعد مدنی بہاری شہیدوں کی لاشوں پر معنوی طور پر جوتوں کی بوچھار

کر کے واپس آئے۔ مارچ ۲۷ء میں مدرسہ بیت العلوم سرائے میر، ضلع اعظم گڑھ کے سالانہ جلسے میں حضرت کی شرکت پر علاقے کے پڑھے لکھے مسلمانوں میں اضطراب تھا۔ ان کے خلاف مدرسے کی دیواروں پر ہاتھ کے لکھے پوسٹر لگائے گئے۔ پولیس اور سی آئی ڈی کی فوج حضرت کی حفاظت کے لئے متعین ہوئی۔ منتظمین نے ان سے درخواست کی کہ تقریر میں صرف اللہ رسول کی بات کریں، سیاسی بات نہ کریں۔تقریر کی ابتداء میں انہوں نے وعدہ بھی کیا کہ کوئی سیاسی بات نہ کروں گا لیکن پھر شروع ہو گئے۔

یہ سب مودودیوں کی شرارت ہے، یہ مجھ کو دھمکی دیتے ہیں حالاں کہ میرا تو سو پشت سے ہے پیشہ آباء سپہ گری۔انہوں نے اسی سرائے میر میں میرے باپ کے ساتھ کیا کچھ نہیں کیا لیکن کیا میرے والدان سے ڈر گئے۔میرے جداعلیٰ کے ساتھ کربلا کے میدان میں خود مسلمانوں نے کیا کچھ نہیں کیا۔کیا میرا خاندان اپنی خدمات سے باز آ گیا۔یہ بدمعاش میرے نانا کا کلمہ پڑھتے ہیں اور مجھے دھمکیاں دیتے ہیں، ان مودودیوں کے بنگلہ دیش میں دو لاکھ بنگالی عورتوں کو زنا بالجبر کے ذریعے حاملہ کر دیا ہے۔

جب شری اسعد مدنی بنگلہ دیش گئے تھے تب یہ حمل آٹھ مہینہ کے ہو کر ظاہر ہو چکے ہوں گے۔آخر حضرت سید الملت بلا اپنی آنکھ سے دیکھے اور تحقیق کئے سرائے میر کی مسجد میں یہ بات کیوں کہتے ہم کیوں نہ ان کی بات پر یقین کریں۔ لیکن بحیثیت ایک مسلمان کے ہم سید الملک والملت سے یہ سوال کرتے ہیں کہ ملت کے یہ دو لاکھ نونہال اب دس سال کے ہو چکے ہوں گے۔اُن غریبوں کے لئے آپ نے کیا کیا۔ہم نے مانا کہ صدر ضیاء الرحمٰن آپ کے ڈھب کے آدمی نہیں تھے۔شاید جنرل ارشاد کو بھی آپ جیسے مولاناؤں کی ضرورت نہ ہو۔

فدائے ملت کے خود ساختہ خطاب کا تقاضہ ہے کہ آپ ان کی خبر لیں۔ہم مانتے ہیں کہ انہوں نے مودودیوں کی حرام کاری کے نقطے سے جنم لیا ہے اور مودودیوں پر بنگلہ دیش میں اب تک پابندی لگی ہوئی ہے۔ یہ دولاکھ نونہال حرامی اور ولدالزنا سہی لیکن ان کے نام تو اسعد، معراج، مرغوب، منظور اور وحید جیسے ہی ہوں گے، کم از کم ان کی حالت پر ایک بیان ہی دے دیں، ان کی فلاح و بہبود کے لئے انگریزی اخبار کی طرح ایک فنڈ ہی جاری کر دیں۔

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

۲/جون ۷۲ءکو مسلم یونیورسٹی کے سیاہ ایکٹ پر راجیہ سبھا میں حضرت نے دوسرے مسلمانوں کی دیکھا دیکھی ناک بھوؤں چڑھائی، لیکن آخر اپنے پیٹ پر لات تو نہیں مار سکتے تھے۔لہٰذا اپنا ووٹ تو سیاہ ایکٹ کے حق ہی میں دیا۔

۱۶/جون ۷۲ءکو بنارس، فیروز آباد اور علی گڑھ میں اندرا گاندھی کی ایماء پر یوپی پولیس نے بازوؤں پر کالی پٹی باندھنے کے جرم میں بہتر مسلمانوں کو گولیوں سے اڑا دیا۔ اسعد جی نے مسلمانانِ ہند کے یومِ سیاہ میں نہ تو شرکت کی، نہ ہی اس قتل عام پر ان کے کان پر جوں رینگی جب کہ اس قتل عام کو جب حکومت نے ''فرقہ وارانہ فساد'' کہنا شروع کر دیا تو فرقہ واریت کے خلاف شری اسعد مدنی ایم پی نے وعظ کہنا شروع کر دیا تا کہ بہ آسانی یہ ثابت کر دیا جائے کہ علی گڑھ کے خلاف احتجاج کرنے والے فرقہ پرست نہیں۔ سہارنپور مسلم لیگ کے چند کارکنوں نے ان سے مل کر علی گڑھ تحریک میں عام مسلمانوں کا ساتھ دینے کی درخواست کی تو موصوف مولویانہ جلال میں آ گئے اور فرمایا: کہ پہلے جا کر مسٹر جناح کی قبر پر بیس جوتے لگاؤ، پھر مجھ سے بات کرو۔

۲۷ء سے آج تک علی گڑھ اور تحریک کو اس کے ہر مرحلے میں مختلف حیلوں سے تارپیڈو کرنے کے علاوہ انہوں نے تحریک کے حق میں ایک لفظ تک زبان سے نہیں نکالا۔ البتہ جب جنتا دورِ حکومت میں علی گڑھ کا ترمیمی ایکٹ پارلیمنٹ میں پیش ہوا تو موصوف ملک اور ملت دونوں کو بچانے کے لئے اپنے مریدین کی فوج کو لے کر پارلیمنٹ پر چڑھ دوڑے۔

ابھی پچھلے دنوں اٹھارہ ہزار طلباء کا ایک سال برباد ہونے کے بعد اکابرین ملت کی کوششوں سے جب یونیورسٹی کھلی تو شری متی اندرا گاندھی نے پارلیمنٹ میں موجود علی گڑھ بل کو ایک بار پھر سرد خانے میں ڈالنے اور یونیورسٹی بند کرانے کے لئے موصوف کو آلۂ کار بنایا اور فدائے ملت کی وسیع وعریض توند میں اچانک مسلم یونیورسٹی کا درد ''زہ'' شروع ہو گیا اور چند ناتجربہ کار طلباء کو بھڑکا کر انہوں نے دلی کے بچوں کے گھر میں ایک علی گڑھ کنونشن کر ڈالا۔ اسی بچوں کے گھر میں انہوں نے اپنی پسندیدہ حکمت عملی کے تحت علی گڑھ مسلم یونیورسٹی ایکشن کمیٹی کے متوازی ''رہبر کمیٹی'' نامی بچے کو جنم دے دیا، لیکن علی گڑھ کے طلباء واساتذہ دارالعلوم کے طلباء تو تھے نہیں، ان پر بہت جلد اس ناجائز ولادت کا بھانڈا پھوٹ گیا اور حضرت نے اس پاپ سے پیچھا چھڑانے کے لئے رہبر کمیٹی کا گلا گھونٹ دیا۔

بنیادی حقوق کے قتل میں شرکت

شری اسعد مدنی نے آقایانِ ولی نعمت کی لائی ہوئی ایمرجنسی کی حمایت میں ملک گیر دورہ کیا اور اچاریہ ونوبا بھاوے کے نعرے ایمرجنسی ڈسپلن کا ''مقدس تیوہار'' کے نعرے کی تکرار کی۔ آئین کی بیالیسویں ترمیم کے ذریعے اقلیتوں کے

بنیادی حقوق کے خاتمے کی حمایت کی۔ جب ترکمان گیٹ، مظفرنگر اور سلطان پور وغیرہ میں مسلمانوں کا قتل عام کیا گیا تو موصوف کو ان کی دیرینہ ڈیوٹی پر عالم اسلام میں ہندوستانی مسلمانوں کی خیریت بتانے کی عظیم خدمت پر مامور کیا۔ موصوف نے جب سے جمعیۃ العلماء پر قبضہ کیا ہے اگر ان کے مسلم ملکوں کے دورے کی تاریخ بتائی جائے تو بہ آسانی یہ ثابت ہو جائے گا کہ جب جب اس ملک میں فرقہ وارانہ فساد کے نام سے مسلمانوں کی گوشمالی کی گئی ہے تب تب شری اسعد مدنی کا غیر ملکی دورہ کرایا گیا ہے تا کہ مسلم ملکوں کے حکمرانوں پر جبہ و دستار کے زیر سایہ ثابت کیا جائے کہ ہندوستانی مسلمانوں کا کچھ بھی نقصان نہیں ہوا۔ اور حکومت ہند نے اپنے آہنی ہاتھوں سے آر ایس ایس کے ذریعہ پھیلائی گئی فرقہ پرستی کو کچل دیا اور مسلمانوں کی حفاظت کی۔

ابھی حال میں شری متی اندرا گاندھی کے دورہ سعودی عربیہ سے ایک ہفتے پہلے ہی حضرت کی قیادت میں جمعیۃ العلماء کا تین رکنی وفد سعودی عربیہ بھیجا گیا تا کہ ذہنوں پر پونہ وشولا پور کے فساد اور وشو ہندو پریشد کی سرگرمیوں کا کچھ گرد و غبار پڑا ہو تو یہ حضرات اس کو اپنے عماموں اور جبہ و دستار سے جھاڑ پونچھ کر صاف کر دیں۔

جماعت اسلامی

جماعت اسلامی کے خلاف جہاد مسلسل حضرت کا سب سے محبوب مشغلہ رہا ہے، آخر ملک میں خشک سالی یا سیلاب آجائے تو موصوف کی دور رس نگاہیں جماعت اسلامی کا ہاتھ تلاش کریں گی۔ اپنے ہر مخالف کو مودودی کہہ کر مریدین کو مشتعل کر دینا ان کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے جو ان کا بڑے سے بڑا دشمن بھی

ان پر مطالعہ و تحقیق کا الزام نہیں لگا سکتا جس سے یہ سمجھا جائے کہ جماعت کی دشمنی یا دوستی کا تعلق حقائق کے انکشاف سے ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ حضرت کے آقایانِ ولی کو حکومت الٰہیہ کے نعرے سے ڈر لگتا ہے۔ لہٰذا چوں کہ حکومت ہند جماعت اسلامی کے سخت خلاف ہے۔ لہٰذا ان نمک خواروں کو حق نمک تو ادا کرنا ہی ہے۔

حکومت ہند کے علاوہ حضرت کی دوسری سرپرست تنظیم کمیونسٹ پارٹی کو دنیا میں ہراس تحریک سے خدا واسطے کا بیر ہے، جو زبان سے بھی اسلامی نظام کے احیاء کی بات کرے۔ چوں کہ کانگریس و کمیونسٹ پارٹی کی خوشنودی ہی سے حضرت کی عاقبت سنور سکتی ہے اور سید الملت کو عاقبت کی فکر تو ہر وقت دامن گیر ہی رہتی ہے۔

۷۷ء کے الیکشن کے بعد ایسا نظر آنے لگا کہ اندرا گاندھی اور سی پی آئی کا سورج اب ہمیشہ کے لئے غروب ہو چکا ہے اور ایمرجنسی کے عذاب میں شرکت کی وجہ سے جماعت اسلامی معتوب نہیں رہی۔ لہٰذا حضرت نے اپنی وفاداریاں بھی تبدیل کر لیں۔ اب انہوں نے حکمرانوں کے دربار تک رسائی کا ذریعہ جماعت اسلامی کو بنایا۔ اور ان کے آدمی جماعت کے مرکز کا طواف کرنے لگے۔ نئے راج دربار تک رسائی کے لئے اسعد جی نے جماعت اسلامی سے مل کر دلی میں آل انڈیا ملی کنونشن کا اسٹیج سجایا۔

ملک کی وہ ساری تنظیمیں جو اب تک اسعد جی کے لئے اچھوت کا درجہ رکھتی تھیں۔ اب اچھوت نہیں رہی۔ انہوں نے ''فرقہ پرستی'' کے لئے بدنام مسلم مجلس و مسلم لیگ کے گلے میں بانہیں ڈالیں۔ اب معیار حق کا کوئی جھگڑا باقی نہیں رہا اور مودودی و مدنی اس طرح یک جان و دو قالب ہو گئے کہ ''مسلم فرقہ پرستوں''

کوخطرہ نظر آنے لگا۔

جماعت اسلامی کی کوششوں اور ملی کنونشن کی وساطت سے اسعد جی کو جنتا راج دربار سے ایک خوبصورت انعام ملنے ہی والا تھا کہ مسلم مجلس والوں کی شرارت سے دسترخوان ان کے سامنے سے کھینچ لیا گیا۔لہٰذا جھلا کر حضرت نے ''ملی کنونشن'' کو بھی طلاق مغلظہ دے دی اور کچھ دن کے لئے اپنی ساری سرگرمیاں ترک کر دیں۔

ملک وملت بچاؤ

جنتا حکومت میں مسلم مجلس کے اثر ورسوخ نے اسعد جی کو کچھ دن کے لئے طالع آزمائی کے میدان سے دور رکھا،لیکن جب جنتا پارٹی کے انتشار کے ساتھ ساتھ اندارا گاندھی میں زندگی کے آثار نمایاں ہونے لگے تو اچانک اسعد جی کو ملک وملت کے تئیں خطرے کا احساس ہوا۔

ملک اس وجہ سے خطرے سے دوچار تھا کہ دلی کے راج سنگھاسن پر اندرا گاندھی موجود نہیں تھیں۔ملت اس وجہ سے خطرے سے دوچار تھی کہ راجیہ سبھا میں حضرت موجود نہیں تھے۔

حکومت کے چھتر چھایہ سے محرومی اور فسادات کے ریلیف فنڈ کی رقم گھٹنے سے حضرت کا خزانہ بھی ہلکا ہوتا جارہا ہے۔لہٰذا اندرا گاندھی اور کمیونسٹ پارٹی کے مشورے اور مدد سے انہوں نے ملک وملت بچاؤ کا کثیر المقاصد منصوبہ شروع کیا۔ایک بار پورے ملک میں چندے کی گوہار لگائی۔اندرا گاندھی اور کمیونسٹ پارٹی نے ہر طرح کی مدد کی، پیسہ کافی جمع ہوا، مریدین اپنے اپنے طور پر جمع ہوئے، کمیونسٹ پارٹی اور کانگریس آئی کے مسلمان نما ورکر اپنے طور پر آتے،

خرچہ یہ ہوا کہ مسجد عبد النبی کی دیگوں میں چند دنوں کے لئے جان آئی۔

حضرت نے تحریک کا پہلا مرحلہ شروع کیا اور چند کارکنوں نے چند دن تک تہاڑ جیل میں آرام کیا۔

دوسرا مرحلہ شاید شروع بھی نہ ہوتا لیکن چودھری چرن سنگھ کی قلابازی کے نتیجے میں حضرت کے پرانے رفیق چوہان صاحب وزیر داخلہ ہو گئے۔ انہوں نے اطمینان دلایا کہ کسی کو تہاڑ جیل تک جانے کی نوبت نہیں آئے گی۔ لہٰذا دوسرا مرحلہ ذرا شاندار تھا اور حضرت نے اپنے والد کے مریدین کی فوج اور کانگریسیوں وکمیونسٹوں کی اچھی خاصی تعداد کے ساتھ مسجد عبد النبی سے تغلق روڈ تک تقریباً دو کیلومیٹر پیدل چلنے کا تاریخی کارنامہ انجام دے دیا اور بس خیال تو طے تھا کہ تہاڑ تک جانا ہی نہیں ہے۔

حضرت نے تحریک کا تیسرا مرحلہ شروع کرنے کا اعلان کیا لیکن اس کی نوبت ہی نہیں آئی، اندرا گاندھی اقتدار میں آگئیں اور ملک بچ گیا۔

اس کے بعد چور دروازے سے بلا عوام کا سامنا کئے حضرت پارلیمنٹ میں پہنچ گئے۔ لہٰذا ملت بچ گئی۔ جب مقصد پورا ہو گیا تو تحریک کی ضرورت ہی کیا۔

تحریک کے دوران حضرت نے پوری کلاکاری کے ساتھ اپنے عربی اخبار کی ایک خفیہ اشاعت کرائی اور اس تحریک کے جہاد اور مجاہدین کی کئی درجن فرضی تصویریں چھپوا کر اس ایڈیشن کو عرب ممالک میں اسمگل کر کے شہرت اور دولت کے معاملے میں اربوں کو خوب خوب بیوقوف بنایا۔

خزانہ عامرہ

طالع آزمائی کے میدان میں قدم رکھتے ہی انہوں نے مسلمانوں کے

انگریزی اخبار کی ضرورت پر خون کے آنسو بہائے۔ پھر اخبار کی اشاعت کا بھاری بوجھ اپنے نازک کندھے پر اٹھانے کا بیڑہ اٹھایا خواہ حضرت انگریزی کی اے بی سی ڈی سے بھی واقف نہ ہوں۔

انہوں نے انگریزی اخبار فنڈ کے لئے ملک گیر چندے کی مہم چلائی۔ اخبار کی ضرورت تو تھی ہی مسلمانوں نے اپنی جیبیں خالی کر دیں اور ایک محتاط اندازے کے مطابق حضرت نے اس وقت کے بارہ لاکھ روپئے جمع کر لئے جن کی قیمت آج ڈیڑھ کروڑ سے بھی زیادہ ہے۔

لیکن یہ خطیر رقم بلا کسی ڈکار کے ان کی عظیم توند میں سما گئی۔ انہوں نے عطیہ دہندگان کو یہ بتانے کی بھی ضرورت نہیں سمجھی کہ کتنا خزانہ جمع ہوا ہے۔ انگریزی اخبار کا نکلنا تو بہت دور کی بات ہے انہوں نے مجاہد ملت کے انگریزی ہفتہ روزہ دی مسیج ویکلی کے بچے کھچے اثاثے بھی ہضم کر لئے۔ ان کی پارٹی کی حکومت نے جب جب ''فرقہ وارانہ فساد'' کے نام پر مسلمانوں کی گوش مالی کی تب تب حضرت کو ''جمعیۃ العلماء ریلیف فنڈ'' کے نام سے خزانۂ عامرہ کی توسیع کا موقع ملتا رہا۔ پہلے ریلیف فنڈ کا کچھ حصہ خرچ بھی ہوتا تھا لیکن اب تو حضرت اتنے ڈھیٹ ہو چکے ہیں کہ پورے کے پورے اونٹ سالم نکل جاتے ہیں جیسا کہ بہار شریف دوسرے ریلیف فنڈوں کے سلسلے میں ہوا، جہاں ایک پائی کی بھی ریلیف تقسیم نہیں ہوئی۔

ان کے علاوہ مریدین کی بڑھتی ہوئی فوج کے نذرانے بھی ان کی وسیع آمدنی کا ایک ذریعہ ہیں۔

قارئین! غور فرمائیں۔ حضرت کی ظاہری آمدنی تقریباً صفر ہے، راجیہ سبھا کی تنخواہ سے تو اس دور میں صرف صاف کپڑے ہی پہنے جا سکتے ہیں، یہ ممبری بھی

کل ملا کر آٹھ سال حضرت کے پاس رہی ہے، لیکن دیوبند میں ''مدنی منزل'' نام کا محل، سوتیلے بھائیوں کے لئے ان کے تعمیر کردہ مکانات تیار ہو گئے۔

ساری دنیا اور پورے ملک کا روزہ مرہ ہوائی سفر، منزل منزل اور مسجد عبدالنبی کا روزانہ کا ہزاروں روپئے کا شاہانہ خرچ اور ٹھاٹ باٹ آخر یہ سب کہاں سے آتا ہے۔

اگر شری اسعد مدنی چیلنج کریں تو میں ثابت کرسکتا ہوں کہ جنتا دور میں بڑے نوٹوں کی منسوخی کے بعد حضرت کے صرف پانچ ہزار اور دس ہزار کے پانچ لاکھ نوٹوں کی شکل میں حالاں کہ نقصان ہوا، ہزار کے نوٹ اس کے علاوہ رہے ہوں گے لیکن حضرت کی صحت پر اس کا معمولی سا بھی اثر نہیں ہوا۔

آخری حد

۱۳؍اگست کو آقایانِ ولی نعمت کی سرکار نے مرادآباد کی عید رمضاں کو جس طرح عید قرباں میں تبدیل کیا، اس سے ہر شخص واقف ہے۔ مرادآباد کی عید گاہ اسلامیانِ ہند کے جسم پر ایک ایسا زخم ہے جو شاید ہمیشہ رستا ہی رہے۔

اسعد جی کی پارٹی نے اس قتل عام کو فرقہ وارانہ فساد قرار دیا۔ ملک کا نیشنل پریس اخبارات اور آل انڈیا ریڈیو نے اس کو ''فرقہ وارانہ فساد'' ثابت کرنے کے لئے اپنی پوری توانائیاں اور صلاحیتیں صرف کردیں۔ پورے ملک کے مسلمانوں اور انصاف پسند غیر مسلموں کا ایک ہی موقف تھا اور اب تک ہے کہ یہ فساد نہیں، پولیس کے ذریعہ مسلمانوں کا قتل عام ہے۔

ان داتاؤں کو پریشانی لاحق ہوئی تو فوراً حضرت والا کی خدمات حاصل کی گئیں۔ اس پورے معاملے میں شری اسعد مدنی کا کردار دیکھنے کے لئے

ضروری ہے کہ قارئین ۱۵ر اگست سے ۳۱ر اگست تک اخبارات پر ایک سرسری نظر ڈال لیں۔

مسلمانوں کا موقف یہ تھا کہ یہ پولیس کے ذریعہ قتل عام ہے۔ حکومت اس کو فرقہ وارانہ فساد کہتی تھی۔ لہٰذا شری اسعد مدنی اور شری عبدالرحمٰن انتولے کا مشترکہ بیان جاری کرایا گیا جس میں حضرت سید الملت نے الزام لگایا کہ مرادآباد کا فساد جماعت اسلامی نے کرایا ہے۔

یعنی یہ کہ مرادآباد میں قتل عام نہیں ہوا، ہندو مسلم فساد ہوا ہے اور وہ فساد بھی ایک مسلم تنظیم جماعت اسلامی نے کرایا ہے۔ حکومت ہند نے بھی ایسے ایسے غلط اور جھوٹے الزامات لگائے۔

شری اسعد مدنی کے دوسرے الزامات اور قطعی طور پر غلط اور حکومت کی طرف سے لگائے الزامات کی تائید کے سوا کچھ نہیں۔

پاکستان کے صدر ضیاء الحق سے بھی ایک لخت احتجاج کر ڈالا کہ وہ ہندوستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت نہ کریں۔ مرادآباد کے مسلمانوں کو پولیس کے خلاف استعمال کرنے کے لئے نہ بھیجیں۔

یعنی واقعی اسلحہ پکڑا گیا، واقعی ضیاء الحق اس کو مرادآباد بھیج رہا تھا، اس سے یہ بھی ثابت کرنا مقصود تھا کہ مرادآباد کے مسلمان بھی پاکستانی ایجنٹ ہیں۔

بلا کسی لمبے چوڑے تبصرے کے ہندوستانی مسلمانوں کو اس اہم سوال پر غور کرنا چاہیئے کہ اگر عبداللہ ابن اُبی یا اس کی ذہنیت کا کوئی بھی مشہور شاہکار زندہ ہوتا تو اس دور میں کیا اس سے آگے جا سکتا تھا جہاں تک حضرت والا چلے گئے؟

* * *

رپورٹ کارکردگی

آل انڈیا مسلم مجلس اتر پردیش

پیش کردہ

الیاس اعظمی

جنرل سکریٹری مسلم مجلس، اتر پردیش

بمقام

حبیب نگر، بیگم حضرت محل پارک، لکھنؤ

صوبائی کانفرنس ۱۲/۱۱/ مارچ ۸۴ء

رپورٹ کارکردگی

محترم بزرگو اور عزیز دوستو!

ایک طویل عرصے کے بعد آج ہمیں لکھنؤ کے تاریخی شہر میں اکٹھا ہونے کا موقع مل رہا ہے۔ ۱۹۶۴ء میں اسی لکھنؤ شہر میں مسلمانانِ ہند نے ایک تاریخ ساز کانفرنس کر کے آزادی کے بعد اٹھارہ سال کی مایوسی و محرومی کے بعد اپنا پہلا سفر شروع کیا تھا۔ پھر ۱۹۶۸ء میں اسی لکھنؤ شہر میں آپ نے ہریجنوں اور دیگر مظلوم طبقات کی کانفرنس کر کے پہلی بار ان طبقات میں احساس زیاں پیدا کر کے انہیں شوق سفر کی لذت سے روشناس کرایا تھا۔

مرحوم قائد ملت کی تاریخ ساز شخصیت سے محروم ہونے کے نو مہینے بعد اسی شہر میں مرحوم حبیب احمد کی قیادت میں تاریخی کانفرنس کر کے آپ نے نہ صرف یہ ثابت کر دیا تھا کہ قائد ملت کے بغیر بھی آپ ان پروگرام کو بروئے کار لانے کا پختہ عزم رکھتے ہیں جن کے لئے مرحوم قائد ملت نے اپنی جان قربان کی تھی بلکہ آپ نے اسی کانفرنس میں کرپشن و بدعنوانی کے خلاف جے پرکاش نرائن کی تحریک کی حمایت کا تاریخ ساز فیصلہ کر کے یہ بھی ثابت کر دیا کہ ملک اور عوام کی خدمت کے لئے آپ بے خطر آتش نمرود میں کود پڑنے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔

مارچ ۷۵ء کی کانفرنس کے بعد مسلم مجلس نے لیوی مخالف تحریک اور جے پرکاش تحریک میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کر کے پورے ملک پر یہ ثابت کر دیا

کہ مجلس اقلیتوں اور دیگر کمزور طبقات کے مفادات کی ترجمان ہی نہیں بلکہ ملک کے اجتماعی مسائل میں آگے بڑھ کر قربانی پیش کرنے میں دوسری سیاسی پارٹیوں سے کہیں آگے ہے۔ مذکورہ بالا تحریکات میں مجلس کی کارکردگی کو اتر پردیش کی تاریخ سے کھرچا نہیں جاسکتا۔

ایمرجنسی

قائد ملت کی رحلت کے فوراً بعد مظلوم طبقات کی اجتماعیت کے وہ سارے مخالف جو زندگی بھر مرحوم کو گالیاں دیتے اور ان کی ٹانگ کھینچتے رہے تھے اچانک میدان میں آگئے اور مرحوم پر مگرمچھ کے آنسو بہا بہا کر مظلوم طبقات کو یہ باور کرانے لگے کہ ڈاکٹر فریدی کے ساتھ ہی آپ کی جدوجہد کا کھیل ختم ہو چکا ہے۔ ایک سازش کے تحت یہ پروپیگنڈہ بہت بڑے پیانے پر اس لئے کرایا گیا کہ مظلوم طبقات اپنی اجتماعیت اور سیاسی طاقت کے خواب سے مایوس ہو کر ایک بار پھر ان کی سیاسی مفاد پرستی کے بے بس شکار بن جانے پر مجبور ہو جائیں، حالاں کہ لکھنؤ میں آپ یہ ثابت کر چکے تھے کہ قائد ملت کے بعد آپ کو اپنی اپنی ذمہ داریوں کا احساس پہلے سے کہیں زیادہ ہو چکا ہے۔ مجلس وسائل کے فقدان اور عملی تحریک نیز قومی تحریکات میں الجھنے کی وجہ سے اس پروپیگنڈے کی خاطر خواہ کاٹ نہ کر سکی تھی، نہ ہی اس سازش کا پردہ چاک کرنے کی پوزیشن حاصل کر سکی تھی کہ سارے ملک کی وزیر اعظم نے اپنی کرسی کے تحفظ کے لئے ملک میں داخلی ایمرجنسی کا اعلان کر کے خدائی اختیارات حاصل کر لئے۔

آج نو سال گزرنے کے بعد بھی ہم اس بات پر فخر کر سکتے ہیں کہ مجلس نے وزیر اعظم کے اس خدائی دعوے کو چیلنج کرنے میں اولیت کا شرف حاصل کیا اور

مجلس کے کارکنوں پر ڈی آئی آر اور میسا کی کلہاڑی بے دریغ چلا دی گئی اور تقریباً سبھی کارکنوں کو ظلم و خوف و ہراس، وارنٹوں اور تلاشیوں کے طویل اور صبر آزما دور سے گذرنا پڑا۔ مجلس کے صدر دفتر کو تلاشی کے بہانے تاراج کیا گیا اور کئی قیمتی ریکارڈ جو آنے والی نسلوں کے لئے تاریخی دستاویز بن سکتے تھے تلف کردیئے گئے۔ ہمیں اس بات پر ہمیشہ فخر رہے گا کہ مجلس واحد سیاسی پارٹی تھی جس کے ایک بھی کارکن نے معافی نہیں مانگی۔ ایمرجنسی کی بھٹی میں تپ کر کارکن کندن بنے لیکن اٹھارہ مہینوں کے دورِ زباں بندی کے دوران مفاد پرستوں کے اس یک طرفہ پروپیگنڈے نے کسی قدر اپنا کام کرلیا کہ ڈاکٹر فریدی کے بغیر تنظیم چل ہی نہیں سکتی۔ مفاد پرستانہ پروپیگنڈے کے ذریعے پیدا کئے گئے اس احساس نے مظلوم طبقات کو بہت زیادہ نقصان پہنچایا۔

۷۷ء کا الیکشن

ہنگامی اختیارات کے انجکشن پر زندہ۔ ہماری تاریخ کی سب سے نااہل اور بزدل پارلیمنٹ کی زندگی کا چراغ ۲۰ رجنوری ۷۷ء کو گل کردیا گیا اور ڈھیلی ایمرجنسی کے تحت بہت کم وقت دے کر الیکشن کا اعلان ہوا۔ ۲۵ رجنوری کو ایمرجنسی کی شکار پارٹیوں نے ایک دوسرے میں ضم ہوکر جنتا پارٹی بنانے کا اعلان کیا۔ ۳۰ رجنوری کو مسلم مجلس نے اپنے وجود کو برقرار رکھتے ہوئے جنتا پارٹی سے اشتراک و تعاون کا فیصلہ کیا۔ مجلس نے ایمرجنسی سے پہلے اور بعد میں کسی سے کم قربانی نہیں دی تھی۔ ایمرجنسی کی سڑکوں پر مسلمانوں کے علاوہ کسی کو چیلنج کرنے کی ہمت نہیں ہوئی۔ ترکمان گیٹ سے کیرانہ و سلطان پور تک انہیں کے خونِ ناحق کی آگ میں جل کر کانگریس کا ناقابل تسخیر قلعہ بھسم ہوا۔ الیکشن میں ننانوے

فیصد مسلمانوں نے تن من دھن قربان کر کے جنتا پارٹی کے لیڈرں کو جیل کی سلاخوں سے ایوان اقتدار تک پہنچایا لیکن اقتدار میں مسلمانوں کا حصہ صفر ہی رہا کیوں کہ مفاد پرستوں کا یہ پروپیگنڈہ اثر انداز ہو چکا تھا کہ ڈاکٹر فریدی کے بعد مجلس کی کوئی سیاسی اہمیت نہیں ہے۔ لہٰذا جب جنتا پارٹی نے یہ سمجھ لیا کہ جب مسلمان براہِ راست جنتا پارٹی کی طرف جھک رہے ہیں تو مسلم مجلس کو زیادہ اہمیت دینا گھاٹے کا سودا ہوگا کیوں کہ تنظیم کے تحت ووٹ دینے میں تنظیم ان کی پوری پوری قیمت پالیسی و پروگرام پر اثر انداز ہو کر وصول کرے گی۔ لہٰذا جنتا پارٹی نے یہ بہانہ بنا کر کہ مجلس نے جنتا میں انضمام سے انکار کر کے اپنے آپ کو گھٹک کے حصے سے محروم کر لیا ہے، اسے چند سیٹوں پر قناعت کر لینے پر اس لئے مجبور کر دیا کہ وہ سمجھ چکے تھے کہ اب مجلس چاہے بھی تو ووٹروں کو جنتا پارٹی سے الگ نہیں کر سکتی۔ اگر ہمارے عوام تنظیم کے تحت حرکت کرنے کا مظاہرہ کرتے تو انہیں ان کی قربانیوں کا پورا پورا صلہ ملتا۔

الیکشن کے بعد

۷۷ء کے پارلیمنٹ الیکشن میں پہلے جنتا پارٹی نے مسلم مجلس کو پارلیمنٹ کی سات نشستوں کی پیشکش کی لیکن پرچہ نامزدگی کا وقت آتے آتے جب اس نے محسوس کر لیا کہ مسلمان ووٹر براہِ راست جنتا پارٹی کو ووٹ دیں گے تو اس نے نہ صرف یہ کہ مختلف بہانوں کے ذریعہ صرف دو ہی نشستیں دیں بلکہ الیکشن مینی فیسٹو پر گفتگو کے دوران اس نے مسلمانوں اور دیگر مظلوم طبقات کے مسائل پر بھی دو ٹوک انداز میں وعدہ کرنے کے بجائے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے علاوہ دیگر مسائل میں صرف اقلیتی کمیشن بنانے میں اور اس کی سفارشات کو قانونی شکل میں

تسلیم کرنے سے زیادہ کچھ نہیں کیا۔ اسمبلی الیکشن میں جب مسلم مجلس نے جنتا پارٹی سے تعاون کرنے کے معاملے میں سخت موقف اپنانے کا رخ اختیار کیا تو چھبیس نشستیں دینے کی بات رکھی گئی لیکن جب مجلس نے جنتا پارٹی ہی کا ساتھ دینے کا اعلان کر دیا تو آخری ساعتوں میں اسے صرف دس نشستیں تھمادی گئیں۔ ان معاملات میں جو کچھ ہوا اس میں مجلس کی لیڈرشپ کی کسی غلطی یا کمزوری کا کوئی دخل نہیں تھا بلکہ اس کی وجہ جنتا پارٹی کا یہ احساس تھا کہ مجلس کے بغیر بھی مسلمان ووٹر اس کو ووٹ دیں گے۔

وزارتوں کی تشکیل

مرکز میں وزارت میں مسلم مجلس کو شمولیت کی دعوت پہلے ہی مل چکی تھی، اسمبلی الیکشن کے بعد صوبائی وزارت کی تشکیل کے بعد یوپی میں بھی وزارت کی پیشکش ہوئی۔ ۲۵؍جون ۷۷ء کو صوبائی ورکنگ کمیٹی نے بعض دوررس وجوہات کو سامنے رکھ کر مرکزی وصوبائی وزارتوں میں شرکت کا فیصلہ کیا، یہ فیصلہ کافی ردوکد اورغور وخوض کے بعد اس جذبے کے تحت کیا گیا تھا کہ نئے حالات کو زیادہ سے زیادہ مفید بنانے کے لئے کابینہ کے اندر بھی کوشش کی جائے۔

وزارتوں میں شرکت کے بعد عوام جمہوری نظام کی اس تلخ حقیقت کو سمجھے بغیر کہ دو تہائی اکثریت والے ایوان میں چند نشستوں پر قابض تنظیم پالیسی و پروگرام پر کس حد تک اثر انداز ہوسکتی ہے ان وزارتوں سے بہت زیادہ توقعات وابستہ کرلیں، جس کا لازمی نتیجہ یہی نکلنا تھا کہ عوامی تنقیدوں سے مجلس کے کارکن بھی متاثر ہوئے اور غلط فہمیوں نے جنم لیا۔ نہ صرف یہ کہ مجلس میں گروپ بندیوں نے جنم لیا بلکہ مجلس تین حصوں میں تقسیم بھی ہوگئی۔ ان گروپ بندیوں میں کسی

نفسانیت یا مفاد پرستی کو کوئی دخل نہ تھا جس کا ثبوت یہ ہے کہ غلط فہمیوں کا پردہ چاک ہوتے ہی مجلس سینہ چاکانِ چمن کے سارے سینہ چاک پورے خلوص کے ساتھ مل کر فوراً ایک واحد تنظیم بن گئے اور جس سے بھی سوچنے سمجھنے یا غلط فہمی میں پڑنے کی کوئی غلطی سرزد ہوئی تھی سب نے اس کا کھلے دل سے اعتراف کیا۔

یہ صحیح ہے کہ ان وزارتوں کے دوران جنتا حکومت کے ذریعے زیادہ سے زیادہ مسائل حل کرا لینے کی کوششوں میں غلط فہمیوں کے باعث مجلس کے کارکن باہمی کشمکش میں بھی مبتلا ہوئے لیکن یہ کہنا بالکل غلط ہے کہ ان وزارتوں سے کوئی فائدہ نہیں ہوا۔

اقلیتی کمیشن

اس پر بحث کی جا سکتی ہے کہ اقلیتی کمیشن کے قیام سے کیا فائدہ ہوا لیکن اس پر بحث کی کوئی گنجائش نہیں ہے کہ کمیشن کے قیام کا مطالبہ اقلیتیں ایک طویل عرصہ سے کر رہی تھیں۔ ۷۷ء میں مسلم مجلس نے مسز گاندھی سے بھی اس کا وعدہ لیا تھا جو پورا نہیں ہوا۔ مسلم مجلس ہی نے جنتا پارٹی سے کمیشن کے قیام کا وعدہ لیا تھا اور جب جنتا حکومت نے اقلیتی کمیشن کے قیام کے بجائے سول رائٹ کمیشن کے قیام کا فیصلہ کیا تو وزارتوں میں شرکت کے باوجود نہ صرف مجلس نے کھلے عام اس پر احتجاج کیا۔ مرحوم حبیب احمد کی قیادت میں مجلس کے وفد نے وزیراعظم، وزیر داخلہ سے مل کر نیز محترم شیخ ذوالفقاراللہ نے کابینہ میں دباؤ ڈال کر اقلیتی کمیشن بنوایا۔

پاسپورٹ

شریمتی اندرا گاندھی نے پاسپورٹ کے حصول کو مشکل اور اس پر خلیجی ممالک

کے انڈورنمنٹ کو تقریباً ناممکن بنا دیا تھا، جنتا حکومت کے قیام کے بعد مسلسل مجلس کے وفد نے وزیر خارجہ شری اٹل بہاری واجپئی سے مل کر پاسپورٹوں کے موجودہ ضوابط پر مشتمل میمورنڈم دیا، اس وقت کے ضوابط کے مضمرات اوران سے ہونے والے قومی نقصانات کی نشان دہی کی۔ وزیر خارجہ نے مجلس کے میمورنڈم کی ساری سفارشات کو قانونی شکل دے کر انٹرنیشنل پاسپورٹ کے حصول کو بالکل آسان بنا دیا، اس سے لاکھوں بے روزگار نوجوانوں کو دوسرے ملک میں روزگار کے مواقع ملے اور ہمارے ملک کے لئے زرمبادلہ کا سب سے بڑا ذریعہ ہاتھ آیا۔

پرسنل لاء

کانگریس حکومت مسلم پرسنل لاء میں ترمیمات کی بات کرتی رہی تھی، اس سلسلے میں اس نے جتنا بل پارلیمنٹ میں پیش کر رکھا تھا اُس بل کے خلاف آپ پہلے ہی تحریک چلا چکے تھے۔ جنتا دور حکومت نے اس بل کو پاس کرنے کے عزم کے ساتھ اس کو پہلے راجیہ سبھا میں رکھا۔ مجلس کے وفد نے فوراً وزیر قانون شانتی بھوشن سے مل کر اس پر احتجاج کیا لیکن وزیر قانون نے دوٹوک انداز میں کہہ دیا کہ بل تو پاس ہوگا۔ لہٰذا ہندوستان کی تاریخ میں پہلی بار ایک مرکزی وزیر محترم شیخ ذوالفقاراللہ صاحب نے اپنی رہائش گاہ پر سبھی مسلم ممبران پارلیمنٹ کی میٹنگ بلا کر پارلیمنٹ کے اندر سرکاری بل کی اعلانیہ مخالفت کر کے اس کے خلاف ووٹ دینے کا فیصلہ کرلیا، جس سے مجبور ہو کر حکومت نے نہ صرف یہ بل واپس لے لیا بلکہ وزیر قانون کو پارلیمنٹ میں یہ یقین دہانی کرنی پڑی کہ حکومت پرسنل لاء میں آئندہ بھی مداخلت نہیں کرے گی۔ (۸رنومبر ۷۸ء)

مرحوم حبیب احمد کی رحلت

ابھی یہ جدوجہد جاری تھی کہ قائد ملت ڈاکٹر فریدی کے جانشین حبیب احمد صاحب کی پرعزم اور مخلص قیادت سے محروم ہوگئے۔ مرحوم نے قائد ملت کے بعد اپنی علالت کے باوجود جس عزم اور جان سوزی سے ہماری قیادت کی تھی وہ مسلمانانِ ہند و دیگر مظلوم طبقات کی تاریخ کا ایک ایسا باب ہے جس سے ہماری آئندہ نسلیں بھی فیضان حاصل کریں گی۔ حبیب احمد صاحب کے بعد مجلس کی قیادت کا بار جناب اقبال حسین خاں صاحب پر ڈالا گیا۔

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی بازیابی کی تحریک سے آپ واقف ہیں۔ الیکشن کمیٹی کی قیادت میں لڑی جانے والی اس عظیم جنگ میں نام ونمود کی خواہش کے بغیر مسلم مجلس کے کارکنوں نے جو قربانیاں دیں ہیں وہ ہماری ملی تاریخ کا ایک ناقابل فراموش حصہ ہے۔ آپ اس سے بھی واقف ہیں عم محترم شفیق الرحمٰن صاحب (خدا ان کا سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے، آمین) علی گڑھ تحریک ہی کی وجہ سے مجلس کی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہوئے تھے۔ جنتا حکومت کے قیام کے فوراً بعد مرحوم حبیب احمد نے علی گڑھ کے مسئلے پر وزیر تعلیم سے ملاقات کی جس کا حوصلہ افزا جواب ملا۔ لہٰذا علی گڑھ تحریک گرم مرحلے سے نکل کر سرد جنگ میں داخل ہوئی۔ سرد تحریک کا یہ مرحلہ گرم جنگ سے کم صبر آزما اور تکلیف دہ نہیں تھا، اس کی تفصیلات بھی گرم جنگ کی تفصیلات سے زیادہ طولانی ہیں، لیکن طوالت سے بچنے کے لئے ہم اس حقیقت کو واضح کرکے بات ختم کرتے ہیں کہ جنتا حکومت کے

قیام کے بعد سے ایکٹ کی لوک سبھا سے منظوری تک جتنے بھی مرحلے آئے سب میں مسلم مجلس نے نہ صرف قائدانہ رول ادا کیا بلکہ کئی مواقع پر الحاج ذوالفقاراللہ نے وزارت کو داؤں پر لگا کر کابینہ کے اندر اور الیکشن کمیٹی میٹنگوں اور اپنے مکان پر بلائی جانے والی ممبران پارلیمنٹ کی میٹنگوں کی قیادت کی۔ مٹھی بھر مفاد پرستوں کو چھوڑ کر سب اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہیں۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کا دوبارہ حصول مسلم مجلس کا ایک ایسا کارنامہ ہے جس پر مجلس کے کارکن بجا طور پر فخر کر سکتے ہیں۔ اس کا اعتراف الیکشن کمیٹی بھی کر چکی ہے۔

فسادات

ماضی کی طرح جنتا دور میں بھی علی گڑھ، بنارس اور سنبھل میں فرقہ وارانہ فسادات ہوئے اور ان میں بھی پولیس و پی-اے-سی نے وہی رول ادا کرنے کی کوشش کی جس کی ماضی کی کانگریس حکومت نے تربیت دی تھی، لیکن کیا اس حقیقت سے انکار کیا جا سکتا ہے کہ جنتا دور میں اتر پردیش کی حد تک تینوں فسادات کی نوعیت ''فرقہ وارانہ فسادات'' ہی کی رہی۔ پولیس و پی اے سی کے ہاتھوں یک طرفہ قتلِ عام، یک طرفہ لوٹ مار اور یک طرفہ گرفتاریوں و مقدمات کی صورت نہیں پیدا کی جا سکی۔ جس طرح ماضی میں ہوتی تھی یا پھر ۸۰ء کے بعد اُس نے بھیانک شکل اختیار کی۔ اس کے لئے اس کی دوسری وجہ نہیں ہے کہ فساد زدہ علاقوں میں مجلس کے وزراء اور ممبرانِ اسمبلی برابر موجود رہے اور مجلس کے کارکنوں نے لکھنؤ میں بیوروکریسی کو من مانی کرنے پر ہر ممکن حد تک روک لگائے رکھی۔

پسماندہ طبقات کا ریزرویشن

مجلس ہریجنوں اور پسماندہ طبقات کے لئے نوکریوں کے ریزرویشن کی

ہمیشہ حامی رہی ہے بلکہ پسماندہ طبقات میں احساسِ زیاں پیدا کر کے اپنے حقوق کے لئے جدوجہد کرنے کی تڑپ پیدا کرنے میں ڈاکٹر فریدی اور مسلم مجلس نے بنیادی رول ادا کیا تھا۔ ہمیں یہ کہنے میں کوئی باک نہیں ہے کہ ملک میں پہلی بار سرکاری نوکریوں میں پسماندہ طبقات کے لئے ریزرویشن کرنے میں مجلس اور اس کے وزراء نے اہم رول ادا کیا۔ ریزرویشن کے اس پہلے فیصلے نے واضح طور پر مسلمانوں کی اکیس پسماندہ برادریوں کو شامل کرانا مسلم مجلس کا ایک کارنامہ ہے۔

کارکردگی

مرکز اور صوبے میں مجلس کو جو وزارتیں ملی تھیں، وہ نہ صرف یہ کہ ''پیسہ بنانے کی مشین'' سمجھی جاتی ہیں بلکہ یہی وزارتیں سب سے کرپٹ اور بدعنوان، کام چور اور نااہل بھی ہیں۔ مجلسی وزرا نے ان وزارتوں کو چاق و چوبند بنا کر نیز ان کی کارکردگی میں تیز رفتار اضافہ کر کے تھوڑے سے وقت میں ملک کی اہم خدمت انجام دی اور انکم ٹیکس کے محکمے کی دست برد سے چھوٹے ٹیکس دہندگان کو بڑی حد تک محفوظ رکھا۔ نیز اداروں کو ملنے والے عطیات میں انکم ٹیکس آفیسران کی دھاندھلیوں پر قدغن لگا دیں۔ مجلس کا بڑے سے بڑا دشمن بھی مجلس کے وزراء پر بدعنوانی اور کرپشن کا الزام نہیں لگا سکتا۔

کسان ریلی

جنتا دور میں مسلم مسائل کے سلسلے میں مجلس کو چودھری چرن سنگھ سے کافی شکایتیں رہیں، لیکن چودھری کو وزارت سے نکال دیا گیا اور پسماندہ طبقات سے متعلق وزرائے اعلیٰ کو ہٹانے کی کوشش شروع ہوئیں تو سخت شکایتوں کے باوجود

مجلس نے دن بھر کی بحث وغور وخوض کے بعد پسماندہ طبقات کی مدد کرنے کے لئے کسان ریلی میں شرکت کرنے اور شکایتوں کے باوجود چودھری چرن سنگھ کا ساتھ دینے کا فیصلہ کیا اور ریلی کی تاریخ کے سب سے بڑے مظاہرے میں مجلس کے صوبائی صدر اقبال حسین خاں کی تقریر نے سب سے زیادہ خراج تحسین حاصل کیا۔

جنتا کی پھوٹ

جنتا پارٹی کی شکست وریخ کے وقت مجلس نے پسماندہ طبقات کے مفادات اور اُس طبقے کو اقلیتوں سے قریب لانے کے نقطۂ نظر سے چودھری چرن سنگھ کا ساتھ دینے کا فیصلہ لیا اور ذوالفقار اللہ صاحب نے مجلس کے فیصلے پر وزارت سے استعفیٰ دیدیا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ ذوالفقار اللہ صاحب پسماندہ طبقات کو اقلیتوں سے قریب لانے سے تو متفق تھے، لیکن کل چودھری چرن سنگھ اچانک کہاں پلٹا کھائیں گے، اس سے بالکل مطمئن نہیں تھے لیکن انہوں نے جماعت کے اکثریتی فیصلے پر عمل کرتے ہوئے جنتا وزارت سے استعفیٰ دیدیا۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ ذوالفقار اللہ صاحب کے مستعفی ہونے کے بعد ہی ممبرانِ پارلیمنٹ کی بڑی تعداد چودھری صاحب کے خیمے میں آئی۔

البتہ بعد کے واقعات نے ثابت کیا کہ چودھری صاحب کی فکر کی بابت ذوالفقار اللہ صاحب کی رائے صحیح تھی۔

۸۰ء کے پارلیمنٹ الیکشن

۲۳ر ستمبر ۷۹ء کو مسلم مجلس کی مشاورت نے ایک تجویز کے ذریعہ مسلم سیاسی جماعتوں کو ایک ہوجانے کا مشورہ دیا۔ اس پر عمل کرتے ہوئے ایک سیاسی تنظیم

کے علاوہ دیگر سبھی مسلم سیاسی تنظیموں نے ذوالفقار اللہ صاحب کی قیادت میں ''مسلم نیشنل فرنٹ'' بنالیا۔ جس پر چودھری چرن سنگھ یہ محسوس کر کے کہ اس طرح مسلمان ایک ایسی سیاسی طاقت بن سکتے ہیں جس کو اقتدار میں حصہ دار بنانا ناگزیر ہو جائے گا۔ برہم ہو کے انہوں نے مسلم مجلس سے مطالبہ کیا کہ ''مسلم نیشنل فرنٹ'' کو توڑ دیا جائے۔ جب مسلم مجلس نے صاف انکار کر دیا تو انہوں نے مجلس میں موجود کچھ نو واردوں کو ملا کر مجلس کو ہی راستے سے ہٹانے کا فیصلہ کر لیا۔ مجلس کی قیادت کو اُن سازشوں کا پوری طرح علم تھا کہ کسی جرأت مندانہ فیصلے کی صورت میں ہماری صفوں میں موجود اونچی حیثیتوں کے حامل افراد اپنے ذاتی مفاد میں جماعت کی پیٹھ میں چھرا گھونپ دیں گے۔ ان بدترین حالات میں جب کہ الیکشن کے پرچہ نامزدگی میں کل چار دن باقی رہ گئے تھے۔ الحاج ذوالفقار اللہ کی قیادت میں مجلس نے اپنی زندگی داؤں پر لگا کر ایک جرأت مندانہ فیصلہ کیا اور پسماندہ طبقات سے متعلق اپنے نظریات پر قائم رہتے ہوئے چودھری چرن سنگھ سے تعلقات توڑ لئے اور ذوالفقار اللہ صاحب نے وزارت پر لات ماردی۔

ملت و جماعت کے غداروں اور ان کے آقاؤں کو یقین تھا کہ مجلس کے کارکن بڑی تعداد میں اسمبلی و پارلیمنٹ میں پہنچنے کی لالچ میں مجلس کو چھوڑ کر لوک دل میں شامل ہو جائیں گے۔ آج ہم پورے فخر کے ساتھ یہ کہنے کی پوزیشن میں ہیں کہ زندگی اور موت کے اس امتحان سے بھی مجلس کے کارکن سرخرو ہو کر نکلے اور ملت کے وہ غدار جن کی منزل مقصود اسمبلی کی کرسیاں تھیں اپنے کیفر کردار کو پہنچ گئے۔ جن لوگوں نے ملت کی اس کشتی میں چھید کیا اور کشتی کو ڈوبتا ہوا دیکھ کر اس سے چھلانگ لگائی تھی وہ اب ڈوبنے سے بچنے کے لئے پاؤں مار رہے ہیں اور کچھ دور تک ڈگمگانے اور ہچکولے کھانے کے بعد کشتیٔ ملت پھر منزل کی طرف رواں دواں ہے۔

۸۰ء کے الیکشن

۸۰ء کی ابتداء میں مجلس اپنے زندگی کے نازک مرحلوں میں تھی، مجلس نے جنتا پارٹی کو توڑنے میں اہم کردار ادا کیا تھا، لیکن ملت کے بعض اکابرین کے مشورے یا حکم پر مجلس کو پھر جنتا پارٹی سے سمجھوتہ کرنا پڑا اور جنتا پارٹی نے مجلس کی ساری شرائط اور پروگراموں کو اپنے الیکشن مینوفیسٹو اور چندر شیکھر و بابو جگ جیون رام کے اعلانات کے ذریعے تسلیم کیا۔ مجلس نے لوک سبھا کی چار سیٹوں پر مقابلہ کیا اور جنتا پارٹی کے دوسرے امیدواروں کے مقابلہ میں زیادہ ووٹ لینے کے باوجود کوئی سیٹ جیتی نہ جاسکی۔ اس کی وجہ ہمارے عوام مخالفانہ پروپیگنڈے کا شکار ہوگئے اور وسائل کے فقدان کی وجہ سے ہم جھوٹے اور بے بنیاد پروپیگنڈوں کی کاٹ نہ کرسکے۔ پارلیمنٹ الیکشن کے بعد جنتا پارٹی کے بچے کھچے گھٹک بھی الگ ہوگئے۔ بابو جگ جیون رام نے کانگریس میں شمولیت اختیار کرلی۔ مجلس نے ان گھٹکوں میں الیکشنی مفاہمت کی کوشش کی لیکن کامیاب نہ ہوسکی۔ اسمبلی الیکشن میں ہم نے بابو جگ جیون رام کے اشتراک وتعاون سے لڑا لیکن الیکشن کے دوران کانگریس میں اندرونی کشمکش کی وجہ سے جگ جیون رام متحرک نہ رہ سکے اور پہلی مرتبہ کوئی اسمبلی مسلم مجلس کی جرأت مندانہ نمائندگی سے محروم ہوگئی۔ پھر بھی مجلس کے امیدواروں کو بحیثیت مجموعی کافی ووٹ ملے۔

پیدل مارچ

۸۰ء کے اسمبلی انتخابات کے بعد مجلس مخالفانہ پروپیگنڈوں اور الیکشنی ناکامی کی وجہ سے مزید مضمحل ہوچکی تھی۔ تنظیم کے کئی اچھے کارکن بددل تھے، ان

حالات میں سید اسد حسین ایڈوکیٹ جیسے نوجوان کو صوبائی مجلس کی قیادت سونپی گئی اور انہوں نے مجلس کو ایک فعال تنظیم بنانے کی جدوجہد شروع کی۔ ان بدترین حالات میں ۱۳/اگست ۸۰ء کو مرادآباد کی عیدگاہ میں نمازیوں کے اسّی ہزار کے مجمع پر پولیس و پی اے سی نے اندھادھند گولیاں برسا کر سیکڑوں معصوم افراد بوڑھوں اور بچوں کو شہید کرڈالا۔ حکومت اور اس کے حاشیہ بردار مسلمان نما منافقوں نے اس وحشیانہ قتل عام کو ''فرقہ وارانہ فساد'' قرار دے کر الٹے مظلوموں پر طرح طرح کے الزامات عائد کرنے شروع کئے۔ اس المیئے نے مجلس کے کارکنوں کو ایک بار پھر جھنجھوڑ ڈالا اور انہوں نے اپنی طاقت بھر اضلاع میں احتجاج شروع کیا اور سیکڑوں کی تعداد میں جیل گئے۔ مجلسی کارکنوں کی پارٹی کے بعد ۱۰/ستمبر ۸۰ء کی میٹنگ میں صوبائی مجلس نے جلیاں والا باغ کے بعد اس وقت تک کی تاریخ کے سرکاری مشنری کے ذریعے ہونے والے سب سے بھیانک قتل عام کے خلاف عوامی ضمیر کو بیدار کرنے کے لئے لکھنؤ سے دلی تک پانچ سو دس کلومیٹر پیدل مارچ کا فیصلہ کیا۔ مارچ ۲/اکتوبر کو گاندھی جینتی کے موقع پر شروع ہونا تھا، تیاریوں کے لئے کل چار دن کا وقت تھا۔ وسائل نام کی کوئی چیز نہیں تھی، راستے میں شاہ جہاں پور سے مرادآباد تک کشیدگی کی فضا تھی۔ بعض جگہوں پر کرفیو چند دن پہلے ختم ہوا تھا۔ مجلس کے اکابرین سخت اندیشے میں مبتلا تھے لیکن نوجوانوں نے اس عزم کے ساتھ ۲/اکتوبر ۸۰ء کو لکھنؤ کی بارہ دری سے مارچ شروع کیا کہ اگر راستے میں ہمیں شہید بھی کردیا گیا تو چوبیس نمبر کی قومی شاہراہ پر بہنے والا ہمارا خون گلی کوچوں میں بہنے والے خون کی طرح رائیگاں نہیں جائے گا بلکہ یہ رنگ لائے گا اور اُس کے چھینٹوں سے ایک ایسا ہندوستان جنم لے گا جس میں کسی سے اس کے مذہب، ذات اور رنگ و نسل کی بنیاد پر امتیاز نہ ہوگا۔ پی اے سی کو

توڑنے، ظلم ختم کرنے اور فرقہ وارانہ اتحاد کے بینر اٹھائے ہوئے اس مارچ کا راستے بھر ہندو مسلم عوام نے زبردست خیر مقدم کیا۔ راستے میں بعض جگہوں پر شر پسند پولیس نے ہمیں غنڈوں سے پٹوانے کی سازش بھی کی، لیکن زبردست عوامی حمایت کی وجہ سے سازش کامیاب نہ ہوسکی۔ رامپور اور گنج شہیداں مرادآباد کے عوام نے مارچ کا جتنی گرم جوشی سے خیر مقدم کیا اس کی مثالیں کم ملتی ہیں۔ ۲۰؍اکتوبر ۸۰ء کو جامع مسجد دہلی پر عید قرباں کی نماز پر مارچ کا اختتام ہوا۔ اس مارچ کا ملک پر اثر ہوا، بڑے بڑے نیشنل اخبارات نے تصاویر کے ساتھ اداریئے اور مضامین لکھے اور اس کی تقلید میں ملک بھر میں عوامی مسائل پر پیدل مارچوں کا ایک سلسلہ شروع ہوا۔

ہمیں اس کا اعتراف ہے کہ تنظیم کی پژمردگی اور وسائل کے فقدان صدر مجلس سید اسد حسین کی اچانک علالت، نائب صدر محمد الیاس اعظمی کی اہلیہ کی مارچ کے دوران رحلت اور مارچ کے لیڈر فضل الباری صاحب کی کچھ ذاتی مجبوریوں کی وجہ سے اس تاریخی مارچ سے کوئی تنظیمی فائدہ نہ اٹھا سکے۔

صدر مجلس کی علالت

مارچ کے بعد صدر مجلس اسد حسین صاحب اور مرحوم قائد ملت کے فرزند فرید میاں نے مجلس کی تنظیم نو کے لئے جدوجہد شروع کی لیکن دورے کے دوران ہی اسد صاحب پر بیماری کا شدید حملہ ہوا اور وہ کئی مہینہ تک بمبئی و دلی اسپتالوں میں زیر علاج رہے جس کی وجہ سے تنظیم کا کام پھر التواء میں پڑ گیا۔ کئی مہینہ بعد مجلس کی میٹنگ میں صدر صاحب کی طویل علالت کی وجہ سے نائب صدر محمد الیاس اعظمی کو قائم مقام صدر کی حیثیت سے مجلس کا ذمہ دار قرار دیا گیا۔

اردو آرڈیننس

یو پی کی وشوناتھ پرتاپ وزارت نے اردو کو یو پی کی دوسری زبان تسلیم کرنے کے لئے ایک آرڈیننس کا اجرا کیا۔ اس سے اردو کو کوئی حق نہیں مل رہا تھا، صرف یہ تسلیم کیا جا رہا تھا کہ یو پی میں اردو نام کی ایک زبان ہے جو ہندی کے بعد بولی جاتی ہے لیکن پھر بھی کابینہ کے اندر اور باہر کے کانگریسیوں کی شہ پر آرڈیننس کے خلاف ہی نہیں بلکہ اردو زبان کے خلاف اتنا بڑا طوفان و بدتمیزی کھڑا کیا گیا کہ ممبران اسمبلی تک کی اردو نام پلیٹوں کو توڑ دیا گیا اور اردو میں لسانی فاشزم کا ننگا ناچ کھڑا کر دیا گیا۔ ان حالات میں مسلم مجلس نے ضلع میں ۳۰/۳۱؍جنوری ۸۲ء کو بھوک ہڑتالوں کا پروگرام بیشتر اضلاع میں پوری کامیابی سے چلایا اور ان پروگراموں میں صاف دل و دماغ کے غیر مسلموں اور سیاسی لیڈروں نے بھی حصہ لیا۔

دھرنا

آرڈیننس کی زندگی کے چھ ماہ ختم ہونے کو تھے، مجلس کے وفد نے چیف منسٹر سری پت مصرا سے ملاقات کی لیکن انہوں نے اسمبلی میں بل لانے میں آنا کانی کی، لہٰذا مجلس کے لیڈروں نے انہیں وہیں لکھ کر دے دیا کہ اگر ۱۸؍اگست ۸۲ء تک اردو کا بل نہ لایا گیا تو ۱۹؍اگست کو ان کی رہائش گاہ پر دھرنا دے گی۔ ۱۸؍اگست کی رات میں بل لانے کا پھس پھسا اعلان ہوا، لیکن اس سے مطمئن نہ ہو کر مجلس کے ڈھائی سو کارکنوں نے الحاج ذوالفقاراللہ کی قیادت میں دھرنا دینے کے لئے چیف منسٹر کی کوٹھی کے لئے مارچ کیا۔ امبیڈکر پارک پر پولیس نے روک

لیا۔ کافی رسہ کشی کے بعد امبیڈکر پارک پر مجلس کے کارکن دھرنا دے کر بیٹھ گئے۔ بعد میں انہیں گرفتار کر کے حضرت گنج تھانے لایا گیا۔ اسی دن شام کو حکومت نے اسمبلی میں بل پیش کر کے اس کو سرد خانے میں ڈال دیا۔

جمہوریت بچاؤ تحریک

ابھی اردو تحریک جاری ہی تھی کہ ستمبر ۸۲ء میں پولیس و پی اے سی نے میرٹھ میں بھی اپنی درندگی کی وہی تاریخ دہرائی جو مرادآباد میں بنا چکی تھی، کرفیو اور پی اے سی کی بربریت کے دوران ہی مجلس کا وفد میرٹھ گیا اور وہاں کے حالات کا دور روز تک جائزہ لینے کے بعد وفد کی رپورٹ پر ٹیلی گرام کے ذریعہ مجلس کی ہنگامی میٹنگ بلائی گئی اور یہ تاریخی فیصلہ کیا گیا کہ پی اے سی کا وجود سیکولر جمہوریت کے لئے سب سے بڑا خطرہ ہے۔

لہٰذا جب تک پی اے سی کو توڑ کر ایک ایسی اینٹی رائیٹ فورس نہیں بنائی جاتی جس کے ہر پلاٹوں میں کم از کم پچیس فیصد مسلمان اور پچیس فیصد ہریجن ہوں، اس ملک میں سیکولر ڈیموکریسی کو بچایا نہیں جا سکتا۔ مقصد کے حصول کے لئے ایک مستقل تحریک چلانے کا اس عزم کے ساتھ فیصلہ لیا گیا کہ یہ تحریک مقصد کے حصول تک جاری رہے گی۔ یہ تحریک اُسی عزم کے ساتھ شروع کی گئی ہے جس عزم کے ساتھ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی تحریک شروع کی گئی تھی۔

مظاہرہ

تحریک کے پہلے مرحلے کے طور پر ۱۷ر نومبر کو لکھنؤ میں ایک مظاہرہ کا اعلان اس حالت میں کیا گیا کہ مجلس کے پاس فنڈ نام کی کوئی چیز نہیں تھی بلکہ

دفتری اخراجات کے سلسلے میں جماعت کافی مقروض تھی لیکن جب مقاصد میں خلوص ہوتو مادی رکاوٹیں زیادہ اہمیت نہیں رکھتیں۔ ۷ار نومبر کو دوسروں کے ساتھ مجلس کے لیڈر بھی حیرت زدہ رہ گئے۔ جب انہوں نے خلاف توقع یہ دیکھا کہ اضلاع سے مجلس کے تہی دست و بے مایہ کارکن بسوں کا ایک سلسلہ لے کر بیگم حضرت محل پارک میں داخل ہورہے ہیں۔ پہلی بار لکھنؤ کے وہ عوام جنہیں آپس میں لڑنے سے ہی فرصت نہیں ملتی تھی، بلاتفریق عقائد و مسلک امنڈ پڑے اور لکھنؤ کی ملّی تاریخ کا سب سے بڑا اور عوامی تاریخ کا تیسرا بڑا مظاہرہ ہوا۔ اس مظاہرے نے عوام کو نئے نعروں اور عزائم سے روشناس کرایا۔

ستیہ گرہ

تحریک کے دوسرے مرحلے میں ۲۶ر جنوری ۸۳ء کو یوم جمہوریہ کے دن یوپی اسمبلی کے سامنے گورنر کی سلامی کے وقت مسلم مجلس کے پانچ کارکنوں نے ستیہ گرہ کر کے عوام کو یہ باور کرایا کہ اگر پی اے سی کو نہ توڑا گیا تو ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کا سیکولر جمہوری دستور مظلوموں کے خونِ ناحق کی آگ میں جل کر بھسم ہو جائے گا۔ پی اے سی کے نرغے میں اور گرفتاری کے بعد اس کے ٹرکوں میں۔ گستا پوساواک کئے۔ پی اے سی بھی جائے گی، ''ہندو مسلم بھائی بھائی، پی اے سی ہے بلوائی'' کے فلک شگاف نعرے لگائے گئے۔ اس ستیہ گرہ میں یوپی کے پیشتر اضلاع کے کارکنوں نے حصہ لیا اور پروگرام توقع سے زیادہ کامیاب اور موثر رہا۔

آسام کا مظاہرہ

آسام کے قتلِ عام کا ساری دنیا پر شدید ردّعمل ہوا، یہاں تک کہ پہلی بار

مغربی ذرائع ابلاغ نے بھی اس پر شدید احتجاج کیا اور عرب ممالک میں بھی پہلی بار احتجاج ہوئے لیکن ہندوستان میں مسلم تنظیموں نے کچھ ریلیف ورک کے علاوہ کچھ نہیں کیا۔ ذوالفقار اللہ صاحب کے دورۂ آسام کے بعد ''جمہوریت بچاؤ تحریک'' کی شدید مصروفیت کے باوجود مسلم مجلس نے ۶رمئی کو دہلی میں مظاہرہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ یہ مظاہرہ ان حالات میں ہوا کہ تاریخ انسانی کے اس بھیانک قتل عام پر نہ تو کسی نام نہاد سیکولر پارٹی کو احتجاج کی توفیق ہوئی نہ حکومت کی حامی یا مخالف کسی مسلم تنظیم کو اس قتل عام سے ملک وملت خطرے میں نظر آیا۔ نہ ہی منبر ومحراب یا مدرسہ وخانقاہ میں ہلکی سی لرزش ہی پیدا ہوسکی۔

دوسری ستیہ گرہ

آسام پر ۶رمئی ۱۹۸۳ء کے مظاہرے کے فوراً بعد مجلس مرحوم قائد ملت یومِ وفات ۱۹رمئی سے ۲۵رمئی تک پی اے سی توڑنے کے مطالبے کو لے کر یوپی اسمبلی پر ستیہ گرہ شروع کی اور روزانہ مجلسی کارکنوں کے دستے پی اے سی کے نرغے میں پی اے سی مخالف نعرے لگاتے ہوئے اسمبلی گیٹ پر اپنی گرفتاریاں پیش کرتے رہے۔ مجلس کے کئی سو کارکنوں کو ۲۷رمئی تک جیل میں رکھا گیا۔ لکھنؤ ڈسٹرکٹ کی بیرکیں بھر گئیں۔ اس بیرک میں تل دھرنے کی جگہ نہیں رہی، جس میں علی گڑھ تحریک کے دوران مرحوم قائد ملت ڈاکٹر فریدی کو رکھا گیا تھا۔

ٹانڈہ، بہرائچ پر دھرنا

ان تحریکات کی وجہ سے مجلس کا تنظیمی کام ملتوی ہوتا رہا۔ ۷۸ء کے بعد مجلس کی تنظیم نو کا کوئی پروگرام بروئے کار نہیں لایا جاسکا تھا۔ لہٰذا الٰہ آباد کی میٹنگ میں

جناب عالم بدیع اعظمی صاحب کومجلس کا صوبائی صدر نامزد کرکے یہ ذمہ داری دی گئی کہ نیچے سے اوپر تک ممبر سازی کے ذریعہ مجلس کے تنظیمی انتخابات کرائیں۔ ابھی یہ پروگرام چل ہی رہا تھا کہ ٹاندہ و بہرائچ میں پولیس و پی اے سی نے فرقہ پرستی کا ننگا کھیل کھیل کر ان مقامات کو میرٹھ ومرادآباد بنانے کا کھیل شروع کیا لیکن مجلس کے کارکنوں نے جان پر کھیل کر ان کی سازشوں کی تکمیل نہ ہونے دی۔ ٹانڈہ و بہرائچ میں مسلمانوں اور مجلس کے کارکنوں کی پٹائی اور گرفتاریوں کے خلاف حکومت کو بار بار توجہ دلائی گئی لیکن اتر پردیش کی سب سے بے حس اور نااہل مصراسرکار گونگی، بہری بنی رہی جس کے خلاف ۳۰/اکتوبر ۸۳ء کو مجلس کے صوبائی لیڈروں اور کارکنوں نے جی پی او پارک پر دھرنا دیا۔

صوبائی انتخاب

اس وقت پورے ملک میں سیاسی پارٹیوں میں ممبر سازی کے ذریعہ کارکنوں کے ذریعہ منتخب قیادت کا رجحان تقریباً ختم ہو چکا ہے جو ہمارے ملک کے جمہوری نظام کے لئے اک بڑا خطرہ ہے۔ جب سیاسی پارٹیاں اپنے اندر جمہوریت نہیں لاسکتیں تو ملک میں جمہوریت کو کس طرح برقرار رکھیں گے۔ ہمیں فخر ہے کہ مسلم مجلس واحد سیاسی جماعت ہے جس کی قیادت پچھلے نو سالوں میں پانچ بار تبدیل ہوئی لیکن اس تبدیلی سے تنظیم میں کسی قسم کا کوئی تفرقہ پیدا نہیں ہوا اور مجلس ہی وہ واحد تنظیم ہے جس نے ابتدائی سطح سے لے کر صوبائی سطح تک تنظیمی انتخابات مکمل کئے اور ۲۹/جنوری ۸۴ء کو موجودہ صدر جناب فضل الباری صاحب کا انتخاب اتفاق رائے سے عمل میں آیا۔

حرفِ آخر

محترم بزرگو اور عزیز دوستو! کل یہ کانفرنس ختم ہو جائے گی اور مجھے امید ہے کہ اس کانفرنس سے آپ کچھ لے کر گھر لوٹیں گے۔ مجھے یہ بھی یقین ہے کہ آئندہ آپ نئے عزم کے ساتھ ملک وملت کے مسائل کے حل کے لئے پہلے سے زیادہ قربانیاں پیش کریں گے لیکن یہ سمجھ لیں کہ جب تک آپ اتر پردیش کی اقلیتوں اور استحصال کے شکار طبقات کو ایک تنظیم کے تحت موثر سیاسی طاقت نہیں بناتے انہیں تنظیم کے تحت حرکت کرنے پر آمادہ نہیں کرتے، ان کے اندر مفاد پرست عناصر کے خلاف احتساب کی طاقت نہیں پیدا کرتے، اُس وقت تک اگر آپ اپنی جان بھی قربان کردیں تب بھی حالات تبدیل نہیں ہو سکتے۔آپ کے خلوص اور عزم کو دیکھ کر میں یقین کرنے میں حق بجانب ہوں کہ کانفرنس سے لوٹنے کے بعد آپ ایک نئے عزم کے ساتھ اپنے اپنے علاقوں میں استحصال کے شکار عوام کو اپنی تنظیم کے تحت منظّم کرنے کا کٹھن اور صبر آزما کام شروع کردیں گے تا کہ آئندہ کا ہندوستان اس نقشے سے ہم آہنگ ہو سکے جسے آپ اس کانفرنس میں تیار کرنے کے لئے جمع ہوئے ہیں۔

والسلام
محمد الیاس اعظمی
جنرل سکریٹری مسلم مجلس اتر پردیش

* * *

مختلف مضامین

ہمارے پاؤں کا کانٹا ہمیں سے نکلے گا

۱۵/اگست (انگریز کی واپسی)۔ ۲۶/جنوری (سیکولر آئین کا نفاذ)۔ ۲۸دسمبر آزاد کانفرنس کے ذریعہ شمالی ہند کے علاقوں سے توبہ۔ ۶/دسمبر ڈاکٹر امبیڈکر اور بابری مسجد کا قتل۔ ۱۹/مئی (ڈاکٹر فریدی کی رحلت) کے بعد اب ۵/اگست کی تاریخ بھی ہماری تاریخ کا سنگ میل بن گئی ہے۔اس دن نہ صرف ہمارے آئین کو اجودھیا میں چاندی کی اینٹوں میں بہت نیچے دفن کیا گیا بلکہ اسی دن ملک کی اقلیتوں اور پسماندہ طبقات سے سیکولرازم کے نام پر ۷۲/سال سے فراڈ کرنے والی طاقتوں نے اپنے چہروں پر پڑی دبیز نقابوں کو از خود الٹ دیا۔

اب بھی سیاست کی یہ بدترین طاقتیں اپنے ''صید زبوں رہے'' طبقوں کو ''دام ہم رنگ زمیں'' کے کسی نئے جال میں پھانسنے کی کوشش کریں گی۔ پھر بھی اقلیتوں اور دیگر پسماندہ طبقات کو اپنے اپنے طالع آزما لیڈروں اور مذہب کا لبادہ اوڑھے ٹھگوں کی یلغار سے بچانا ایک مسئلہ ہے؟

مایوسی کی کوئی وجہ نہیں کیوں کہ عزت اور ذلت کا آخری فیصلہ زمین کے بجائے آسمانوں پر ہوتا ہے۔مثلاً برادرانِ یوسف نے انہیں قتل کے ارادے سے کنویں میں ڈالا تھا لیکن یہی ان کے مصر پہنچنے کا ذریعہ بنا دیا گیا۔شی زینگ پنگ سے اٹھارہ بار ملنے والے نریندر مودی کو اسی کے ہاتھوں سے ذلیل کروا دیا گیا۔

ہمارے لوگوں کی ایک تعداد قدرے مایوس ضرور نظر آتی ہے لیکن یہ رکاوٹ

مکڑی کے جالے سے بھی کمزور ثابت ہوگی، جس طبقے کی بہو بیٹیوں نے اچانک گھروں کی دہلیز پھاند کر بھارت کی تاریخ کی سب سے بڑی تحریک چلائی نہ صرف انہوں نے حیرت انگیز سخت جانی کا ثبوت دیا بلکہ دنیا کی سب سے مکار و عیار میڈیا کو بھی مات دی، یہ کوئی معمولی بات تھی کیا؟ میں جے-پی-آندولن، -وی پی سنگھ تحریک اور انّا آندولن تینوں کا نمایاں حصہ رہا ہوں اور پورے اعتماد کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ بنا جماعت وقیادت کے چلنے والا شاہین باغ آندولن ان سے بڑا بھی تھا اور سخت جان بھی۔ اس پر سرکاری جبر بھی زیادہ ہوا لیکن یہ آندولن کسی چیز سے کمزور نہیں ہوا۔ لیکن جب کرونا کے سبب عوامی مفاد نے اسے بند کرنے کا تقاضہ کیا تو رک گیا۔

شاہین باغ ہماری تاریخ کا دوسرا محیر العقول واقعہ تھا۔ پہلا واقعہ اس وقت ہوا جب پندرہ سال سے ظلم وجبر کی چکی میں پس کر ہم نے ہتھیار ڈال دیئے تھے اور ہم میں احساس کمتری اور احساس جرم کی بیماری کو نہرو حکومت نے جبہ و دستار کی مدد سے پھیلا کر بزعم خود ہمیں اس غار کے دہانے تک پہنچا دیا تھا جس میں گر کر قومیں افسانۂ ماضی بن جایا کرتی ہیں، اس وقت بھی ایک بیمار و ناتواں ڈاکٹر فریدی نے صرف آٹھ سال کی جدوجہد کے ذریعہ ہمیں اس غار سے نکال کر میدان میں کھڑا کر دیا تھا۔ ع

ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی

صرف کمزور لوگ مایوس ہوتے ہیں۔ کچھ لوگ ہیں جو اپنے آقاؤں کے مفاد میں اللہ کی باندھی ہوئی ساری حدیں پھلانگ سکتے ہیں، لیکن قدرت نے ہماری بیٹیوں میں ہی نہیں ہمارے بیٹوں میں بھی ایک نیا جذبہ پیدا کیا ہے، انہیں صحیح رہنمائی دے کر ملک کی ناقابل تسخیر سیاسی طاقت بنایا جاسکتا ہے جو اپنے

ملک اور پورے بھارتی سماج کے لئے باعث رحمت بن سکتے ہیں۔

انسانوں اوران کے زبان وقلم اور ایمانوں کی خرید وفروخت کے اس دور میں جوقوم شکیل شمسی، عارفہ خانم شیروانی اور ڈاکٹر عرشی خان جیسے ہزاروں صحافی سماج کو دے سکتی ہو اس سے کوئی کافر ہی مایوس ہوسکتا ہے۔صرف صحافت نہیں زندگی کے تمام شعبوں میں ہماری ماؤں نے لائق افراد کی پوری پوری کھیپ پیدا کردی ہے۔اکھلیش یادو اور مایاوتی جی کہہ دیجئے وہ ہر گھر میں پرشورام جی کی مورتیاں لگوانے میں دیر نہ کریں، کانگریس اور دوسرے سیکولر سیٹھوں سے کہہ دیجئے کہ وہ نرم ہندوتوا کے بجائے گرم ہندوتوا اپنالیں ع

یہ مہر تاباں سے جا کے کہہ دو کہ اپنی کرنوں کو گن کے رکھ لے
ہم اپنے صحرا کے ذرّے ذرے کو خود چمکنا سکھا رہے ہیں

آپ پرشو رام جی کی مورتیاں لگائیں ہم وقت آنے پر رام سروپ ورما ٹرسٹ بنا کر شمبوک رشی کے نام پر پسماندہ طبقات کی بہترین تعلیم کا انتظام کر کے ملک کو بھی آگے بڑھائیں گے اور اپنے بادشاہوں کی غلطیوں کا کفارہ بھی ادا کریں گے۔ہمیں ۵/اگست کو ملک کی سیکولر طاقتوں نے جو پیغام دیا ہے ہم اس کا ویلکم کرتے ہوئے آئندہ کی حکمت عملی ترتیب دیں گے۔

بات صاف ہے کہ ہمارے پاس بھی صرف ایک ہی راستہ ہے جسے مرحوم قائد ملت ڈاکٹر فریدی نے پیریار راما سوامی نائیکر، بی پی منڈل وغیرہ کے مشورے پر صرف دکھایا نہیں تھا بلکہ اس پر عمل بھی کیا تھا۔ اس پر عمل کر کے انہوں نے مسلمانوں کو بھارت کا نیا شودر بن جانے سے ہمیں بچایا تھا۔زیادہ عمر کے لوگ گواہی دیں گے جب ہم احساس کمتری اور احساس جرم کی دلدل سے باہر نکلے اس وقت ہم کسی قبرستان کے اگلے ہوئے مردوں کی طرح تھے۔ جولوگ

بہتر حالت میں تھے وہ ہمیں عافیت پسندی کے قبرستان کی طرف بلا رہے تھے۔

جس راستے نے ہمارا احساس کمتری ختم کیا، ہمیں عافیت پسندی سے نجات دی اس راستے کو مسلم مجلس کے چند لوگوں نے اپنے سینے سے لگا کر زندہ رکھا بلکہ نیلو پا، پیس پارٹی، پرچم پارٹی کے نام سے ہمیشہ متحرک کرنے کی کوشش ہوتی رہی ہیں۔ اگر ہم نے اسی وقت اس راستے کو اپنا لیا ہوتا تو آج ہم کسی دوسرے بھارت شہری ہوتے۔ اگر ہم اس کو اب سے اپنا لیں تو ابھی تو ڈاکٹر فریدی کے تربیت یافتہ کئی لوگ زندہ موجود ہیں۔ اگر ہم پچاس سال بعد اس جال سے نکلنے کی کوشش کریں گے تب بھی ہمیں ایک صدی کے بعد بھی وہی ایک راستہ ملے گا کیوں کہ بھارتی سماج جس مٹی سے بنایا گیا ہے اس میں کوئی دوسرا راستہ ہے ہی نہیں جو مل سکے۔

اتحاد...... اتحاد کا نعرہ تو صرف مومن ہی نہیں منافق ہمیشہ لگاتے ہیں۔ اتر پردیش میں ہم نے کس چناؤ میں اتحاد کا مظاہرہ نہیں کیا، ابھی حالیہ لوک سبھا چناؤ میں صرف مسلمان ہی تھے جنہوں نے نوے فیصد سے زیادہ گٹھ بندھن کے کسی بھی امیدوار کو ووٹ دیا اور کوئی طبقہ ایسا نہیں تلاش کیا جا سکتا جو کہ ساٹھ فیصدی سے زیادہ متحد ہوا ہو۔ گٹھ بندھن کو سارا مسلم ووٹ ملنے کے بعد اکھلیشن و مایا دونوں میں کسی نے شکریہ بھی ادا نہیں کیا بلکہ اب پرشورام جی کی مورتیاں لگوانے کے لئے دونوں ایک دسرے پر بازی لے جا رہے ہیں۔

اگر ہم آج اس حالت میں بھی ہر صوبے میں یہ اجتماعی فیصلہ لیں کہ ہم صوبائی پیمانے پر ایک ایسی سیاسی پارٹی بنائیں گے جس کی لیڈر شپ میں مسلمانوں کے ساتھ محروم طبقات کی ساری یا زیادہ تر اکائیوں کے لوگ ہوں گے اور آج سے ہمارا سارا ووٹ ہی نہیں ہمارا پیسہ اور پسینہ بھی صرف اسی پارٹی پر خرچ ہوگا۔ اگر ہمیں

شکایت ہوگی تو ہم آواز بھی اٹھائیں گے لیکن ساتھ اسی کا دیں گے۔ جس دن ہمارے لوگوں نے یہ تہیہ کرلیا اس کے بعد ہونے والے کسی بھی چناؤ میں اس پارٹی کو اکثریت ملے گی؟ کیوں کہ اب ہم ہر ودھان سبھا میں خود ہی پچاس ہزار کے تناسب سے پول کرنے کی صلاحیت حاصل کر چکے ہیں۔ اب ڈاکٹر فریدی اور کانشی رام کا نہیں انٹرنیٹ کا زمانہ ہے۔ سب کچھ تیز رفتار ہے۔

ہمیں آل انڈیا قیادت کا خواب بھی نہیں دیکھنا چاہئے کیوں کہ ہمارے ملک کے ہر صوبے کے مسائل، طبقوں کی تعداد، مخالف پارٹیوں اور طبقوں کی سوچ، حکمت عملی اور لیڈر شپ سب الگ ہیں۔ خود اتر پردیش میں بھاجپا لیڈر شپ جتنی زہریلی ہے، بہار میں اتنی زہریلی نہیں ہے۔ یہ میں نہیں کہہ رہا ہوں، ماضی میں ڈاکٹر فریدی اور صلاح الدین اویسی اور مندرجہ بالا پسماندہ قیاست نے کئی دن کی دماغ سوزی کے بعد چھوٹی ریاستوں اور ہر صوبے کی علیحدہ مظلوم طبقات کی لیڈر شپ بنانے کا فیصلہ کیا تھا، یہ بات اسدالدین اویسی کو بھی معلوم ہے کہ ان کے والد صاحب بھی اس پالیسی کے بانیوں میں تھے۔

اتحاد کا مطلب یہ ہے کہ ایک ایک صوبے میں ایک ایسی متحدہ سیاسی تنظیم ہونی چاہئے جس کی لیڈر شپ میں مسلمانوں کے ساتھ دیگر پسماندہ طبقات کی مشترکہ لیڈر شپ سے ہے وہ ایک ایسی سیاسی طاقت کھڑی کریں جو صرف اپنے مسائل کے لئے نہیں بلکہ بھارتی سماج کو نفرت کے موجودہ ماحول سے نکال کر انہیں کرپشن، پونجی واد، سماجی استحصال اور ہر قسم کے بھید بھاؤ کی دلدل سے نکال کر اسے ترقی کے راستے پر ڈال سکے۔ یہی بھارت کا حقیقی مسئلہ بھی ہے؟ یہ وہی لوگ کر سکتے ہیں جن کا مسئلہ پیدا کرنے میں کوئی حصہ نہ رہا ہو۔

***

میرٹھ ایک شہر: ایک عبرت گاہ

میرٹھ ملک کی سب سے بڑی ریاست کے سب سے خوش حال ضلع کا صدر مقام ہے۔ میرٹھ ملک کی راجدھانی اور گیانی جی واندرا گاندھی کی کوٹھیوں سے صرف ستر کلومیٹر شمال میں ہے۔ میرٹھ اپنے ہی جیسے مظلوم شہر مرادآباد سے بھی ستّر کلومیٹر مغرب میں واقع ہے۔ میرٹھ نے ابھی حال ہی میں میونسپلٹی سے ترقی کرکے کارپوریشن کا درجہ حاصل کیا ہے۔ مرادآباد کی طرح میرٹھ بھی اتر پردیش کے ان چند شہروں میں سے ایک ہے جہاں مسلمانوں کی تعداد برادرانِ وطن کی تعداد کے لگ بھگ برابر ہے اور مرادآباد کی طرح میرٹھ کو یہ شرف بھی حاصل ہے کہ وہاں کے ایم-ایل-اے اور ایم-پی دونوں ''مسلمان'' ہیں اور ایم پی تو خیر سے منسٹر بھی بنائی جا چکی ہیں۔

مرادآباد اور دوسرے شہروں کی طرح میرٹھ کے مسلمان شیعہ بھی ہیں، سنی بھی۔ بریلوی بھی ہیں، دیوبندی بھی۔ حنفی بھی ہیں، اہل حدیث بھی۔ شیخ بھی ہیں، پٹھان بھی۔ سید بھی ہیں۔ منصوری بھی ہیں، قریشی بھی اور انصاری تو خیر سے بڑی تعداد میں ہیں۔ ان مسلمانوں میں سوشلسٹ بھی ہیں تو خدا بیزار کمیونسٹ بھیک، بھوگنا کے پرستار بھی ہیں تو چندر جیت یادو کے جاں نثار بھی۔ ان میں چند مجلسی بھی ہیں تو کچھ لیگی تھی۔ ان میں زمین دار بھی ہیں تو کسان بھی۔ مزدور بھی ہیں، چھوٹے صنعت کار بھی۔ امیر و خوش حال بھی ہیں تو رکشا کھینچنے

والے بھی اور پڑھے لکھے ساری دنیا پر تنقید کرنے والے ''عافیت پسند'' وہ تو وبائے عام کی طرح سارے ہندوستان میں موجود ہی ہیں۔

سیاسی چوغوں میں ملبوس سفید پوش اور جبہ و دستار کے خرقہ میں ملبوس منافقوں نے برسوں کی محنت شاقہ سے امت واحدہ کو جتنے بھی خانوں میں تقسیم کر رکھا ہے وہ سارے خانے اور ساری تقسیمیں بدرجہ اتم ۶ رستمبر ۸۳ سے پہلے کے میرٹھ میں بھی موجود تھیں لیکن ۶ رستمبر کے بعد ایک مہینے میں پی اے سی کی گولیوں نے چشم زدن میں ان ساری مصنوعی دیواروں اور مصنوعی خانوں کو توڑ کر رکھ دیا۔ ان گولیوں نے کسی بھی تقسیم کو قبول نہ کیا۔ گلیوں، سڑکوں اور تھانوں میں بے رحمانہ پٹائی کرتے وقت پی اے سی کے کسی سپاہی یا آفیسر نے کسی سے نہ تو اس کا حسب نسب پوچھا، نہ ہی اس کی سیاسی وابستگی کی تحقیق کی، نہ ہی اس کے مسلک کی جانکاری حاصل کی۔ میرٹھ کی گلی کوچوں میں تو ایک دیوبندی کی لاش ایک بریلوی کی لاش سے چمٹی ہوئی پائی گئی۔ سید، پٹھان، انصاری، منصوری سب کی لاشیں ایک ہی گڈھے میں دبائی گئیں یا ایک ہی نالے میں بہائی گئیں۔ امیروں کی کوٹھیوں اور غریب کی جھوپڑیوں میں ایک ساتھ آگ لگائی گئی۔ وہ سارے لوگ جو عزت کی زندگی کے حصول کی جدوجہد میں ایک نہیں ہو سکتے تھے، ذلت کی موت میں ایک ہو گئے۔

اسعد مدنی، دیوبندی، مظفر نگری، بریلوی، عمار رضوی شیعہ، محسنہ قدوائی، عارف محمد پٹھان، ضیاء الرحمٰن انصاری، ایف ایچ محسن منصوری، محمد شفیع قریشی مسلمانوں کو خواہ کھیت کھلیان میں ایک نہ ہوئے ہیں لیکن سب کے سب اپنے ذاتی مفاد میں اندرا گاندھی کے ہاتھ پر بیعت ہونے میں سو فیصدی ایک ہو جاتے ہیں۔ یہاں نہ تو عرس وفاتحہ کا کوئی جھگڑا ہوتا، نہ ہی تبرا و مدح صحابہ کے

قضیئے کھڑے کئے جاتے، نہ ہی ان کا مفاد انہیں شیخ، پٹھان، انصاری، منصوری میں تقسیم ہونے دیتا ہے۔

میرٹھ بھی ایک شہر ہی نہیں ایک عبرت گاہ بھی ہے، اس عبرت گاہ کے لٹے ہوئے بازار ہے، جلے ہوئے مکانات، ان پر انسانی خون کے سیاہ دھبے اور لٹی ہوئی عصمتیں ہندوستانی مسلمانوں سے سوال کر رہی ہیں کہ کہاں ہے تمہاری مصنوعی تقسیم، یہاں ہماری طرف دیکھو، یہاں کوئی تقسیم نہیں، کوئی تفریق نہیں۔

میرٹھ کی فضاؤں میں ماؤں اور بہنوں کی چیخوں کی بازگشت آج بھی سنائی دے رہی ہے، یہ بازگشت سیاسی مداریوں یا مذہب کے تاجروں سے نہیں بلکہ عام مسلمانوں سے کہہ رہی ہے کہ تمہیں ایک موثر سیاسی طاقت بننے کے لئے اگر کسی آنے والے کا انتظار ہے تو وہ آنے والا ہندوستان میں تو قیامت تک نہیں آئے گا۔ اگر تم سمجھتے ہو کہ غیب سے ندا آئے گی کہ فلاں تمہارا لیڈر ہے تو یہ ندا کبھی نہیں آئے گی۔ تم لوگوں کی تاریخ اور ان کے عروج و زوال کا مطالبہ کرو، تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ کسی قوم، کسی طبقے یا کسی گروہ میں لیڈر شپ کس طرح پیدا ہوتی ہے۔ اگر تمہاری یہ حیثیت نہیں رہی کہ دوسرے تم سے سبق سیکھیں تو تم اتنے نالائق نہ بنو کہ تم دسروں سے بھی سبق نہ سیکھ سکو۔ تم اکالیوں اور سکھوں کی تعریف کرتے نہیں تھکتے، کیا تم بتا سکتے ہو کہ اکالیوں کا واحد لیڈر کون ہے؟ کیا تم میں سے کسی نے ایک سال پہلے سنت لونگوال کا نام بھی سنا تھا؟ کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ اکالیوں کو کسی غیر محسوس طاقت نے یہ سمجھا دیا کہ لونگوال تمہارا لیڈر ہے، ہرگز نہیں، سنت لونگوال اکالی دل کے صدر ہیں اور سکھ کسی لیڈر یا فرد واحد کے پیچھے نہیں بلکہ اکالی دل اپنی تنظیم کے پیچھے ہیں۔ آج لونگوال صدر ہیں کل کوئی دوسرا صدر ہو جائے گا۔

کیا یہ ممکن ہے کہ جب تک تم کسی فرد واحد کو اپنا لیڈر نہیں مانتے اس وقت تک اپنی تنظیم کو اپنا لیڈر مانو، تنظیم کے تحت جمع ہو کر خود فیصلہ کرو اور اس فیصلے کو اپنا لیڈر مانو۔

تمہارے دانشور تم کو سمجھائیں کہ تمہاری تنظیم نااہل ہے یا اس میں نااہل لوگ ہیں ہم کہیں گے کہ آپ کی بات صحیح ہو سکتی ہے۔ اہل لوگ جدوجہد کے میدان میں آئیں، نااہل لوگ زیادہ دنوں تک باصلاحیت لوگوں کا راستہ نہیں روک سکتے۔

* * *

۲۰۲۴ء کا چناؤ مودی جی ہار جائیں گے؟

چونکئے نہیں...... اس وقت اپوزیشن کمزور ہے۔ ۲۰۰۴ء کے چناؤ میں اس سے بھی کمزور تھی، اسی لئے تو اٹل بہاری واجپئی جی کو ''فیل گڈ'' کی بیماری لگ گئی تھی اور انہوں نے وقت سے پہلے چناؤ کرادیا تھا۔ بھاجپا ہاری تھی لیکن کوئی پارٹی جیتی نہیں تھی، پھر بھی منموہن سنگھ کے نام پر ''سونیا'' سرکار دس سال تک اقتدار میں رہی۔

اس وقت اپوزیشن بکھرا ہوا ہے، لیکن این ڈی اے بھی بکھر چکا ہے۔ اکالی دل، شیوسینا الگ ہیں۔ جنتا دل یو بھی الگ ہونے کی منزل میں ہے۔ لوک جن شکتی پارٹی تقریباً ختم ہے۔ اس وقت بی جے پی کی صرف یوپی اور بہار سے سو کے قریب سیٹیں ہیں۔ اس میں بہار تو صاف ہے، مسئلہ صرف یوپی کا ہے۔ بنگال، مہاراشٹر اور مدھیہ پردیش میں حالات واضح ہو رہے ہیں۔ اگر یوپی میں اس کی ٦٦ سیٹوں میں بڑی کمی ہو جائے تو ۲۰۰۴ء کی طرح سب سے بڑی پارٹی بن کر بھی وہ اقتدار سے دور ہو جائے گی۔

اتر پردیش کے اصل مسئلے اور مرض سے اپوزیشن کے ڈاکٹر واقف ہی نہیں ہیں، اس لئے وہ اس کا علاج کر ہی نہیں پا رہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج وہاں بی جے پی اقتدار میں اور سماجوادی خاص اپوزیشن ہے۔ اسے ملنے والے چونتیس فیصد ووٹوں میں سے بیس فیصد صرف مسلمانوں کا ووٹ ہے، جو یہ تسلیم کر چکے

ہیں کہ سماج وادی کے ذریعے بھاجپا کو شکست دی ہی نہیں جا سکتی۔ اس کا اظہار اعظم گڑھ اور مسلم اکثریتی رام پور میں ہو چکا ہے۔ سپا کی پورے یوپی میں تین سب سے مضبوط سیٹوں میں سے دو وہ ضمنی الیکشنوں میں ہار چکی ہے۔ اعظم گڑھ میں مسلمانوں کے پاس متبادل تھا، رام پور میں ان کی بھاری اکثریت نے ووٹ ہی نہیں ڈالا۔ کچھ نے اپنی غلطی کی تلافی میں بھاجپا کو ووٹ دے دیا۔ بھاجپا نے دونوں جگہ سیکولر امیدوار دیئے تھے۔ سب کو معلوم ہے کہ اسمبلی چناؤ میں بی ایس پی کے مسلم امیدواروں کو مسلم ووٹ نہیں ملا۔

اترپردیش کا اصل مرض یہ ہے کہ سپا نے اپنے پانچ سالہ اقتدار میں اٹھائیس فیصد غیر یادو پچھڑی جاتیوں کو اپنا اس حد تک دشمن بنا دیا ہے جتنی دشمنی مسلمانوں کو بھاجپا سے ہے جس طرح مسلمان بی جے پی کو ہرانے کے لئے کسی کو بھی ووٹ دے سکتے ہیں، اسی طرح غیر یادو پچھڑی جاتیاں سپا کو ہرانے کے لئے کسی کو بھی ووٹ دے سکتی ہیں۔ ظاہر ہے کہ مسلمان بیس فیصد تو غیر یادو پچھڑی جاتیاں اٹھائیس فیصد ہیں اور اٹھائی سے بیس نہیں جیت سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ مشرقی یادو بیلٹ میں سپا جیتی کیوں کہ اس میں یادو اور مسلمان دونوں ہیں۔ مغربی یادو لینڈ میں سپا ہار گئی کیوں کہ اس میں مسلمان کم ہیں۔ یادو سماج کو اپر کاسٹ بھی ناپسند کرتا ہی ہے۔ چار چناؤں میں بھاجپا صرف اس وجہ سے جیتی کہ مسلمانوں نے سپا کو جتانے کی کوشش کی۔ فرقہ پرستی کا دخل برائے نام ہی تھا۔ رام مندر کا اثر پہلے کچھ تھا، اب قطعی نہیں ہے۔

میرا ۲۰۱۴ء سے یہ دعویٰ رہا ہے کہ اگر مسلمان سپا کو چھوڑ دیں تو بی جے پی اسمبلی میں سو کا ہندسہ بھی نہیں چھو پائے گی۔ اصل مسئلہ بی جے پی نہیں، سپا اور کسی حد تک بی ایس پی ہے۔ دونوں بھاجپا سے نہیں، اس کی ذیلی تنظیم ای ڈی سے

فیضان حاصل کرتی ہیں۔ پچھلے چناؤ میں ای ڈی نے سپا کو چناؤ لڑوایا اور بی ایس پی کو حکم دیا کہ وہ خاموش رہے تا کہ اس کا ووٹر سپا کو جیتا دیکھ کر ازخود بھاجپا کی طرف چلا جائے؟

کچھ دانشور اپوزیشن اتحاد کے لئے مرے جا رہے ہیں۔ جب کہ بھارت کے عوام کی ضرورت مضبوط سرکار نہیں، کمزور اور ملی جلی سرکار ہے۔ مضبوط سرکار سے صرف سرکار کی پارٹی کا فائدہ ہوتا ہے جب کہ کمزور سرکار عوام کا فائدہ کرتی ہے۔ مضبوط سرکار چین کی دراندازی نہیں روک پاتی، نہ ہی بینکوں اور عوامی دولت کی لوٹ کو روک پاتی ہے بلکہ وہ لوٹ کھسوٹ میں شامل ہو کر ان ایجنسیوں کے بھی ہاتھ پاؤں باندھ دیتی ہے جو اسے روکنے کی ہی تنخواہ لیتی ہیں۔

اگر مرکز میں آٹھ سال سے مضبوط سرکار نہ ہوتی تو اتنا بڑا ملک چار گجراتی بنیوں کا غلام نہیں بن سکتا تھا۔ نہ ہی ملک کی دولت غیر ممالک سے واپس لانے کا وعدہ کرنے والی حکومت ملک کا بچا کھچا سرمایہ لے کر پونجی پتیوں کو بھاگنے میں مددگار بن پاتی۔ مضبور سرکار کو صرف تیس کروڑ چندہ دے کر بینکوں سے چونتیس ہزار کروڑ ابھی حال میں لوٹ چکا ہے، اس کو پھیلا کر دیکھیں، ملک اسی طرح لٹ چکا ہے۔

اپوزیشن اتحاد یا ساری پارٹیوں کا مل کر لڑنا جیت کی گارنٹی نہیں ہے۔ اگر اتر پردیش میں سب مل کر لڑیں تو بھاجپا ضرور جیتے گی کیوں کہ اس میں لازمی طور پر سپا کی قیادت ہوگی جس کی وجہ سے بھاجپا تقریباً پچاس فیصد ووٹ لے جائے گی۔ پچھلا اسمبلی چناؤ تقریباً براہِ راست دو پارٹیوں میں لازمی طور پر دو پارٹیوں کے ہی درمیان تھا، نتیجہ جگ ظاہر ہے، وہی نتیجہ سپا بیس اتحاد کا بھی ہوگا۔

حکمت عملی یہ ہونی چاہیئے کہ گجرات، راجستھان، مدھیہ پردیش، چھتیس

گڑھ، ہریانہ، اترا کھند، ہماچل پردیش جیسی ریاستوں میں کانگریس قائدانہ رول دوسروں کے لئے دل بڑا کر کے سیٹیں تقسیم کرے۔ کیرالہ میں یہی کام لیفٹ اور تامل ناڈو میں ڈی ایم کے نیز تلنگانہ میں کے سی آر کریں۔ آندھرا میں جگن موہن ریڈی کانگریس اور نائیڈو کے لئے دل میں وسعت پیدا کریں۔ اڑیسہ میں نوین پٹنا یک کی سربراہی میں کام ہو۔ اسی طرح بنگال میں ممتا بنرجی کمیونسٹوں کے لئے دل بڑا کریں۔ آسام میں کانگریس دوسروں کے لئے بڑے دل کا مظاہرہ کرے۔ بہار کو لالو یادو اور نتیش کمار پر چھوڑا جائے۔ دہلی اور پنجاب میں میرے پرانے دوست اروند کجری وال جو سب سے کم عمر بھی ہیں، اپنی خواہشات آگے چل کر پوری کرنے کی کوشش کریں۔ فی الحال سب سے بڑے یوپی میں اتحاد کی کوئی بھی محنت بے کار ثابت ہوگی۔ سپا تین سے تو کم ہوگی نہیں، بی ایس پی بھی سب کے لڑنے سے دس سے کم نہیں ہوگی۔ مسلمان متحد ہو کر سپا کو چھوڑ کر کسی بھی پارٹی کو جتا سکتے ہیں۔

ہاں اگر لیڈر شپ ضروری ہے تو اس کے لئے اگر پارٹیوں کی بنیاد پر لینا ہے تو پہلا نام راہل گاندھی کا تو دوسرا ایم کے اسٹالن کا ہوسکتا ہے۔ اگر لالو اور نتیش متفق ہو جائیں تو نتیش کمار کے نام پر بھی غور ہوسکتا ہے۔ ادھوٹھاکرے کے نام پر بھی غور ہوسکتا ہے۔ اگر بنا پارٹی کے لیڈر شپ دینی ہو تو سب سے بہتر نام پرشانت بھوشن کا ہوسکتا ہے، لیکن یہ چناؤ کے بعد کا چھوٹا سا مسئلہ ہے جسے کوئی بھی دیوگوڑا حل کر سکتا ہے۔

* * *

مودی جی کا ''پسماندہ پریم'' اصلی نہیں ہے

یادش بخیر! ہمارے پردھان منتری مودی کو آٹھ سال بعد اچانک ''پسماندہ'' مسلمان یاد آ گئے۔ ہمیں ''دیر آید درست آید'' کے مصداق اس کا خیر مقدم کرنا اور ان کی مدد کرنا چاہئے۔ سب سے بہتر اور آسان مدد انہیں صحیح مشورہ دینا بھی ہوسکتا ہے۔

مود جی! آپ کو صرف ایک دستخط کرنا ہے، اس کے بعد پسماندہ مسلمانوں کی ساری پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ آپ صرف رنگ ناتھ مصرا کمیشن کی سفارشات کو اسی طرح مان لیں جس طرح وی پی سنگھ نے منڈل کمیشن کی سفارشات مان لی تھیں، اس کے لئے آپ کو پارلیمنٹ بھی نہیں جانا پڑے گا کیوں کہ آپ جانتے ہیں کہ رنگ ناتھ مصرا رپورٹ صرف پردھان منتری کی کرسی پر کسی وی پی سنگھ کا انتظار کر رہی ہے، وہ آپ بھی ہو سکتے ہیں۔ میں اس کے بارے میں زیادہ جانتا ہوں کیوں کہ سچر کمیٹی کی فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ پھر اس کو رنگ مصرا کمیشن بھیجنے کی پوری لڑائی پارلیمنٹ میں صرف میں نے اکیلے لڑی تھی، جس کے سب سے بڑے گواہ اس لڑائی کو شروع کرنے والے پٹنہ کے ڈاکٹر اعجاز علی صاحب زندہ موجود ہیں، وہ اس کے بعد راجیہ سبھا میں بھی پہنچے تھے۔

میں اعتراف کرتا ہوں کہ زیادہ تر مسلمانوں کی طرح مجھے بھی اس مسئلے کا کوئی علم نہیں تھا۔ نہ ہی مرحوم قائد ملت ڈاکٹر فریدیؒ کو ہی علم تھا۔ ۲۰۰۴ء کا لوک سبھا کا چناؤ ہونے والا تھا، مایاوتی نے مجھے بلا کر ٹکٹ دے دیا تھا کہ دہلی میں

ڈاکٹر اعجاز علی نے مجھے مسئلے سے آگاہ کیا اور کہا کہ ابھی تک یہ مسئلہ پارلیمنٹ تک نہیں پہنچ سکا ہے۔ میں نے ان سے کہا کہ انشاءاللہ اگلی پارلیمنٹ میں کل دوبارہ پہنچوں گا، پھر پارلیمنٹ کی کوئی بیٹھک اس کے ذکر سے خالی نہیں جائے گی۔

چودھویں لوک سبھا کی پہلی بیٹھک میں راشٹر پتی کے خطبے پر ہونے والی بحث میں، میں نے پہلے بار اس مسئلے کو اٹھایا، جس پر محترم اٹل بہاری واجپئی جن کو میں نے چیلنج کیا کہ میں بھاجپا کے منچ پر آکر دھرم کی بنیاد پر ریزرویشن مانگنے کی مخالفت کروں گا۔ اگر آپ دھرم کی بنیاد پر ریزرویشن کے واقعی مخالف ہیں تو پہلے شیڈولڈ کاسٹ ریزرویشن میں نہرو نے جو مذہب کی شرط لگا رکھی ہے اس شرط کی مخالفت کریں۔ اس نوک جھونک میں نتیش کمار جو این ڈی اے کے ہی رکن تھے کھل کر میری حمایت کرتے ہوئے کہا تھا کہ ''دھرم بدلنے سے سے جاتی نہیں بدلتی، میں جاتی سے کرمی ہوں کل میں مذہب بدل لوں تب بھی کرمی ہی رہوں گا۔ حضرت العلامہ یا پوپ نہیں بن سکتا۔ یہ واضح کردوں کہ مسلمانوں کے بڑے بڑے لیڈر ایوان میں موجود تھے لیکن نتیش کمار کے علاوہ کسی نے بھی ساتھ نہیں دیا۔

پارلیمنٹ کی ہر بیٹھک میں اسے اٹھانا اور کانگریس لیڈر شپ کو ننگا کرنا میرا مشن اس طرح بن گیا کہ کانگریس حکومت کو سچر کمیٹی بنانے کا اعلان کرنا پڑا۔ سچر رپورٹ پیش ہونے کے بعد اس پر ہونے والی بحث پر میری تقریر کانگریس کے خلاف اعلانِ جنگ کے مترادف تھی۔ میں نے سونیا گاندھی کو مبارک باد دی کہ نہرو نے مسلمانوں کو نیا شودر بنانے کی جو مہم شروع کی تھی اس میں اتنی کامیابی مل گئی ہے کہ ملک پر آٹھ سو سال تک حکومت کرنے والا طبقہ ہزاروں سال کے دلتوں سے بھی زندگی کے چار اہم شعبوں میں ان سے بھی پیچھے ہو چکا ہے۔

میں نے کہا کہ کانگریس ۱۸۸۵ء سے مسلمانوں کے بارے میں بدنیت رہی ہے۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ جب آپ مجبور ہوئے تو سچر کمیٹی بنائی بھی تو اس کو

سفارش کرنے کا اختیار ہی نہیں دیا۔سونیا اور شیوراج پاٹل میں کھسر پھسر ہوئی اور شیوراج پاٹل نے میری تقریر بیچ میں روک کر پھر سچر رپورٹ کو رنگ ناتھ مصرا کمیشن کو بھیجنے کا اعلان لوک سبھا میں کیا۔

میں نے فون کر کے ڈاکٹر اعجاز علی کو پٹنہ سے بلوایا اور رنگ ناتھ کے یہاں پیروی کرنے کو کہا اور یہ بھی کہا کہ رنگ ناتھ مزاج سے انگریز ہے، اب مجھے امید ہے کہ عمر کی آخری منزل میں وہ انصاف کرے گا۔اس نے بھی رپورٹ منموہن سنگھ کو سونپنے سے پہلے ڈاکٹر اعجاز علی سے کہا کہ مسلمانوں کو خوش خبری سنا سکتے ہو کہ میں نے انہیں اتنا دے دیا ہے کہ جتنا مسلمانوں نے سوچا بھی نہیں ہوگا؟

حسب عادت سونیا نے رپورٹ کو وہیں چھپا دیا جہاں اس کی ساس اندرا گاندھی نے مندل رپورٹ چھپائی تھی۔اس بیچ کانگریس لیڈروں نے مجھ پر دباؤ بنایا کہ اگر میں مان لوں تو دھوبی، نٹ، کنجر، مہتر جیسی ان جاتیوں کو شیڈ ولڈ کاسٹ میں ڈال دیا جائے جن جاتیوں کا نام نہیں بدلا ہے۔بنکر، راعینی، درزی وغیرہ کا نام بدل گیا ہے۔اس لئے انہیں بیک ورڈ میں ہی رہنے دیا جائے۔میں صرف اتنے پر تیار ہوا کہ جس جاتی کے ہندو بیک ورڈ لسٹ میں اور مسلمان شیڈ ولڈ کاسٹ لسٹ میں ہیں جیسے یادو بیک ورڈ میں اور گدّی Sc میں ہیں صرف ان پر بات ہوسکتی ہے،تو کانگریس نے مصرا رپورٹ کو نہ ماننے کا فیصلہ کیا۔وہ انصاری اور راعینی وغیرہ سے خائف تھے۔

ایک عیسائی ''فرینکلن'' سپریم کورٹ چلا گیا۔سپریم کورٹ کے نوٹس کا جواب ایک سال تک نہ تو سونیا سرکار نے دیا، نہ ہی آٹھ سال میں مودی سرکار نے جواب دیا، نہ ہی بنا سرکار کے جواب کے سپریم کورٹ نے کچھ کیا، وہ دہیں پڑی سڑ رہی ہے۔

مصرا رپورٹ وہیں پڑی ہے، جہاں منڈل رپورٹ پڑی تھی۔اگر کوئی وی

پی سنگھ پردھان منتری بن گیا تو نوے فیصدی مسلم پسماندہ طبقات کو شیڈولڈ کاسٹ کی لسٹ میں ڈالنے کے لئے پارلیمنٹ سے بھی پاس نہیں کرانا پڑے گا۔ واضح رہے کہ لسٹ ۱۹۳۶ء میں بنی ہے۔اس کے بعد لکھنؤ کی ایک بڑی کانفرنس میں مسلم ریزولیشن مومنٹ کا آغاز ہوا، لیکن اس کے مطالبات صرف دو ہیں، اول یہ کہ رنگ ناتھ مصرا رپورٹ لاگو کی جائے اور مسلمانوں کی جو جاتیاں بیک ورڈ میں رہ جاتی ہیں انہیں آبادی کے تناسب سے پچھڑوں کے ریزرویشن میں ان کا حصہ الگ کیا جائے جو بندیشوری پرشاد منڈل نے اپنی رپورٹ میں کہا تھا۔

میں یہ بھی واضح کردوں کہ بندیشوری پرشاد منڈل ڈاکٹر فریدیؒ کے خاص دوست تھے، انہوں نے ہی مسلم مجلس کے الٰہ آباد کنونشن کی صدارت کی تھی اور ۷۷ء میں جب مرارجی بھائی ڈیسائی نے کاکا صاحب کالیکر کمیشن کی جگہ نیا کمیشن بنانے کا فیصلہ کیا تو مسلم مجلس ہی کے دباؤ پر بندیشوری پرشاد منڈل کو اس کا چیرمین بنایا گیا تھا۔

آخر میں یہ بات واضح کردوں کہ مسلمانوں کے لیڈر ہمیشہ مسلمانوں کے حقیقی مسائل کے بجائے جذباتی مسائل چھیڑتے ہیں۔اس وقت مسلمانوں کے قائد ملت چودھویں لوک سبھا میں بھی تھے، اس پانچ سالہ جدوجہد میں مصرا کمیشن تک انہوں نے ایک بار بھی زبان نہیں ہلائی تھی۔ میں مبارک باد دیتا ہوں کہ پسماندہ مسلمانوں کو حقوق دلانے کی ساری لڑائی میں سارے مسلمان ایک ساتھ تھے اور ہمیں بھی اس لئے اس کا امکان نہیں ہے کہ ''مودی جی کے پسماندہ پریم'' سے مسلمانوں میں پھوٹ پڑ جائے گی۔ڈاکٹر اعجاز علی سمیت ۳۴۱ کی لڑائی لڑنے سارے لیڈر جانتے ہیں کہ لوک سبھا میں تنہا لڑائی لڑ کر جس آدمی نے مصرا کمیشن تک اس کو پہنچایا وہ پسماندہ مسلمان نہیں ہے۔

* * *

ایک چراغ اور بجھا اور بڑھی تاریکی

کل کے اخبار سے پتہ چلا کہ گونڈہ نگر پالیکا کے سابق چیرمین قمرالدین قمر جو ہم سب میں جونیئر تھے سب کو چھوڑ کر چلے گئے۔ مرحوم قائد ملت ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی نے اپنی محدود دس سالہ مہم میں جو کیڈر رنگ کی تھی فضل الباری مرحوم کے ساتھ قمرالدین قمر بھی اس کا ایک حصہ تھے۔

۱۳؍اگست ۸۰ء کو مرادآباد عیدگاہ کے مجمع پر اندرا گاندھی نے پی اے سی سے جو اندھا دھند فائرنگ کرا کر سیکڑوں نمازیوں کو شہید کرا دیا تھا اس کا ملک اور بین الاقوامی سطح پر زیادہ چرچا نہیں تھا، مسلم مجلس بھی کمزور ہو چکی تھی، لیکن اس نے فیصلہ کیا کہ ۲؍اکتوبر سے لکھنؤ سے دہلی تک پیدل مارچ براہِ مرادآباد کیا جائے گا۔

اعظم گڑھ میں میری بیوی بیمار تھیں، پھر بھی طے پایا کہ میں ہردوئی تک مارچ میں شرکت کروں، لیکن ہردوئی پہنچنے پر میرے اور قمرالدین قمر کے علاوہ فضل الباری سمیت مارچ کے سارے شرکاء بیمار ہو گئے، میں اگر ان سے جدا ہو گیا تو عین ممکن ہے کہ مارچ فیل ہو جائے اور اپنے مقاصد میں مجلس ناکام ہو جائے۔ اس لئے میں نے چلنے کا فیصلہ کیا۔ چوں کہ انگریز کی واپسی کے بعد یہ پہلا پیدل مارچ تھا جسے پانچ سو کلومیٹر سے زیادہ سفر کرنا تھا، اس لئے بھی اس کی ملک اور بیرونِ ملک خوب پبلسٹی ہوئی اور بی بی سی نے اسے اپنے تبصروں کا خصوصی موضوع بنایا اور پوری دنیا کو پتہ چل گیا کہ بھارت میں سوشلزم، سیکولرزم

اور جمہوریت کی آڑ میں اقلیتوں کے ساتھ کیا ہو رہا ہے؟

۱۹ر اکتوبر کو ہم رات میں دہلی کے جعفر آباد کے مدرسے میں مقیم تھے کہ فضل الباری صاحب قمرالدین کو لے کر میرے پاس آئے اور کہا کہ تمہاری بیوی کی حالت زیادہ خراب ہے، شاید تمہارے وقت پر پہنچنے پر سنبھل جائیں، حالاں کہ دہلی کی مشہور شخصیت الیاس قریشی مرحوم نے ان کے انتقال کی خبر دی اور یہ کہہ کر چلے گئے کہ مجھ میں الیاس کا سامنا کرنے کی ہمت نہیں ہے۔ انہیں صرف بیماری کے بڑھنے کی خبر دی جائے۔ قمرالدین مرحوم مجھے لے کر دہلی اسٹیشن آئے اور شاہ گنج کی ٹرین میں بٹھا دیا۔ پھول پور پہنچ کر مجھے پتہ چلا کہ وہ دنیا سے جا چکی ہیں۔ میں نے قمرالدین قمر کے نگر پالیکا کے پہلے چیرمینی کے پہلے الیکشن میں گونڈہ میں رک کر الیکشن مہم چلائی تھی۔ مسلم مجلس کو قائد ملت نے ایسا بنایا تھا جس کی وجہ سے وہ اپنے نام کے باوجود ایسی پارٹی بنی تھی جس کو ہر طبقے کے ووٹ ملتے تھے، اسی وجہ سے اُسے بے شمار نگر پالیکاؤں اور نگر نگموں میں اکثریت ملتی تھی۔

اگر تدفین سے پہلے مجھے خبر ملتی تو ۸۹ سال کی عمر کے باوجود میں ان کے جنازے میں ضرور شرکت کرتا۔ اب صرف خدا سے دعا ہے کہ ان کے درجات بلند فرمائے، ویسے ان کی مغفرت کے لئے مسلم مجلس کے ساتھ جدوجہد کے کچھ سال ہی کافی ہیں۔ انشاءاللہ

* * *

ہریجنوں کی مراعات حقیقت کے آئینے میں

جنوبی ہند میں ہریجنوں کے قبول اسلام کی لہر نے ہمارے ملک کے حکمراں طبقے کو ان کے مسائل کے معاملے میں کافی حساس بنادیا ہے، ان کی معاشی فلاح و بہبود اور سماجی مساوات کے قیام کے پروگرام بنائے جارہے ہیں، یہاں تک کہ قبول اسلام کی دھمکیوں کے ذریعے معاشی بلیک میلنگ کو نہ صرف برداشت کیا جارہا ہے بلکہ اس کے آگے گھٹنے ٹیکے جارہے ہیں۔ یہ ہوسکتا ہے کہ ضرورت کے تحت خلوص کا ثبوت دینے کے لئے کانوں سے زنار بھی اتار دی جائے لیکن صدیوں پہلے منوجی دلوں پر جو زنار باندھی ہے اس کی گرفت آج بھی اتنی ہی مضبوط ہے جتنی پہلے تھی۔ خدا سے دعا ہے کہ اس مرتبہ یہ لوگ اپنے اعلان میں مخلص ثابت ہوں، اگر صدیوں سے کچلے ہوئے طبقے کو اب بھی انصاف مل جائے تو بہت بڑی بات ہے اور اس کو اسلام کے ایک معجزے سے تعبیر کیا جانا چاہئے۔

جدید ہندوستان کی تاریخ میں ہریجنوں کو مساوات کا سبز باغ، نعروں کی تھپکی اور قانونی اقدامات کی لوری سے سلا دینے کے بعد پھر استحصال کا چکر چلانا کوئی نئی بات نہیں ہے۔ ایک عقل مند آدمی ارباب اقتدار کی نیت کا اندازہ اس کے قول سے نہیں بلکہ فعل سے ہی لگا سکتا ہے۔ ابھی پچھلے دنوں گجرات کی ہریجن مخالفت پرتشدد تحریک کے دوران ہمارے قومی پریس نے یہ تاثر عام کردیا تھا کہ ریزرویشن کے ذریعے ہریجنوں کی منہ بھرائی سماجی ناانصافی کے مترادف ہے۔

حکمراں طبقہ ہریجنوں کی ناخواندگی سے فائدہ اٹھا کر انہیں ملنے والی مراعات کو اس طبقے کے ساتھ حکمراں جماعت کے ''احسان عظیم'' کے طور پر پیش کر کے سیاسی فائدہ حاصل کرتا رہا ہے۔

ہریجن تحریک اور ریزرویشن کی تاریخ پر سرسری نظر ڈالنے سے یہ واضح ہوجاتا ہے کہ اپنے آپ کو ہریجنوں کے مسیحا کے طور پر پیش کرنے والوں نے اس طبقے کے ساتھ اس بیسویں صدی میں بھی اتنی ہی بے انصافی کی ہے جتنی کہ اس دور میں ممکن ہوسکتی تھی۔

انگریزی غلامی کے دور میں کمیونل ایوارڈ نے جب ہندو اور مسلمان کی علیحدہ حیثیت تسلیم کر کے جداگانہ انتخاب کا طریقہ رائج کیا تو ڈاکٹر امبیڈکر نے اچھوتوں کو ایک علیحدہ قوم تسلیم کر کے ان کو جداگانہ انتخاب کا حق دلانے کی تحریک شروع کی۔ اس وقت مہاتما گاندھی نے اعلان کیا کہ میں اپنی جان دے دوں گا لیکن ہریجنوں کو ہندوؤں سے علیحدہ نہیں ہونے دوں گا۔ انہوں نے ڈاکٹر امبیڈکر پر دباؤ ڈالنے کے لئے پونا میں مرن برت شروع کیا، تقریباً دو ماہ کی کشمش کے بعد ڈاکٹر امبیڈکر مہاتما گاندھی کی جان بچانے کے لئے گفتگو پر آمادہ ہوگئے اور کانگریس یا تحریک آزادی کی تاریخ کا مشہور پونا پیکٹ ۳۲ء عمل میں آیا، حالاں کہ پونا پیکٹ کا اب چرچا تک نہیں کیا جاتا، اس کی دو خاص وجہ یہ تھیں:

(۱) کانگریس اور ملک کے عوام سماجی مساوات حاصل کرنے کی عملی جدوجہد شروع کردیں گے۔ آزادی کے بعد حکومت ہند پابند ہوگی کہ پندرہ سال کے اندر سماجی و معاشی طور پر اچھوتوں کو دیگر طبقات کے برابر کرایا جائے، خواہ اس کے لئے ترقی یافتہ طبقوں کو روک کر مساوات حاصل کرنا پڑے۔

(۲) ڈاکٹر امبیڈکر اس کے جواب میں اپنی تحریک واپس لیں گے۔

مہاتما گاندھی نے ہندوستانی لغت سے اچھوت کا لفظ خارج کر کے ان کے لئے ہریجن (خدا کے مخصوص بندے) کا لفظ ایجاد کیا۔ عملی ثبوت کے طور پر خود ان کی کالونیوں میں رہنے لگے۔ بہت سے مندروں اور کنوؤں کے دروازے ہریجنوں پر کھول کر اس کی تصاویر شائع کی گئیں۔ آزادی کے بعد دوسروں کو روک کر ہریجنوں کو آگے بڑھانے کی بات سے انحراف کر لیا گیا، لیکن زندگی کے ہر شعبے میں غیر مشروط طور پر ان کی نمائندگی اٹھارہ فیصدی رکھی گی۔ ان کی معاشی، سماجی اور تعلیمی پسماندگی دور کرنے کے لئے اتنے دوررس اقدامات تجویز کئے گئے جس کے عمل درآمد میں اگر ہمارے حکمراں مخلص ہوتے تو اب تک ان کی کایا پلٹ گئی ہوتی۔

عمل کے میدان میں مجالس قانون ساز اور سرکاری نوکریوں میں اٹھارہ فیصد ریزرویشن کو چھوڑ کر دیگر شعبوں میں ہریجن بہبود کی بات تک ترک کر دی گئی۔ سرکاری نوکریوں کے ہر اشتہار میں واضح طور پر یہ اعلان کیا جاتا رہا کہ اٹھارہ فیصد آسامیاں ہریجنوں کے لئے ریزرو ہیں، لیکن ان اعلانات پر کتنا عمل ہوا انتخابی ٹیسٹ کے تین چار مرحلوں میں مختلف حیلوں کے تحت اٹھارہ فیصد کے تناسب کو دو تین فیصد تک گرا دینا حکمرانوں کے بائیں ہاتھ کا کھیل اور ان کا محبوب مشغلہ رہا ہے، یہاں تک کہ ہر مرحلے سے گذرنے کے بعد ''پرسنالٹی'' کے نام پر ان کو کاٹ دینے کی مثالیں عام سی ہیں۔

اس وقت سرکاری ملازمتوں پر موجود تقریباً تمام تقرریاں آزادی کے بعد کی ہیں۔ ریزرویشن کے قانون اور بلند بانگ دعوؤں کے تحت اس وقت سرکاری ملازمین میں ہریجنوں کا عددی تناسب کم از کم اٹھارہ فیصد تو ہونا ہی چاہئے لیکن حالت کیا ہے؟ آج بھی وہ اول، دوم، سوم، چہارم کی کل ملازمتوں میں ان کا عددی تناسب پانچ فیصد سے ہرگز زیادہ نہیں ہے۔

ہریجنوں میں کسی اعلیٰ قابلیت کی ضرورت نہیں پڑتی لیکن شمالی ہند میں ہریجنوں کا عددی تناسب پانچ فیصد سے بھی کم ہے۔جنوبی ہند کی بات مجھے معلوم نہیں ہے۔ جہاں تک نقد مراعات کا سوال ہے، جان بوجھ کر اس کی تقسیم کے سارے اختیارات ان لوگوں کے ہاتھ میں رکھے گئے جن کو ہریجنوں سے کوئی ہمدردی نہیں ہے۔نتیجہ یہ ہوا کہ مختلف حیلوں اور گھپلوں کے ذریعے اس کا بڑا حصہ غیر ہریجنوں کی جیبوں تک پہنچتا رہا، ہریجنوں کا حصہ خیرات تک ہی محدود رہا۔

البتہ اسمبلی و پارلیمنٹ کی سیٹوں کے ریزرویشن کے معاملے میں ایمانداری برتی گئی یا اس میں بے ایمانی کی گنجائش ہی نہیں تھی، حالاں کہ اس ریزرویشن سے بحیثیت مجموعی ہریجنوں کا اتنا بڑا نقصان ہے جس کی تلافی کسی طرح ممکن نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ڈاکٹر امبیڈکر نے اسمبلی پارلیمنٹ کی سیٹوں کے ریزرویشن کے خاتمے کو اپنا مقصد زندگی بنا لیا تھا۔ اس کی دلیل کے لئے ڈاکٹر امبیڈکر کے مضامین سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ یہاں اتنا لکھنا کافی ہے کہ جب تک یہ ریزرویشن باقی ہے ملک کی سب سے بڑی اکثریت ہونے کے باوجود یہ طبقہ معمولی سیاسی طاقت بھی نہیں بن سکتا۔شاید یہی وجہ ہے کہ دیگر بزنس اور مراعات میں گھپلے بازیاں ہوتی ہیں،لیکن عام ہریجنوں کی مخالفت کے باوجود مجالس قانون ساز کے ریزرویشن میں مسلسل توسیع کی جاتی رہی ہے۔

بہرحال اب بھی وقت ہے اگر اس مرتبہ صدیوں کے کچلے ہوئے اس طبقے کو لوریاں دے کر سلا دیا گیا اور سماجی مساوات کے اعلانات صرف کاغذ اور اخبار کی زینت بن کر رہ گئے تو بیس کروڑ کی عظیم آبادی رکھنے والے اس طبقے کی تیسری کروٹ کتنی خطرناک ہوگی اس کا اندازہ وہی لوگ کر سکتے ہیں جنھوں نے پڑھے لکھے ہریجنوں کی نفسیات کا بغور مطالعہ کیا ہے۔ * * *

جو آج صاحب مسند ہیں کل نہیں ہوں گے

مرحوم راحت اندوری نے کہا تھا کہ:

جو آج صاحب مسند ہیں، کل نہیں ہوں گے
کرایہ دار ہیں ذاتی مکان تھوڑا ہی ہے

سوشل میڈیا پر یہ بحث گرم ہے کہ ۲۰۲۴ء کے چناؤ میں کیا ہوگا؟ میں یہ بات پورے اعتماد کے ساتھ کہہ رہا ہوں کہ جو ۲۰۱۴ء میں جو اقتدار آیا تھا وہ ۲۰۲۱ء میں نہیں ہوگا۔

اڈانی گھوٹالے اور رام چرت مانس پر جو بحث شروع ہوئی تھی وہ بدستور چل رہی ہے۔ اس بحث کا رخ موڑنے کے لئے ہی ایک صدی سے اربابِ اقتدار نے مسلمانوں کے علمائے سو کی سب سے بڑی اور قدیم جماعت ''جمعیۃ الجہلاء'' قدیم نمک خواروں کے ذریعہ عوامی بحث کا رخ موڑنے کی کوشش کی تھی وہ بھی ناکام ہو چکی ہے اور گھوٹالے پر گھوٹالے کھلنا شرع ہو گئے ہیں۔ دوسری طرف رام چرت مانس پر اس بار بحث شیڈولڈ کاسٹ کے بجائے بیک ورڈ کی طرف سے شروع ہو چکی ہے اور اب تک اس بحث میں بیک ورڈ لیڈرشپ ہی آگے ہے، یہ بہت معمولی بات نہیں۔

اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں ہے، ہمارا ہندو بیک ورڈ کلاس اور اس کا ذات پات پر مبنی نظام بھی شودر سماج کا سب سے بڑا مسئلہ رہا ہے اور پچھڑوں کے

ریزرویشن کی لڑائی، پچھڑوں سے کہیں زیادہ شیڈولڈ کاسٹ اور اقلیتوں نے لڑی۔ باوجوداس کے کہ بندیشوری پرشاد، شرد یادو اور لالو یادو اس کے سرخیل لوگوں میں رہے، لیکن اس کی مخالفت میں سب سے زیادہ ملائم سنگھ یادو، دیوی لال اور چمن بھائی پٹیل نے اگوائی کی اور یہ تینوں کا تعلق شودر سماج ہی سے رہا۔ کیا یہ بات معمولی ہے کہ وی پی سنگھ اور منڈل کی مخالفت میں پہلا آتماداہ کرنے والا طالب علم راجیو گوسوامی خود پچھڑے سماج سے تعلق رکھتا تھا اور اس نے اپنے خلاف ہی خودسوزی کی ابتداء کی۔

اس حقیقت سے بھی انکار ممکن نہیں کہ پچھڑی اور شودر سماج کے ووٹ کا فائدہ منڈل لاگو کرنے والوں وشوناتھ پرتاپ سنگھ کو بالکل نہیں پہنچا اور لالو یادو وشرد یادو سے کہیں زیادہ فائدہ منڈل کی مخالفت میں پیش پیش رہنے والے ملائم سنگھ یادو، چمن بھائی پٹیل اور دیوی لال نے اٹھایا، لیکن اب زمانہ بدل رہا ہے، دہلی سے اس کی ابتدا کرنے والے خود دلت سماج کے تھے لیکن لکھنو اور دلی و دوسرے مقامات پر جن بڑے اجتماعات نے درجہ دوم میں جانے کا اعلان کیا ان کی بھاری اکثریت بیک ورڈ کلاس کی رہی ہے۔

کچھ لوگوں کو ۲۰۲۴ء میں بھاجپا کی شکست ناممکن یا بہت مشکل ضرور نظر آرہی ہے اور اپوزیشن اتحاد بھی مشکل نظر آرہا ہے۔ میں یہ واضح کردوں کہ پورے ملک میں اپوزیشن اتحاد نہ تو جیت کی گارنٹی ہے نہ ہی ایسا ممکن ہے بلکہ صوبوں کی بنیاد پر ممکن حد تک اتحاد ممکن بھی ہے اور فائدہ مند بھی ہے۔

مثلاً ساؤتھ میں تامل ناڈو اور کیرالہ میں نہ تو بی جے پی کے پاس کوئی سیٹ ہے، نہ ہی آئندہ ملنے والی ہے، وہاں جو اتحاد ہے وہ کافی ہے۔ آندھرا میں اگر اپوزیشن کی قیادت جگن موہن ریڈی اور چندرابابو نائیڈو سیٹوں کی تقسیم کرادے تو

بہتر ہے ورنہ اس کو اپنے حال پر چھوڑ دینا ہی بہتر ہوگا۔ وہاں بھی بی جے پی کو کچھ نہیں ملنے والا ہے۔ وہاں اگر ایک کانگریس کے ساتھ ہولیا تو دوسرا بی جے پی کے ساتھ جا کر اس کو فائدہ پہنچا سکتا ہے۔

تلنگانہ کو چندر شیکھر راؤ پر چھوڑ دینا بہتر ہوگا۔ اگر وہ کانگریس کے لئے کچھ سیٹیں چھوڑ دیں تو بہتر ہوگا، ورنہ وہ بی جے پی کے پاس جو تین چار سیٹیں ہیں وہ بھی چھین سکتے ہیں۔ کرناٹک میں ویسے ہی کانگریس کا پلہ بھاری ہے۔ اگر کانگریس اور دیوگوڑا میں سمجھوتہ کرایا جائے تو یہ بھی ممکن ہے کہ وہاں بھاجپا پر جھاڑو پھر جائے۔

ملک کے دوسرے سب سے بڑے صوبے میں مہاراشٹرا گاڑی موجود ہے، بس اس میں کوئی بڑی پھوٹ نہیں پڑنی چاہئے۔ مہاراشٹر میں اگر بی جے پی دو ہندسوں میں آ جائے تو ایک معجزہ سمجھا جانا چاہئے۔ راجستھان، مدھیہ پردیش اور چھتیس گڑھ کو کانگریس پر چھوڑ دینا چاہے۔ وہ اگر کچھ پارٹیوں کے لئے گنجائش نکال دے تو بہتر ہے۔ اڑیسہ نوین پٹنا یک پر چھوڑ دینا مناسب ہے، وہ اگر کانگریس کے لئے کچھ گنجائش نکال لیں تو سب کے لئے کچھ، سب سے زیادہ نوین کے لئے مفید ہوگا۔

جھارکھنڈ میں الائنس موجود ہے، کسی نئے الائنس کی ضرورت نہیں۔ بہار میں بھی مہا گٹھ بندھن موجود ہے، وہاں بھی کانگریس کی سیٹیں کم کر کے مانجھی اور ...... کے لئے گنجائش نکالنا سب کے لئے مفید ہوگا۔ بنگال میں اگر ممتا کچھ سیٹیں کانگریس اور کچھ لیفٹ کو دیدیں تو بھاجپا پر جھاڑو پھر سکتی ہے۔

ہریانہ، پنجاب اور دہلی میں عام آدمی پارٹی اور کانگریس کا ایکا مشکل ہے۔ تینوں صوبوں میں کل تین سیٹیں ہی ہیں، اگر کوئی حل نکل آئے تو بہتر ہوگا ورنہ کسی

پریشانی کی ضرورت نہیں۔ان میں بھاجپا کی موجودہ سیٹوں میں کمی تو ہوسکتی ہے، اس کا بڑھنا ناممکن ہے۔اسی طرح اترا کھنڈ اور ہماچل پردیش کانگریس کے حوالے کر دینا ہی بہتر ہے۔

اصل مسئلہ اتر پردیش کا ہے۔اگر یہاں کانگریس سپا،بسپا تینوں کا الائنس ہوجائے تو بھاجپا کو کوئی ہرا ہی نہیں سکتا، کیوں کہ یہاں بیس فیصدی صرف بھاجپا کو ہرانے کے لئے سپا کو ووٹ کرتا ہے جس سے لگتا ہے کہ سپا جیت جائے گی لیکن اپر کاسٹ اور غیر یادو بیک ورڈ کلاس جس کا ووٹ مسلمانوں کا دگنا ہے وہ اکھلیش کو روکنے کے لئے یک مشت بھاجپا میں چلا جاتا ہے اور اپنے ساتھ کچھ شیڈولڈ کاسٹ کو بھی لے جاتا ہے، جاٹ بھی اکھلیش کو برداشت نہ کرنے کی وجہ سے ہی بھاجپا کو چلا گیا، جب کہ چناؤ سے پہلے کسی جاٹ گاؤں میں بھاجپا کی گاڑی بھی نہیں گھس سکتی تھی۔

یہاں کانگریس کا الائنس،لوک دل اور دوسری چھوٹی چھوٹی پارٹیوں سے ہونا چاہئے۔ بی ایس پی کے پاس دس سیٹیں ہیں، الگ لڑنے کی صورت میں اسے بڑا ساز یرو ہی ملے گا۔ چناؤ کی تاریخوں کے اعلان کے بعد اگر وہ دس پندرہ پر اکتفا کر کے کانگریس سے گٹھ بندھن کر لے تو پھر دس کا ہندسہ چھوسکتی ہے۔ایسی حالت میں یہاں سپا کو اکیلے لڑنا چاہئے۔اگر ایسا ہوا تو بی جے پی جتنی ہے اس سے آدھی تو ضرور ہوجائے گی اور بھی کم ہوسکتی ہے۔

صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لئے

***

ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ

اس وقت میڈیا پر پھر عام آدمی پارٹی اور بی جے پی لیڈروں کی بحث چھائی ہوئی ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ ''ان دیکھی طاقتوں نے یہ فیصلہ کرلیا ہے کہ بھارت کے عوام پر یہ باور کرادیا جائے کہ ویشہ کا متبادل ویشہ، ڈکٹیٹر کا متبادل ڈکٹیٹر ہوسکتا ہے۔ جس طرح کانگریس کا متبادل بھاجپا اور بھاجپا کی متبادل کانگریس یہ الفاظ دیگر برہمن واد کا متبادل صرف برہمن واد کا کھیل عرصہ دراز سے جاری رہا ہے۔

میں نریندر مودی سے صرف ایک بار ملا ہوں، لیکن ان کی آٹھ سال کی حکمرانی کی وجہ سے اچھی طرح جانتا پہچانتا ہوں، میں شاید بھارت کا اکیلا آدمی ہوں جس نے بھرشٹا چار کے خلاف چلنے والی جے پی مومنٹ، وی پی سنگھ آندولن اور انّا آندولن تینوں میں نمایاں حصہ لیا۔ انا آندولن میں صرف محترم شانتی بھوشن صاحب کچھ دن سیاست میں رہے لیکن میں اکیلا آدمی ہوں جو آندولن میں شامل ہونے سے پہلے دوبار لوک سبھا کا ممبر رہ چکا تھا، باقی میں شاید کوئی کبھی سبھاسدی کا چناؤ بھی نہیں لڑا تھا۔

سب سے پہلے پنجاب کی ایک میٹنگ میں محترم شانتی بھوشن نے آندولن کو سیاسی پارٹی میں تبدیل کرنے کا پرستاؤ رکھا جو نامنظور ہوگیا۔ پھر میں نے اس کی اگوائی کی اور اس کے لئے انا ہزارے کے گاؤں تک گیا۔ لہٰذا اروند کیجری وال سے پوری طرح واقف ہوں۔

نریندر دامودرداس مودی اوراروند کیجری وال میں کئی چیزیں مشترک ہیں۔ دونوں ہی بھارت کی سماجی تقسیم کے حساب سے ''ویشیہ'' ہیں، دونوں ہی بھارت کی عظیم سوسائٹی کی تاریخ کے سب سے بڑے ایکٹر ہیں، شاید دلیپ کماراور امیتابھ بچن سے بھی بڑے۔ دونوں ہی اپنے ہیرواور دلت ہٹلر کی طرح چناؤ جیت کر اقتدار تک پہنچے عام آدمی پارٹی جن چار ستونوں پر کھڑی کی گئی ان میں ایک اہم ستون پارٹی کے اندر کی جمہوریت تھی۔ اس سے پہلے بھاجپا ملک کی واحد بڑی پارٹی تھی، جس کے اندر بھی جمہوریت تھی، لیکن اقتدار میں آنے کے بعد مودی جی نے جس طرح بھاجپا کو جی حضوریوں، چمچوں اور دلالوں کے ایک بڑے ہجوم میں تبدیل کر دیا ہے اسی طرح اروند کیجری وال نے اندرونی جمہوریت کے نام پر بنی پارٹی کے ساتھ کیا۔

دلی کے عام چناؤ میں ستر میں سرسٹھ سیٹیں جیت لینے سے پہلے عام آدمی پارٹی میں کسی کو یہ احساس تک نہیں ہوا کہ اروند کیجری وال جمہوری خول کے اندر کیا ہے؟ عام آدمی پارٹی بنتے وقت جلسۂ عام میں کیجری وال نے ہی اعلان کیا تھا کہ اس پارٹی میں نہ تو کوئی اعلیٰ کمان ہوگا، نہ ہی کوئی آدمی اس کا واحد لیڈر رہوگا۔ یہ طے تھا کہ فیصلے ایک پولیٹیکل افیئر کمیٹی پی اے سی کرے گی، جسے پارٹی کے پدادھیکاری لاگو کریں گے۔

پارٹی کی بنیاد کے وقت ہی محترم شانتی بھوشن نے چیک سے دو کروڑ روپئے دیئے تھے۔ دلی میں بڑی جیت کے ایک ماہ بعد ہی ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ بلا کر اروند نے کہا کہ یا تو پی اے سی سے پرشانت بھوشن اور یوگیندر یادو کو نکالو یا تو میں اپنے 67 نگینوں (ودھایکوں) کو لے کر الگ ہو جاؤں گا۔ ان دونوں کا واحد جرم یہ تھا کہ وہ پی اے سی کی میٹنگوں میں اپنی آزادانہ رائے رکھتے تھے۔ یہ جرم

ان دونوں کے علاوہ راقم الحروف اور کمار وشواس بھی کرتے تھے۔ پہلی لسٹ میں ہم دونوں صرف اس وجہ سے نہیں نکالے گئے کہ چناؤ میں مسلمانوں نے متحدہ ووٹنگ کی تھی اور جلسوں میں کمار وشواس کی وجہ سے بھیڑ میں اضافہ ہوتا تھا۔

میں اپنی یہ غلطی تسلیم کرتا ہوں کہ میٹنگ میں اروند کیجری وال کی مخالفت کرنے کے باوجود میں نے پارٹی کو بچانے کے لئے اروند کو ووٹ دیا، جس کی وجہ سے دونوں کو نکال دیا گیا اور پی اے سی سونی ہوگئی۔ لوک سبھا سے عام چناؤ میں صرف پنجاب سے چار سیٹیں جیت سکیں، جن میں دھرم ویر گاندھی، اور ہریندر سنگھ خالصہ دو لیڈر تھے، لیکن چند ماہ بعد ہی اروند نے پی اے سی کی میٹنگ میں دونوں کو نکالنے کی تجویز رکھی۔ میری مداخلت اور اروند کے مفاد پر دونوں صرف معطل رہے اور پانچ سال تک معطل رہے۔

ہریندر سنگھ خالصہ دلت تھے، لیکن ان کے والد ہمیشہ سر سکندر حیات کے سکریٹری رہے۔ دھرم ویر گاندھی اتنے اہم آدمی تھے کہ انہوں نے پٹیالہ میں امریندر سنگھ کے آدمی کو ہرایا تھا۔

نریندر مودی اور اروند کیجری وال میں ایک نمایاں فرق یہ ہے کہ نریندر مودی پریوار وادی نہیں ہیں اور اروند کیجری وال کے دور نزدیک کا کوئی رشتہ دار بچا ہی نہیں ہے جو ایڈجسٹ نہ ہوا ہو۔ یہاں تک کہ جن کو وہ آئندہ رشتہ دار بنانے کا من میں پلان بنا چکا ہے وہ ابھی سے پروجیکٹ کئے جا رہے ہیں۔ پنجاب میں ۲۰۱۷ء میں ہی عام آدمی پارٹی کی سرکار بن رہی تھی وہ تو چناؤ کے درمیان ہی صاف ہوگیا کہ اروند خود ہی منیش سسودیا کو دلی سونپ کر پنجاب کا مکھیہ منتری بنے گا۔ اس وجہ سے کانگریس جیت گئی۔ ظاہر ہے کہ اروند ایسی سرکار سے مطمئن نہیں ہوسکتا جس کے پاس پولیس نہ ہو۔ پنجاب میں سرکار بنتے ہی اروند نے

مودی کی نقل کرتے ہوئے دلی کے اپنے مخالفوں کو پنجاب پولیس سے اٹھوانا شروع کر دیا، لیکن دلی سے پنجاب جانے کے لئے بیچ میں ہریانہ بھی پڑتا ہے؟

یہ عین ممکن ہے کہ دلی میں ای ڈی اور سی بی آئی کی سرگرمیاں محض ڈرامہ ہوں اور گجرات چناؤ میں عام آدمی پارٹی کو اس طرح پروجیکٹ کرنا مقصد ہو کہ اگر وہاں بی جے پی ہارے بھی تو کانگریس کو اکثریت نہ مل سکے۔

اروند کیجری وال اتنا بڑا ایکٹر ہے کہ سیاست میں ستر سال سے زیادہ لگائے اور دو ٹرم کے لوک سبھا کا انتہائی سرگرم میر رہنے کے باوجود اور ملک کے زیادہ تر لیڈروں سے دوستی یا قربت اور طویل تجربہ رکھنے کے باوجود میں کئی سال تک اسے پہچاننے میں ناکام رہا۔ میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ چوں کہ اس وقت عام آدمی پارٹی نام کی کسی چڑیا کا وجود نہیں، صرف اروند کیجری وال ہے، اس لئے وہ اپوزیشن کے کسی اتحاد کا حصہ نہیں بنے گا، نہ ہی اسے بنانا چاہئے کیوں کہ ملک کے جمہوریت پسند عوام کو یہ اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے کہ ڈکٹیٹر شپ کو دوسری ڈکٹیٹر شپ سے ختم کرنا مناسب نہیں۔ کیچڑ اور گندگی کو کیچڑ اور گندگی سے صاف نہیں کیا جا سکتا، اس کے لئے کیچڑ کی نہیں پانی کی ضرورت ہے اور پانی کے نام پر اس وقت راہل گاندھی، نتیش کمار اور ایم کے اسٹالن صرف تین شخصیتیں آپ کے پاس ہیں۔

* * *

کیا زمانہ بدلنے والا ہے؟

اتر پردیش کے دونوں ضمنی چناؤ بھاجپا نے جیت لئے، یہ بھی ثابت ہوگیا کہ مسلمانوں نے اپنی ہلاکت خیز غلطی کو بڑے پیمانے پر محسوس کرلیا ہےاوراب وہ سماج وادی پارٹی کوسپورٹ کرنے کی ہلاکت آمیزاجتماعی غلطی کومحسوس کر چکے ہیں۔

پہلے ہم رامپور کو لیتے ہیں وہاں مسلمانوں کا تناسب 54 فیصد ہے، وہاں کانگریس اور بی ایس پی نے امیدوار ہی نہیں اتارا تھا اور براہِ راست مقابلہ سماجوادی کے عاصم رضا اور بی جے پی کے گھنشیام لودھی کے درمیان مقابلہ تھا۔ اگر مسلمان سماجوادی یا مسلمان امیدوار کے ساتھ ہوتے تو عاصم رضا کو چننا چاہئے تھا۔ مسلمان اور چمار یہی دو طبقے اتر پردیش میں ہیں جو برادری کے بجائے پارٹی کو ووٹ دیتے ہیں۔ بھارت کے عام لوگوں کا خیال تھا کہ سماجوادی امیدوار وہ بھی مسلمان اوراعظم خاں کا خاص ہونے کے ناطے چناؤ جیت ہی جائے گا۔

لیکن ہوا کیا، مسلمان معقول تعداد میں سپا سے اتنے ناراض تھے کہ انہوں نے براہِ راست بھاجپا کو ووٹ دیا اوران کی ایک معقول تعداد جو بھاجپا کو ووٹ نہیں دینا چاہتی تھی ووٹ ڈالنے نکلی ہی نہیں۔ اسے ایک معجزہ سمجھنا چاہئے کہ رامپور میں بھاجپا بیالیس ہزار ووٹ سے جیتی، جو آئندہ کی سیاست کے لئے سنگ میل ثابت ہوسکتا ہے۔

اعظم گڑھ ایسا ضلع ہے جہاں کا مسلمان 1953ء کے بعد ہی کانگریس کو طلاق مغلظہ دے چکا تھا۔ اس کے بعد ضلع کی چودہ اکیلی سیٹوں میں سے کانگریس کو صرف ایک بار چار سیٹیں ملیں، لیکن باقی الیکشنوں میں وہ دو یا تین سیٹوں سے زیادہ نہیں جیت پائی۔ کئی الیکشنوں میں اس کا کھاتہ تک نہیں کھلا، جب کہ برہمن اور چمار کافی دن بعد تک اس کے ساتھ رہے۔

پورے اتر پردیش میں اعظم گڑھ سمندر میں جزیرے کی طرح رہا اور سرکار سے کٹا رہا، لیکن اُس نے ترقی کی منزلیں طے ہی نہیں کیں بلکہ ایسی چھلانگیں لگائیں کہ گجرات اور کیرالہ کے ایک دو صفوں کو چھوڑ کر پورے ملک میں کوئی ایک ضلع بھی ان کے ہم پلہ نہیں ہے۔ حالیہ ضمنی چناؤ میں میرا اگنر بار بار مجھ سے کہتا تھا کہ بھیا اتنے اچھے مکانات اور مسجدیں تو لکھنؤ شہر میں بھی نہیں ہیں۔ آپ جس کے دروازے پر بیٹھ جاتے ہیں پانچ منٹ میں ناشتہ اور مٹھائی آجاتی ہے۔

اخبارات کچھ بھی لکھیں، ضلع اعظم گڑھ میں مسلمان صرف پندرہ فیصد ہیں، لیکن وہ اپنی تعداد سے زیادہ ووٹ ٹرانسفر کراتے ہیں۔ ابھی تین مہینہ پہلے عام چناؤ میں سماج وادی پارٹی نے سبھی دس سیٹیں جیتی تھیں، جن میں دو مسلمان تھے۔ اگر سماج وادی پارٹی اور بی ایس پی دونوں نے ایک ایک مضبوط مسلم امیدواروں کا ٹکٹ نہ کاٹا ہوتا تو دس میں چار مسلمان ایم ایل اے ہوتے، کئی بار چار ایم ایل اے رہ بھی چکے ہیں۔

ایسے حالات میں بی ایس پی امیدوار گڈو جمالی اس وجہ سے دو لاکھ سرسٹھ ہزار ووٹ لے کر ہارے کہ تقریباً تیس ہزار مسلم ووٹ سماج وادی کو چلا گیا۔ ان تیس ہزار نے بلا مبالغہ دس پندرہ ہزار غیر مسلم ووٹ ایسے سماج وادی کو دلوا دیئے ہوں گے جو سماج وادی کو چاہی نہیں سکتے تھے۔ گڈو جمالی تقریباً چالیس ہزار

ووٹ سے ہار کر تیسرے مقام پر رہے جب کہ بی ایس پی کا ایک بھی قابل ذکر لیڈر اعظم گڑھ آیا ہی نہیں، جب کہ سماج وادی اور بھاجپا کے اتنے باہری لیڈر آئے تھے کہ اعظم گڑھ اور مئو میں ہوٹلوں میں ایک بھی کمرہ خالی نہیں تھا۔

یہ چناؤ مسلمانوں، دلتوں اور پچھڑی جاتیوں کے لئے فالِ نیک ثابت ہوسکتا ہے کہ مسلمانوں نے سماج وادی جیسی کرپٹ، بھرشٹ اور دغاباز پارٹی کو پورے پردیش میں چھوڑ دیا ہے۔ ڈاکٹر رام منوہر لوہیا، ہر چناؤ کے بعد دو مہینہ تک مسلمانوں سے سخت ناراض رہتے تھے اور کہتے تھے کہ مسلمان اس ملک کو کبھی صحیح راستے پر نہیں آنے دے گا۔ چمار تو اتنا غریب اور بھوکا ہے اور ان پڑھ ہے کہ وہ یہ سمجھتا ہے کہ ہمیں ریزرویشن کانگریس نے دیا ہے لیکن مسلمان تو اتنا غریب اور ان پڑھ نہیں ہے۔

مسلمانوں کے لئے یہ چناؤ فالِ نیک اس وجہ سے ہے کہ جس قوم کو ڈاکٹر فریدی جیسا بطلِ جلیل بھی کانگریس سے دور نہیں کر پایا تھا، جب انہوں نے بابری مسجد کی شہادت کے بعد کانگریس کو چھوڑا بھی تو آسمان سے گر کر ملائم سنگھ نامی کھجور پر اٹک گئے۔ ۲۲ء میں اپنا سو فیصدی ووٹ دے کر بھی جب وہ سماج وادی گٹھ بندھن کو ایک سو پچیس سے زیادہ سیٹیں نہیں جتا پائے تو اب انہوں نے سماج وادی کو تقریباً چھوڑ ہی دیا ہے۔ اگر اسدالدین اویسی شمالی ہند کے مسلمانوں پر رحم کریں اور اپنی قیادت کو ساؤتھ تک محدود کر لیں تو غیر یادو بیک ورڈ 28 فیصد دلتوں کا معقول حصہ اور مسلمانوں کو لے کر کم از کم اتر پردیش پر تو قبضہ کر ہی سکتے ہیں۔

سیاسی لیڈر مسلمانوں کو بیوقوف سمجھتے ہیں، اس لئے مایاوتی ان کی طرف للچائی نظروں سے دیکھ رہی ہے، مسلمانوں کو بےوقوف سمجھنے والی مایاوتی کو مجھ سے زیادہ کون جا سکتا ہے۔ ایک طرف اس نے راشٹر پتی چناؤ میں بھاجپا کے سپوٹ

کا اعلان بھی کر رکھا ہے تو دوسری طرف وہ مسلمانوں کو بی ایس پی کی طرف لانے کی بھی جدوجہد کر رہی ہے۔ پہلے وہ راشٹر پتی چناؤ میں اپنے اعلان کو واپس لے تو کہا جاسکتا ہے کہ وہ بے وقوف نہیں ہے۔ ہوسکتا ہے کہ اب مسلمان آقا تبدیل کرنے کے بجائے سیاسی طاقت بننا چاہتے ہیں۔

دوسری طرف پچھڑی جاتیوں دلتوں کی لکھنؤ میں ہر جگہ جنگیں ہو رہی ہیں، جس میں ڈاکٹر فریدی کے نظریئے پر واپس آنے کے لئے بے چین دکھ رہے ہیں۔

* * *

رکھیو غالب مجھے اس تلخ نوائی سے معاف

اسلام میں مقصد پر قربان ہو جانے کی تاریخ سب سے زیادہ عظیم الشان ہے، لیکن یہاں علماء نے سوا اور منافقین ملت کی تاریخیں ساتھ ساتھ چلتی رہی ہیں۔ تاریخ کے ہر دور میں ہلاکوں خاں اور مستعصم باللہ سے ابن علقمی اور قابل فخر سراج الدولہ و ٹیپو سلطان سے میر جعفر و میر صادق کا نام بھی کم شہرت یافتہ نہیں رہا ہے۔

دور حاضر کے المیوں میں اگر وسیم رضوی اور زفر فاروقی کی حیثیت منافق اعظم عبداللہ بن ابی کے نائبین کی ہے تو انہیں کو ملبس کی طرح انسانوں کی اس بھیڑ میں سے چھانٹ کر نکالنے والے نسیم الدین صدیقی اور پھر ان کے شدید مخالف سمجھے جانے والے میرے برادر خورد کی حیثیت رکھنے والے اعظم خاں کو آپ کس درجے میں رکھیں گے کیوں کہ سپا و بسپا کی روایتی دشمن کے دور میں اعظم خاں نے نسیم الدین کے دریافت کردہ دونوں منافقوں کو شیعہ وقف بورڈ کے چیرمین کی حیثیت سے برقرار رکھا اور آج تک ان کے کسی کارنامے پر لب کشائی کی جرأت نہیں کی ہے۔

اب یوگی آدتیہ ناتھ کی مہربانی سے اس ٹیم میں رابع حسنی، خالد رشید، حمزہ حسنی، ابرار احمد وغیرہ کا نام نامی بھی جڑ چکا ہے کیوں کہ میری معلومات کے مطابق یوگی بے چارے کے پاس تین مسلم نام بھی ایسے نہیں تھے جنہیں وہ وقف بورڈ کے ممبر کی حیثیت سے نامزد کر سکیں، انہیں یہ تینوں نام خالد رشید نے فراہم کئے۔

یہ نام ایسے ہیں جن میں ایک صاحب تو آر ایس ایس لیڈر اندریش سے قربت کی وجہ سے خاصی مشہور ہیں جب کہ دو کو ان کے پڑوسی بھی نہیں جانتے۔ وہ ممبر نہیں بھاجپا کے ووٹر بتائے گئے۔

بھاجپا سرکار کی مشکل یہ ہے کہ وہ مسلم اداروں میں نامزدگی کے لئے افراد کہاں سے لائیں، ان کی یہ ضرورت ''سرکاری ملاّ'' پوری کرتے ہیں۔ لکھنؤ کا منافق اعظم بی ایس پی کے دور میں نسیم الدین کی معرفت سرکاری مولوی کی حیثیت سے ابھرا۔ پھر اعظم خاں کی سرپرستی میں وہ سپا سرکار کا ملاّ بنا رہا۔ یوگی آدتیہ ناتھ دربار سے وہ کیوں کر جڑا مجھے معلوم نہیں، لیکن وقف بورڈ میں ڈاکٹر تبسم اور نعیم الرحمٰن دو آدمی تو اسی کے ہیں۔

سپا بسپا کے دور کی کوئی حیثیت نہیں، سرکاری ملاّ تو بنی امیہ اور بنی عباس کے طویل ادوار میں بھی حکومتوں کی خاص ضرورت رہا ہے، کیوں کہ بادشاہوں کی ضرورت کے مطابق حدیثیں گڑھنے کا کام یہی کرتے تھے، یہاں تک کہ علمائے حق کو ''موضوع حدیثوں'' کو چھانٹنے میں طویل جدوجہد کرنی پڑتی تھی۔

اب سوال یہ ہے کہ عام مسلمان اس کے پھیلائے ہوئے زہر سے کیسے بچیں اور کس طرح عذابِ الٰہی کا دور کم ہوسکتا ہے۔ اس کا راستہ بجنور کے عوام نے دکھا دیا اور چناؤ میں انہوں نے نسیم الدین صدیقی کو اپنے ووٹوں کا یک فیصد بھی نہ دے کر اسے سیاسی عجائب گھر کی زینت بنا دیا ہے۔ اب اگر مسلمان عذابِ الٰہی سے بچنا چاہتے ہوں تو یہ ذمہ داری سلطانپور، سیتاپور اور رام پور کے مسلمانوں کی ہے کہ وہ ابرار احمد، زفر فاروقی اور ان کے سیاسی چیلے جاسمیر انصاری اور اب تک میرے چھوٹے بھائی کی حیثیت رکھنے والے اعظم خاں کی ضمانتیں ضبط کرا کر انہیں اسی عجائب گھر کی زینت بنا دیں جو بجنور کے عوام نے نسیم الدین

صدیقی کے لئے بنادیا ہے۔

جب تک ہم میں تیز رفتار ''قوت احتساب'' پیدا نہیں ہوتی ہم عذاب الٰہی سے بچ نہیں سکتے۔ بابری مسجد کے بدلے پانچ ایکڑ زمین پچیس کیلومیٹر دور لینے کو پوری قوم مسترد کرچکی ہے لیکن مودی سرکار نے جن لوگوں کی کمیٹی بنائی ہے انہیں برادری سے باہر کا راستہ دکھانا عام مسلمانوں کا کام ہے۔

مسلم پرسنل لاء بورڈ کے نام پر مسلمانوں کے ساتھ لگاتار فراڈ ہورہا ہے اور رابع حسنی نے زفر فاروقی کو پانچ مزید سال وقف خوری کا جو موقع یوگی آدتیہ ناتھ نے دیا ہے اس پر رابع حسنی نے زفر فاروقی کو مبارک باد دے کر یوگی جی کی خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس پر پرسنل لاء بورڈ اگر انہیں ذلیل کرکے صدارت سے نہیں ہٹاتا تو مسلمانانِ ہند پر اللہ کے غضب کی میعاد مزید بڑھے گی۔ پرسنل لاء بورڈ میں پہلے سے منافقین ملت موجود ہیں، لیکن اکثریت آج بھی ٹھیک ٹھاک ہے بشرطیکہ وہ صدر کو ذلیل کرکے ہٹادے۔ اگر رابع حسنی کو صدارت سے نہیں ہٹایا جاتا تو مسلمانان ہند کو حق ہے کہ پورے بورڈ کے ممبران کو اسلام کے سوادِ اعظم سے خارج کردیں۔

میں دنیا کے شیعہ حضرات کا مشکور ہوں کہ انہوں نے وسیم رضوی کو بہت پہلے اسلام سے خارج کرچکے ہیں۔ اسرائیل کو لے کر دنیا بھر کے شیعوں نے جو شاندار مظاہرہ کیا ہے اگر سنیوں نے منافقین کو الگ تھلگ کرنے کا سسٹم نہ بنایا، میری یہ پیش گوئی دنیا بھر کے سنی نوٹ کرلیں کہ قدرت دنیا بھر کے مسلمانوں کی قیادت وامامت شیعوں کے ہاتھ میں دینے سے گریز نہیں کرے گی۔ جس طرح قدرت نے سقوط بغداد اور سقوِ غرناطہ کے بعد عربوں کو قیادت و امامت سے معزول کرکے ان کی جگہ ترکوں کو دے چکی ہے۔ پاکستانیوں کو سقوطِ ڈھاکہ کے

ذریعہ سزا دی جا چکی ہے۔ دنیا کی سب سے بڑی فوجی طاقت ہونے کے باوجود دنیا کا مسلمان آئندہ کی قیادت کے لئے کیوں ترکی یا ایران کی طرف دیکھ رہا ہے کیوں کہ آج حزب اللہ اور حماس دنیا بھر کے مسلمانوں کے ہیرو کی حیثیت رکھتے ہیں۔ کیا ہم میں قدرت کے اشاروں کو سمجھنے کی صلاحیت ہے؟ کیوں دنیا میں سب سے بڑی فوجی طاقت پاکستان کو اور سب سے بڑی معاشی طاقت کی طرف دنیا کا کوئی مسلمان قیادت کے قابل نہیں سمجھ رہا ہے۔

****

اتر پردیش چناؤ کا نتیجہ یہی ہوسکتا تھا

میں نے ۱۹۴۶ء میں بارہ سال کی عمر میں چناؤ میں حصہ لیا تھا، اس کے بعد ہونے والے سارے ہی الیکشنوں میں سرگرم حصہ لیا۔ ۲۰۲۲ء کا اسمبلی چناؤ اس معاملے میں منفرد ہے کہ اس میں سو فیصد مسلمانوں نے ایک ہی پارٹی کو ووٹ دیا۔ ماضی کی مانند وہ پارٹی اپنے گٹھ بندھن سمیت ۱۲۵؍سیٹیں ہی جیت پائی۔

اتر پردیش میں مسلمانوں کی تعداد بیس فیصد ہے لیکن انہوں نے ستر سے اسّی فیصدی تک پولنگ کی جس سے پول ووٹوں میں ان کا تناسب ۲۳؍فیصدی ہوگیا۔ اس میں تین فیصدی ووٹ اِدھر اُدھر گیا لیکن پورا بیس فیصدی سماج وادی پارٹی کو ملا۔ جب سبھی قابل ذکر مسلم سیاسی وغیر سیاسی تنظیمیں اور سارے ہی سرکردہ شخصیتیں سماج وادی کے خلاف تھیں، علاوہ کچھ علماء سوء کے اور سپا نے اپنے ہی مسلم ممبران کو استعمال ہی نہیں کیا۔ انہیں اسٹیج سے دھکے مار کر اتارتے رہے۔

پورے گٹھ بندھن کو ساڑھے تیئیس فیصد ووٹ ملے، جس میں بیس فیصد اکیلے مسلمانوں کا، آٹھ فیصد یادو ووٹوں میں سے پانچ فیصد سکھ اقلیت کا، ایک فیصد راج بھر کا، ایک فیصد جاٹ کا اور باقی ساڑھے چار فیصد ووٹ امیدواروں کا ملا۔ سپا کے نام پر صرف پانچ فیصد ووٹ ہی تھا۔

اسی ۱۲۵؍میں ۲۴؍مسلمان بھی کامیاب ہوئے جس میں چند کو چھوڑ کر باقی بھاری مسلم آبادیوں سے جیتے ہیں کیوں کہ مسلمانوں کے ووت کہیں بھی تقسیم نہیں ہوئے۔ مسلم ووٹرس کس وجہ سے اس حد تک متحدہ ہوئے یہ ایک خدائی راز ہے جو کسی

بھی برائی سے بھلائی اور بھلائیوں میں سے برائی نکالنے پر قادر ہے۔ میں اپنے وسیع سیاسی تجربے کی بنیاد پر کہہ رہا ہوں کہ ۲۰۱۴ء سے ۲۰۲۲ء تک اتر پردیش میں جتنے چناؤ ہوتے ہیں سب کے نتائج کے ذمہ دار مسلمان ہیں۔

اتر پردیش کی کل آبادی میں اٹھارہ سے بیس فیصد اپر کاسٹ ہندو، آٹھ سے نو فیصدی یادو، اٹھائی سے تیس فیصد غیر یادو، پچھڑی جاتیاں اکیس سے بائیس فیصد، شیڈولڈ کاسٹ جس میں تیرہ فیصد کے قریب صرف چمار یا جاٹ ہیں ان میں اپر کاسٹ غیر یادو پچھڑی جاتیاں اور چمار یا جاٹ کل آٹھ فیصدی لوگ اکھلیش یادو کو مکھیہ منتری بننے سے روکنے کے لئے کچھ بھی کر سکتے ہیں، جس طرح مسلمان بی جے پی کو روکنے کے لئے کوئی بھی دیوار پھاند سکتے ہیں۔

اتر پردیش میں ۲۰۱۴ء اور اس کے بعد ہونے والے چناؤ کے نتیجے صرف ایک مذکورہ بالا تجزیے پر مبنی ہیں۔ اتر پردیش کے مسلمان میری ایک بات اپنی اپنی ڈائریوں میں نوٹ کر لیں کہ جس دن مسلم ووٹروں نے اکھلیش یادو سے کنارہ کر لیا پھر بھاجپا اتر پردیش میں کوئی چنا نہیں جیت سکتی خواہ دو چار مودی اور پیدا ہو جائیں۔ جب اتر پردیش کا چناؤ شروع ہوا تو لگتا تھا کہ شاید بھاجپا خاص اپوزیشن کا درجہ نہ حاصل کر سکے۔ اپر کاسٹ میں برہمن تو خلاف تھا، معاشی بدحالی کی وجہ سے بنیوں کی معقول تعداد بھی خلاف تھی۔ غیر یادو پچھڑی جاتیاں جنہوں نے بھاجپا کے تین چناؤ جتائے تھے ان کا رخ بھی آوارہ مویشیوں اور دیگر حیوانات سے خلاف تھا۔

مایاوتی کی بے عملی اور اس کے ہندو سماج کے نعرے نے دبے کچلے طبقوں کا موہ بھنگ کیا۔ اس بیچ مسلمانوں میں بھاجپا کو ہرانے یا اکھلیش کو جتانے کے لئے ساری بے عزتیاں برداشت کر کے بھی ان میں ''جذبہ جہاد'' اس طرح ابھرا کہ وہ سڑکوں پر رقص کرنے لگے۔ مذکورہ بالا تر سٹھ فیصد ووٹروں میں خطرہ پیدا ہوا

کہ کہیں پھر سے ''یادوراج'' نہ آجائے۔سب سے پہلے بھاجپا مخالف اپر کاسٹ بی ایس پی امیدواروں کی گاڑیوں سے اتر اتر کر غائب ہونے لگا، پھر غیر یادو پچھڑی جاتیاں ''یادوراج'' کے خوف میں مبتلا ہوئیں۔آخر میں چمار اور جاٹ بھی یہ کہنے لگا کہ اکھلیش نے پرموشن میں ریزرویشن ختم کیا تھا، اس کے ممبران پارلیمنٹ میں بل پھاڑا تھا، ان کی نصف تعداد بھی بھاجپا میں پولنگ کے دن سرک گئی۔ ورنہ بی ایس پی کو صرف اور صرف بارہ فیصدی ووٹ کیوں ملتا۔ جب کہ اس میں آدھا ووٹ تو امیدواروں کا تھا ہی۔انہوں نے پارٹی میں مصرا جی کے دبدبے کا بہانہ بنا کر بی ایس پی کو چھوڑا۔اس طرح بی جے پی کا ووٹ فیصدی ۲۰۱۷ء سے بھی زیادہ ہوگیا۔ یہ اور بات ہے کہ اس کی سیٹیں کم ہوگئیں۔

اس کی سیٹیں اس وجہ سے کم ہوئیں کہ مسلمانوں کا ووٹ برائے نام بھی تقسیم نہیں ہوا اور مسلم اکثریتی حلقوں میں سپا جیت گئی۔مسلمانوں کی بھاری تعداد مغربی یوپی میں ہے لیکن مغربی یوپی ہی مسلم سیاست کا سب سے بڑا المیہ رہا ہے۔مرحوم ڈاکٹر فریدیؒ بھی مغربی یوپی میں کبھی کھاتہ نہیں کھول سکے تھے۔اسمبلی میں مسلمان ہمیشہ زیادہ تر مشرقی یوپی سے آتے ہیں، صرف اس مرتبہ چند کو چھوڑ کر سبھی مغربی یوپی سے آئے ہیں۔

ممکن ہے کہ قدرت نے اس مرتبہ بھی برائی میں سے بھلائی نکالنے کا فیصلہ کیا ہو۔کبرسنی کی وجہ سے میں محدود ہوکر رہ گیا ہوں، مجھ سے روزانہ پورے یوپی سے ہندو اور ملسمان سیاسی لوگ آکر ملتے ہیں، سب کا خیال ہے کہ سماج وادی پارٹی تاریخ کے کوڑے دان میں جانے والی ہے۔بی ایس پی بھی اسی کوڑے دان کی زینت بن سکتی ہے، لیکن وہ کانشی رام کے راستے واپس آکر بچ بھی سکتی ہے، وثوق سے کچھ نہیں کہا جا سکتا۔

* * *

بنگال کی شیرنی
اکیلے کس کس سے لڑے گی؟

یوں تو چناؤ پانچ راجیوں میں ہوئے ہیں لیکن کچھ وجہ تو ہوگی کہ صرف بنگال کا چناؤ منصوبہ بند طریقے سے آٹھ مرحلوں میں کرایا جارہا ہے۔ ممتا بنرجی وہاں صرف پردھان منتری مودی سے نہیں، پی ایم او کی قہرمانی طاقت، سینٹرل فورسیس، چناؤ آیوگ، انکم ٹیکس ڈپارٹمنٹ، ای ڈی کے ساتھ کانگریس اور سی پی ایم سے بھی لڑ رہی ہیں۔ اس مہابھارت میں دو مسخروں کے کردار کو بھی نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ یہ جوکر ہیں، پھر پھرا شریف کے ایک صاحب اور ایم آئی ایم کے لیڈر صاحب۔

یہ بات نوٹ کرنے کی ہے کہ اویسی صاحب کی بنگالی ٹیم پہلے ہی بکھر چکی تھی، وہ بنگال سے واپس بھی آچکے تھے لیکن نامعلوم وجوہات سے وہ پھر پہنچے اور مسلم اکثریتی حلقوں میں جو ملا اسی کو لڑا دیا۔ جب کہ یہ بات عام ہوچکی تھی کہ اویسی صاحب بنگال میں نہیں لڑیں گے۔

کافی پہلے کانگریس کے دور میں چناؤ آیوگ نے بہار میں لالو پرساد یادو کو ہرانے کے لئے تین مہینوں تک چناؤ کرایا، جہاں پولنگ کے بعد دیکھا کہ لالو پھر بھی جیت سکتا ہے وہاں کا چناؤ رد کر کے دوبارہ کرایا۔ ایسا نہیں ہے کہ صرف سنیل

اروڑہ ہی پردھان منتری کا غلام ہے۔اس وقت تو مشہور زمانہ ٹی این سیشن تھے، انہوں نے لالو کو ہرانے کی کانگریسی حکومت سے سپاری لی تھی، زیادہ حلقوں میں دوبارہ اورسہ بارہ پولنگیں کرائی تھیں۔

اس وقت تو لالو یادو نے چناؤ آیوگ سے چناؤ لڑکر اسے شکست فاش دی تھی، دیکھئے ممتا بنرجی سنیل اروڑہ کو شکست دے پاتی ہیں یا نہیں، تب کانگریس کے پردھان منتری نے بہار میں ڈیرہ نہیں ڈالا تھا، نہ ہی انکم ٹیکس اور ای ڈی کا اس طرح استعمال کیا تھا، نہ لالو یادو کے بھرشٹ ساتھیوں کو کانگریس میں لے کر انہیں ''گنگا اشنان'' کرایا تھا، نہ ہی پڑوسی راجیوں سے دس پندرہ لوگوں کو ایک ہزار روپیہ دہاڑی پر وہاں جمع کیا تھا کہ وہ صرف پردھان منتری کی ریلیوں میں بھیڑ لگائیں، نہ ہی اس وقت گودی میڈیا تھا۔

اس وقت سنٹرل فورسز کو حکمراں جماعت کی کنونسنگ میں لگایا گیا تھا، بنگال میں تو سنٹرل فورسز میں یوپی، بہار اور اتر بھارت کے زیادہ تر جوان لگائے گئے ہیں، ساؤتھ انڈین جوان نہ کے برابر ہیں۔

کوچ بہار میں سی آئی ایس ایف سے اپنی حچھت میں گولی نہیں چلائی، انہوں نے پانچ معصوم شہریوں کا قتل کیا ہے، ان پر قتل عمد کا مقدمہ درج کر کے جیل بھیجا جانا چاہئے۔میں سنیل اروڑہ سے کہنا چاہتا ہوں کہ وہ قتل کا مقدمہ درج کرا کر قاتلوں کو گرفتار کرائیں، اس کے بعد ممتا کو وہاں جانے پر پابندی لگائیں، تو بات سمجھ میں آتی ہے۔اب سوال یہ ہے کہ کوچ بہار کے پانچ معصوم شہریوں کا خونِ ناحق رنگ لائے گا یا نہیں؟

میں دو بار لوک سبھا کا ممبر رہا ہوں، دونوں بار ممتا بنرجی بھی لوک سبھا میں رہی ہیں، اتنی ''فائٹر عورت'' بھارت تو کیا پوری دنیا میں مشکل سے ملے گی، اس

میں قوتِ فیصلہ اور قوتِ عمل بے پناہ ہے۔ معمولی سفید ساڑی اور ہوائی چپل میں ملبوس اس عورت میں کوئی بناوٹ نہیں۔ ایک بار لوک سبھا میں کہہ چکی ہیں کہ یہ سفید ساڑی اور ہوائی چپل میں غربت کی وجہ سے نہیں پہنتی بلکہ اب یہ میری عادت بن چکی ہے۔ مجھے اسی میں آرام ملتا ہے۔

اگر سنیل اروڑہ نے ای وی ایم میں چپس نہیں لگوائی ہوگی تو میں پورے اعتماد کے ساتھ لکھ سکتا ہوں کہ بنگال میں مودی جی کا داؤں الٹا پڑے گا اور ممتا بنرجی پھر سے وزیر اعلیٰ بنیں گی۔

اگر ایسا ہوا تو لوک سبھا چناؤ میں وہی اپوزیشن کا چہرہ ہوں گی اور ہمارے ملک کی خوش قسمتی ہوگی کہ بھارت کی اگلی پردھان منتری بھی ہوں گی اور ہم بھارتیوں کے لئے اچھے دن نہیں آئیں گے؟ جب ہماری سنستھائیں سپریم کورٹ، چناؤ آیوگ، سی بی آئی، ای ڈی، انکم ٹیکس وغیرہ آزاد ہوں گی، سات سال میں بھی ان میں بنیادی خرابیاں نہیں آئی ہیں، ابھی انہیں سدھارا جا سکتا ہے۔ جوڈیشری میں ساری خرابی سپریم کورٹ میں آئی ہے۔ رنجن گگوئی نے اس کا فرضی انکاؤنٹر کر دیا ہے۔ ہائی کورٹ کسی حد تک بچی ہوئی ہے۔ ممتا بنرجی ایک فائیٹر ہے، سنستھاؤں کو ٹھیک کرنے کے لئے ممتا سے زیادہ بہتر نام میری سمجھ میں نہیں آتا۔

***

قوم کے حق میں ہے لعنت وہ کلیم اللّٰہی

کافی دنوں بعد موجودہ حالات پر عادل فراز صاحب کا ایک اچھا مضمون پڑھنے کو ملا۔ شمال کی اہم ریاسوں یوپی بہار وغیرہ میں نام نہاد سیکولر پارٹیاں کسی مسلمان یا یوپی میں چمار یا بہار میں وسادھ جاتی کو لیڈر بننے کا موقع دیں گی تو انہیں بے وقوف ہی کہا جاسکتا ہے کیوں کہ گھوڑا گھاس سے دستی کر کے زندہ نہیں رہ سکتا۔

اتر پردیش میں اگر ڈاکٹر فریدیؒ کے نظریات پر کوئی مسلم لیڈر شپ ابھری تو ملائم پریوار کو لکھنؤ سے واپس سیفئی جانا پڑے گا۔ ملائم سنگھ کو زندگی بھر ۹۲ء کی غلطی پر پچھتانا پڑے گا۔ جب بابری مسجد کی شہادت سے بوکھلائے ہوئے مسلمانوں کو جہنم رسید کرنے کی نیت سے انہوں نے کانشی سے ہاتھ ملایا تھا، ووٹ خواہ مسلمانوں نے دیا ہو لیکن وی پی سنگھ جیسے بھلے، شریف آدمی کی بدولت وہ ۹۳ء میں مکھیہ منتری ضرور بن گئے لیکن انہوں نے چماروں کا مستقل سردرد پال لیا تھا۔ جسے مایاوتی کی دولت کی بھوک ختم کر رہی ہے۔

موجودہ چناؤ میں ملائم نے چھوٹی پارٹیوں سے الائنس کا پرفریب نعرہ دیا، کسان آندولن نے مغربی یوپی میں سماج وادی پارٹی نے بھاجپا سے ساز باز کر کے ہی فرقہ وارانہ فسادات کا سلسلہ اکھلیش سرکار کی مدد سے چلوایا تھا۔ ملائم کی حکمت عملی یہ تھی کہ تیس فیصد مسلمانوں کو لے لیں اور بارہ فیصد جاٹ بھاجپا

لے جائے اور اجیت سنگھ کو تیسری طاقت کے طور پر فنا کر دیا جائے۔

اجیت سنگھ کو فنا کے گھاٹ اتارنے اور علمائے سو و مسلم سیاسی جموروں کے ذریعہ مسلمانوں کو اکٹھا کرنے میں ملائم کا سازشی دماغ کامیاب رہا لیکن بھاجپا جاٹوں کے ساتھ ہندوؤں کو لے گئی جس سے ملائم، مغربی یوپی کے مسلمان اور بی ایس پی کی چمار سیاست سب فنا کے گھاٹ اتر گئے۔

مظفر نگر ضلع میں مسلمانوں کی آبادی اکتالیس فیصد ہے اور سو فیصدی اسمبلی سیٹیں بھاجپا کے پاس ہیں کم و بیش یہی حالت سارے مغربی یوپی کی ہے۔ اس بار ملائم سنگ کا شاطر دماغ دور کی کوڑی لایا۔ چھوٹی پارٹیوں کے الائنس کے نام پر اس نے صرف کاغذ پر موجود تین چار ایسی پارٹیوں کو گٹھ بندھن میں شامل کیا جن میں سے زیادہ تر کا نام بھی کم ہی سنا گیا ہے۔ مثلاً مہان دل، اپنا دل کرشنا، جن وادی پارٹی وغیرہ۔ سہیل دیو بھارتی سماج کا وجود بھی سوشل میڈیا تک محدود ہے کیوں کہ راج بھر برادری ہی یوپی کے سات ضلعوں کے باہر دوا کے لئے بھی نہیں ملے گی، ان سات اضلاع میں بھی صرف چار پانچ سیٹوں پر ہی اس کی تعداد چالیس ہزار ہے۔

چھوٹی پارٹیوں میں چندر شیکھر آزاد کی آزاد سماج پارٹی جیسی دو تین دلت پارٹیاں اور ایم آئی ایم اور پیس پارٹی، علماء کونسل، مسلم مجلس، مسلم لیگ، اتحاد امت کونسل جیسی مسلم قیادت کی کئی پارٹیاں تھیں، سب نے گٹھ بندھن میں شامل ہونے کی ذلت آمیز کوشش بھی کی تھی لیکن امت شاہ کے اصل چیلے ملائم سنگھ نے سب کو ایک ایک ٹکٹ دینے کی پیشکش کر کے چند تنظیموں کو ایک ایک ٹکٹ پر راضی بھی کر لیا، لیکن کسی دلت یا مسلم لیڈر شپ کی پارٹی کو گٹھ بندھن میں شامل کرنے سے صاف منع کر دیا۔ چندر شیکھر راون کو ہمیشہ کے لئے ختم کرنے کا طریقہ یہ

ہے کہ اسے ایم ایل سی کا آفر دیا جائے۔

ملاّ ملائم کو خطرہ ہے کہ گٹھ بندھن میں شامل ہوکر اگر کوئی دلت یا مسلم لیڈروں میں ڈاکٹر فریدی یا کانشی رام نکل آیا تو ''ذلیل سیکولرزم'' کے مستقبل کا کیا ہوگا۔ میں کئی مہینوں سے کہہ رہا ہوں کہ نام نہاد گٹھ بندھن میں جب ''ملا ملائم'' زندہ ہے بوا کو ایسی غلطی نہیں کرنے دے گا کہ وہ کسی دلت یا مسلم لیڈر شپ کی تنظیم کو گٹھ بندھن میں شامل کرنے کی غلطی نہیں کرے گا جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ جس تنظیم کی قیادت کوئی ملاّ کر رہا ہوگا اسے کوئی سستے داموں پر خرید لے گا۔

میں چودھری چرن سنگھ کے پوتے کی بہت عزت کرتا ہوں، یہ ہمارے مفاد میں ہے کہ مغربی یو پی میں اس کو ملنے والی ساری سیٹیں جتوادی جائیں، اس شرط پر کہ سماج وادی کو ملنے والی ساری کی ساری سیٹیں ہروادی جائیں تا کہ کسی کو اتر پردیش میں اکثریت نہ مل سکے۔ عام مسلمانوں کو علمائے سو اور سپائی جموروں نے یہ باور کرا رکھا ہے کہ فرائض ادا نہ کرنے کا گناہ تو اللہ معاف کرسکتا ہے لیکن بھاجپا کو ہرانا تم پر نماز، روزہ، حج و زکوٰۃ سے بڑا فرض ہے۔ سماج وادی کے سارے مسلم جمورے مل کر بھی اپنے آقا سے کسی ایک مسلم قیادت کی تنظیم کو گٹھ بندھن میں شامل نہیں کرا سکے۔ سیفئی پریوار کے دسترخوان کا جھوٹن چاٹنے والے سارے منافق اور ملاّ مل کر مطالبہ بھی نہیں کر سکتے۔

اس چناؤ میں اب عام مسلمان اس کے سوا کچھ نہیں کر سکتے کہ وہ سماج وادی کے مسلم جموروں سے سوال کریں۔

(۱) ان کی پارٹی نے اپنے ٹھگ بندھن میں کسی مسلم یا دلت قیادت کے کسی سنگٹھن کو کیوں نہیں لیا۔

(۲) کیا سماج وادی پارٹی کے اصل ووٹروں سے دلتوں کا ووٹ کم ہے کہ تم

چندر شیکھر کو صرف دو سیٹ وہ بھی سائیکل سے لڑنے کے لئے دے رہے تھے۔

(۳) ۷۷ء میں ڈاکٹر فریدی اور مشاورت کے سپورٹ سے پہلی بار ایم ایل اے بنے، انہیں کی مسلم مجلس کا آپ کو یہاں تک پہنچانے میں خاص کردار ادا کیا، کیا آپ مسلم مجلس کو بھی گٹھ بندھن میں شامل نہیں کر سکے، جس سے چودھری چرن سنگھ سمیت آپ نے کئی بار گٹھ بندھن کیا بھی تھا جب آپ کمزور تھے۔

(۴) کیا آپ مجلس اتحاد المسلمین اور اس کے لیڈر سلطان صلاح الدین اویسی کو بھی نہیں جانتے جس نے چودھری چرن سنگھ اور آپ کو مسلم مجلس کی وساطت سے کئی بار مدد کی۔

(۵) مسلمان اس بھاجپا کو ہرانے کے نام پر آپ کو ووٹ کیوں دے جسے آپ نے پارلیمنٹ میں دوبارہ جیت پر پردھان منتری بننے کا آشیرواد دیا تھا۔

(۶) کیا یہ غلط ہے کہ یوپی میں یوگی کے ستیہ گرہ میں آپ اپنے بہو کو لے کر خود گئے اور اپنے بیٹے کے لئے مودی اور امت شاہ سے آشیرواد لیا۔

(۷) کیا ساڑھے چار سال میں عوام پر جو مصیبتیں آئیں سی اے اے مخالف ملک گیر تحریک چلی، کبھی آپ یا پارٹی نے بھاجپا کے خلاف ایک بیان بھی دیا؟

(۸) اگر یادووں کے ووٹ کے آپ اصل حق دار ہیں تو ایم آئی ایم یا مسلم مجلس وغیرہ مسلمانوں کے ووٹ کی واحد حق دار کیوں نہیں ہیں؟

(۹) کیا یہ غلط ہے کہ جب بابری مسجد تحریک میں روزانہ مسلمان مارے جا رہے تھے اس وقت آپ وشو ہندو پریشد کے بانی صدر کے بیٹے جگ موہن ڈالمیا کو راجیہ سبھا نہیں بھیجا تھا؟

(۱۰) کیا یہ غلط ہے کہ ۹۱ء میں آپ نے اپنی مضبوط سرکار گرا کر لوک سبھا الیکشن کے ساتھ اسمبلی الیکشن کرایا جس میں آپ کو صرف ۲۹/اسمبلی اور ۴/لوک

سبھا سیٹیں ملیں اور بھاجپا کی وہ سرکار بنی جس نے ۹۲ء میں بابری مسجد گرادی۔

(۱۱) کیا یہ غلط ہے کہ آپ کے چار ممبران پارلیمنٹ نے مسجد گروانے والی نرسمہاراؤ سرکار کو پانچ سال تک بنا شرط حمایت دیتے رہے۔

(۱۲) کیا یہ غلط ہے کہ آپ نے گریٹر نوئیڈا کی انتہائی قیمتی ۲۵۰۰/ ایکڑ زمین انل امبانی کو صرف ۱۰۰/روپئے میٹر میں دے دی، اس کے خلاف کسان تحریک نے پوری طرح جنم لیا۔

* * *

ہم دیکھنے والوں کی نظر دیکھ رہے ہیں

اب تقریباً سارے ''ٹھگ بندھن'' مکمل ہو چکے ہیں۔ زیادہ تر چناؤں میں مسلمانوں کی دشمن میڈیا، ان کے علمائے سو، ان کے مطلب پرست سیاسی ورکروں کے بہکانے پر عام مسلمانوں نے اپنے سب سے بڑے سیاسی اور فراڈ دشمن لیڈروں کے ہاتھوں کو مضبوط کرنے کا کام ہی کیا ہے۔ اپنے ''ٹھگ بندھن'' کا حصہ بنانے والی سماج وادی پارٹی نے کسی مسلم یا دلت لیڈر شپ کی پارٹی کو اس کا حصہ کیوں نہیں بنایا جب کہ سب نے حصہ بننے کی کوشش بھی کی ہے۔

دلت تنظیموں کے بارے میں یہ تو کہا جا سکتا ہے کہ یہ بیدار مغز طبقہ لیڈر شپ سے مایوس ہونے کے باوجود وہ دوبارہ اپنی طاقت بچانے کے مقصد سے پرانی جگہ میں اکٹھا ہو جائے گا، لیکن مسلمان جب براہ راست سپا کی طرف یا بالفاظ دیگر خودکشی پر آمادہ نظر آرہا ہو وہ کسی کو یہ موقع کیوں دیں کہ وہ پھلوں کی تقسیم میں حصہ دار بن جائے۔

جب چناؤ کی شروعات ہو رہی تھی تو پورے یوپی کے مسلمانوں کی حمایت ستر فیصدی سے زیادہ تھی جواب گھٹ کر پچاس فیصد پر آچکی ہے۔ ٹکٹ بٹوارے کے بعد یہ اپنے آپ چالیس فیصد پر آئے گی۔ اگر یہ حمایت پچیس فیصد پر آ گئی تو خود ملائم سنگھ بھی وہیں چلے جائیں گے، جہاں انہوں نے ''جدید مغل خاندان'' کے ایک حصے کو پہلے ہی بھیج دیا ہے۔

عام مسلمانوں کو اب یہ باور کر لینا چاہئے کہ جس طاقت کو ہرانا تم نے اپنا مقصد حیات بنالیا تھا وہ کسی بھی حالت میں اکثریت نہیں لاسکتی، ایک بار پھر ملی جلی حکومتوں کا دور شروع ہوگا۔ اگر سپا اور بھاجپا کو سو سو کے قریب سیٹیں ملیں گی تو میری یہ بات ریکارڈ میں رکھ لی جائے کہ اکھلیش یادو بھاجپا کے مکھیہ منتری ہوں گے۔ یہ ایک سال ہی پہلے ہو جاتا لیکن مودی جی یوگی کو ہٹانے میں کامیاب نہیں ہو سکے۔

کن کن پارٹیوں کی ملی جلی سرکار بنے گی، یہ دس مارچ سے پہلے کوئی نہیں بتا سکتا۔ بھاجپا سمیت بنے گی یا اس کے بغیر بنے گی، یہ بھی نہیں کہا جا سکتا۔ اتنا ضرور کہا جا سکتا ہے کہ اگلا مکھیہ منتری بھاجپائی نہیں ہوگا۔

میں سپا لیڈرشپ اور خاص طور پر اس کے ''مسلم جموروں'' کے لئے چند سوال پبلک ڈومین میں ڈالتا ہوں۔ اگر ان کے پاس جواب ہو تو وہ پبلک کریں یا پھر چلو بھر پانی میں ڈوب مریں۔

(۱) سپا راج میں لکھنؤ کے بیالیس تھانوں میں چالیس کے پر بھاری ایک ہی جاتی کے تھے اور جائیدادوں پر قبضہ کرانے یا چھڑانے کا دھندا ہی انہوں نے کیا۔ اگر کسی ثبوت کی ضرورت ہو تو مجھ سے مل سکتا ہے، کم وبیش یہی حالت اتر پردیش کے سبھی ''زرخیز'' تھانوں کی تھی۔

(۲) سوشیلا سورج موہن لال گنج کی سپا سانسد تھیں جب وہ بنی گنج تھانہ پر بھاری کی لوٹ مار نہیں روک پائیں تو نیتا جی سے استعفیٰ کی دھمکی دی۔ انہوں نے استعفیٰ مانگ بھی لیا لیکن میرے جیسے لوگوں نے انہیں استعفیٰ نہیں دینے دیا۔

(۳) کیا دلتوں کا ووٹ سپا کے ووٹ سے بہت زیادہ نہیں، پھر سپا نے اپنے ٹھگ بندھن میں کسی دلت لیڈرشپ کو کیوں شامل نہیں کیا؟

(۴) مسلمانوں کا ووٹ سپا کے ووٹ سے ڈھائی گنا زیادہ ہے۔ خواہش اور کوشش کے باوجود انہوں نے کسی مسلم قیادت کی تنظیم کو گھاس کیوں نہیں ڈالی؟

(۵) کیا یہ غلط ہے کہ پچھلی لوک سبھا کے الوداعی سیشن میں نیتا جی نے مودی جی کو پھر چناؤ جیتنے اور پردھان منتری بننے کا آشیرواد نہیں دیا۔

(۶) کیا یہ غلط ہے یہ یوگی کی رسم حلف برداری میں نیتا جی اپنے پورے پریوری کے ساتھ منچ پر گئے اور مودی اور امت شاہ کا ہاتھ اکھلیش کے سر پر رکھوایا۔

(۷) کیا یہ بھی غلط ہ کہ خاص اپوزیشن پارٹی ہوتے ہوئے بھی پورے پانچ سال انہوں نے ایک بار بھی اپوزیشن کا کردار ادا نہیں کیا۔ عوام کے بیچ سے اٹھنے والی تحریکوں کی بھی حمایت نہیں کی۔

(۸) اٹاوہ کے ایم پی اور زیادہ تر ایم ایل اے بھاجپا کے ہیں، پھر کیا بنا کسی ملی بھگت کے ملائم کا پوتا بلا مبالغہ ضلع پنچایت کا چیرمین بن گیا۔

(۹) کیا یہ غلط ہے کہ سپا نے راجیہ سبھا سے سارے متنازعہ قوانین پاس کرانے میں اعلانیہ مودی کی مدد کی جب کہ آج بھی راجیہ سبھا میں این ڈی کو اکثریت نہیں ہے۔

(۱۰) ملائم سنگھ انکار کریں تو میں لوک سبھا سے نقل لاسکتا ہوں کہ انہوں نے ۳۷۰/اور ۳۵۸ ہٹانے کے حق میں ووٹ دیا۔

* * *

کانگریس کی اندرونی کشمکش
حقیقت کے آئینے میں

کانگریس کی اندرونی کشمکش کو پچھلی تقسیموں کی طرح کا سمجھ کر نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ کانگریس کی پچھلی تقسیموں کا کسی نظریئے سے کچھ بھی لینا دینا نہیں تھا بلکہ سب کی سب اقتدار کی کشمکش کے نتیجے میں ہوئی تھیں حالاں کہ اندرا گاندھی نے بڑی تقسیم کے وقت اسے نظریاتی رنگ دینے کی کوشش کی تھی لیکن وہ صرف ریاستوں کے پریوپرس کے خاتمے اور چودہ بنکوں کے نیشنلائیزیشن تک محدود رہی۔

مرادآباد عیدگاہ کے قتل عام، پھر ملیانہ و ہاشم پورہ قتل عاموں نے یہ ثابت کردیا کہ اس تقسیم کا کسی نظریئے سے کچھ بھی لینا دینا نہیں تھا۔ کانگریس بدستور آر ایس ایس کی بی ٹیم کے طور پر کام کرتی رہی۔

کانگریس کی موجودہ کشمکش کی نظریاتی بنیاد ہے، اس کی تاریخ میں کبھی بھی کسی بڑے لیڈر نے براہِ راست آر ایس ایس کی مخالفت نہیں کی۔ گاندھی کے قتل کے بعد وزیر داخلہ سردار ولبھ بھائی پٹیل نے آر ایس ایس پر پابندی لگائی تھی جسے جلد ہی وزیراعظم نہرو نے پابندی ختم کی تھی۔

یہ ایک سچائی ہے بلکہ کانگریس کا تاریخی کمال ہے کہ اپنی پوری تاریخ میں جو مکھوٹے کے ذریعہ اپنا اصلی چہرہ چھپانے میں کامیاب رہی ہے۔ پوری تاریخ

میں صرف علامہ اقبال اور محمد علی جناح دو بڑے لیڈر ایسے گزرے ہیں جو کھوٹے کے اندر بھی اس کو پوری طرح پہچانتے تھے۔ محمد علی جناح نے انگلینڈ سے واپسی کے بعد ایک بار کانگریس کو انڈین نیشنل کانگریس نہیں کہا، وہ اسے ''برہمن بنیا'' کانگریس ہی کہتے رہے جو اس کا صحیح نام تھا۔

کیا یہ کمال نہیں ہے کہ اتنے بڑے ملک کے عوام کی اکثریت ایک صدی سے زیادہ عرصے تک کانگریس اور آر ایس ایس کو دو مختلف سیاسی طاقت سمجھتی رہیں، جب کہ یہ حقیقت ہے کہ زبان ولب و لہجے میں بعد المشرقین ہونے کے باوجود نظریات اور عمل میں دونوں ایک ہی تھے۔ نریندر مودی اگر دس بار جنم لے کر ہر بار پردھان منتری بن جائیں تب بھی وہ بھارت کی آتما کو اتنا نقصان نہیں پہنچا سکتے جتنا کانگریس نے اچانک ملک کی تقسیم کرا کر دلی سے جموں اور غیر منقسم پنجاب میں تاریخ انسانی کے سب سے بڑے قتل عام اور انسانی تاریخ کے سب سے بڑے نقل مانی کے المئے کو انجام دیا۔ جب کہ کیبنٹ مشن پلان پر دستخط کر کے مسلم لیگ اپنی تقسیم کی مانگ واپس لے چکی تھی۔ پھر ۸/اگست ۱۹۵۰ء کو کانگریس نے شیڈولڈ کاسٹ کے ریزرویشن میں مذہب کی شرط لگا کر مسلم اور عیسائی دلتوں کی نسلوں کو برباد کر دیا اور علمائے سو و سیاسی منافقین کی مدد سے سیکولرزم کی علامت بھی بنی رہی۔

مجھے لگتا ہے کہ تاریخ میں پہلی بار راہل گاندھی کانگریس کو آر ایس ایس کے برہمن وادی خول سے باہر نکال کر اسے ایک حقیقی اپوزیشن پارٹی بنانے کا فیصلہ کر چکے ہیں۔ جس کی وجہ سے اگر کانگریس نہ ٹوٹے تب مجھے حیرت ہوگی کیوں کہ کانگریس کو آر ایس کے خول سے باہر نکلنا پتھر پر گھاس اگانے سے بھی زیادہ مشکل کام ہے، لیکن اگر راہل گاندھی اس میں کامیاب ہو گئے تو بھارت کی

عظیم انسانی سوسائٹی کی اس سے بڑی دوسری کوئی خدمت نہیں ہوسکتی۔

ناکامی کی صورت میں کانگریس کا حشر جنتا پارٹی اور جنتا دل سے بھی برا ہوگا۔ جنتا دل نے تو منڈل لاگو کرکے تاریخ میں اپنا نام درج کرالیا، جو بہت بڑی ہونے کے باوجود جنتا پارٹی کچھ نہیں کرسکی اور اسے رونے والی کوئی آنکھ بھی آج نظر نہیں آتی۔ میں بچپن سے ستاسی سال کی عمر تک لگاتار کانگریس کے منوواد سے لڑتا ہی رہا ہوں، اپنی بساط بھر میں نے ایک منٹ کے لئے بھی کانگریس کے منوواد کو معاف نہیں کیا۔ میں اعتماد کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ شاید مجھ سے زیادہ کسی ایک آدمی نے کانگریس کو اتنا نقصان نہیں پہنچایا جتنا میں نے اپنی اوقات بھر اسے نقصان پہنچایا۔ اسی کشمکش میں میں نے کانشی رام کی ہر ممکن مدد کی اور بنا کسی خواہش کے دو بار لوک سبھا میں بھی پہنچا، لیکن ''برہمن واد اتنا طاقتور ہے کہ اس نے مسلم بادشاہوں کے ذریعہ ہی اس ملک میں اسلام کو ہی منوواد کی زنار پہنا دی اور ایک آدمی ایک ووٹ کے دور میں بھی دس فیصد اپر کاسٹ نوے فیصدی پر ستر سال سے حکمراں ہیں۔

میں نہیں جانتا کہ راہل گاندھی کی اس جنگ کا انجام کیا ہوگا۔ پیدائشی کانگریس مخالف ہونے کے باوجود میں اس کشمکش کو دلچسپی اور امید کے ساتھ دیکھ رہا ہوں، شاید قارئین کو پتہ نہ ہو میں نے کئی بار کانگریس کی مدد بھی کی ہے۔ محسنہ قدوائی ابھی زندہ ہیں، وہ بتا سکتی ہیں لیکن میرے جیسا کانگریس مخالف سبھی انسانیت نواز لوگوں کو پہلے ہی آگاہ کردینا ضروری سمجھتا ہے کہ وہ ابھی سے راہل گاندھی کی مدد کا من بنالیں جب کہ میں پورے اعتماد کے ساتھ یہ نہیں کہہ سکتا کہ راہل گاندھی کی ماں اور بہن بھی دل سے ان کے ساتھ ہیں یا نہیں؟

* * *

بھارت کی تاریخ کا
سب سے مظلوم سیاست داں: سردار پٹیل

سردار ولبھ بھائی پٹیل کانگریس کے سب سے زیادہ طاقتور، دوٹوک بات کرنے والے، کھلے ذہن والے، سب سے زیادہ سیکولر، لیکن سب سے زیادہ ''مظلوم سیاست داں'' ہوئے ہیں۔

گاندھی جی ''ورن ویوستھا'' کے کھلے اور نہرو اس کے چھپے حمایتی لیکن سردار پٹیل اس کے سخت مخالف تھے۔ کانگریس میں سردار کے دبدبے کی وجہ سے گاندھی اور نہرو دونوں ان سے ''خائف' ہوکر ہمیشہ انہیں حاشئیے پر رکھنے کی سوچا کرتے تھے۔ دس سال کی عمر سے ہی اخبارات چاٹنے کی میری عادت کی وجہ سے زیادہ تر باتیں میری یادداشت میں ہیں۔

اس میں کسی شک کی گنجائش نہیں کہ قائداعظم محمد علی جناح اپنی تقریروں میں ہندوؤں کے خلاف نہیں صرف برہمنوں اور بنیوں کے خلاف بولتے تھے۔ وہ کانگریس کو برہمن بنیا کانگریس کے نام سے مخاطب ہوتے تھے لیکن عام مسلم لیگیوں کی زبان اتنی خراب تھی کہ شاید تاریخ میں کسی سیاسی پارٹی کی زبان اتنی خراب نہ رہی ہو۔ وہ سیدھے سیدھے ہندوؤں کے خلاف بولتے تھے جب کہ ہندو کہے جانے والے پچھتر فیصد لوگوں کی حیثیت جانوروں سے مختلف نہ تھی۔

چالاک گاندھی اورنہرو مسلم لیگیوں کا جواب کبھی ان کی زبان میں نہیں دیتے تھے۔ سردار پٹیل کبھی کبھی مسلم لیگیوں کا جواب ان کی ہی زبان میں دیدیتے تھے۔ مجھے یہ نہیں معلوم کہ سردار یہ جواب اپنے کھلے ذہن کی وجہ سے دیتے تھے یا ان سے دلوایا جاتا تھا۔ میں نہیں سمجھتا کہ گالیوں کے جواب میں گالی دینا فرقہ پرستی ہے۔

سردار کے دنیا سے چلے جانے کے بعد نہرو کو موقع ملا کہ وہ بھارت کے اپنے زرخرید ملاؤں کے ذریعہ سردار پٹیل کو مسلمانوں میں سنگھی ثابت کریں جب کہ کانگریس کی اعلیٰ قیادت میں گاندھی جی اسی معاملے میں خاموش اورنہرو دل سے سنگھ کے ہمدرد خاص رہے لیکن زبان سے نہیں۔ گاندھی کے قتل کے بعد سردار پٹیل نے وزیر داخلہ کی حیثیت سے پابندی لگائی تھی۔ جلد ہی نہرو نے وزیر اعظم کی حیثیت سے یہ پابندی ہٹائی۔ میں یہ تو نہیں کہہ سکتا کہ نہرو گاندھی کے قتل کی سازش میں ساورکر کے ساتھ شامل تھے لیکن یہ بات میں اعتماد کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ گاندھی پر تین ناکام قاتلانہ حملوں کے بعد بھی نہرو نے ان کی حفاظت میں ایک ہوم گارڈ بھی تعینات نہیں کیا جب کہ گاندھی کے چیلے برابر نہرو سے مل کا حفاظت کا مطالبہ کرتے رہے۔ میں حفاظت کا مطالبہ کرنے والوں سے مل بھی چکا ہوں۔

سب کو معلوم ہے کہ اگر کانگریس پارٹی کو پی ایم چننا ہوتا تو سردار پٹیل کے ساتھ اکیس میں سے تیرہ لوگ تو کھلے ہوئے تھے لیکن گاندھی نے ویٹو پاور کے ذریعہ نہرو کو پردھان منتری بنایا تھا، ممکن ہے کہ انسانی نفسیات کی وجہ سے پٹیل پر اس کا کچھ اثر رہا ہو۔

بابری مسجد میں مورتیاں رکھے جانے کے بعد وزیر داخلہ کی حیثیت سے یوپی کے وزیر داخلہ لال بہادر شاستری کو ریڈیو گرام بھیجا کہ ہم نے سیکولرازم کو اپنی مرضی سے چنا ہے، اس لئے ہمیں اس کے تئیں ایماندار رہنا چاہئے۔ جب

یو پی حکومت یہ مانتی ہے کہ مورتیاں غیر سماجی عناصر کے چوری سے رات کے اندھیرے میں رکھی گئیں تو یو پی سرکار کو چاہئے کہ دن کے اجالے میں انہیں اٹھا کر سر جو میں وسرجن کروادے۔ جب نہرو کو پتہ چلا کہ سردار نے یہ خط لکھا ہے تو نہرو نے پنت کو لمبا ریڈیوگرام بھیج کر کہا کہ سیکولرازم کا مطلب ہے قانون کی حکمرانی، اسے اس معاملے کو عدالت کے حوالے کر دیا جائے۔ پنت تو خود سازش میں شامل تھا، اس لئے پردھان منتری کے مشورے پر عمل کیا گیا۔ میں نے جنتا پارٹی کے دور میں دونوں خط خود پڑھے تھے۔

کیا یہ بات کانگریس اور ہمارے علمائے سو کو معلوم نہیں کہ سردار پٹیل نے کانسٹی ٹیوٹ اسمبلی میں تقریر کرتے ہوئے کہا تھا کہ بٹوارے سے اس ملک کا ہندو مسلم مسئلہ پوری طرح حل نہیں ہوا ہے۔ میری تجویز ہے کہ اسی وقت مسلمانوں کو بھی دس فیصدی ریزرویشن دے کر اسے ہمیشہ کے لئے حل کر دیا جائے۔

سردار کی اس تقریر کے بعد نہرو نے کہا کہ یہ پتہ نہیں کہ مسلمان کو ریزرویشن چاہئے بھی یا نہیں؟ یہ معلوم کرنے کے لئے سات مسلم ممبران کی ایک کمیٹی بنائی گئی، اس میں نہرو کی ''منظور نظر'' بیگم قدسیہ اعزاز رسول کے ووٹ سے یہ طے ہوا کہ مسلمانوں کو ریزرویشن نہیں چاہئے۔ صرف یہ سمجھ لیا جائے کہ اگر سردار کی تجویز کو نہرو نے حکمت عملی کے ذریعہ ختم نہ کرایا ہوتا تو آج کا بھارت کیسا ہوتا؟ میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اس بھارت میں مودی اور شاہ کا جنم ہی نہ ہو پاتا۔

میں نے بابری مسجد کے بارے میں دونوں خطوط دیکھے ہیں، سونیا راج میں لبراہن کمیشن میں فائلیں لے جانے والے کلرک سبھاش کو تلک برج اسٹیشن پر نقل کر کے وہ فائلیں غائب کی گئیں ورنہ سیکولرازم خطرے میں پڑ جاتا۔ کانسٹی ٹیوٹ اسمبلی کی کارروائی کوئی بھی پڑھ سکتا ہے، اس کے لئے ایم پی ہونا بھی ضروری نہیں ہے

اب سلطان پور، سیتاپوراوررام پور کی عوام کا ہی نہیں، پرسنل لاء بورڈ کے ممبران کے ضمیر کا بھی امتحان ہے

اسلام میں مقصد پر قربان ہوجانے کی تاریخ جتنی حوصلہ بخش ہے علمائے سو اور منافقین ملت کی تاریخ بھی ساتھ ساتھ چلتی رہی ہے، یہاں بھی جو لوگ سراج الدولہ اور ٹیپو سلطان کی پرعزم شہادت سے واقف ہیں، اتنے ہی لوگ میر جعفر اور میر صادق سے بھی واقف ہیں اور آئندہ نسلیں ان شاء اللہ صرف زفر فاروقی اور وسیم رضوی سے ہی نہیں انہیں ملت کی گردنوں پر سوار کرنے والے نسیم الدین صدیقی، محمد اعظم خاں سمیت مسلم پرسنل لاء بورڈ کے صدر رابع حسنی، جاسمین انصاری عرف مولہے اور خالد رشید سے بھی واقف رہیں گی۔ اگر رابع حسنی کو پرسنل لاء بورڈ نے صدارت سے ذلیل کر کے نہ ہٹایا تو پرسنل لاء بورڈ منافقین کی صف میں شامل ہوگی جس میں آج بھی کئی گزیٹیڈ منافق ہیں بھی۔

نسیم الدین صدیقی کو شاید بحیثیت ۱۸ ر محکموں کے وزیر کی حیثیت سے لوگ بھول جائیں لیکن جس طرح کولمبس چھ صدیوں بعد بھی لوگوں کو یاد ہے اسی طرح نسیم الدین صدیقی کو ان دنوں ''گوہر نایاب'' زفر فاروقی اور وسیم رضوی کی ''دریافت'' اور اپنے دور اقتدار میں خالد رشید کے پروجیکٹس کو تاریخ یاد رکھے گی۔ پھر ان کے پکے مخالف اعظم خاں کے ذریعہ ان دونوں کو شیعہ سنی وقف

بورڈوں پر مسلط رکھنا بھی ایسا کارنامہ ہے کہ جس کی وجہ سے آئندہ نسلیں بھی اپنے ان ''اکابرین'' کو یادرکھیں گی جس طرح وہ میر جعفرومیر صادق کواب تک نہیں بھولی ہیں۔

الاماں از روحِ جعفر الاماں
الامان از جعفرانِ ایں زماں

بجنور کے لوگ نسیم الدین کو اپنا ایک فیصدی ووٹ بھی نہ دے کر سرخ رو ہوگئے۔اب سیتاپور، رام پور کے عوام کی ذمہ داری ہے کہ اس میں ابراراحمد نے اپنا نام بھی جوڑ دیا ہے، ان نسلوں کے عوام نے اگر ان میر جعفر کی ضمانتیں ضبط نہ کرائیں تو آنے والی تاریخ اتر پردیش کے مسلمانوں کو بھی معاف نہیں کرے گی۔

سب کو یہ بات معلوم ہوگی کہ بابری مسجد مقدمے میں سنی وقف بورڈ کا مقدمہ ہی لیڈنگ سوٹ تھا۔جب رنجن گگوئی کی ''عزت سادات'' کو اسی کورٹ میں کام کرنے والی ایک لڑکی نے داؤں پر لگادی تو حکومت ہند نے اسے بلیک میل کیا اور گگوئی نے نچلی عدالت سے آبروریزی کے مقدمے کو سیدھے سپریم کورٹ میں منگا کر خود کو بری کرایا تھا۔

اسی مقدمے میں زفر فاروقی نے سنی سنٹرل وقف بورڈ کی طرف سے سپریم کورٹ کو حلف نامہ دیدیا تھا کہ بورڈ بابری مسجد کو رام مندر بنانے کے لئے خود ہندوؤں کو دیدے۔میں اسی مضمون کے ذریعہ سلطان پور، سیتاپوراوررام پور کے کی عوام سے کہوں گا کہ اگر چاہتے ہوں کہ یوپی کے مسلمان سر اٹھا کر چلنے کے لائق رہیں تو ابراراحمد، زفر فاروقی اور موہے کی بورڈ اور میرے برادر خورد اعظم خاں کو اسی سیاسی عجائب گھر کی زینت بنادیں جس عجائب گھر میں بجنوروالوں نے نسیم الدین صدیقی کو پہنچانے میں اپنی ذمہ داری پوری کی ہے۔

مسلم پرسنل لاء بورڈ کے ممبران کی اکثریت ٹھیک ہے، حالاں کہ ان میں کئی منافق پہلے سے موجود ہیں، اب سب کا فرض ہے کہ اپنے صدر کو ذلیل کر کے برخاست کریں۔ زفر فاروقی کو وقف بورڈ پر یوگی آدتیہ ناتھ، خالد رشید اور ابرار احمد کی مدد سے تیسری بار قبضے کی مبارک باد دینا ذاتی معاملہ ہے ہی نہیں۔ راقم الحروف کے ذاتی تعلقات زفر، یوگی اور مولیے سے تو ملا رابع سے سو گنا زیادہ تھے۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا، رابع نے مبارک باد حمزہ کے کہنے پر دی یا خالد رشید کے۔ کیا ایسا بے وقوف آدمی مسلمانوں کی قیادت کے لائق ہو سکتا ہے جو اپنی کمیٹی کے ممبران تک کو نہ پہچانتا ہو۔

* * *

اتحاد-اتحاد-اتحادملت

مطلب کیا ہے؟

اتحاد کا نعرہ صرف مومن ہی نہیں، منافق بھی لگاتا ہے۔ علمائے حق کے مقابلے علمائے سوز یادہ طاقت سے اتحاد کا نعرہ لگاتے ہیں۔ جب سیاسی منافق یہ نعرہ دیتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ میرے ''مجازی خدا'' کے ہاتھوں کو مضبوط کرو، وہ یہ نہیں بتائے گا کہ میرے مجازی خداؤں نے اپنے اقتدار کے دور میں تمہارا گلا کتنی طاقت سے گھونٹا تھا۔ علمائے سو کے نعروں کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ہمارے بڑے کے خزانوں کو بھرئے تاکہ وہ جب ہمارے سیکولر آقا تمہارا قتل کردیں، اس کا چالیسواں حصہ ہمارے حضرت تمہارے کفن دفن پر خرچ کرسکیں۔

آپ سے کوئی یہ نہیں بتائے گا کہ اتحاد کس طرح ممکن ہے اور کس طرح ہوسکتا ہے۔ اگر کسی زید نے نعرہ دیا کہ ہمارے قدیم آقا کے لئے متحد ہوجاؤ تو بکر بھی یہی نعرہ لگائے گا کہ ہمارے پرانے آقا کے لئے متحد ہو تو سمیر یہ نعرہ کیوں نہیں لگائے کہ ہمارے نئے آقا کے ہاتھ متحد ہوکر مضبوط کرو۔ جب تینوں کے نعرۂ اتحاد کا مقصد ہی یہ ہوتا ہے کہ ہمارے آقاؤں کے دسترخوان کا جھوٹن چاٹنے کا موقع مجھے بھی ملنا چاہئے یا کچھ زیادہ ملنا چاہئے۔

عوام کی یہ خواہش بچے کے چاند پکڑنے کی خواہش سے مختلف نہیں ہوتی کہ

ایک حلقے میں ایک سے زیادہ مسلم امیدوار نہ اتریں؟ چلئے ایسا ہو بھی جائے ہمارا استعمال کرنے والے متفق ہو جائیں کہ فلاں حلقے سے فلاں پارٹی اپنے مسلم نما غلام کو اتاریں اور فلاں سے فلاں مالک۔ اور اکیلا مسلم امیدوار مسلمانوں کے تھوک ووٹ سے جیت بھی جائے تو جیتنے کے بعد وہ اپنے مالک کا وفادار کتا بن جائے گا اور ہارنے کے بعد اپنی قوم کو آئندہ بیوقوف بنانے کے مقصد سے قوم کے بیچ آ جائے گا۔

بامقصد اور ثمر آور اتحاد جب ہی ممکن ہے جب ایک نظریاتی طور پہ پختہ کار پوری طرح ایماندار و تجربہ کار شخصیت کی قیادت میں ایک جماعت ہو اور عوام اس جماعت کو اپنی جماعت اور لیڈر شپ کو اپنا لیڈر مان کر یہ طے کریں کہ اب اگر ہمارا پیسہ خرچ ہوگا، اگر ہمارا پیسہ بہے گا۔ ہم بھیڑ لگائیں گے اور اپنا ووٹ دیں گے تو صرف اپنی جماعت کو خواہ امیدوار کوئی بھی ہو۔

ہمارے جن لوگوں کے دماغوں میں یہ خناس ہے کہ ہماری قوم ایسی ہے کہ وہ یہ چاہتی ہے کہ ہمارا لیڈر حسینؓ کی طرح ہو جو ہمارے لئے قربان ہو جائے، خواہ ہم یزید کے دسترخوان پر روٹیاں توڑیں۔ میرا ہمیشہ یہ نظریہ رہا ہے عوام کا یہ رویہ غلط نہیں بالکل صحیح ہے۔ جو گروہ اپنے میں سے صرف ایک پوری طرح ایمان دار آدمی کو تلاش کر سکتی ہو نہ اس کے پیچھے چلنے کا ارادہ رکھتی ہو، اس کو قیادت و امامت کا خواب بھی نہیں دیکھنا چاہئے۔

میں سمجھتا ہوں کہ مسلمانوں کے ''مترفین'' (عوام پر اثر ڈالنے والا طبقہ) میں سب سے ''چمک دار ستارہ'' جب مالک سے کاٹا گیا اسے کاغا گیا تو لوک سبھا چناؤ میں مسلم اکثریتی حلقے میں قدیم ترین پارٹی کے امیدوار کی حیثیت سے اسے برائے نام بھی ووٹ نہ دے کر مسلم عوام نے یہ ثابت کر دیا کہ عوام میں زیادہ کمی

نہیں ہے، کمی تو خواص میں ہے۔

ابھی حال ہی میں ایک سے زیادہ سو مردوں اور عورتوں کی بیٹھک میں اپنی عمر کے حوالے سے میرے منع کرنے کے باوجود مجھے نوتشکیل راشٹریہ جسٹس پارٹی کا صدر چنا گیا جب کہ ایک مسلم پارٹی نوجوانوں میں کسی حد تک موجود تھی کچھ اور تنظیمیں بھی موجود ہیں۔ لیکن میں بات پورے اعتماد کے ساتھ کہہ سکتا ہوں راستہ صرف ایک ہے کہ ہم ایک جماعت کو اپنی جماعت اور ایک لیڈر کو اپنی لیڈر شپ مان کر اسی پر اپنا پیسہ بھی خرچ کریں، اسی کے جلسوں میں بھیڑ بھی لگائیں اور اپنا سگا بھائی کسی دوسری پارٹی کا امیدوار ہو ہم اپنا ووٹ اپنی اجتماعیت کی امانت مان کر اس کے ہر امیدوار کو اپنا ووٹ دیں تو اس پارٹی کو اقتدار تک پہنچنے سے کوئی روک نہیں سکتا ہے کہ وہ مکمل اکثریت کچھ سالوں تک نہ لا سکے لیکن اسے پہلے چناؤ میں ہی شریک اقتدار ہونے سے کوئی نہیں روک سکتا۔

یہ بات اچھی طرح سمجھ لینا چاہئے کہ اسمبلیوں اور پارلیمنٹ میں کوئی ہندو مسلمان یا اگڑا پچھڑا نہیں، صرف پارٹیوں کے وہپ کے پابند ممبران بنتے ہیں۔ پارٹیوں کو ملنے والے ووٹ امیدوار کی ہار جیت تک امیدوار کے رہتے ہیں، لیکن نتیجے کے اعلان کے بعد وہ پارٹی کے مانے جاتے ہیں امیدواروں کے نہیں۔

آگے اتر پردیش کے چناؤ ہوں گے، میرا اصرار یہ نہیں ہو سکتا کہ صرف جسٹس پارٹی جب کہ میرا اصرار یہ ہے کہ صرف اتر پردیش کے مفاد میں غور کریں کہ کون سی پارٹی پردیش کے عوام کے مفاد میں بہتر کام کر سکتی ہے، اسی میں اکٹھا ہوں اور اپنے نظریاتی استاد علامہ اقبالؒ کی اس بات کو ہر وقت ذہن نشین رکھیں:

ہو اگر قوتِ فرعون کی در پردہ مرید
قوم کے حق میں ہے لعنت وہ کلیم اللّٰہی

* * *

سنا یہ ہے کہ اُن کے ساتھ ہے پروردگار اُن کا

افغانستان پر طالبان قبضہ کرلیں گے یا وہاں عالمی طاقتیں خانہ جنگی کرانے میں کامیاب ہوں گی، ابھی یقین کے ساتھ نہیں کہا جاسکتا۔ اصل سوال یہ ہے کہ ہمارے پردھان منتری نے کیا سوچ کر اپنی غریب جنتا کا پیٹ کاٹ کر وہاں اربوں ڈالر لگا دیئے۔ ان کا کیا بنے گا۔

یہ بات بھارت کے عوام کے لئے شرمناک ہے کہ بھارت کی حکومتوں نے وہاں کے عوام کے بجائے پہلے اندرا گاندھی کی قیادت میں افغانستان پر سوویت یونین کے فوجی قبضے کی اعلانیہ حمایت کی، پھر اٹل بہاری واجپائی اور مودی وسونیا کی حکومتوں نے امریکی قبضے کی مسلسل حمایت کی۔ ہم اپنی پارلیمنٹ کے شکر گزار ہیں کہ اس نے وہاں بھارتی فوج نہیں بھیجنے دی، ورنہ آج ہم بھی امریکہ کی طرح دنیا میں ذلیل ہوتے۔

بہرحال روس کی پسپائی کے بعد وہاں مجاہدین حکومت قائم ہوئی، وہاں صحیح معنوں میں امن وامان قائم نہیں کرسکی۔ مجھے روس کے خلاف مصروف جہاد سبھی لیڈروں سے شرف ملاقات حاصل ہے جو ۱۹۷۹ء میں سید ابوالاعلیٰ مودودی کے جنازے میں آئے تھے۔ ان میں انجینئر گلبدین حکمت یار، استاد برہان الدین

ربانی، عبدالرسول سیاف، صبغت اللہ چودھری وغیرہ شامل ہیں، صرف احمد شاہ مسعود نہیں آسکے تھے کیوں کہ وہ شمالی علاقوں میں مصروف جہاد تھے۔

بہرحال طالبان کا جنم ایک اتفاقی حادثے کے تحت ہوا۔ ملا عمر نے ایک مدرسہ قائم کر کے وہاں خود بھی استاد تھے، ان کے علاقے میں ایک صاحب نے اپنی دو لڑکیوں کو منی اسکرٹ پہنا کر باہر نکالا تھا۔ ملا عمر نے اسے بہت سمجھایا لیکن اس روشن خیال کی سمجھ میں نہیں آیا۔ اس علاقے میں ایک بڑا غنڈہ مافیا تھا، ایک دن اس نے دونوں مذکورہ لڑکیوں کو بازار سے اٹھوالیا۔ روشن خیال نے ملا عمر سے مدد مانگی۔ انہوں ن مافیا سے بات کی لیکن وہ لڑکیوں کو چھوڑنے پر تیار نہیں ہوا۔ ملا عمر نے اپنے اسکول یا مدرسے سے نوجوان طلبا کے ساتھ مافیا پر چھاپہ مار کر لڑکیوں کو ان کے باپ کے حوالے کیا۔

اس کے بعد مدرسوں کے طلباء جڑتے گئے اور انہوں نے غنڈوں کا جینا دوبھر کر دیا۔ جب طلباء کی یہ تحریک پورے ملک میں پھیل گئی تو انہوں نے دھیرے دھیرے پورے افغانستان پر قبضہ کر کے اسلامی امارت قائم کی۔ چوں کہ یہ طلبا کی تحریک تھی اس لئے اس کا نام ہی طالبان پڑ گیا۔

انہوں نے ملا عمر کی قیادت میں اسلامی امارت افغانستان قائم کی۔ اس بات میں کسی بحث کی گنجائش نہیں کہ طالبان کی جب تک حکومت رہی افغانستان میں مکمل امن وامان رہا، کرپشن کا مکمل خاتمہ ہوگیا اور پوری تاریخ میں دشمن سے اور اگر دشمن نہیں ملا تو آپس میں لڑنے والا افغانستان معاشرہ دنیا کا سب سے پرامن معاشرہ بن گیا۔

پاکستان کی ایک بہت بڑی اور باعزت شخصیت نے عالمی پروپیگنڈے سے متاثر ہوکر طالبان کے سخت خلاف تھی۔ ملا عمر نے انہیں دعوت دے کر بلوایا

اور انہیں ایک ہفتے تن تنہا پورے ملک میں گھومنے اور جس سے چاہیں ان سے ملنے کی درخواست کی۔ ایک ہفتے کے بعد جب وہ واپس لوٹے تو کہا کہ اگر دنیا کے دس ملکوں میں ایسی ہی حکومتیں قائم ہوجائیں تو دنیا کی پوری آبادی مسلمان ہوجائے گی۔

ہمارے ملک میں خواہ اندرا گاندھی کی حکومت رہی ہو یا واجپئی پھر سونیا، پھر نریندر مودی کی حکومت ہو سب نے افغانستان پر پہلے سویت یونین پھر امریکہ کے قبضے کی حمایت کی۔ ہماری میڈیا نے امریکی میڈیا سے دس گنا زیادہ طالبان کو گالیاں دیں، واجپائی جی نے تو امریکی حملے میں اپنے ہوائی اڈے اور افغانی حدود کے امریکی استعمال کی باضابطہ درخواست دی۔ اگر پارلیمنٹ نہ ہوتی تو ہماری فوج بھی بھیجی جاتی۔

بار بار یہ معاملہ پارلیمنٹ میں بھی اٹھا، وہاں میری موجودگی میں جب جب یہ معاملہ اٹھا میں نے کھل کر دوٹوک انداز میں خارجہ پالیسی کی دھجیاں اڑائیں۔ میں نے کہا جو ریکارڈس ہیں کہ برے دنوں میں افغانوں نے ہماری ہمیشہ مدد کی وہی راجہ مہندر پرتاپ نے بھارت کی پہلی جلاوطن حکومت قائم کی۔ ہمارے مسلم لیڈر نیتا جی سبھاش چندر بوس کو وہیں پناہ ملی، ہمارے آزادی کے مجاہدین وہی پھانسیوں سے بچ پائے جنھوں نے افغانستان میں پناہ لی۔

مہابھارت کے زمانے سے ہمارا روٹی اور بیٹی کا رشتہ رہا ہے۔ افغان عوام ہمیشہ ہمارے ساتھ رہے لیکن یہ بات شرمناک ہے کہ جب ان پر سویت یونین نے قبضہ کیا تب بھی ہم نے قابض طاقت کی حمایت کی، اب جب کہ امریکہ کا قبضہ ہماری حکومتیں خواہ وہ کانگریس کی رہی ہوں یا بھاجپا کی دونوں نے افغان عوام کا ساتھ نہ دے کر قابض فوجوں کا ساتھ دیا۔ میں نے کہا کہ میری یہ بات

ریکارڈ میں موٹے حروف میں لکھی جائے کہ طالبان ہی افغانستان کی تقدیر ہیں۔ ہمارا کل انہیں سے پالا پڑے گا، جہاں تک کشمیر کا سوال ہے طالبان نے ہم پر ایک ڈھیلا تک نہیں پھینکا ہے جب کہ ہم انہیں اپنی طاقت بھر گالیاں دے رہے ہیں۔

کیا یہ غلط ہے کہ آج ہم قطر جا کران کی منت سماجت کر رہے ہیں کہ ہم سے بات کرلو۔ ابھی تک شاید امریکہ بھی انہیں راضی نہیں کر پایا ہے کہ وہ ہم سے بات کریں۔ ہماری پوری میڈیا کے لوگ یا تو بے ایمان ہیں یا جاہل مطلق۔ انہوں نے سپر پاور سوویت یونین کو وہاں سے ذلیل ہو کر بھاگتے ہی نہیں پورے سامراج کو بکھرتے دیکھا ہے، اس وقت وہ امریکہ جیسی سپر پاور کو سر پر پاؤں رکھ کر بھاگتے ہوئے دیکھ رہے ہیں۔ امریکہ بہادر نے تو اپنا سب سے بڑا اڈہ بگرام خالی کرتے ہوئے اپنے ملاحوں کو بھی نہیں بتایا۔ مودی جی نے ہم غریبوں کے اربوں ڈالر وہاں جھونک دیئے۔ ہم بھارت کے لوگ صرف دعا کر سکتے ہیں کہ ہمارا جو پیسہ ہمارے احمق اور نادان حکمرانوں نے لگا رکھا ہے وہ ہمیں دیر سویر واپس مل جائے۔

***

جو بادہ کش تھے پرانے وہ اٹھتے جاتے ہیں

اس ہفتے ملک دو مایۂ شخصیتوں سے محروم ہوگیا، ایک سید صغیر احمد صاحب، دوسرے محترم جسونت سنگھ صاحب۔ سید صغیر احمد صاحب بزرگوں کے دور کے وضع دار انسان تھے۔ جے پرکاش نراین، مدھولمیٔ، ڈاکٹر لوہیا، چندر شیکھر اور ڈاکٹر فریدی جیسی عبقری شخصیات کے اس دور کے شاید وہی اکیلے نمائندہ بچے تھے۔ دنیا میں جو آیا ہے اسے جانا ہی ہے۔

جسونت سنگھ بھی روایتی بہادر راجپوت تھے، بھاجپا جیسی پارٹی میں رہ کر بھی وہ فطری ہندوستانی کی طرح حقیقی سیکولر انسان تھے، جب ان کی مشہور زمانہ کتاب چھپی اور جواہر لال نہرو کو ملک کی تقسیم کا ذمہ دار ثابت کرنے پر آر ایس ایس ان پر پل پڑی تو ہم نصف درجن لوگ انہیں مبارک باد دینے گئے تو انہوں نے مسکرا کر کہا کہ میں اعظمی صاحب کی مبارک باد تو نہیں لوں گا۔ پوچھنے پر کہا کہ یہی تو اس کتاب کے لکھنے کی وجہ بنے ہیں۔

اگست ۱۹۹۷ء میں آزادی کی پچاسویں سالگرہ پر لوک سبھا کا چھ روزہ خصوصی اجلاس ہوا تھا، جس میں اپنی تقریر میں انہوں نے کہا کہ نہ تو کسی فرد یا پارٹی نے مکمل آزادی کی مانگ کی تھی نہ کسی نے اس ملک کو آزاد کرایا بلکہ برطانوی عوام

نے لیبر پارٹی کو دنیا بھر میں اپنا قبضہ چھوڑ دینے کے منشور پر ووٹ دیا اور لیبر پارٹی نے صرف بھارت کو نہیں دنیا کے بڑے حصے کو بلا مانگے آزادی دی۔

کیبنٹ مشن پلان تسلیم کر لینے کے بعد مسلم لیگ بھی بٹوارے کے مطالبے سے دست بردار ہو چکی تھی، لیکن نہرو صرف اپنے خاندان اور اپنی برادری کے مفاد میں کانگریس ورکنگ کمیٹی سے ملک کے اسی فیصدی یا اس سے زیادہ مسلم آبادی والے علاقوں کو باقی ملک سے کاٹ کر الگ کرنے کی کارروائی اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن کی مدد سے اسے عملی جامہ پہنایا۔ یہ بٹوارہ تھا ہی ملک کے حصوں کو باقی ملک سے کاٹ دینے کی کارروائی تھی۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ نہرو ہی نے اپنے زرخرید ملاؤں سے مسلمانوں میں یہ تشہیر کرائی کہ مسلمانوں نے اپنا حصہ لے لیا۔ یہ تو نہرو کی مہربانی ہے کہ ہم یہاں بھی حصہ دار بنے ہیں جب کہ حقیقت یہ ہے کہ بھارت میں تیس فیصد مسلم آبادی تھی، اس طرح بھارت میں جو مسلمان ہیں وہ اپنے حصے کی دگنی زمین لے کر یہاں ہیں، ان پر کسی کا احسان نہیں بلکہ ملک پر احسان ہے۔

جسونت سنگھ نے کہا کہ کچھ باتیں میرے لئے بھی نئی تھیں، میں نے پہلی بار سنا تھا کچھ باتیں میرے لاشعور میں سرایتا کی نہیں جن کی تائید کسی سے نہیں ہو رہی تھی، مجھے تعجب اس بات پر تھا کہ پارلیمنٹ میں نہرو کو مادرزاد ننگا کر دیا جائے اور کوئی کانگریسی چوں تک نہ کرے۔ اعظمی صاحب نے اس وقت بتایا کہ اس موضوع پر میں تو بحث چاہتا ہوں لیکن کانگریسیوں کی چالاکی میں تو مجھے بھی شبہ نہیں ہے، وہ بار بار چیلنج کرنے کے باوجود اسے شربت روح افزا کی طرح پی گئے۔

کتاب لکھنے کے لئے جسونت سنگھ نے پارلیمنٹ لائبریری، لندن کی انڈیا آف لائبریری، کراچی اور لاہور کی لائبریریاں چھانیں اور اس شریف

اور بہادر انسان بلکہ بہادر راجپوت نے اپنی سیاست داؤں پر لگا دی۔ یہ علمائے سو کا خانوادۂ اعظم ہے جو نہیں چاہتا کہ بھارتی مسلمان تقسیم کی ذمہ داری سے مبرا ہوں۔

آخر میں، میں ایک بڑی بات کہنا چاہتا ہوں، دو بار لوک سبھا کا متحرک ترین ممبر رہنے کے بعد میں یہ لکھ رہا ہوں کہ میرا پالا جتنے سیاسی ہندوؤں سے پڑا ہے ان میں جسونت سنگھ، یشونت سنہا، پرمود مہاجن، گوپی ناتھ منڈے، سشما سوراج، منوہر پاریکر، سدیش پربھو، ارون جیٹلی، راج ناتھ سنگھ جیسے لوگ میرے سیکولرازم کی کسوٹی پر کھرے اترے۔ اپنے آپ کو سیکولر کہہ کر دغابازی کرنے والے لیڈروں میں ایک سے ایک بدمعاش، کرپٹ، جعل ساز، جاتی وادی، پریوار وادی ہی ہیں۔ میں نے جو نام گنائے ہیں سب کا تعلق بھاجپا وشیوسینا سے رہا ہے۔ جسونت سنگھ کو خراج عقیدت ہوگا اگر سیکولرزم کو بھارت کی حد تک ڈکشنری سے نکال دیا جائے۔

* * *

کیا ہم اپنی آنکھ کا شہتیر نہیں دیکھ سکتے؟

۲۰۰۷ء میں بی ایس پی سرکار نے مسلمانوں کے درمیان سے دو ''ہیرے'' تلاش کئے۔ ایک زفر فاروقی کو سنی وقف بورڈ کا چیرمین تو دوسرے وسیم رضوی کو شیعہ وقف بورڈ کا چیرمین بنایا۔ بی ایس پی اور سماج وادی کی دشمنی سے سب واقف ہیں، لیکن پانچ سال بعد سماج وادی سرکار نے نہ صرف زفر فاروقی اور وسیم رضوی کو دوبارہ چیرمین بنایا بلکہ وسیم رضوی کا رتبہ کسی کیبنٹ منتری سے زیادہ بڑھایا۔

ظاہر ہے کہ دونوں نے سنی اور شیعہ اوقاف کے ساتھ بھرپور انصاف کیا۔ سنی حضرات میں میرے حساب سے کچھ بچا ہی نہیں، انکا سب کچھ علمائے سوا اور سیاسی منافقین چٹ کر چکے ہیں، لیکن شیعہ حضرت میں کچھ دم باقی ہے۔ جب انہوں نے وسیم رضوی کے خلاف سڑک پر احتجاج کیا تو سماج وادیوں نے انہیں اتنا پٹوایا کہ ایک صاحب شہید ہو گئے۔

لکھنؤ میں پولیس لاٹھی چارج میں پچھلی صدی میں سوشلسٹ لیڈر راکشے ہرمل مارے گئے تھے۔ اس صدی میں صرف ایک شہادت وسیم رضوی کے خلاف مظاہرے میں سماجوادی لاٹھی چارج میں ہوئی۔

سب کو معلوم ہے کہ بابری مسجد مقدمے میں سنی وقف بورڈ مسلمانوں کی طرف سے فریق تھا۔ جب سپریم کورٹ میں مقدمہ لگا تو شیعہ وقف بورڈ کی

طرف سے وسیم رضوی نے فریق بننے کی کوشش میں بار بار یہ کہا کہ میر باقی شیعہ تھا، اس لئے شیعہ وقف بورڈ کو فریق بنایا جائے، جو مسجد ہندوؤں کو سونپنے کو تیار ہے لیکن وہ فریق نہیں بن پایا۔

جب مقدمہ میں بحث شروع ہوئی تو زفر فاروقی نے بنا وقف بورڈ میں پاس کرائے اپنا ایک وکیل کر کے سپریم کورٹ میں لکھ دیا کہ سنی وقف بورڈ مسجد ہندوؤں کو دے رہا ہے۔

شیعہ حضرات میں اسلام کی سمجھ ابھی بہت باقی ہے۔ علامہ سیستانی نے اسے اسلام سے خارج کر دیا، لیکن سنی حضرات میں کچھ بچا ہی نہیں، وسیم اور زفر فاروقی کا جرم ایک ہی تھا، لیکن پچھلی صدی میں سنی علمائے سو نے اسلام سے خارج کرنے کا دن رات اتنا بے دریغ استعمال کیا کہ شاہ ولی اللہ، سرسید، علامہ اقبال اور محمد علی جناح سمیت ہر اس شخص کو اسلام سے خارج کر دیا جو ملا کی توند میں فٹ نہ ہو سکا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ عام مسلمانوں نے اسلام سے خارج کئے گئے لوگوں کو اپنا ہیرو مان کر پورے ضروری سسٹم کو ہی ختم کر دیا۔

یوگی سرکار آنے کے بعد وسیم رضوی تو تیسری بار چیرمین نہیں بن پایا، لیکن یوگی جی کے نامزد کردہ تین ممبران اور زفر فاروقی کے اپنے ووٹ اور ایک سپا ودھا یک ابرار (سلطان پور) کے ووٹ سے زفر فاروقی بابری مسجد بیچنے کے باوجود تیسری بار چیرمین بن گیا، یہ بھاجپا سپا کی ملی بھگت کا شاہکار ثبوت ہے۔

اس کے تیسری بار وقف جائیدادوں کی خرد برد کی طاقت حاصل کرنے کے بعد اس کو مسلم پرسنل لاء بورڈ کے صدر رابع حسنی اور لکھنؤ کے سرکاری ملا نے عوامی طور پر مبارک بادی دی۔ یہ ہماری پستی کی آخری حد ہے۔

اتنا ہی نہیں، ابھی سماج وادی نے اپنی ایک ایم ایل سی سیٹ زفر فاروقی کو

دے دی، اس سے پہلے وہ ایک راجیہ سبھا سیٹ کپل سبل جیسے مشہور مسلم دشمن کو دے چکی تھی۔ شاید بہت سے لوگ کپل سبل اور جسٹس سہیل اعجاز صدیقی کے معاملے سے واقف نہ ہوں۔

زفر فاروقی نے اپنے مرہون منت ''مولہے'' کو ایم ایل سی بنایا۔ جس کا سیتاپور کے مسلم عوام نے گیٹ بنا کر جگہ جگہ استقبال کیا۔ یہ ایسا اجتماعی جرم ہے جس کی سزا سے اگر قوم بچ جائے تو اوپر والے کا رحم ہی کہا جا سکتا ہے۔

ہمیں شکایت ہے کہ ہم پر بلڈوزر چل رہا ہے، جب قدرت کا عذاب آتا ہے تو جاوید پمپ جیسے معصوم اور فاطمہ جیسی مجاہد لڑکی بھی زد میں آتی ہے۔ ابھی ایک سپا ودھایک نے اخباری بیان دیا تھا کہ جو مسلمان سپا کو ووٹ نہ دے وہ مسلمان ہی نہیں ہے۔

میں سوچتا ہوں کہ کیا ہمارا اجتماعی مزاج صرف اتنا ہے کہ ہمارے کچھ گھر بلڈوزر کی نذر ہو جائیں۔ کیا ہم اپنے اجتماعی جرائم کے ذریعہ قدرت کو اور بڑے عذاب کی دعوت نہیں دے رہے ہیں۔

****

اتر پردیش چناؤ ۲۲ءنتیجہ کیوں آیا

۱۹۴۶ء کے چناؤ جو جداگانہ طریق انتخاب کے تحت ہوئے تھے، سے لے کر ۱۹۷۷ء کے چناؤ اور اب تک سارے چناؤ میں میں نے حصہ لیا لیکن ۲۲ء کا چناؤ اس معنی میں منفرد حیثیت رکھتا ہے کہ اس میں سو فیصدی مسلمانوں نے صرف ایک پارٹی کو ووٹ دیا اور وہ پارٹی مع گروپ کے ۱۲۵ر سیٹوں پر سمٹ گئی۔

مسلمانوں نے سو فیصدی ایک پارٹی کو دیا، یہ میں اس بنیاد پر کہہ رہا ہوں کہ میں چناؤ میں مسلمانوں نے ستر سے اسّی فیصد پولنگ کی جب کہ دوسرے ووٹروں نے پچاس سے ساٹھ فیصد پولنگ کی، اس طرح بیس فیصد مسلم ووٹروں نے ۲۳ر فیصد پول کر دیا۔ وہی تین فیصد ادھر ادھر ہوا اور بیس فیصد یک مشت سماج وادی پارٹی اور اس کے گٹھ بندھن کو ملا۔

تعجب خیز بات یہ کہ ساری سیاسی وغیر سیاسی مسلم تنظیمیں اور سرکردہ افراد مثلاً سابق جج، سابق بیوروکریٹ، دانشور طبقہ اور جماعتیں سماج وادی کے خلاف تھیں، لیکن سہارنپور سے بلیا تک سارے مسلمانوں نے ''خوف زدہ بے سری فوج'' کی طرح ایک ہی پارٹی کو ووٹ دیا لیکن وہ پارٹی صرف ایک سو گیارہ اور گٹھ بندھن سمیت صرف ۱۲۵ر سیٹیں ہی جیت سکی۔

پورے گٹھ بندھن کو ساڑھے تیس فیصد ووٹ ملے جس میں بیس فیصدی اکیلے مسلمانوں کا، آٹھ فیصدی یادووں میں سے اسے صرف پانچ فیصد، ایک

فیصد سکھ اقلیت کا، ایک فیصد راج بھر کا، ایک فیصد جاٹوں کا ووٹ تھا جو پارٹی کے نام پر ملا، باقی ساڑھے چار فیصد ووٹ امیدوار لائے، اسی گروپ کے ۳۴ رمسلمان بھی جیتے۔ سارے ہی مسلمان ایک پارٹی کو چلے گئے۔ کس طرح یہ ایک خدائی راز ہے۔ جو طاقت برائی میں سے بھلائی اور بھلائی میں سے برائی نکالنے پر قادر ہے، اس کی مصلحتوں کو جاننے کی صلاحیت مجھ میں نہیں ہے۔ میں ایک بات اپنے وسیع تجربے کی بنیاد پر کہہ سکتا ہوں۔ پچھلے تین چناؤں کی طرح اس چناؤ میں بھی مسلمانوں نے بھاجپا کی جیت میں بنیادی کردار ادا کیا۔

ایک بات صاف ہے کہ اتر پردیش کی آبادی میں لگ بھگ بیس فیصد اپر کاسٹ تین فیصد غیر یادو پچھڑی جاتیاں اور تیرہ فیصد جاٹ کل تریسٹھ فیصد ووٹر سب کچھ برداشت کر سکتے ہیں لیکن یادو راج برداشت ہی نہیں کر سکتے۔ جس طرح مسلم ووٹر بھاجپا کو ہرانے کے لئے اس سے بھی بری پارٹی کو ووٹ دے دیتے ہیں، اسی طرح مذکورہ تریسٹھ فیصدی ووٹرا کھیلش راج کو روکنے کے لئے یک مشت بھاجپا میں جا سکتے ہیں اور پچھلے چار چناؤ سے یہی ہو رہا ہے۔ میری تجربہ کار پیش گوئی سارے مسلمان نوٹ کر لیں، جس دن مسلمانوں نے پوری طرح سماج وادی پارٹی کو چھوڑ دیا، اسی دن بھاجپا کو ہار سے کوئی نہیں بچا سکتا۔ خواہ دو تین مودی اور پیدا ہو جائیں۔

جب چناؤ شروع ہوا تو معلوم ہوتا تھا کہ بھاجپا شاید خاص اپوزیشن کا درجہ بھی نہ پا سکے، اپر کاسٹ میں صرف برہمن ہی خلاف نہیں تھا، بھاجپا کی بنیادی ووٹر بھی معاشی بدحالی کی وجہ سے خلاف تھا۔ غیر یادو بیک ورڈ جاتیاں بھی خلاف تھیں۔ مایاوتی کی بے عملی اور عدم دلچسپی نے غیر یادو بیک ورڈ کی اس کی طرف جھکنے کا رجحان ختم کیا۔ دوسری طرف مسلمانوں کی مجاہدانہ اور کھلی روش اور میڈیا و سوشل میڈیا نے

یہ رجحان بنایا کہ اکھلیش یادو کو روک پانا مشکل ہے، پہلے برہمن اور بنیا بی جے پی کی طرف واپس ہوئے، پھر غیر یادو بیک ورڈ پچھلے تین چناؤ کی طرح ''یادو راج'' روکنے کے لئے مڑا، آخری دو دنوں میں نصف کے قریب بی ایس پی کا کور ووٹ جاٹ بھی نصف سے کچھ کم۔ مہیش چند مصرا کے بہانے سماج وادی کو روکنے کے لئے بھاجپا کی طرف مڑ گیا اور بھاجپا کو ووٹ فیصد ۲۰۱۷ء سے زیادہ ہو گیا۔

بھاجپا کی سیٹیں اس وجہ سے کچھ کم ہوئیں کہ مسلمانوں کی یک طرفہ ووٹنگ کی وجہ مسلم اکثریتی حلقوں میں سپا جیت گئی۔ مسلمانوں کی بھاری تعداد مغربی یوپی میں رہتی ہے، لیکن اب تک مسلم ایم ایل اے زیاہ مشرقی یوپی سے جیتے تھے۔ اس بار چند ہی سیٹوں پر جہاں یادو ووٹ نہیں تقسیم ہوئے۔ مشرقی یوپی سے مسلمان جیتے ہیں لیکن زیادہ تر وہ مسلم اکثریتی حلقوں یعنی مغربی یوپی سے جیتے ہیں۔ اب تک مغربی یوپی کے مسلمان اتر پردیش کے مسلمانوں کا سب سے بڑا مسئلہ تھے؟ یہاں تک کہ مرحوم قائد ملت ڈاکٹر فریدیؒ کو بھی مغربی یوپی سے کوئی سیٹ نہیں ملی تھی۔

ممکن ہے کہ قدرت نے اپنی سنت کے مطابق برائی میں سے بھلائی نکالنے کا فیصلہ کر لیا ہو کیوں کہ پچھلے ایک مہینہ میں جتنے لوگ بھی ہندو اور مسلمان مجھ سے ملے ہیں سب کی رائے یہی رہی ہے کہ اب سماج وادی پارٹی تاریخ کے کوڑے دان میں جانے والی ہے۔ اب ہمیں ایک نئی حکمت اپنانی چاہئے۔

بی ایس پی بھی شاید اسے کوڑے دان کی زینت بن جائے لیکن اگر مایاوتی لالچ ختم کر کے دوبارہ کانشی رام کے راستے پر آجائے تو شاید وہ اسی کوڑے دان میں جانے سے بچ جائے، لیکن غالب امکان یہی ہے کہ وہ بھی اس کی زینت بن جائے کیوں کہ نصف جاٹ ووٹوں کا چلے جانا کوئی معمولی واقعہ نہیں ہے۔

* * *

نریندر دامودر داس مودی اور اروند کیجر یوال

فارسی کی ایک کہاوت ہے ''رموزِ مملکت خویش خسرواں دانند'' اپنی مملکت کے اصل راز حکمراں کو معلوم ہوتے ہیں۔ اس وقت سوشل میڈیا پر منیش سسودیا کے گھر پر سی بی آئی کا چھاپہ اور بی جے پی و عام آدمی پارٹی کے لیڈروں کی لوٹ چھائی ہوئی ہے جب کہ یہ لڑائی حقیقی بھی ہوسکتی ہے لیکن یہ نورا کشتی بھی ہوسکتی ہے۔

میں مودی جی سے براہِ راست صرف ایک بار ملا ہوں، لیکن آٹھ سال کی حکمرانی کی وجہ سے انہیں اچھی طرح جانتا ہوں۔ اروند کیجر یوال کو پوری طرح جانتا ہوں کیوں کہ میں شاید بھارت کا واحد آدمی ہوں جو نہ صرف بھرشٹاچار کے خلاف چلنے والے تینوں ملک گیر آندولنوں جے پی آندولن، وی پی سنگھ کے آندولن اور انا آندولنوں میں نہ صرف شامل رہا ہوں بلکہ تینوں کی اگلی صف میں رہا ہوں۔

انا آندولن کی پوری لیڈرشپ میں، میں ایسا اکیلا آدمی تھا جو نہ صرف ملک کی سیاست میں گہرائی تک ڈوبا رہا بلکہ دو بار لوک سبھا کا ممبر بھی رہ چکا تھا۔ میرے علاوہ صرف محترم شانتی بھوشن صاحب ہیں جو کچھ دن سیاست میں رہے تھے۔ پہلی بار پنجاب میں ہونے والی میٹنگ میں انہوں نے ہی انا آندولن کو سیاسی پارٹی میں تبدیل کرنے کی تجویز پیش کی تھی، جو مسترد ہوگئی تھی۔ بعد میں میری ہی

تجویز اور کوشش سے آندولن عام آدمی پارٹی میں تبدیل ہوا تھا، اس کے لئے مجھے انا کے گاؤں تک کا سفر بھی کرنا پڑا تھا، اس لئے میں اروند کیجریوال سے پوری طرح واقف ہوں۔

نریندر مودی اور اروند کیجریوال میں کئی باتیں مشترک ہیں۔ دونوں ہی سماجی تقسیم کے ویشیہ ہیں، دونوں ہی عظیم بھارتی سوسائٹی کی تاریخ میں سب سے بڑے ایکٹر ہیں، دونوں کی فطرت ایک ہے، دونوں یکساں طور پر ''پیدائشی ڈکٹیٹر'' ہیں، دونوں اپنے ہیرو اوڈلف ہٹلر کی طرح چناؤ جیت کر پاور میں آئے۔ بھاجپا ملک کی واحد سیاسی پارٹی تھی جس کے اندر بھی جمہوریت تھی، جسے نریندر مودی کے چمچوں، دلالوں اور جی حضوریوں کے جتھے میں تبدیل کر دیا ہے۔

عام آدمی پارٹی کی بنیاد صرف چار چیزوں پر رکھی گئی جس میں پارٹی کے اندر کی جمہوریت ایک اہم بنیاد تھی، جو صرف ۷۰/میں ۶۷/سیٹیں جیتنے تک عمل میں رہی۔ ۶۷/سیٹیں جیتنے کے بعد ایک مہینہ کے اندر کیجریوال نے عام آدمی پارٹی کی فیصلہ ساز باڈی پی اے سی سے جوگندر یادو اور پرشانت بھوشن کو نکالنے کے لئے ایسا طریقہ اختیار کیا اور ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ میں مکھیہ منتری پد سے اپنا استعفیٰ یہ کہہ کر دیا کہ میں ۶۷/ودھایکوں کو لے کر الگ ہو جاؤں گا۔ یا تو پارٹی میرا استعفیٰ قبول کرے یا ان دونوں کو پی اے سی سے نکالے۔ مجھ پر میرے لڑکوں سے دباؤ ڈلوایا کہ آپ ایک مہینہ بھی اقتدار کے ساتھ نہیں رہ سکتے۔ صرف میری غلطی کی وجہ سے جوگندر یادو اور پرشانت بھوشن صرف ایک ووٹ کے فرق سے نکالے گئے۔

ان کا جرم صرف یہ تھا کہ یہ لوگ پی اے سی کی میٹنگوں میں اپنی آزادانہ رائے رکھتے تھے اور بحث کرتے تھے۔ یہ جرم میں بھی کر رہا تھا اور کمار وشواس بھی۔ میں پہلی قسط میں اس وجہ سے بچ گیا کہ ایک مہینہ پہلے ہی مسلمانوں کے ووٹ سے ہی ۶۷/سیٹیں جیتی تھیں اور میں واحد مسلم چہرہ تھا اور یہ پرستاؤ پاس ہی

نہیں ہوسکتا تھا۔ جلسوں میں بھیڑ کمار وشواس کے نام پر آتی تھی، اس لئے وہ بھی بچ گئے۔ کچھ دن بعد انہوں نے محسوس کیا کہ شاید اب وہ میرے بغیر بھی جیت سکتا ہے تو میں نے بھی محسوس کرلیا اور از خود استعفیٰ دے دیا۔ کمار وشواس کیسے الگ ہوئے، قارئین کو معلوم ہے۔ اب عام آدمی جو اندرونی جمہوریت کے نام پر بنی تھی، اروند کیجر یوال کے چمچوں اور دلالوں پر ہی مشتمل ہے، پرانے لوگوں میں ایک ساتھی اور میں جو عوام میں مقبول ہیں میں ان کے حشر کی پیش گوئی ابھی سے کر رہا ہوں حالاں کہ باہر اپنی اچھی تقریروں کے باوجود جہاں آزادانہ رائے رکھی جاسکتی ہے وہاں وہ پہلے بھی چمچہ گیری کرتے تھے۔

میں برسر اقتدار لوگوں میں امت شاہ کو نہیں جانتا تھا لیکن اب یہ یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ ایک انتہائی چالاک آدمی اور نریندر مودی کی ضرورت ہیں۔ میں انگریزوں کے خلاف جدوجہد کرنے والے لیڈروں میں گاندھی کی صرف عزت کرتا ہوں، وہ اس لئے کہ پورے ملک کو اس پر نصف صدی تک مجبور کیا گیا۔ میں ہمیشہ نہرو کی سماجی پالیسیوں کا اس حد تک مخالف رہا ہوں کہ انہیں چنگیز خاں کے بعد کی تاریخ کا سب سے بڑا مسلم دشمن اور بھارت کی تقسیم اور اس کے نتیجے میں دنیا کی انسانی تاریخ کے سب سے بڑے قتل عام اور سب سے بڑی نقل مکانی کا اصل ذمہ دار مانتا ہوں جب کہ میری قوم کے سرکردہ ملاؤں کو خرید کر نہرو نے ان سے یہ سرٹیفکیٹ حاصل کرلیا کہ وہ دنیا کا سب سے بڑا اسیکولر تھا۔

میں گاندھی کو مسلم دشمن نہیں مانتا، لیکن انہیں دلتوں اور پچھڑی جاتیوں کا کھلا دشمن مانتا ہوں، جب عام طور پر لوگ انہیں ''ہریجن ادارک'' مانتے ہیں گاندھی جی کیا تھے اس کی سب سے صحیح تعریف امت شاہ نے کی ہے'' گاندھی چتر بنیا'' تھا۔

میں ہمیشہ سے انگریز کے خلاف جدوجہد کرنے والے گروہ میں سردار پٹیل کو سب سے بہتر سمجھتا تھا حالاں کہ صرف عام مسلمان نہیں اس وقت کی مسلم لیگ کے

لیڈر بھی سردار پٹیل کے خلاف سب سے زیادہ بولتے تھے۔ ۴۷ء میں میری عمر صرف تیرہ سال تھی، لیکن اردو کے کئی اخبارات چاٹنے کی عادت تھی۔ سردار پٹیل کیا تھے یہ کانسٹی ٹیوٹ اسمبلی کی کارروائی پڑھنے سے پتہ چلتا ہے، جس میں انہوں نے بٹوارے کے بعد بھارت میں رہ جانے والے مسلمان کو دس فیصد ریزرویشن کی باضابطہ تجویز پیش کی تھی لیکن سیکولر نہرو کی وجہ سے یہ نہیں ہوسکا۔ انہوں نے بابری مسجد میں بت رکھے جانے کے بعد یوپی کے وزیر داخلہ لال بہادر شاستری کو ریڈیو پروگرام بھیجا تھا کہ مورتیوں کو پولیس سے دن میں اٹھوا کر سرجو میں وسرجت کرادو، اسے بھی نہرو نے وزیر اعلیٰ پنت کو چٹھی لکھ کر اسے عدالتی بکھیڑوں میں الجھا دیا۔

میں آج ملک میں سرمایہ دارانہ لوٹ کھسوٹ کی وجہ سے نریندر مودی کا سخت مخالف ہوں، لیکن اس نے تین اتنے بڑے کام کئے کہ اگر بھارت کے مسلمان سلطانی و ملائی و پیری کے مقتول نہ ہو کر زندہ انسان ہوتے تو اپنے مفاد میں اس کے تین کاموں کی حمایت کرتے۔ مودی جی نہرو کو ملک کی تقسیم کا ذمہ دار مانتے ہیں۔ اس سے بھارت کے مسلمان اس پچھتر سالہ الزام سے ازخود بری ہوجاتے ہیں۔ سیکولر حکومت نے آئی بی کی فائلوں میں دہشت گرد تنظیم انڈین مجاہدین کو جنم دیا تھا، جس کے نام پر دس سال تک ایک ہزار کے قریب انتہائی پڑھے لکھے مسلم نوجوانوں کو موت کے گھاٹ اتارا گیا یا انہیں جیلوں میں بوڑھا کر دیا گیا۔ ۲۰۱۴ء کے بعد اگر کسی نے انڈین مجاہدین کا نام بھی سنا ہو تو بتایئے؟

سیکولر حکومتوں میں قومی دھارا خود مسلمانوں سے کترا کر بہتا تھا۔ ۲۰۱۴ء کے بعد عوام کو ''مفت کی جتنی بھی ریوڑیاں'' بانٹی گئیں، خواہ وہ اجولا یوجنا ہو یا رہائشی اسکیم وغیرہ کسی میں قومی دھارا مسلمانوں سے کترا کر نہیں بہا ہے۔ آخر ان تین چیزوں میں زبان سے حمایت کرنے میں کیا پریشانی تھی؟

* * *

پاپولرفرنٹ پر پابندی

یہ تو ہونا ہی تھا کیوں کہ چانکیہ نے ۲۰۲۴ء کی ضرورت سمجھا ہوگا۔ صاحب کے پاؤں تلے کی زمین کھسک رہی ہے، دورِحاضر کے چانکیہ کی سمجھ میں یہی نہیں آرہا ہے کہ کیا کیا جائے۔ میں نے کافی پہلے یہ یقین کرلیا تھا کہ ہمارے وزیر داخلہ دورحاضر کے واقعی چانکیہ ہیں۔

ہمارے ملک میں گاندھی جی کے حامیوں اور مخالفوں کی تعداد بہت زیادہ ہے لیکن کچھ دن پہلے امت شاہ نے گاندھی جی کی جو تعریف صرف دو لفظوں میں کی تھی میں نے اس وقت مان لیا تھا کہ امت شاہ واقعی دورحاضر کے چانکیہ ہیں۔ جب انہوں نے کہا تھا کہ گاندھی ایک ''چتر بنیا'' تھا۔

سیاست میں ایک ہی نعرے پر کئی بار بیوقوف نہیں بنایا جاسکتا۔ مثال کے طور پر کچھ دن پہلے تک رام کے نام پر کچھ تھا، اب رام نام پر پانچ سو ووٹ بھی نہیں ہیں۔

۲۰۱۹ء میں ایسا ماحول بنادیا گیا تھا جس میں کمل کے بٹن دبانے پر کرنٹ سیدھے پلوامہ کے شہیدوں تک ووٹ پہنچ جائے گا۔ ۲۰۲۴ء میں پلوامایا اس جیسی کسی دوسری گھٹنا کا کوئی فرق نہیں پڑنے والا ہے۔ عوام کو بیوقوف بنانے کے سبھی ہتھیاروں کا استعمال ہو چکا ہے۔ ان کا دوبارہ استعمال مس فائر بھی کرسکتا ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ ایس آئی ایم پر پابندی سے اٹل جی کو جتنا فائدہ ہوا تھا اس

کا دس فیصد فائدہ بھی پاپولرفرنٹ پر پابندی سے چانکیہ کونہیں ہوسکتا۔

پاپولرفرنٹ پر پابندی اس کے نظریات کے نام پر لگی ہے کہ یہ بھارت میں اسلام کے نظام کے قیام کی خواہاں تھیں۔ ایسی کوئی خواہش ہمارے دستور کے لحاظ سے کوئی جرم ہی نہیں ہے۔

برصغیر کے تینوں حصوں بھارت، پاکستان اور بنگلہ دیش میں سے بھارت اور بنگلہ دیش دستوری طور پر سیکولر جمہوریہ ہیں، جب کہ پاکستان اسلامی جمہوریہ ہے۔ اسلام کے بنیادی اصولوں پر جتنا بھارت کا قانون چلا ہے اس کا عشر عشیر بھی اسلامی جمہوریہ پاکستان نہیں چل سکا۔

مثال کے طور پر اسلام کے نظام کی بنیاد ہے کہ زمین کا مالک خدا ہے، لیکن انگریز یہاں جاگیردارانہ نظام جو اسلام کی عین ضد ہے لاگو کر رکھا تھا۔ انگریز کی واپسی کے بعد بھارت کی سیکولر جمہوریہ نے اسلام کے بنیادی نظام کا نام لئے بغیر اس پر مکمل عمل کیا اور پورے ملک میں زمین داری خاتمہ کے نام جاگیردارانہ نظام ختم کرکے زمین کو خدا بہ الفاظ دیگر عوام کی ملکیت قرار دیا۔ یہ قدم نہ صرف انسانوں کو انسان کی غلامی سے آزاد کرنے کا سب سے بڑا اقدم ثابت ہوا بلکہ اس سے غربت پر بھی کاری ضرب لگی۔ یہ پہلے دن پاکستان میں ہونا چاہئے تھا جو پچھتر سال میں نہیں ہوا۔

پاکستان نام کے لئے تو اسلامی جمہوریہ ہے لیکن پچھتر سال گزر جانے کے بعد بھی وہاں کے عوام انگریز کی غلامی سے نکل کر جاگیرداروں کے اب تک غلام بنے ہوئے ہیں۔ ''مارو گھٹنا، پھوٹے آنکھ'' کی یہ زندہ مثال ہے۔ تین چار سال پہلے میں پاکستان گیا تھا، وہاں دلی پارک اور دوسرے جاگیرداروں کی کوٹھیاں دیکھ کر مجھے تے آ رہی تھی اور ایسا لگ رہا تھا کہ اس کی اینٹ اور پتھر سے کسانوں

کا وہی خون ٹپک رہا ہے وہ خون جو جاگیردار کے پینے سے بچ گیا۔

بھارت میں اب زمین دار کی جگہ سرمایہ دار نے لی ہے، لیکن زمین دار کے خون پینے اور سرمایہ دار کے خون پینے میں بنیادی فرق ہے کہ سرمایہ داری کے ذریعہ پیا گیا عوام کا خون براہِ راست محسوس نہیں ہوتا، جب کہ زمین دار براہِ راست عوام کو اپنا غلام بناتا تھا اور ان کے آنگن میں لگے نیم کے درخت کی لکڑی تک کا وہ مالک تھا۔

میرا خیال ہے کہ اگر کوئی چانکیہ کو یہ سمجھا سکے کہ پی ایف آئی پر پابندی کا کوئی فائدہ صاحب کو پہنچنے والا نہیں ہے تو عین ممکن ہے کہ چند دنوں یا چند مہینوں کے بعد یہ پابندی ختم بھی ہو سکتی ہے، البتہ اس معاملے میں پاپولر فرنٹ کو ایس آئی ایم کی طرح عدلیہ پر اعتماد نہیں کرنا چاہیے جب کہ ہمارے پاس اس پر اعتماد کے علاوہ کوئی راستہ بھی نہیں ہے۔

اب تک پی ایف آئی پر تشدد یا دہشت گردی کے کسی واقعے کا الزام تک نہیں لگا ہے جب کہ آر ایس ایس اور اس کی ذیلی تنظیمیں اکھنڈ بھارت، ہندو سینا، آدی واسی بن باسی کلیان پریشد پر دہشت گردی کے کئی درجن الزامات لگے ہیں لیکن ''ہندوراشٹر'' میں آر ایس ایس پر کئی الزام میں ان کا حوالہ ہی نہیں ہے۔

میں نے لوک سبھا میں پورے دلائل کے ساتھ کہا تھا کہ بمبئی حملوں میں لشکر طیبہ اور ابھینو بھارت نے باہمی سازش کے ساتھ انجام دیا تھا اور وی ٹی اسٹیشن اور کاما اسپتال پر جو موتیں ہوئیں جن میں ہیمنت کرکرے بھی شامل ہیں ان کو ابھینو بھارت نے مارا جب کہ لشکر طیبہ تاج ہوٹل، او برائے ہوٹل، میوری بلڈنگ تک محدود تھی اس کے کل آٹھ یا نو لوگ کف پریڈ مچھروں کی بستی کے پاس اترے تھے۔ اتنے ہی لوگ مذکورہ تینوں مقامات پر مارے بھی گئے جب کہ وی ٹی

اسٹیشن اور کاما اسپتال پر پاکستانی دہشت گرد پہنچے ہی نہیں اور دی ٹی اور کاما اسپتال پر گولیاں چلانے والے واقعی زبان بھول رہے تھے۔

میری تقریر کے بعد شیوسینا کے سانسدوں نے کانگریس کو چیلنج بھی کیا کہ وہ الیاس اعظمی کی باتوں اور دلیلوں کا جواب دیں جو کسی کانگریسی نے نہیں دیا کیوں کہ کانگریس اس مسئلے پر قومی بحث نہیں چاہتی تھی، جتنے پاکستانی آئے تھے سب تین جگہوں پر ڈھیر ہوئے، پھر وی ٹی پر کئی درجن جانیں لینے والے اور کاما اسپتال پر کرکرے اور ساتھیوں کو ایک منٹ میں موت کے گھاٹ اتارنے والے کون لوگ تھے؟ یہ ایک راز ہی رہے گا۔

ہمیں پی ایف پر پابندی اور سو ورکروں کی گرفتاری کا کوئی نوٹس نہیں لینا چاہئے۔ اگر ہم نے بھارت کی ایک اقلیت میں جنم لیا ہے تو اتنا کفارہ تو ہمیں بھی ادا کرنا پڑے گا اور حکمرانوں کی سیاست کی شکار تو بننا ہی پڑے گا۔

****

راشٹریہ جسٹس پارٹی کے بارے میں چار سوال جوآپ کے ذہن میں آبھی سکتے ہیں لائے بھی جاسکتے ہیں

سوال : مسلم مجلس، مسلم لیگ، پیس پارٹی، علماء کونسل اور ایم آئی ایم کے ہوتے ہوئے چھٹی پارٹی کی کیا ضرورت تھی؟

جواب : مسلم مجلس نے مسلمانوں میں احساس کمتری، احساسِ جرم اور عافیت پسندی کی جان لیوا بیماری سے بھٹک کر انہیں ''نیشنل اسٹریم'' میں لا کر برابر کا شہری بنا کر کھڑا کیا، پھر وہ بعض وجوہات سے خود میدان سے ہٹ گئی۔ مسلم لیگ کو اندرا گاندھی نے 74ء کے اسمبلی چناؤ میں مسلم مجلس سے چھٹکارا پانے اور ترگٹ مورچہ، بی کے ڈی، ایس ایس پی اور مسلم مجلس کو چناؤ ہروانے کے لئے کیرالا سے امپورٹ کیا تھا۔ وہ بھی ٹارگٹ پورا کر کے واپس لوگ گئی۔ واحد لیڈر شپ کی پیس پارٹی بھی 2012 کے چناؤ اپنے اصل ''مقصد'' کو حاصل کیا۔ لیڈر شپ کا پارٹی بنانے کا جو اصل ''مقصد'' تھا وہ پورا ہو گیا۔

علماء کونسل کا جنم، بٹلہ ہاؤس فرضی انکاؤنٹر کے خلاف تاریخی جدوجہد کے پیٹ سے ہوا تھا۔ اس نے جدوجہد کی بھی، لیکن سونیا وشیوراج پاٹل اس کے راستے میں کھڑے ہو گئے، جس کی وجہ سے لیڈر شپ تھک گئی۔

اب رہی ایم آئی ایم، تو اس کے بانی صلاح الدین اویسیؒ نے ڈاکٹر فریدیؒ وغیرہ کے ساتھ مستقبل پالیسی چھوٹی ریاستوں کی تشکیل اور مسلم قیادت کی پارٹی

کوایک دور یاستوں سے نہیں ہونا چاہئے۔البتہ ملک گیر پالیسیوں کے لئے ایسی پارٹیوں کا فیڈریشن ہونا چاہئے۔سیاسی طور پر یہ دونوں پالیسیاں صحیح تھیں، ویسے بھی ایم آئی ایم لیڈرشپ ڈیڑھ ہزار کیلومیٹر دور بیٹھ کر اتر پردیش وشمالی ہند کے مسائل حل نہیں کرسکتی۔جب کہ لیڈرشپ کوصرف زندہ باد کے نعرے لگانے والوں کی ضرورت ہے۔ملک کے ماحول میں اس نام سے کام بھی نہیں ہوسکتا۔ انہیں نظام کی ریاست کو جن صوبوں میں تقسیم کیا گیا ہے اس سے باہر نہیں نکلنا چاہئے۔ان کی ضرورت صرف نمائندگی بھر ہے۔جب کہ جسٹس پارٹی اکثریت پانے یا حکومت میں کم از کم موثر حصہ دار بننے اورصرف مرادآباد منڈل نہیں پورے اتر پردیش میں لڑنے کے لئے بنی ہے۔

سوال :جسٹس پارٹی کی لیڈرشپ بہت بہتر سہی لیکن اتنی زیادہ عمر کے آدمی سے کیا ہوسکتا ہے؟

جواب :اعظمی صاحب نے یہ پارٹی نہیں بنائی بلکہ سی اے اے کی تحریک چلانے والوں (مردوخواتین) نے ان سے ملے بغیر انہیں صلاحیت کی بنیاد پر لیڈر چنا۔یہ صحیح ہے کہ وہ دوسال سے نئ پارٹی بنوانے کی کوشش کررہے تھے۔ شاہین باغ تحریک نے ان کے نظریئے میں تبدیلی پیدا کی اورانہوں نے مان لیا کہ مذہبی اقلیتوں کی بنیاد پر پورے بھارتی سماج کو بھرشٹاچار،جنم ودھرم کی بنیاد پر بھید بھاؤ سے نجات دلانے کا وقت آ گیا ہے۔

انہوں نے اس شرط پر قیادت قبول کی ہے کہ پورے معاشرے کو صحیح سمت میں قیادت دینے کے لائق افراد اکٹھا ہوں۔میری صلاحیتیں،میرے ماضی کی جدوجہد پارلیمنٹ کے اندر باہر کے میرے وسیع تجربے کا فائدہ عام آدمی تک پہنچانے کے لائق افراد مل سکیں تو میں تیار ہوں۔نصف کے قریب افراد ملنے کے

بعد پارٹی بنی۔ ان کی حیثیت نئی نسل کو معاشرے کی قیادت کرنے والے افراد تیار کرنے والے استاد کی ہے۔ پورے ملک کے کسی بھی طبقے کو ان سے بہتر استاد مل ہی نہیں سکتا۔

سوال :اگر اتر پردیش کے ساڑھے پانچ کروڑ سے زیادہ مسلمان ساتھ بھی دیدیں تو کیا یہ پارٹی اکثریت لا سکتی ہے؟ کہیں اس سے بی جے پی کو تو فائدہ نہیں پہنچے گا؟

جواب :اگر جذباتی سیاست کی جائے تو یقیناً بی جے پی کو فائدہ ہوگا، لیکن ڈاکٹر فریدی کے طرزِ سیاست سے بی جے پی کو اسی طرح نقصان پہنچے گا جس طرح ڈاکٹر فریدی کی سیاست سے پہنچا تھا اعظمی صاحب کو ڈاکٹر فریدی کا سب سے قابلِ اعتماد ساتھی سمجھا جاتا تھا۔ ایسا کیوں سمجھا جاتا ہے کہ مسلم قیادت کی پارٹی صرف مسلمان کو امیدوار اتارے گی۔ جسٹس پارٹی کا گول سبھی چار سو تین سیٹوں پر چناؤ لڑنے کا ہے، مسلمانوں کو یا کسی طبقے کو ان کے تناسب آبادی سے ایک ٹکٹ بھی زیادہ نہیں ملے گا۔ پارٹی میں نیچے سے اوپر لائق افراد کو ایڈجسٹ کیا جائے گا۔

اگر مسلمانوں میں ضرورت بھر بیداری پیدا ہوگئی تو اتر پردیش میں بی جے پی اور جسٹس پارٹی دو ہی بڑی پارٹیاں بچیں گی بشرطیکہ مسلمان ووٹر امیدوار کے بجائے پارٹی کے ہر امیدوار کو اپنا نوے فیصد تک ووٹ دیں، یہ مشکل کام نہیں، ابھی مسلمانوں نے گٹھ بندھن کے ہر امیدوار کو ووٹ دیا ہی ہے، ہمیں یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہئے کہ جیتنے والا ہر امیدوار اپنی لیڈر شپ کا اور ہارنے والا اپنے سماج کا ہوتا ہے۔ اسمبلی اور پارلیمنٹ میں کوئی ہندو یا مسلمان نہیں صرف پارٹیوں کے ممبر بیٹھے ہیں۔ ہمیں یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہئے کہ ساڑھے

چھ سال کا تجربہ یہ بتاتا ہے کہ بھاجپا انسانی سماج کا مسئلہ ہے، یہ کہیں سے مسلمانوں کا مسئلہ نہیں، ہم انسانی مسئلہ سمجھ کر ہی اس کی مخالفت کرتے رہیں گے۔

سوال : پارٹیاں بہت زیادہ پیسہ خرچ کرتی ہیں، جسٹس پارٹی اتنا پیسہ کہاں سے لائے گی؟

جواب : جب جنتا پارٹی بن رہی تھی تو چندرشیکھر جی نے، بیجو پٹنایک نے زبردستی دس ہزار روپئے چھین کر شروعات کی۔ کانشی رام کے پاس اتنا بھی نہیں تھا۔ اب انٹرنیٹ کا زمانہ ہے۔ یوپی میں مسلمانوں کی تعداد پانچ کروڑ ہے، کیا ہر آدمی دس روپیہ بھی نہیں دے سکتا؟ اتنا ہمارے لئے کافی ہے۔ ہم کسی کی نقل نہ تو پیسے میں کریں گے، نہ ہی نظریات پر کوئی نقل یا سمجھوتہ کریں گے۔ ہمیں آپ سے صرف ودھان سبھا اور لوک سبھا میں آپ کا سارا ووٹ چاہئے اور دس روپیہ فی کس چندہ چاہئے۔ آپ سے ہمارا مطالبہ ہے کہ سیاسی پارٹی سیاست سے چلے گی جذبات سے نہیں۔

***

متفرقات

●

دوستو! آج میرا دل چاہتا ہے کہ میں بنا ناری پبلک آف پاکستان کے مظلوم عوام سے بات کروں۔ مجھے اس کا حق ہے کیوں کہ بھارت اور پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے ایک ملک بنایا تھا۔ دونوں ملکوں کے عوام ایک جیسے ہیں، دونوں کی رنگ اور نسل ایک ہیں، ہم دونوں نے اپنی نالائقی سے پچھتر سال پہلے اسے ایک سے دو ملک بنایا۔ دونوں نے ایک ہی جھوٹ بنایا، گھڑا اور پھیلایا کہ انگریز نے ہمیں تقسیم کیا۔

دوستو! ۱۵/اگست ۴۷ء کو میری عمر ۱۳/سال تھی، میں دس سال کی عمر سے ہی دو تین اردو اخبارات چاٹ جایا کرتا تھا۔ آج میں اٹھاسی سال سے اوپر کا ہوں۔ ۴۶ء کا الیکشن اور ۱۹۴۷ء کے واقعات کا میں اس وقت کے اخبارات کی مدد سے عینی شاہد ہوں۔

میں یوپی کے ضلع اعظم گڑھ سے تعلق رکھتا ہوں، جس نے آپ کو محمد شعیب جیسا ماہر اقتصادیات، امین احسن اصلاحی جیسا عالم دین اور مرزا اسلم بیگ جیسا فوجی افسر دیا۔ میں نے تقسیم ہند کے نتیجے میں بھارت کے مسلمانوں پر جو بیتی اس کے خلاف مسلمانوں اور دیگر مزدور طبقات کی جدوجہد میں پوری عمر کھپائی اور میں بھارت کی لوک سبھا پارلیمنٹ میں دو بار ایسے حلقے سے جیت کر پہنچا جس میں مسلمانوں کی تعداد صرف سولہ فیصدی ہے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ بھارت کی عظیم سوسائٹی کے بارے میں آپ جو جانتے ہیں وہ پوری طرح سچ نہیں ہے۔

ہمارے یہاں آج ایک پارلیمنٹ حلقے میں تقریباً بیس لاکھ ووٹر ایک ممبر چنتے ہیں۔
میں آپ کو یاد دلاؤں کہ ۴۶ء سے جداگانہ الیکشن میں مسلم لیگ اور اسکے لیڈر قائداعظم محمد علی جناح نے مسلمانوں کے قومی وطن کا مطالبہ کیا تھا۔ مجھے وہ سارے نعرے یاد ہیں جو بھارت کے عام مسلمانوں کے ساتھ میں نے لگائے ہیں۔ان میں پاکستان کا مطلب کیا لا الٰہ الا اللہ کا نعرہ ایک بار بھی نہیں لگا۔ یہ نعرہ تقسیم کے بہت دنوں بعد شروع ہوا۔ مجھے یاد ہے کہ مسلم لیگ کے ایک بڑے لیڈر نے بمبئ جا کر بیان دیا تھا کہ مجھے یہ معلوم کر کے دکھ ہوا کہ مسلم رؤسا بمبئ میں انگلوانڈین طوائفوں کو پسند کرتے ہیں جب کہ مسلم طوائفیں ان کی سرپرستی کی زیادہ مستحق ہیں۔ مجھے یہ بھی یاد ہے کہ اس بیان کے خلاف تو جوان سید ابوالاعلیٰ مودودی میدان میں آئے تھے، جس کی وجہ سے آپ پر بھی یہ الزام لگاتے ہیں کہ مودودی صاحب مسلم لیگ کے خلاف تھے، حالاں کہ وہ مسلم قوم پرستی کے خلاف تھے۔
کیا پاکستانیوں کو یہ بات نہیں معلوم کہ ۱۹۴۶ء کے الیکشن میں پنجاب، سندھ اور سرحد تینوں صوبوں میں نہیں جیتی تھی۔موجودہ پاکستان کے باہر پورے بھارت میں شاید ہر مسلم سیٹ مسلم لیگ نے جیت لی تھی، جس میں بنگال بھی شامل ہے اور صرف بنگال واحد صوبہ تھا جہاں مسلم لیگ بھاری اکثریت سے جیتی تھی۔ کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ مسلم لیگ نے انگریز کی کوششوں سے کیبنٹ شش پلان کو تسلیم کر کے انٹریم گورنمنٹ میں باضابطہ شمولیت اختیار کی تھی۔ جب انٹریم گونمنٹ کی کارکردگی سے جواہر لال نہرو نے یقین کرلیا کہ اب نہ تو میں وزیراعظم بن سکتا ہوں نہ ہی اپنی جمہوری خاندانی بادشاہت قائم کرسکتا ہوں، نہ ملک میں برہمنی نظام بن سکتا ہے تو انہوں نے تقسیم کی وکالت کی اور کانگریس کے ایک پرستاؤ میں جسے وہ ماؤنٹ کی بیوی کے ذریعہ پہلے ہی اس سے منوا چکے تھے

تقسیم کا پرستاؤ پاس کرا کر تقسیم کرائی۔اور تقسیم کی ذمہ داری بھارت کے مسلمانوں اور انگریزوں پر ڈال دی، علماء سو کے ذریعہ انہوں نے ہر مسجد کے منبر سے تقریریں کرائیں حالاں کہ ماونٹ بیٹن اور ریڈکلف کے علاوہ کوئی دوسرا انگریز تقسیم کا حمایتی نہیں تھا۔

میں چار پانچ سال پہلے ویزہ لے کر کراچی گیا تھا، وہاں ایم کیو ایم کے دفتر میں قائداعظم کی تصویر دیکھ کر کہا تھا یہاں ایک تصویر جواہر لال کی بھی ہونی چاہئے جو پاکستان کے اصل بانی ہیں۔تو وہاں موجود ایک صاحب نے تسلیم بھی کیا تھا کہ آپ کی بات صحیح لیکن ہر قوم کی طرح پاکستانی قوم کی بھی ضرورت ہے کہ اس کا ایک بابائے قوم ہو، جو قائداعظم ہی ہو سکتے ہیں۔

دوستو! اب میں اصل بات کی طرف آتا ہوں۔ پاکستان اسلام کے نام پر بنا،لیکن اسلام پر جتنا عمل یورپ و امریکہ اور خود بھارت میں ہوتا ہے پاکستان میں اس کا عشرِ عشیر بھی نہیں ہے۔ اسلام کا بنیادی اصول ہے کہ زمین خدا کی ہے۔ بھارت میں ۱۹۵۲ء میں ہی جاگیردارانہ نظام ختم کر دیا گیا جو بھارت کی ترقی کی بنیاد کا پتھر بن گیا،لیکن پاکستان میں اب تک عوام وڈیروں اور نظام کی دوہری غلامی میں مبتلا ہیں۔اگر بھارت میں جاگیردارنہ نظام ختم نہیں کیا گیا ہوتا تو آج کشمیری اس لائق ہی نہیں ہوتے کہ وہ بھارت کے خلاف ہتھیار اٹھا سکتے۔

مجھے حیرت ہے کہ پاکستامیں پچھتر سال بعد ایک لیڈر پیدا ہوا جو پورے ملک کا لیڈر ہے۔اس سے پہلے پوری تاریخ میں صرف علامہ اقبالؒ اور قائداعظم دو آدمی ایسے ہوئے جو ہندو اور برہمن کے فرق کو پوری طرح سمجھتے تھے۔علامہ اقبالؒ نسلاً خود برہمن زاد تھے جب کہ قائداعظم برہمن کی چیرہ دستیوں کا شکار ہو کر بھارت سے ترک وطن کر کے انگلینڈ میں بس چکے تھے۔ جب علامہ اقبال گول

میز کانفرنس میں مسلمانوں کی نمائندگی کے لئے لندن گئے تو انہوں نے ہی قائد اعظم کو راضی کیا کہ وہ برہمن واد سے مسلمانوں کو بچانے کے لئے بھارت واپس آئیں کیوں کہ ان کی صحت جواب دے رہی تھی۔

ہمارے یہاں تو ۱۹۶۴ء میں ہی ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی پیدا ہو گئے جن کی وجہ سے بھارت دوسرا اسپین نہیں بن سکا۔ انہیں قدرت نے صرف دس سال کا وقت دیا، انہیں مٹھی بھر میرے جیسے لوگوں کے علاوہ عام مسلمان پہچان بھی نہیں پایا تھا کہ قدرت نے انہیں اٹھالیا۔ لیکن اتنے کم عرصے میں ہی انہوں نے پیر پرست مولوی نہ رہ کر بندیشوری پرساد، چھیدی لال ساتھی اور بی شیام سنگھ جیسی عبقری شخصیتوں کی مدد سے سیاست کو اس راستے پر ڈال دینے میں کامیابی حاصل کی جس میں اب پچاس سال بعد کونپلیں اور پھول آنے شروع ہو گئے ہیں۔

لگتا ہے کہ قدرت نے تمہیں باقی رکھنے کا فیصلہ کر لیا ہے جب کہ میں نے تمہاری عمر ایک صدی مقرر کر رکھی تھی۔ تمہارا سب سے بڑا دشمن بھارت نہیں بلکہ خود تمہارے نوکر بیوروکریسی، سیاسی لیڈرشپ، اشرافیہ، تمہاری فوج کے کچھ آفیسر اور آئی ایس آئی ہیں۔ تم اپنے گراں قدر صحافیوں کو ٹارچر کرنے، انہیں ننگا کرنے، ذلیل کرنے اور ارشد شریف جیسے جیالے کو قتل کرنے والوں کو تلاش کر رہے ہو، جب کہ اس سب کا ذمہ دار آئی ایس آئی چیف ہے، جس نے انسانی غلطی کے تحت جانچ کو غلط سمت میں موڑنے کے لئے پریس کانفرنس کی۔ اگر تم سمجھ سکو تو یہ مان لو کہ وہاں کے نامور صحافیوں، ممبرانِ پارلیمنٹ کی تذلیل اور انہیں قتل کرنے میں آئی ایس آئی چیف براہِ راست ملوث ہے جو تمہارے ڈاکوؤں کے اقتدار کو دوام بخش کر لوٹ کے مال میں حصہ دار بننا چاہتا ہے۔

* * *

●

آج ہماری پوری قوم یہ جاننے کے لئے پریشان ہے جب کہ ہمارے یہاں اس وقت کون ہماری قوم کا سربراہ ہے، میرے جیسا آدمی اس کا نام تک نہیں جانتا ہے، نہ ہی بھارتی عوام کی اکثریت اس کا نام جانتی ہے۔تمہاری قوم کے کچھ افسران اور آئی ایس آئی چیف کی حیثیت کے بارے میں مختلف ہیں۔ جس کے منہ کو انسانی خون کا مزا لگ جاتا ہے۔میری بات مان لو کہ آنے والے انقلاب کے بعد بھی اگر تم نے ڈویرہ شاہی ختم نہیں کی فوجی افسران کو بیرکوں میں واپس نہیں بھیجا تو یہ انقلاب نہیں ہوگا۔

تمہیں اس بات پر شرم آنی چاہئے کہ آج ۷۵ فیصد بھارتی عوام''را'' کا نام بھی نہیں جانتے، را کو جس کام کے لئے بنایا گیا تھا وہی کام کر رہی ہے، لیکن تمہاری آئی ایس آئی جو تمہاری نوکر ہے تمہارے ہی کپڑے اتار کر تمہیں ہی ننگا کر رہی ہے۔

آئی ایس آئی چیف نے پریس کانفرنس کی۔تم اس پر بحث کر رہے ہو۔ پوری دنیا میں سیاست اور صحافت سے دلچسپی رکھنے والا ہر فرد جانتا ہے کہ ارشد شریف کی قاتل آئی ایس آئی ہے۔زیادہ بڑا صحافیوں اور ممبران پارلیمنٹ کو ذلیل کرنے والی آئی ایس آئی ندیم انجم نے بے وقوفی اور ہڑبڑاہٹ کا شکار ہو کر پریس کانفرنس کی تاکہ جانچ کو بھٹکایا جا سکے۔تقریباً دنیا بھر خاص طور پر بھارت اور پاکستان کی پولیس ایک جیسی ہے۔تمام خرابیوں کے باوجود اسے عوام کے بیچ

رہنا پڑتا ہے، وہ کسی مشہور آدمی کو ننگا کرنے کی ہمت ہی نہیں رکھتی۔ ندیم انجم نے سبھی کو پولیس سے اٹھوا کر اپنے آدمیوں کے ذریعہ انہیں ذلیل کیا۔ چوں کہ ارشد شریف ایک کھوجی صحافی تھا، اس کے پاس ندیم انجم کے خلاف کچھ ثبوت تھے جس کی وجہ سے اس کو مارنے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں تھا۔ اب جانچ کا رخ بدلنے کے لئے اس نے ARY اور دوسری طرف انگلی اٹھائی۔ اصل بات ارشد شریف حرم کی بیوی اور ماں کو ضرور معلوم ہوگی۔

ہم تم سے درخواست کرتے ہیں تم اپنی سیاست کے لئے بھارتی مسلمانوں کا استحصال کرنا بند کردو۔ ہم نے تمہیں سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ، امین احسن اصلاحی، ڈاکٹر اسرار احمد جیسے اسلامی اسکالر، محمد نقیب جیسے ماہر معاشیات، عبدالقدیر جیسے سائنس داں، مرزا اسلم بیگ جیسے فوجی افسر دیئے۔ تم نے بھی اپنی گندگی طارق فتح اور تسلیمہ نسرین اور چند ناچنے گانے والے ہم پر مسلط کئے۔ اب بنانا ری پبلک آف پاکستان ایک ایک تسلیم شدہ حقیقت ہے، ہم اور ہر بھارتی یہ چاہتا ہے کہ وہ پھلے پھولے۔ اگر کشمیر کا مسئلہ بات چیت سے حل ہو جائے تو ہمارے بیچ کوئی دوسرا مسئلہ نہیں۔ بھارت کے مسلمانوں کی مہربانی سے اب جو ہمارے پاس ہے وہی تمہارے پاس بھی ہے، جو اس بات کی گارنٹی ہے کہ اب ہماری تمہاری جنگ نہیں ہوگی۔

تمہیں پچھتر سال بعد ایک لیڈر ملا ہے۔ خدا آئی ایس آئی سے اس کی حفاظت فرمائے۔ ہمیں اسی وقت لیڈر ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی صرف آٹھ سال کے لئے مل گیا تھا جس نے وقت کی شودر لیڈر شپ کی مدد سے بھارت کی سیاست کو اس راستے پر ڈالنے میں کامیابی پائی جو ہمارے تحفظ کی گارنٹی ہے۔ ہمیں بنانا ری پبلک آف کی نہ تو آج ضرورت ہے نہ ہی انشاءاللہ پڑنے والی ہے۔

میں تمہارے موجودہ واحد لیڈر کی ہر بات سے متفق نہیں ہوں۔ میرے ملک کا نام بھارت اور انڈیا ہے، وہ ہندوستان کہتا ہے، جس نام کا ئی ملک دنیا میں موجود نہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ ہمارے یہاں کچھ لیڈر اسے بھارت سے ہندوستان بنام چاہتے ہیں، انشاء اللہ ہمارا ملک بھارت ہی رہے گا۔ وہ ای وی ایم سے چناؤ کا حامی ہے جب کہ صرف ایک دو الیکشنوں میں اس کا فائدہ ہوگا۔ ہمارے یہاں ب ای وی ایم جمہورت کے لئے سب سے بڑا خطرہ ہے لیکن جس کی حکومت ہوگی وہ ای وی ایم کے ذریعہ بے ایمانی سے الیکشن جیتنے کے لئے اس کی حامی بن جائے گی۔

ہمارے یہاں کئی واقعات کا پردہ فاش ہوا۔تم سے جب دو دو وزراء اعظم کے قتل کا راز فاش نہیں ہوا تو ارشد شریف کا کیسے ہوگا؟ بے نظیر کے قتل کے اس وقت کے حکمراں پرویز مشرف نے کھل کر کہا کہ اس کا مقصد آصف زرداری ہی بھٹو کی نسل کو ختم کرنے کا ذمہ دار ہے۔تمہارا دل بھی یہی کہتا ہوگا لیکن تم خاموش ہی نہیں ہو، سندھ کے مظلوم عوام کو تم نے اسی قاتل کے حوالے کر دیا ہے۔

* * *

●

(۱) پی ایم فنڈ کی جانچ ہونا ضروری ہے، اس میں صرف پی ایم کے پونجی پتی دوستوں کا پیسہ نہیں لگا ہے۔ غریب کا جتنا پیسہ پونجی پتیوں سے زیادہ ہے ریلوے کے ایک سوا کیاون کروڑ اور دیگر و بھاگوں کا پیسہ آخر کس کا ہے؟ یہ پیسہ ودھا یک خریدا ور ور چول ریلیوں پر تو نہیں خرچہ ہو رہا ہے۔ ہ جاننے کا جنتا کو حق ہے، جوڈیشری خواہ کچھ بھی کہے۔ عوام پارلیمنٹ جوڈیشری اور چناؤ آیوگ سے بڑے ہیں؟

(۲) ملک کا ہر شخص یہ سمجھنے سے قاصر ہے کہ تیل اور نئے ٹیکسوں کو ملا کر بھارت سرکار کی انکم پہلے سے تین گنا زیادہ ہے۔ تنخواہوں میں کٹوتی ہو رہی ہے، آخر پیسے کا سیلاب جا کہاں رہا ہے؟

(۳) میرے جیسے لوگ یہ سمجھ رہے تھے کہ شاید ''ڈیفنس'' پر زیادہ پیسہ خرچہ ہو رہا ہو لیکن حالیہ بحران میں پتہ چلا کہ اس دور میں کیول نیوی میں ہماری طاقت بڑھی ہے لیکن فضائی طاقت اور زمینی طاقت میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے، ورنہ ملک کی ایسی بے عزتی ہرگز نہ ہوتی۔

(۴) ہماری میڈیا ملک کی سب سے بڑی ٹریجڈی ہے۔ اب میڈیا ہاؤسوں اور کرمیوں کو انسانی خون کا ایسا چسکہ لگ گیا ہے کہ کل آنے والی اچھی سے اچھی سرکار بھی ملک کو اس دلدل سے نہیں نکال سکی۔

(۵) میں نے پارلیمنٹ کے اندر اور باہر اپنی افغانستان پالیسی جس کی ذمہ داری مودی سے زیادہ اندرا گاندھی اور سونیا گاندھی پر عائد ہوتی ہے۔ ہمیشہ واویلا مچایا کہ ہمیں روس اور امریکی سامراج کے بجائے افغان عوام کا ساتھ دینا چاہئے۔ وہاں روس کا انجام دیکھنے کے بعد ہمیں اتنی عقل تو آنی ہی چاہئے تھی کہ ہم امریکی سامراج کے بجائے عوامی جدوجہد کا ساتھ دیتے، لیکن اٹل سرکار اور سونیا سرکار نے ہمیشہ سامراجی قبضے کا ساتھ دیا۔

(۶) وہاں مودی سرکار نے سونیا سرکار کی پالیسیوں پر ہی چلتے رہنا ضروری سمجھا بلکہ اس دلدل میں ملک کو پھنسا دینے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی اور غریب عوام کی گاڑھی کمائی لے جا کر افغانستان میں، نیز چابہار میں جھونک دی۔ ہماری میڈیا نے طالبان کو اتنی گالیاں بکیں کہ امریکہ نے اس کی ایک فیصدی بھی گالیاں نہیں دیں، ہمیں اس پر غور کرنا چاہئے کہ افغانستان اور چابہار میں جو عوام کا پیسہ ڈوبنے والا ہے اس کے ذمہ داروں کو کیا سزا دی جائے؟

(۷) امریکہ پر بھروسہ کرنے والے لوگ معصوم تھے۔ کیا انہیں نہیں معلوم تھا کہ امریکہ کبھی کسی کا دوست نہیں ہوا ہے۔ ہم یہ دیکھنے سے قاصر تھے کہ امریکہ دوستی نے پاکستان کا کیا حال بنایا۔ کیا ہماری آنکھیں پھوٹ گئی تھیں۔ کیا ہم نے افغانستان میں اتہاس اور جغرافیہ پڑھے بغیر وہاں عوام کی دولت جھونک دی۔ صرف اپنے ایک آدمی کو عالمی لیڈر بنانے کے چکر میں کیا ایسے لوگوں کو ہماری قیادت کرنے کا حق ہے جو اتنا بھی ہیں جانتے تھے کہ چودہ سو سال پہلے جب عربوں نے دنیا کے دونوں بڑے سامراجوں، روم و ایران کو ایک ساتھ روند دیا تھا، تب بھی وہ افغانستان پر بزور شمشیر قبضہ نہیں کر سکے۔ افغانستان پر اسلام کی فتح ہوئی تھی، جب افغانوں نے بدھ مت چھوڑ کر اسلام قبول کر لیا۔

روسی سامراج وہاں اپنا سر پٹک کر چور چور ہوگیا۔اب امریکی سامراج کا وہی حشر ہونے جارہا ہے۔کیا ہم اپنی سرکار سے یہ نہیں پوچھیں گے کہ آپ نے ہمارا کھربوں روپیہ وہاں کیوں لگایا۔ ہماری میڈیا نے اٹھارہ بیس سال تک افغان عوام کو گالیاں کیوں دیں؟ کیا ایک بھی مثال دی جاسکتی ہے کہ امریکہ اپنی تاریخ میں کبھی کسی کا سگا ہوا ہے۔

* * *

●

(۱) کرونا سنکٹ میں گجرات اور بہار کو چھوڑ کر دوسرے راجیہ سرکاروں نے اطمینان بخش کام کیا۔ گجرات اور بہار کی سرکاریں اگر بھاجپا کی نہ ہوتی تو برخواست ہو چکی ہوتیں۔ اگر کیرالا سرکار بھاجپا کی ہوتی تو سے ایوارڈ ملتا جب کہ کیرالہ کے سب سے زیادہ لوگ غیر مما لک میں ہیں۔

(۲) مہاراشٹر اور دلی دونوں بدیشی لوگوں کی آمد و رفت کا گیٹ وے ہیں، وہاں کا زیادہ متاثر ہونا قدرتی بات ہے۔

(۳) خاص بات یہ ہے کہ کیندر سرکار نے الٹے سیدھے احکامات بے عقلی کے ساتھ نافذ کرنے کے علاوہ کچھ نہیں کیا، نہ ہی کوئی پیسہ اس مد میں خرچ کیا۔ اگر کیا ہے تو بتائے؟

(۴) پی ایم کیئر فنڈ کی جانچ ہونی چاہئے، اس میں پی ایم کے دوست پونجی پتیوں نے ہی پیسہ نہیں دیا ہے بلکہ اس میں جنتا کا پیسہ بھی ہے، مثلاً ریلوے کا ایک سوا کیاون کروڑ روپیہ اور دیگر محکموں کے پیسے بھی ہیں۔ اگر اس کی جانچ نہ ہوئی تو آنے والے دور میں ہر پردھان منتری جنتا کو لوٹنے کے لئے آزاد ہوگا۔

(۵) دیش کے ہر جان کار ناگرک کے دل میں یہ سوال ہے کہ پچھلے چھ سالوں میں کیندر سرکار کی آمدنی میں تقریباً تین گنا اضافہ ہوا ہے۔ C.S.T سمیت نئے بنکوں کے علاوہ تیل سے بھارت سرکار کی آمدنی میں اتنا اضافہ ہوا

ہے کہ اس کا حساب نہیں لگایا جاسکتا۔

(۶) حکومت کسی کی بھی ہو ترقی ایک مسلسل عمل ہے، سرکار کتنی بھی نالائق ہو کچھ نہ کچھ ترقی تو ہوگی ہی، پچھلے سال میں روزمرہ کی عام ترقی کے علاوہ پہلے سے زیادہ صرف ''شوچیالئے'' بنے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ آخر پیسے کا وہ سیلاب بھارت کے خزانے میں آرہے ہو وہ آخر جا کہاں رہا ہے؟

(۷) میں یہ سمجھتا ہوں کہ شاید ''ڈیفنس'' پر زیادہ پیسہ خرچ ہو رہا ہو، لیکن موجودہ بحران میں پتہ چلا کہ ڈیفنس کی حالت زیادہ خراب ہے، صرف ہماری بحری طاقت میں اضافہ ہوا ہے لیکن ہماری ہوائی طاقت اور فوجی طاقت میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے۔

(۸) افغانستان سے امریکہ شکست کھا کر نکل رہا ہے، میرے حساب سے دو تین سال پہلے نکل جانا چاہئے تھا۔ پاکستان میں اگر بھرشٹ خاندان لمبے وقت تک برسر اقتدار نہ ہوتے تو آج جو حالات ہیں وہ کئی سال پہلے رونما ہو جاتے۔

(۹) ہماری میڈیا بالخصوص الیکٹرانک میڈیا نے ملک کو اتنا نقصان پہنچایا ہے کہ اس کی تلافی ممکن نہیں ہے، نہ ہی میڈیا کرمیوں کی بھوک کو کوئی دوسری سرکار اب مٹا سکتی ہے۔ میں پارلیمنٹ کے اندر اور باہر سونیا سرکار کی افغان پالیسی کے خلاف بار بار آگاہی دی تھی کیوں کہ سونیا اقتدار میں ہی ہماری میڈیا نے اپنی آزادی کے لئے لڑ رہے طالبان کے خلاف گالم گلوچ شروع کر دی تھی، میں نے پارلیمنٹ میں کہا تھا کہ ہم نے افغانستان پر روسی سامراج کے قبضے کی حمایت اور افغان عوام کی جدوجہد کی مخالفت کی۔ اب ہم امریکی سامراج کے قبضے کی حمایت کر کے اپنا ہی نقصان کر رہے ہیں۔ آج نہیں تو کل طالبان وہاں قابض ہوں گے۔

(۱۰) مودی نے غلطی یہ کی کہ سونیا راج کے نقش قدم پر چل کر عوام کی مخالفت اور بیرونی قبضے کی حمایت نہ صرف جاری رکھی بلکہ سونیا راج کی غلط ودیش نیتی میں حد سے زیادہ آگے بڑھ گئے۔ اس طرح انہوں نے ملک کے عوام کی ساری دولت افغانستان میں لگادی۔ چابہار بندرگاہ پر کتنی دولت خرچ کی کوئی حساب نہیں لگاسکتا۔

(۱۱) اب ہمارا سارا پیسہ جو افغانستان اور چابہار میں لگایا تھا، ڈوبنے کی کگار پر ہے۔ کیا پردھان منتری کو یہ پتہ نہیں کہ امریکہ پر بھروسہ کرنے والا ہمیشہ مارا جاتا ہے۔ پاکستان کی آج جو حالت ہے وہ امریکہ کی دوستی کی ہی دین ہے۔ ہمیں چین اور نیپال جس طرح ذلیل کررہے ہیں وہ امریکہ کے ہاتھوں میں کھیلنے کا نتیجہ ہے۔ ہماری احمق اور دوغلی سرکار نے پورے ملک کو ایسی دلدل میں پھنسا دیا ہے کہ آنے والی سرکار بھی اس سے نہیں نکال سکتی۔

* * *

●

(۱) لمبے سمے سے غیر حاضری کی وجہ، بھارت سرکار، سینئر بیوروکریسی اور سرکاری ایجنسیوں کے افسران کی طرح میں بھی ''کتر تیہ وموڑھہ'' ہوگیا تھا۔ یہ ایک سچائی ہے کہ میری سمجھ میں ہی نہیں آرہا تھا کہ عوام سے کیا بات کی جائے۔

(۲) بھارت پر چین کے حملے سے زیادہ خطرناک بات یہ ہے کہ ان حالات میں بھی فرقہ پرستوں نے اپنے میں کوئی سدھار نہیں کیا اور سہارنپور میں ''ماب لنچنگ'' کی گھٹنا ہوگئی۔ اپنے آپ ہندو کہنے والوں کو ''ہندو ہردے سمراٹ'' پر بھی کوئی دیا نہیں آئی، وہ اس وقت خود کس حالت میں ہیں، یہ معلوم کرنے کی ضرورت ہے۔

(۳) میں یہ سمجھتا ہوں کہ لاکھوں مزدوروں کے پیدل مارچ میں ہماری سرکار نے چھ سال کی ''محنت شاقہ'' سے جو سماجی تانے بانے کو بکھیرنے کی کوشش کی تھی اسے مزدوروں نے کچل کر پھینک دیا ہے۔ اب یوپی سرکار کے عمل کے بعد میں یہ بتا سکتا ہوں کہ آگے کیا ہوتا ہے؟

(۴) مجھے فخر ہے کہ اس بحران میں مرکزی حکومت اگر پوری طرح فیل ہوئی ہے تو معاشرے کے مخیّر حضرات سو فیصدی نمبر لا کر پاس ہوئے ہیں اور ان قابل لوگوں میں مسلمانوں کی حصہ داری ان کے تناسب آبادی سے بہت زیادہ ہے۔

* * *

●

(۱) لمبی غیر حاضری کی وجہ یہ تھی کہ جب ہماری مرکزی کیبنٹ پردھان منتری، گرہ منتری ڈپریشن کا شکار ہوں تو میں تو ایک عام ناگرک ہوں۔ میرا خیال ہے کہ ہماری بیوروکریسی بھی یا تو ڈپریشن کا شکار ہے یا کوئی بھی اپنے طور پر کچھ کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے۔

(۲) پردھان منتری کیئر فنڈ، نریندر مودی کیئر فنڈ نہیں ہے کہ اس کی CAG جانچ نہ ہو، اس میں صرف مودی جی سے فائدہ اٹھانے والے پونجی پتیوں کا چندہ نہیں بلکہ جتنا پیسہ بھی لگا رہے مثلاً ریلوے کا ڈیڑھ سو کروڑ روپیہ اور دیگر منترالیوں کا پیسہ وہ تو جتنا کا پیسہ ہے اور اس پیسے کو بھاجپا کی ورچول ریلیوں یا ودھایکوں کی خرید وفروخت پر خرچ نہیں کیا جاسکتا؟ اگر کیا گیا ہے یا کل کیا جائے گا تو غبن ہوگا۔

(۳) سب سے افسوس ناک پہلو ہے کہ اس میں پچاس کروڑ روپیہ چین کا مل چکا ہے، تقریباً ایک ہزار کروڑ چین کی کمپنیوں نے وعدہ کیا ہے اس سے بھی زیادہ تشویش ناک بات یہ ہے کہ کانگریس نے بھی سونیا راج کے دوران چین اور دوسرے ملکوں سے پیسہ لیا ہے کیا ملک کے ایک سو تیس کروڑ عوام سے اس سے بڑی بھی کوئی غداری ہوسکتی ہے۔ دونوں منووادی پارٹیاں عوام کی غدار ہیں۔

کانگریس اور آر ایس ایس پریوار دونوں منووادی سوچ کی پارٹیاں ہیں جو

ہمیشہ عوام کو کیڑوں مکوڑوں سے زیادہ اہمیت نہیں دے سکتیں وہ صرف جھوٹ اور فریب وٹھگی کے کام میں ہزاروں سال کا تجربہ رکھتی ہیں۔عوام کو صرف مودی کے وکلپ کی ضرورت نہیں، اس کے سگے بھائی کانگریس کے بھی وکلپ کی ضرورت ہے۔ یہ دونوں پارٹیاں ایک دوسرے کے وکلپ نہیں صرف پورک بن سکتے ہیں۔

(۴) کانگریس بھی اپنے طویل دور میں ودھا یکوں کی منڈیاں لگاتی رہی ہے، اب بھی کام اس کی پورک بھاجپا کر رہی ہے۔عوام کا فرض ہے اوران کے راشٹر واد کا پہلا تقاضہ ہے کہ جو ودھا یک ستا کی طرف ٹوٹتا ہے اس کو طوائف قرار دے کر اس کی سیاسی زندگی کا خاتمہ کر دیں اس کام کی ابتداء مدھیہ پردیش سے کی جاسکتی ہے۔

(۵) ثابت ہو چکا ہے کہ دونوں بڑی پارٹیاں چین کی ایجنٹ ہیں، صرف بھارت ماتا کی عصمت کا سودا ہی کرسکتی ہیں۔اس لئے غیر بھاجپا وکلپ نہیں، غیر بھاجپا وغیر کانگریس وکلپ کی ضرورت کے تحت کام ہونا ہی اصل ضرورت ہے۔

(۶) ملک میں جب جب منوواد طاقت ور ہوا ہے تب تب ملک غلام بنا ہے۔اگر غلام بننے کی تمنا ہمارے حکمرانوں میں نہ ہوتی تو حالت جنگ میں ہر حکومت قومی ایکتا کے لئے کام کرتی ہے۔چین نے اپنے یہاں مسلم الگاوواد کے خلاف اپنی پالیسیاں بہت نرم کرلی ہیں لیکن ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت بھارت سرکار مسلمانوں پر اب بڑے اور ملک گیر پیمانے پر کانگریس کے بنائے ہوئے شیطانی قانون یو اے پی اے استعمال کر رہی ہے تو دلتوں اور ان کے ہمدردوں ''اربن نکسل'' گڑھ کر انہیں فرضی معاملات میں جیل بھیج رہی ہے۔ان کی جائیدادیں ضبط کر رہی ہے۔

(۷) کیا یہ غلط ہے کہ کانگریس نے اپنے دس سالہ اقتدار میں ہزاروں پڑھے لکھے مسلم نوجوانوں کو ''انڈین مجاہدین'' کا ممبر کہہ کر ان کی جوانیاں جیلوں

میں برباد کردیں۔ پچھلے چھ سالوں میں انڈین مجاہدین کا لفظ گودی اور غلام و بکاؤ میڈیا نے بھی استعمال نہیں کیا۔ انڈین مجاہدین کا وجود آئی بی کی فائلوں میں تھا، زمین پر اس کا وجود بھی نہیں تھا لیکن ہزاروں قیمتی جوانیاں سونیا گاندھی نے برباد کردیں۔ اسی طرح آج جس اربن نکسل کی چرچا ہو رہی ہے اس کا کوئی وجود نہیں ہے۔

(۸) کانگریس کے غلام اس سوال کا جواب دے سکتے ہیں کہ بٹلہ ہاؤس فرضی انکاؤنٹر کی جانچ کے سوال پر کانگریس سے زیادہ بھاجپا غصہ میں آجاتی ہے۔ اب بھی آرہی ہے جب کہ اگر یہ جانچ ہوتی صرف شیوراج پاٹل اور سونیا گاندھی کے چہرے سے نقاب اترتی اور کسی بھاجپائی کا اس میں نام تک نہ آتا۔ یہ کھلا ثبوت ہے کہ کانگریس اور بھاجپا دونوں ایک ہی تھیلے کے چٹے بٹے ہیں۔

(۹) مودی جی یہ کیوں نہیں بتاتے کہ سونیا کے دس سالہ راج میں ویلفیئر منسٹری سے آر ایس ایس کے این جی اوز کو کتنا روپیہ دیا گیا ہے؟ اور آئی بی کے سب سے بڑے جوائنٹ ڈائریکٹر گجرات راجندر کمار کا سونیا گاندھی سے کیا رشتہ تھا؟ ان سوالوں کا جواب ملے بغیر جو لوگ کانگریس کو بھاجپا کا وکلپ ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں انہیں سماج کا غدار گھوشت کر دینا چاہئے اور غیر بھاجپا غیر کانگریس یا اینٹی منوواد وکلپ کی بات کرنی چاہئے۔ جو لوگ یہی چاہتے ہیں وہ درحقیقت یہ چاہتے ہیں کہ بھاجپا کی گالیوں کا جواب دینے کے لئے کانگریس کو اقتدار میں لایا جائے؟ اگر تین چار صوبوں میں کوئی عوامی پارٹی نہیں ہے تو نئی بنائی جاسکتی ہے۔

****

●

(۱)غیرحاضری کی وجہ-ڈپریشن میں جب سرکارہےتومیں ایک عام آدمی ہوں

(۲)پی ایم فنڈ عوامی دولت ہے، اگر سرکار C.A.G کے آڈٹ سے بھاگتی ہےتواس کا صاف مطلب ہے کہ وہ یہ رقم ورچول ریلیوں پرخرچہ کرے گی۔ ودھا یکوں کی منڈیوں میں یہ رقم لگے گی۔ ودھا یک خرید وفروخت، رنڈیوں کی خریدفروخت سے زیادہ ذلیل حرکت ہے۔اگرکوئی ودھا یک ستادھاری پارٹی کے لئے دل بدلی کرتاہےتوعوام کواسےطوائف قرار دینا چاہئے۔

(۳)بی جے پی ،آر ایس ایس اور کانگریس دونوں چین سے دشمنی کے باوجود پیسہ لیتے رہے ہیں۔اگر کانگریس نے راجیو گاندھی فاؤنڈیشن کے لئے پیسہ لیا اور بی جے پی نے پی ایم کیئر فنڈ میں پیسہ لیا۔ یہ دونوں پارٹیاں دیش کی غدار ہیں کیوں کہ دونوں نے اپنے اقتدار میں پیسہ لیا۔ بنا فائدے کے لئے کوئی کسی کوایک پیسہ بھی نہیں دیتا۔

(۴)جب جنگ سر پرنظر آرہی ہوتو بہتر حکومتیں معاشرے میں اتحاد و اتفاق پیدا کرنے کی کوشش کرتی ہیں مگر ہمارے یہاں الٹا ہورہا ہے۔مودی حکومت کوشش کررہی ہے کہ پورے ملک میں یواے پی اے کے تحت مسلم دانشوروں اورا یکٹوسٹ کی گرفتاریاں مشرقی یوپی میں معمولی واقعات پر بڑے پیمانے پراین ایس اے کےاستعمال سے ظاہرہوتا ہےحکومت ہندموجودہ حالات

میں قومی یکجہتی نہیں چاہتی۔ جب کہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ ملک پر بیرونی حملے کے وقت ملک کی اقلیتوں نے اپنی استعداد سے زیادہ قربانیاں پیش کی ہیں۔کیا حکومت ہند ان نازک حالات میں چاہتی ہے کہ ملک کی اقلیتوں کی دلچسپی ختم ہو جائے۔اس سوال پر پورے ملک کو غور کرنا چاہئے۔

***

●

(۱) لمبے سمے سے غیر حاضری کی وجہ۔ جب ہماری مرکزی سرکار اور ایر بیوروکریسی ڈپریشن کا شکار ہو جائیں تو کسی عام شہری سے یہ پوچھنا کہ تم پندرہ دنوں تک کیوں غیر حاضر رہے مناسب سوال نہیں ہے۔

(۲) اس وقت عوام میں زیر بحث پی ایم کیئر فنڈ ہے۔ سوال یہ ہے کہ یہ نریندر مودی کیئر فنڈ نہیں، پی ایم کیئر فنڈ ہے۔ اس میں صرف مودی جی کے دوستوں اور چین کی کمپنیوں نے پیسہ نہیں لگایا ہے بلکہ اس میں جنتا کا پیسہ ریلوے اور دیگر وبھاگوں کے منتریوں نے مودی جی کی نظروں میں چڑھنے کے مقصد سے پیسہ لگایا ہے۔ اگر مودی جی اس عوامی دولت کے اپنی نجی دولت پر اتنے مصر ہیں تو اس کی سی اے جی سے جانچ ہونی چاہئے۔ اگر اس میں مودی جی ٹانگ اڑاتے ہیں تو جنتا کو یہ مان لینا چاہے کہ ان کی نیت خراب ہے۔

(۳) اس بات کی بھی جانچ ہونی چاہئے کہ ورچول ریلیوں میں جو دولت کا سیلاب آیا، تنہا ودھا یکوں کی منڈیوں میں جو اربوں روپیہ لگایا گیا وہ کہاں سے آیا۔ ودھایکوں نے اپنی حالت ان رنڈیوں سے بھی بدتر بنالی جن کی پرانے زمانے میں منڈیاں لگتی تھیں۔ میں یہ مانتا ہوں کہ وچار دھارا کی بنیاد پر ودھایکوں کو دل بدلی کا حق ہونا چاہئے لیکن مرکزی ستا کے لئے جو ودھایک دل بدلی کرتا ہے اسے سماج میں اتنی ہی عزت ملنی چاہئے جتنی ایک طوائف کی ہوتی ہے۔

(۴) یہ بات بھارت کے ہر شہری کے لئے شرم سے ڈوب مرنے کی ہے کہ کانگریس نے بھی اپنی ستا کے دور میں چین سے پیسہ لیا اور موجودہ ستادھاری پارٹی نے چین سے حالت جنگ میں پیسہ لیا۔ بھارت کے ہر شہری کے لئے ہی ڈوب مرنے کا مقام ہے کہ دونوں پارٹیاں چین کی ایجنٹ ہیں۔ اگر عوام نے دونوں کو خارج نہ کیا تو قدرت عوام کو سزا دے گی۔

(۵) اس وقت جب ایک بڑی طاقت دھیرے دھیرے ہماری زمین پر قبضہ کرتی جارہی ہے اور جس دن ہم نے اپنی زمین بچانے کی عملی کوشش کی اسی دن جنگ چھڑ سکتی ہے۔ ایسی حالت میں بے شرم سے بے شرم حکومت بھی اپنے سماج میں ایکتا قائم کرنے کی کوشش کرتی ہے، لیکن ہماری کیندر سرکار پورے ملک میں مسلم ایکٹوسٹ اور دانشوروں پر یو اے پی اے جیسے شیطانی قانون جسے کانگریس نے بنایا تھا کا استعمال کر رہی ہے اور دلتوں اور ان کے ہمدرد انسانیت نواز دانشور ''اربن نکسل'' کی نئی اصطلاح گڑھ کر انہیں جیلوں میں ٹھونس رہی ہے۔

(۶) ہمیں اس سوال پر غور کرنا چاہئے کہ کانگریس اقتدار میں آئی بی نے اپنی فائلوں میں ''انڈین مجاہدین'' کا آتنکی گٹ تیار کر رکھا تھا جس کے نام پر ایک دشک تک ہزاروں پڑھے لکھے مسلم نوجوانوں کی زندگیاں برباد ہوئیں۔ کانگریس اقتدار کی رخصت مسلمانوں کے لئے رحمت ثابت ہوئی کہ انڈین مجاہدین نام کے آتنکی گٹ کا ہی پتہ نہیں لگا کہ یہ کاغذی شیر کہاں گیا۔ اسی پرکار مودی سرکار کی رخصتی کے بعد ''اربن نکسل'' لاپتہ ہوجانے والی چیز ہے کیوں کہ نہ تو انڈین مجاہدین کا کوئی وجود تھا نہ ہی اربن نکسل کا وجود۔ یہ ثبوت ہے کہ کانگریس اور بھاجپا دونوں یکساں طور پر عوام دشمن اور منوادی طاقتیں ہیں۔

* * *

●

لکھنؤ ۱۲ رستمبر پیـــپلس جسٹس پارٹی کے صدر سابق ممبر پارلیمنٹ الیاس اعظمی نے کہا کہ 1950ء میں شیڈ ولڈ کاسٹ لسٹ میں شامل مسلم اور عیسائی دلتوں کو سہولیات سے محروم کرنا اب بھی مسلمانوں اور عیسائیوں کا سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ نہرو اپنے قلم کی ایک جنبش سے مسلم اور عیسائی دلتوں کی کئی نسلوں کو برباد کرنے کے بعد بھی علمائے سوء اور مسلم سیاسی منافقوں کی مدد سے سیکولرزم کی علامت بنا رہا۔

انہوں نے پٹنہ کے ڈاکٹر اعجاز علی وغیرہ کے ذریعہ چلائی جانے والی تحریک پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اس تحریک سے پہلے میرے جیسے لوگ بھی مسلمانوں کے اس سب سے بڑے مسئلے سے واقف ہی نہیں تھے۔

اعظمی نے کہا کہ 2004ء میں دوسری بار لوک سبھا پہنچنے کے بعد میں نے لوک سبھا کی ہر بیٹھک میں اس مسئلے کو اتنی شدت سے اٹھایا کہ اسی کے نتیجے میں سچر کمیٹی بنی، اس کی رپورٹ پر بحث کے دوران میں نے سونیا گاندھی کو مبارک باد دی کہ اس کے پوروجوں نے بھارت کے مسلمانوں کو ''نیا شودر'' بنانے کی جو مہم چلائی اس میں اتنی کامیابی ملی کہ ملک کا سب سے مضبوط حکمراں طبقہ زندگی کے اہم چار شعبوں میں ہزاروں سال کے دلتوں سے بھی پیچھے ہوگیا۔ میری سونیا گاندھی اور کانگریس کی نیت پر حملوں کے دوران ہی شیوراج پاٹل نے مداخلت

کرتے ہوئے سچر رپورٹ کو سفارشات کے لئے رنگ ناتھ مصرا کمیشن کو بھیجنے کا اعلان لوک سبھا میں کیا۔

رنگ ناتھ مصرا کی مثبت رپورٹ کو سونیا گاندھی نے اس کوکوڑے دان میں ڈال دیا جہاں اندرا گاندھی نے منڈل رپورٹ کو ڈالا تھا اور ایک سال تک سپریم کورٹ میں جواب ہی نہیں داخل کیا۔ نریندر مودی سے کسی کو بھی امید نہیں کہ وہ جواب دیں گے۔

اعظمی نے کہا کہ رنگ ناتھ مصرا رپورٹ مرکزی حکومت میں کسی وی پی سنگھ کے دوبارہ اقتدار میں آنے کی راہ تک رہی ہے۔ میں یہ واضح کردوں کہ گودی میڈیا کے ذریعہ پروجیکٹ کئے گئے مسلمانوں کے موجودہ قائد اعظم بھی چودہویں لوک سبھا میں موجود تھے جنہوں نے 341 پر ہونے والی درجنوں بحثوں میں سے کسی ایک پر بھی اپنی رائے نہیں دی، انہیں صرف مسلمانوں کے جذبات سے کھیلنے کا ڈھنگ ہے۔

الیاس اعظمی نے کہا کہ امت شاہ اتر پردیش میں اپوزیشن کی صرف دو بڑی پارٹیوں کو ہی نہیں، کئی چھوٹی پارٹیوں کو بھی چلا رہے ہیں، ان کے کئی ''چھپے رستم'' بھی ہیں۔ ۲۰۲۴ء میں صرف چناؤ کا فیصلہ نہیں ہوگا بلکہ مسلمانانِ اتر پردیش کا اصل امتحان ہوگا کہ وہ اتنے مظالم جھیلنے کے بعد ان میں ''فراست ایمانی'' پیدا بھی ہوئی ہے کہ وہ اپنے چھپے دشمنوں کو پہچان سکیں اور ''دامِ ہم رنگ زمیں'' کے جال میں پھنسنے سے بچ سکتے ہیں یا نہیں۔

* * *

●

مجھے نہیں معلوم کہ دلی تخت پر براجمان ہٹلر کے نظریاتی چیلے کسان مخالف بل واپس لینے پر راضی ہوں گے یا نہیں لیکن میں یہ بات پورے اعتماد کے ساتھ لکھ رہا ہوں کہ بھارت کے عوام کی حد تک کسان تحریک کامیاب ہو چکی ہے۔

ہمارے حکمرانوں نے پچھلے چھ سات سالوں سے اپنے مفاد میں بھارت کے عوام کو مذہب اور دوسرے عوامل کے ذریعہ الیکٹرانکس اور کسی حد تک پرنٹ میڈیا کے ذریعہ اور لوک سبھا راجیہ سبھا میں لٹیرے اور ڈاکو اپوزیشن لیڈران کو انکم ٹیکس وای ڈی کے خوف میں مبتلا کر کے غیر ضروری قانونوں کو پاس کر کے عوام کو تقسیم کرنے کی جوان تھک اور دن رات محنت کی تھی اُسے لاک ڈاؤن کے دوران ہندو اور مسلمان دونوں کے خوش حال لوگوں نے غریبوں اور پیدل یاتریوں کی جو بنا کسی تفریق کے مدد کی تھی اس نے مرکزی اور صوبائی حکومتوں کی فرقہ پرستی کو پہلے ہی کمزور کر دیا تھا۔ اسے کسانوں کی موجودہ تحریک نے ایک جھٹکے میں ختم کر کے رکھ دیا ہے۔

اگر ہمارے حکمراں امبانی و اڈانی و ان کے دونوں گجراتی ''سی ای او' نریندر مودی اور امت شاہ میں عقل ہوتی تو نہ صرف کسانوں سے متعلق قانون بلکہ سی اے اے کو بھی پارلیمنٹ کے اگلے سیشن میں واپس لینے کا اعلان کر دیتے۔ ہمارے اصل حکمراں امبانی واڈانی اس کے لئے تیار نہیں ہوں گے کیوں کہ انہوں نے برسوں پہلے ہی ملک میں اناج کی جمع خوری کے لئے اربوں روپئے خرچ کر کے جدید قسم کے گوداموں کی تعمیر شروع کر دی تھی۔

یہ طے ہے کہ امبانیوں، اڈانیوں کے دونوں سی ای او عقل سے پیدل ایک کے دماغ کی ساری طاقت قدرت نے اس کی زبان میں رکھ دی ہے اوراپر چیمبر کو خالی چھوڑ دیا ہےتو دوسرے کو دیگر معاملات کا ''ماسٹر مائنڈ'' بنا کر رکھ دیا ہے۔

اگران میں عقل ہوتی تو اب تک ان کی سمجھ میں آچکا ہوتا کہ سی اے اے سے بھارت کو کیا ملنے والا تھا جس کے لئے بنگلہ دیش اور افغانستان کو دھکے مار کر چین اور پاکستان کے کیمپ میں بھیجا گیا۔ چلئے بنگلہ دیش اپنی جغرافیائی چھوریوں سے ہمارا مسئلہ شاید نہ بن پائے لیکن افغانستان میں تو چند سو یا چند ہزار ہی ہندو سکھ تھے جن کی اکثریت پہلے ہی یہاں چلی آئی تھی۔ انہیں شہریت دینے سے کسی ایک بھی بھارتی کو اعتراض نہیں ہوسکتا تھا۔ جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے کیا ہماری الیکٹرانکس میڈیا اس زمانے میں کچھ چھپانے کی طاقت رکھتی ہے کسے نہیں معلوم کہ وہاں سے آنے والے ہندوؤں کے سی اے اے کچھ بھی کام نہیں آیا اور وہ جتھوں کی شکل میں واپس جا رہے ہیں۔ کسانوں کی تحریک نے بھارتی سماج میں جذباتی ایکتا قائم کرنے کا جو عدیم المثال کارنامہ انجام دیا ہے وہ تو ''ہرت کرانتی'' سے زیادہ ہمارے ملک کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اگر عوام میں امبانیوں واڈانیوں سے چھٹکارا پانے کا جذبہ ابھر آیا تو شاید اس ملک کی اس سے زیادہ خدمت ممکن نہ ہو۔

میں کسانوں کی اس مشقت کو جو وہ اس کڑاکے کی سردی میں جھیل رہے ہیں اپنی اور اپنے ساتھیوں کی طرف سے جھک کر سلام کرتا ہوں اور یہ پیش گوئی بھی کرتا ہوں کہ مغربی یوپی میں مظفر نگر کے مذموم واقعات نے مسلم اور جاٹ کسانوں کی اس ایکتا کو توڑ دیا تھا جسے چودھری چرن سنگھ جیسے مہاپرش نے اٹوٹ بنا کر رکھ دیا تھا۔ موجودہ کسان آندولن اس ایکتا کو پھر سے قائم کرنے میں مددگار ہی نہیں کامیاب بھی ہوگا۔

* * *

●

دوستو! آج میں پاکستانی بھائیوں سے کچھ کہنے کی ضرورت محسوس کر رہا ہوں۔ سب سے پہلے میں جناب خادم حسین رضوی صاحب کی بے وقت موت پر دنیا بھر کے محبانِ رسول سے تعزیت پیش کرتا ہوں۔ علامہ اقبالؒ نے ایک اصول پیش کیا تھا جو شاید اسلام کا بنیادی اصول ہے۔

لازم ہے دل کے ساتھ پاسبانِ عقل
لیکن کبھی کبھی اسے تنہا بھی چھوڑ دے

جب پہلی پار کارٹونوں کے ذریعہ توہینِ رسالت کا آغاز ہوا تو بھارتی پارلیمنٹ کے ممبر کی حیثیت سے میں نے بھی جذبات سے عقل کا پہرا اٹھا دیا تھا اور تب کے امریکی صدر جارج ڈبلو بش کے خلاف ایسی تقریر کر ڈالی تھی جو شاید دنیا کی کسی پارلیمنٹ میں نہیں ہوئی ہوگی۔

مرحوم رضوی صاحب پر شاید کبھی عقل کا پہرہ نہیں رہا۔ دیگر معاملات میں پاکستانی عوام بھی خواہ اپنے آپ کو اقبالؒ کا پیرو سمجھتے ہوں اکثر جذبات سے عقل کا پہرہ اٹھا دیتے ہیں۔

اب میں اصل موضوع کی طرف آتا ہوں۔

یہ بات ساری دنیا پر عیاں ہے کہ ہمارے ملک بھارت سے پاکستان کی ہمیشہ دشمنی رہی ہے۔ پاکستانیوں کا خیال ہے کہ نریندر مودی نے تقسیم ہند کو دل

سے قبول نہیں کیا ہے جب سر ریڈ کلف نے نہرو اور ماونٹ بیٹن کی جورو کے دباؤ میں لکیر کھینچی تب نریندر مودی اس دنیا میں موجود نہیں تھے، لیکن میں سوچنے سمجھنے کی صلاحیت رکھنے والا تیرہ سالہ نوجوان تھا، اس انسانیت دشمن نے کبھی دل سے تسلیم نہیں کیا اور یہی چاہتا رہا کہ بھارت، پاکستان، بنگلہ دیش کا ایک فیڈریشن دوستی کے جذبے سے بن جائے۔

اصل بات وہ نہیں جسے آپ سمجھتے ہیں۔ ہم نے پہلی فرصت میں بھارتی سماج کو جاگیردارانہ نظام کی شیطانیت سے نجات دلائی لیکن آپ آج تک جاگیردارانہ نظام کے شیطان سے نجات پانے میں ناکام ہیں۔ آپ جس کشمیر کی بات کرتے ہیں، اگر ہم نے ابتداء میں ہی وہاں جاگیردارانہ نظام ختم نہ کر دیا ہوتا تو شاید آج کشمیری جدید ہتھیار تو دور لاٹھی اٹھانے کے قابل بھی نہ ہو پاتے۔

میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں، وہ خود ایک مسئلہ ہے۔ بھارت اور پاکستان کے درمیان کشمیر ایک مسئلہ ہے، جو جنگ سے حل نہیں ہوسکتا اور پیچیدہ ضرور ہوسکتا ہے۔ ہماری فوجی طاقت آپ سے بہت زیادہ ہے، لیکن ہماری بری و بحری سرحدیں تو اس فرق سے بہت زیادہ بڑی بھی ہیں۔

میں کورونا سے پہلے سوشل میڈیا کو جانتا نہیں تھا، اپنی الیکٹرانک میڈیا کی بدمعاشیوں سے تنگ آ کر میں نے اپنے کمرے سے ٹی وی کو ہٹوا دیا تھا۔ لاک ڈاؤن میں مجبوراً سوشل میڈیا کا جزوی استعمال شروع کیا۔ میں پاکستان تین بار گیا ہوں، پہلی بار ۷۹ء میں سید ابوالاعلیٰ مودودی کے جنازے میں شرکت کے لئے لاہور گیا، وہاں افغانستان کے زیادہ تر عوامی لیڈروں استاد برہان الدین ربانی، گلبدین حکمت یار اور زیادہ تر لوگوں سے ملاقات ہوئی، میرے ساتھ یوپی کے اسمبلی کے ممبر مسلم مجلس کے فضل الباری بھی تھے، ان کی بیماری کے سبب لاہور

سے باہر نہیں نکل سکا۔ وہ بھی سید مرحوم کے گھر اچھرہ سے جماعت کے بندکوارٹر تک محدود رہا۔

دوبارہ پارلیمنٹ کے ذریعہ گیا،اس بار بھی لاہور،اسلام آباد اور بھوربن تک محدود رہا۔ پرویز مشرف کے دور میں ۔تیسری باری ویزہ لے کر اور حیدرآباد میں پندرہ دن آپ کے مطالعے کا موقع ملا۔

بھارتی مسلمانوں کے بارے میں آپ کی تشویش کا خیر مقدم کرتے ہوئے آپ سے کہنا ضروری سمجھتا ہوں کہ ہم آپ کے محتاج نہیں ہیں، یہ صحیح ہے کہ دنیا کی ساری اقلیتوں کی طرح ہمارے کچھ مسائل تو زیادہ ہیں،آپ کا سب سے بڑا مسئلہ آپ کے علمائے سو ہیں، یہی ہمارا بھی سب سے بڑا مسئلہ انگریزوں کی واپسی کے بعد سے رہا ہے۔

آپ کے یہاں علمائے سو کا مسئلہ بڑھتا ہی جارہا ہے،ہم نے اس مسئلہ پر قابو پالیا ہے۔شہریت ترمیمی قانون کے خلاف تحریک کے بعد اب یہ مسئلہ نہیں رہا۔ میں آپ سے کہوں گا کہ آپ ہماری چنتا چھوڑ دیئے،اپنی فکر کیجئے۔انشاءاللہ ہم اپنے مسائل خود حل کرنے کی طاقت جلد ہی حاصل کرلیں گے۔ ہماری اچھی تعداد ہماری بقا کی ضامن ہے۔

آپ ہندوؤں کے خلاف بولتے ہیں،اس سے ہمارا مسئلہ پیچیدہ ہوتا ہے، آپ کو ہم بتادیں کہ ہندو کہے جانے والے پچاس فیصد لوگ بہت اچھے ہیں، صرف دس پندرہ فیصد لوگوں کو مسلمانوں کے خلاف گمراہ کیا جاسکتا ہے،ہم اپنے حسن اخلاق سے انہیں بھی ٹھیک کرلیں گے،بس آپ اتنا کرم کریں کہ ہمارے معاملات میں اس سے زیادہ نہ پڑیں جتنا نہرو لیاقت پیکٹ کے تحت دونوں حکومتوں کو حق ملا ہوا ہے۔

آپ کسی لائق ہیں بھی نہیں۔اس گئی گزری حالت میں بھی ہم نے آپ کو سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ، ڈاکٹر اسرار احمدؒ، امین احسن اصلاحی اور ڈاکٹر عبدالقدیر جیسی بین الاقوامی شخصیتیں دیں،آپ نے ہمیں دیا۔ چندناچنے گانے والوں کے علاوہ اپنی گندگی طارق فتح، تسلیمہ نسرین کو ہمارے کندھوں پر لاد دیا ہے۔ سعودیوں اور یہودیوں کا جھوٹن چاٹنے والے کچھ ملّا اب بھی ہمارے یہاں ہیں،لیکن فرق یہ ہے ہماری بھاری اکثریت انہیں پہچان چکی ہے،لیکن تمہاری اکثریت اب بھی ان کے ہاتھ چومتی ہے۔ ہمارا آپ کومشورہ ہے کہ ہماری فکر کرنے کے بجائے آپ اپنے علماء کو مدرسوں اور مسجدوں تک محدود کریں۔ہم نے ہمیشہ اپنے ملک کومضبوط کیا ہے،مصائب کے باوجود جب ہمیں پتہ چلتا ہے کہ آپ ہمارے دوشہروں بریلی اور دیوبند کے نام پر جھگڑتے ہیں تو ہمیں ہنسی چھوٹتی ہے، ہماری یہاں حسین احمد مدنی نسل کا کوئی آدمی دیوبندی میونسپلٹی کاممبر نہیں جیت سکا،اسی طرح بریلی میں بھی ہے۔اسی طرح لکھنؤ جوشیعہ سنی کا گہوارہ تھااب ایک دوسرے کے دشمن نہیں ہیں۔

* * *

●

لکھنو: ۲۹/دسمبر، سابق ممبر پارلیمنٹ اور راشٹریہ جسٹس پارٹی کے صدر الیاس اعظمی نے بھارت سرکار سے مانگ کی ہے کہ پارلیمنٹ کے اگلے اجلاس میں کسانوں سے متعلق تین قانون، نیز سی اے اے قانون کو واپس لینے کا فی الفور اعلان کرے کیوں کہ یہ چاروں قانون بھارتی سماج کے ضمیر کے خلاف ہیں۔

جناب اعظمی نے عوام سے اپیل کی کہ نظام پر مکمل قبضے کا خواب دیکھ رہے پونجی پتیوں کے سبھی سامانوں کا مکمل بائیکاٹ کریں۔ اعظمی نے کہا کہ یہ تینوں قانون بل گیٹ، تتن یاہو اور ڈونالڈ ٹرمپ کی اس سازش کی کڑی ہیں کہ نئے ورلڈ آرڈر کے لئے دنیا کی آبادی میں ایک تہائی کمی ضروری ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ ہمارے پردھان منتری بھی اس سازش کی ایک کڑی بن چکے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ بھارت کے کسان صرف اپنے مسائل کے لئے نہیں بلکہ بھارتیہ سماج کی اصل آتما کو بچانے کی لڑائی لڑ رہے رہیں۔ جس طرح تین ہزار سال سے مغربی بھارت سے لوک بیرونی حملہ آوروں سے مقابلہ کرتے رہے ان کے کمزور پڑنے پر ہی پورا ملک غلام ہوتا رہا ہے اسی طرح اگر کسان آندولن ناکام ہوگا تو پورا ملک اندرونی پونجی پتیوں کی آڑ میں امریکی و اسرائیلی پونجی پتیوں کا غلام ہوکر رہ جائے گا۔

اعظمی نے کہا کہ سی اے اے کے خلاف تحریک کو صرف مسلمانوں سے جوڑا

گیا، لیکن اسی کی وجہ سے بنگلہ دیش اور افغانستان سارے کیمپ سے نکل کر چین اور پاکستان کے کیمپ میں جا بیٹھے اور افغانستان و ایران میں ہمارے اربوں ڈالر ڈوبنے کی کگار پر ہیں۔

جناب اعظمی نے اپنی میعاد ختم کر چکی گرام پنچایتوں کی جانچ کا خیر مقدم بھی کیا اور مطالبہ کیا کہ اس سے متعلق محکموں کو یہ جانچ نہ دے کر دوسرے محکموں سے اس کی جانچ کرائی جائے کیوں کہ بھارت کے اس سب سے بڑے گھوٹالے میں نیچے سے اوپر تک حصہ پہنچتا ہے۔

* * *

●

کافی دنوں بعد اتر پردیش سے موجودہ حالات پر عادل فراز صاحب کا ایک مضمون نظر سے گذرا۔ اگر اتر پردیش میں کسی بھی مسلمان یا چمار جاتی کو بزعم خود سیکولر سمجھی جانے والی کوئی سیاسی طاقت کو لیڈر بننے کا موقع دے تو اسے ''بے وقوف''، ہی کہا جائے گا کیوں کہ گھوڑا گھاس سے دوستی کر کے خود مرنا پسند نہیں کرے گا۔

کیوں کہ اگر اتر پردیش میں ڈاکٹر فریدیؒ یا کانشی رام کے نظریات پر کوئی لیڈر شپ ابھر گئی تو پھر ملائم سنگھ یادو جیسے لیڈروں کو لکھنؤ چھوڑ کر سیفئی جانا پڑے گا۔ اگر کسی پر رنگ و روغن لگانے کی ضرورت پڑ گئی تو انہیں ایسا مسلم مقرر تلاش کرنے میں کوئی دقت نہیں جس کی ترقی کی اُڑان اپنے خاندان، رشتہ داروں سے آگے جاتی ہی نہ ہو۔

بابری مسجد کی شہادت کے بعد مسلمانوں کی ''اجتماعی حماقتوں'' کو بھنانے میں ماہر ملائم سنگھ یادو شاید کانشی رام کو پوری طرح نہیں پہچان سکے اور انہوں نے ۹۳ء میں ان سے ہاتھ ملا لیا۔ وی پی سنگھ جیسے شریف لیکن دل سے بھاجپا مخالف کی مدد سے وہ مکھیہ منتری بھی بن گئے، لیکن وہ آج تک پچھتا رہے ہوں گے کہ اپنے سے تقریباً دوگناہ آدھار رکھنے والے کو موقع دے کر انہوں نے پرمانٹ مصیبت کیوں مول لے لی۔

ملائم سنگھ نے ایک مسلم لیڈر کو حد میں رہ کر بڑھایا، لیکن یہ اطمینان کر لینے کے بعد اس کی اُڑان عام مسلمانوں تک نہیں صرف اپنے خاندان اور رشتہ داروں تک محدود ہے خواہ وہ اتر پردیش کے باہر کے ہی کیوں نہ رہتے ہوں۔ انہوں نے خاندان کے باہر سلطان پور کے ایک آدمی کو ایم ایل اے ضرور بنایا یہ اطمینان کر لینے کے بعد کہ وہ وقف بورڈ سے مسلمانوں کو برباد کر کے انہیں آباد کرنے میں مددگار رہوگا۔ واضح رہے کہ اس کے ووٹ سے سنی وقف بورڈ کا منافق چیرمین تیسری بار کامیاب ہوا ہے۔

سماج وادی پارٹی نے چھوٹی پارٹیوں سے الائنس کا پرفریب نعرہ دیا تھا، وہ پارٹیاں کون سی ہیں۔ کرشنا پٹیل کی اپنا دل، جن وادی پارٹی، مہان دل وغیرہ جن کے نام سے یو پی کے عوام واقف نہیں۔ لوک دل سے الائنس کسان آندولن کی وجہ سے مجبوری تھی۔ پھر بھی ان کا اور چچا شیو پال کا حشر وہی ہوگا جو جنتا دل، کمیونسٹ پارٹیوں کا ہوا۔ سب کو دوستی کر کے ہی ملائم سنگھ نے زہر دے کر مار دیا۔ صرف ایک راج بھر ہیں جن کا آدھار ہی سات ضلعوں کی چند سیٹوں تک محدود ہے۔

چھوٹی پارٹیوں میں دلت قیادت کی دو تین پارٹیوں کے لیڈروں کو ایک ایک ٹکٹ دے کر ماں کے پیٹ میں ہی مار دیا ہے۔ نصف درجن مسلم قیادت کی تنظیموں اور آزاد سماج پارٹی سے ٹھیک سے بات تک نہیں کی۔ چندر شیکھر آزاد کو ایم ایل سی بنا کر اسے بھی ماں کے پیٹ میں ہی مار دینے کی ناکام کوشش کی۔

مسلمانوں میں اپنے جموروں کے ذریعہ یہ پروپیگنڈہ کرایا کہ اویسی کی بھاجپا سے ملی بھگت ہے۔ اگر ہے بھی تو اس کا کوئی ثبوت نہیں جب کہ ملائم سنگھ یادو اور سماج وادی پارٹی کے امت شاہ سے ساز باز کے درجنوں دستاویزی ثبوت ہیں۔ اویسی کے بھی دو ممبران پارلیمنٹ ہیں جنہوں نے پارلیمنٹ میں کبھی ایک

بھی متنازع بل کی حمایت نہیں کی جب کہ سماج وادی پارٹی کی ہی کھلی مدد سے ایک دو نہیں مودی کے سارے متنازعہ قانون پاس ہوئے جب کہ راجیہ سبھا سے ایک بھی قانون پوری این ڈی اے مل کر بھی پاس کرانے کی صلاحیت اب تک حاصل نہیں کر سکی ہے۔

''مولانا ملائم سنگھ'' کو خطرہ ہے کہ اپنے نام نہاد ''ٹھگ بندھن'' میں دلت اور مسلم قیادت میں کوئی ڈاکٹر فریدی یا کانشی رام جیسا نکل آیا تو ''فراڈ سیکولرزم'' کا مستقبل خطرے میں پڑ سکتا ہے۔

سماج وادی کے ''مسلم جمورے'' کہیں گے کہ نیتا جی اب کسی فیصلے کے لائق نہیں ہیں۔ وہ دنیا سے جانے کے بعد بھی اکھلیش سے کہیں زیادہ سیاسی ثابت ہوں گے۔

میں سماج وادی کی پوری لیڈر شپ اور ان کے ''مسلم جموروں'' سے چند سوال پبلک میں ڈالتا ہوں، سب مل کر ان کا جواب پبلک کریں یا چلو بھر پانی میں ڈوب مریں۔

(۱) کیا یہ غلط ہے کہ اکھلیش سرکار میں لکھنؤ کے بیالیس تھانوں میں سے چالیس کے انچارج یا پربھاری ایک ہی برادری کے تھے اور سب نے جائیدادوں پر قبضہ کروانے یا قبضہ چھڑوانے کا دھندہ کیا۔ اگر ایک فیصد بھی غلط ہوگا تو میں خود کو پیش کر دوں گا جس کے بارے میں چنہٹ تھانہ پربھاری اچھی طرح جانتا تھا کہ آدمی مکھیہ منتری تک بھی پہنچ سکتا ہے؟

(۲) سوشیلا سروج جو موہن لال گنج سے سانسد تھیں تھانہ انچارج بنی گنج کو جب نہیں ہٹوا سکیں اور انہوں نے لوک سبھا سے استعفیٰ دینے کی دھمکی دی تو نیتا جی نے استعفیٰ مانگ لیا۔ ہم لوگوں نے انہیں سمجھا بجھا کر استعفیٰ دینے نہیں دیا۔

(۳) کیا دلتوں کا ووٹ سپا کا دگنا نہیں ہے، پھر بھی اس کے ٹھگ بندھن میں کوئی دلت پارٹی کیوں نہیں ہے؟

(۴) کیا مسلمانوں کا ووٹ سپا سے ڈھائی گنا زیادہ نہیں ہے، پھر بھی اس کے ٹھگ بندھن میں ایک بھی مسلم قیادت کی تنظیم کیوں نہیں ہے؟

(۵) کیا سپا کے مسلمان جمورے یہ نہیں جانتے کہ پچھلی لوک سبھا کے الوداعی سیشن میں مودی کو دوبارہ چن کر پردھان منتری بننے کا آشیرواد نہیں دیا تھا؟

(۶) کیا یوگی کی رسم حلف برداری میں ملائم نے منچ پر جا کر مودی اور امت شاہ کا ہاتھ پکڑ کر اکھلیش کے سر پر ہاتھ نہیں رکھا تھا؟

(۷) کیا یہ بھی غلط ہے کہ ساڑھے چار سال تک بھاجپا کے کسی ظلم کے خلاف سپا نے ایک بیان تک دینا مناسب نہیں سمجھا؟

(۸) اگر سپا یادوؤں کے ووٹ کی تھوک حق دار ہے تو مسلم یا دلت تنظیمیں مسلمانوں کے تھوک ووٹ کی حق دار کیوں نہیں ہیں؟

* * *

●

مسلمانوں کے زوال پر روزانہ کسی نہ کسی اردو اخبار میں بحث ہوتی ہے۔ زیادہ تر یہ لکھا جاتا ہے کہ مسلمانوں میں فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی اس کی اصل وجہ ہے۔ میں نے انگریزوں کا زمانہ بھی دیکھا ہے اور ان کی واپسی کے بعد اب تک سب کچھ دیکھ اور سمجھ بھی رہا ہوں اور یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ مسلمانوں کا تیز رفتار زوال ۴۷ء سے ۶۷ء تک بیس سال۔ اس بیس سال میں مسلمان تقریباً ایک صدی پیچھے ہو گئے اور ان میں ''احساسِ جرم'' پیدا کیا تھا جس کے نتیجے میں ''احساسِ کمتری'' جیسی مہلک بیماری کا وہ شکار ہو گئے۔

قبل اس کے کہ وہ اسی عمیق غار میں گر جائیں جس کے اندر سے ''شودروں'' کی سسکیوں اور کراہوں کی آواز صاف سنائی نہیں دے رہی تھی، لیکن جب ہماری نفسیات عروج پر تھیں خدا نے ہمارے اندر مرحوم قائد ملت ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی کو جنم دیا، انہوں نے پرانے اور نئے شودروں کو سنگھرش کے راستے پر ڈال کر زوال کو روک دیا، انہیں صرف آٹھ دس سال کا موقع ملا، لیکن انہوں نے نہ صرف سنگھرش کیا بلکہ ایک بڑی ٹیم بھی کھڑی کر دی، ان کے بعد ان کی کھڑی کی گئی ٹیم نے یکم مارچ ۱۹۷۵ء کو عام مسلمانوں کی سوچ کے بالکل خلاف جے پرکاش تحریک کی حمایت کا اعلان کیا۔ یہ ایک انتہائی بہادرانہ فیصلہ تھا کیوں کہ آر ایس ایس کے سپورٹ کی وجہ سے تمام مسلمانوں میں جے پی تحریک کے وقت اس

سے زیادہ نفرت تھی، جتنی نفرت آج یوگی کی گالیوں کی وجہ سے ہے۔

مسلم مجلس کے اس فیصلے نے جو بظاہر خودکشی کا فیصلہ لگتا تھا، بھارت کے زمین و آسمان تبدیل کر دیئے۔ ۷۷ء کے چناؤ میں پورے ملک کے مسلمانوں نے مسلم مجلس کے فیصلے پر یوٹرن لیتے ہوئے تاریخی اتحاد کا ثبوت دیا، جس کے نتیجے میں بیس سال تک انتہائی تیز رفتاری سے پیچھے ہٹنے والا گروہ جس نے ۶۷ء میں ڈاکٹر فریدی کے اٹھنے کے بعد پیچھے ہٹنا بند کر چکا تھا، لیکن آگے بھی نہیں بڑھ رہا تھا۔ شاید اس ملک میں مسلمانوں کے کردار کے خاتمے کا قدرت نے فیصلہ نہیں کیا تھا۔ ۷۷ء کے بعد عام مسلمانوں نے پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا اور آج میں پورے اعتماد کے ساتھ یہ لکھنے پر فخر محسوس کر رہا ہوں کہ زندگی کے کسی بھی شعبے میں حکومت کی کسی مدد یا سپورٹ کے بغیر کل ملا کر مسلمان برادرانِ وطن کے دو طبقوں برہمن اور ویشیہ کو چھوڑ کر کسی طبقے سے کم نہیں۔ رہے برہمن اور ویشیہ تو انہیں ۴۷ء کے بعد ہمیشہ حکومت ہند کی سرپرستی حاصل رہی ہے۔ انہیں کے مفاد میں بھارت کے کچھ حصوں کو باقی ملک سے کاٹ کر الگ کیا گیا تھا۔

مسلمانانِ ہند پچھلے پچھتر سالوں میں جن حالات سے گزرے ہیں اس میں صرف ملک اور ریاستوں کی حکومتوں کے بھید بھاؤ اور سرکاری دہشت گردی (کمونل رائٹ) کا ہی ہاتھ نہیں رہا، اس نے راستہ روکا ضرور لیکن اس سے انسان کی اندرونی صلاحیتیں بھی بیدار ہوئی ہیں۔ اصل ضرب علمائے سو اور سیاسی منافقین نے پہنچائی، جن سے بچ نکلنا ایک معجزہ ہی تھا۔ حکومت کے اشارے پر علمائے سو اور سیاسی منافقین عام مسلمانوں کو یہ باور کرانے کی خدمت انجام دیتے رہے کہ اب اس ملک میں ہمارا رہے ہی کیا، ہم نے تو اپنا حصہ پاکستان کی شکل میں لے لیا، یہ تو ہمارے آقاؤں کا کرم ہے کہ انہوں نے ہمیں دستور میں برابر کے

حقوق دے دئے۔

عام مسلمانوں نے بہت زیادہ علمائے سو سے اور سیاسی منافقین کو یہ معلوم تھا کہ ملک کا بٹوارہ نہیں ہوا، صرف بھاری اکثریت کے مسلم علاقوں کو باقی ملک سے کاٹ کر الگ کر دینے کی اچانک کارروائی تھی اور بھارت میں جو مسلمان رہ گئے وہ اپنے حصے کی دوگنی زمین پاکستان سے چھین کر یہاں رہے۔ سیکولر جمہوری دستور بھی مسلمانوں یا کسی طبقے پر احسان نہیں بلکہ اس کثیر القویٰ معاشرے کی ایسی ضرورت ہے جس کے بغیر ہندوستانیوں کو بندوق کے بل پر ایک ملک اور قوم بنا کر نہیں رکھا جا سکتا۔

مرحوم قائد ملت ڈاکٹر فریدیؒ کی حیثیت وہی ہے جو دلتوں کے لئے ڈاکٹر امبیڈکر کی ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ ڈاکٹر امبیڈکر نے ان لوگوں کو انسان بنانے میں بنیادی کردار ادا کیا جنہیں صدیوں سے جانور بنا کر رکھا گیا تھا۔ ڈاکٹر فریدی کا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے انسانوں کے ایک بڑے طبقے کو انسانوں سے جانوروں میں تبدیل ہونے سے ایسی حالت میں بچا لیا جب کہ وہ خود ایک بیمار آدمی تھے اور صرف دس سال کی جدوجہد کو پٹری پر لا کر دنیا سے چلے گئے۔

مرکزی اور صوبائی حکومت میں مسلم مجلس کی شمولیت، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کا نیا ایکٹ بنوانا، اقلیتی کمیشن کا قیام، حصہ داری کا ماحول طے کرانا، مسلمانوں میں حکمراں طبقہ ہونے کا احساس دلانا یہ سارے کام ڈاکٹر فریدی کے بعد ان کی تشکیل کردہ ٹیم نے انجام دیئے لیکن اگر ڈاکٹر فریدی نے یہ ٹیم نہ بنائی ہوتی تو کچھ نہ ہوتا۔

***

●

پیپلس جسٹس پارٹی کے صدر سابق ممبر پارلیمنٹ الیاس اعظمی نے اپنے پرانے دوست فرید محفوظ قدوائی کے اسدالدین اویسی کے بارے میں بیان پر اپنا ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ ممکن ہے کہ ان کی اس بات میں صداقت ہو کہ اویسی صرف مسلمانوں کا ووٹ کاٹنے اور بھاجپا کو جتانے کے مقصد سے اتر پردیش آئے ہوں، لیکن بھاجپا سے ملی بھگت تو ملائم و اکھلیش کمپنی پرائیویٹ لمٹیڈ کی جگ ظاہر ہے۔ اگر اویسی مسلم حلقوں میں اپنے امیدوار اتاریں گے تو کیا ماضی میں باپ بیٹوں نے کوئی ایسی سیٹ چھوڑی ہے جس میں ان کی یادو برادری کے معقول تعداد میں ووٹ ہوں۔ انہوں نے قدوائی صاحب کو یاد دلایا کہ پچھلی لوک سبھا کے اختتامی اجلاس میں نریندر مودی کو دوبارہ برسر اقتدار آنے کی دعا اویسی نے مانگی تھی یا ملائم سنگھ یادو نے۔ یہ بات پارلیمنٹ کے ریکارڈ میں ہے۔

انہوں نے قدوائی کو یاد دلایا کہ پچھلے لوک سبھا چناؤ میں ۲۳؍مئی ۲۰۱۹ء کی کاؤنٹنگ سے صرف ایک دن پہلے باپ بیٹوں کو انکم ٹیکس محکمے نے کلین چٹ دی اور یہ سمجھوتہ کیا کہ ہم کل کاؤنٹنگ میں ای وی ایم پر سوال نہیں اٹھائیں گے اور اکھلیش نے اپنے سارے پروکتاؤں کو برخاست کردیا۔ کیا وہ بنا کسی ملی بھگت کے تھا؟ اپوزیشن کی سب سے بڑی پارٹی ہونے کے باوجود پچھلے پانچ سالوں میں سماجوادی پارٹی نے اتر پردیش یا مرکزی حکومت کے کسی اقدام کی مخالفت کی

ہوتو اسے بتا کر قدوائی صاحب ہماری معلومات میں اضافہ کریں۔

قدوائی صاحب بتائیں کہ ۱۹۹۱ء میں جب اچانک نیتا جی نے ودھان سبھا بھنگ کر کے لوک سبھا کے ساتھ ودھان سبھا کا چناؤ کرانے کا اعلان کیا تھا کیا وہ آر ایس ایس کے احکامات کی تعمیل کے سوا کچھ اور تھا جس کے نتیجے میں انہیں صرف ۲۹ رسیٹیں ملیں اور بھاجپا ۲۲۱ سیٹیں جیت کر اقتدار میں آئی تھی، وہ بنا کسی ملی بھگت کے تھی جس کے نتیجے میں بابری مسجد گری۔

قدوائی صاحب یہ بھی بتائیں کہ ۲۰۰۳ء میں مایاوتی نے جب استعفیٰ دیا تو مرکزی کی حکومت کے اشارے پر صرف ۱۴۲ ارممبران پر بھاجپا نے نیتا جی کو مکھیہ منتری بنا کر اکثریت ثابت کرنے کے لئے ایک مہینہ کا وقت دیا اور ۲۰ رنومبر کو بھاجپا کے واک آؤٹ کی وجہ سے اکثریت ثابت ہوئی، وہ بغیر کسی ملی بھگت کے تھا۔ یہی نہیں بھاجپا کے وہ ریاستی سرکار ۲۰۰۷ء تک صرف بھاجپا کے واک آؤٹ کے ریعہ چلائی۔ کیا یہ سب بنا کسی ملی بھگت کے ممکن تھا۔

ابھی حال ہی میں جب شاہین باغ تحریک میں لکھنؤ کے گھنٹہ گھر دھرنے کے باہر اکھلیش کے بچے دیکھے گئے تو دوسرے دن اکھلیش نے پریس کانفرنس بلا کر کہا کہ میرے بچے وہاں پکنک منانے جایا کرتے تھے، انہیں نہیں معلوم تھا کہ وہاں دھرنا چل رہا ہے۔ دھرنا دیکھ کر واپس آ گئے، ہمارا اس دھرنے سے کوئی مطلب نہیں۔ کیا قدوائی صاحب نے سارے اخبارات میں چھپی اس خبر کو نہیں پڑھا تھا۔

نیتا جی کے آر ایس ایس سے ملی بھگت کے ثبوت میں ایک موٹی کتاب لکھی جا سکتی ہے لیکن شاید اکھلیش کے مسلمان جموروں نے اپنے مفاد میں ۲۰۱۲ء سے ۲۰۱۷ء کے سیاہ پانچ سال پھر سے لانے کا تہیہ کر لیا ہے جب روزانہ کسی نہ کسی جگہ کمیونل رائٹ کے نام پر مسلمان کے قتل عام کی خبریں آتی تھیں۔

* * *

●

۲۰۱۴ء کے چناؤ میں شری نریندر مودی کے برسر اقتدار آنے کے بعد دوسروں کے ساتھ میں بھی حواس باختہ تھا، حالاں کہ چناؤ سے پہلے میں یہ پیش گوئی کر چکا تھا کہ مودی جی یوپی اور دلی کی سبھی سیٹیں جیت لیں گے۔

یوپی میں شری اکھلیش یادو جو ننگا جاتی وار چلا رہے تھے اس سے بھی زیادہ ان کے جاتی واد کا پرچار ہو رہا تھا، جس سے مجھے یقین تھا کہ سارا غیر یادو بیک ورڈ اکھلیش یادو سے مکمل چھٹکارا پانے کے لئے بھاجپا کے ساتھ چلا جائے گا۔ یہی ۲۰۱۷ء کے یوپی چناؤ اور ۲۰۱۹ء کے لوک سبھا چناؤ میں ہوا۔ مسلمانوں نے اپنی ساری طاقت لگا دی لیکن مرادآباد منڈل میں مسلمانوں کی بھارتی تعداد اور اعظم گڑھ کے اردگرد کی چھ سیٹوں پر مسلمانوں کی سیاسی ساکھ کے باعث ان بارہ سیٹوں کے علاوہ سپاو بسپا کا مضبوط ترین گٹھ بندھن صرف سہارنپور، مین پوری اور سراوستی کی تین سیٹیں ہی جیت سکا، جن میں سہارنپور اور سراوستی مسلم اکثریتی سیٹیں ہیں؟

پچھلے لوک سبھا چناؤ میں یہ ثابت ہوگیا کہ یادو اور چمار جاتیوں کا بھی ساٹھ فیصدی سے زیادہ ووٹ گٹھ بندھن کو نہیں مل سکا۔ میرے جیسے سیاسی لوگ ایک بات پر متفق تھے کہ اب کانگریس سپاو بسپا کے ذریعہ بھاجپا کو سارے مسلمان مل کر بھی نہیں ہرا سکتے اور جب تک اکھلیش یادو ایک سیاسی طاقت نظر آئیں گے تب تک تو بھاجپا کے سامنے کوئی چیلنج ہی نہیں ہے کیوں کہ اتر پردیش میں غیر یادو

پچھڑی ہندو جاتیاں کم از کم ستائیس فیصدی نیز غیر چمار دلت جاتیاں کم اور سات فیصدی ہیں۔ بھاجپا کا اپنا اوریجنل ووٹ پندرہ سے بیس فیصد ہے،ہی۔

مقصد کے حصول کے لئے ہم نے او بی سی و دلت جاتیوں کی تقریباً دو درجن بیٹھکیں دلی میں کیں اور بہت کچھ کیا، لیکن ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ دلتوں کے سب سے جاگروک اور اکثریتی طبقے کی مایاوتی مخالف ایکٹوسٹ زیادہ تر الگ الگ صرف مایاوتی کی جگہ لینے کے علاوہ انہیں اپنوں اور اقلیتوں کے مسائل سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ اکھلیش یادو کی طرح وہ بھی یہی سمجھتی ہیں کہ آخر مسلمان جائیں گے کہاں؟ بھاجپا کو ہرانے کے لئے وہ ہمارا ساتھ دینے پر مجبور محض ہیں۔

چھ سال کے اقتدار میں بھاجپا اور آر ایس ایس نے اپنی کارکردگی سے یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ سیکولر پارٹیوں سے زیادہ مسلم مخالف نہیں، اس لئے مجھے یہ کہنے میں کوئی ہچک نہیں کہ بھاجپا اور آر ایس ایس مسلمانوں کا مسئلہ نہیں بلکہ وہ بھارتی سماج میں پونجی پتیوں اور بڑے برہمنوں کو چھوڑ کر ہندوستانی کا سب سے بڑا مسئلہ ہیں، لیکن اتر پردیش اور ملک کے عام مسلمان جب تک یہ بات اچھی طرح نہیں سمجھ لیتے اور ''بھاجپا ہراؤ'' نامی سراب کے پیچھے بھاگنا بند نہیں کر دیتے وہ نہ تو اپنا بھلا کرنے کے لائق ہی ہو سکتے ہیں، نہ ہی وہ بھارتی سماج کا کوئی بھلا کرنے کے لائق ہو سکتے ہیں۔ مسلمانوں کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ اسلام مسلمانوں کا بھلا کرنے کے لئے نازل ہی نہیں کیا گیا تھا وہ تو مسلمانوں کے ذریعے پوری انسانیت کا بھلا کرنے کے لئے آیا تھا۔ ان کے پیغمبر رحمۃ للمسلمین نہیں رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجے گئے تھے۔

بہر حال کوشش چل رہی تھی کہ ہماری بیٹیوں اور پوتیوں نے شاہین باغ تحریک شروع کر دی۔ میں جے پی آندولن وی پی سنگھ تحریک اور انا آندولن

تینوں کا نمایاں حصہ رہا ہوں۔ میں پورے اعتماد کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ سی اے اے کے خلاف تحریک مذکورہ تینوں آندولن سے بڑی اور ہمہ گیر بھی تھی، اس پر سرکاری جبر بھی زیادہ ہوا، لیکن کرونا کے سبب انسانیت کی خاطر اسے بند کیا گیا۔ اب تک جو لوگ قید و بند میں جا چکے ہیں یا اب جائیں گے ان کے بارے میں یہی کہہ سکتا ہوں کہ:

یہ مرتبہ ملنا تھا جسے اس کو مل گیا
ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہاں

بہرحال طویل سوچ وچار کے دوران پتہ چلا کہ جن بیٹیوں نے ملک کی سب سے بڑی تحریک چلائی تھی ان میں سے کچھ لکھنؤ میں جمع ہوئیں۔ میری عدم موجودگی میں انہوں نے مجھ پر اعتماد کا اظہار کیا اور طے کیا کہ اگر میں ان کی رہنمائی کروں تو وہ سیاسی تحریک چلانے پر تیار ہیں۔

مجھے یاد آیا کہ جے پی تحریک بھی جے پی نے نہیں، کچھ نوجوانوں نے شروع کی تھی، پھر انہوں نے طے کیا تھا کہ اگر ہمارے تجربہ کار بزرگوں میں جے پی ہماری رہنمائی کریں تو ہم ان کی قیادت ماننے کو تیار ہیں۔ اس طرح نوجوانوں کی تحریک کا جے پی تحریک نام پڑ گیا۔ مجھے لگا کہ شاید تاریخ اپنے آپ کو دہرا دے۔

ہم سب کو یہ سوچنا چاہئے کہ آخر تک کانشی رام کی تحریک کو پوری طرح ایک برادری نے ہی سپوٹ کیا تھا جس کی تعداد اتر پردیش میں زیادہ سے زیادہ چودہ فیصدی ہے۔ ایک کم سے کم بیس فیصدی آبادی والا طبقہ، ایک لیڈر شپ کے تحت ایک پارٹی کو اپنی پارٹی مان کر اسی کو اپنی حمایت دینے لگے اور اس کے ہر امیدوار کو ہی اپنا اور اپنی قوم کا امیدوار مان لے جس طرح ایک برادری نے

اس پارٹی کے ہر امیدوار کو مان لیا تھا تو اس کو اکثریت کیوں نہیں مل سکتی؟ جب کہ چودہ فیصدی یہاں تک کہ نو فیصدی کی یکطرفہ جماعت سے یوپی میں اکثریت مل چکی ہے۔

میں بی ایس پی، مسلم مجلس، عام آدمی پارٹی بنانے میں بنیادی اور جنتا پارٹی و جنتا دل بنانے میں اہم رول ادا کر چکا ہوں۔ہم جس اندیشہ ہائے دور دراز میں مبتلا ہو جاتے ہیں وہی اندیشے مذکورہ پارٹیوں کے بنتے وقت بھی تھے۔ جب جنتا پارٹی بن رہی تھی تو چندر شیکھر جی نے بیجو پٹنا یک سے زبردستی کر کے ان کی جیکٹ سے اس وقت کا دس ہزار روپیہ چھین کر دفتر کی شروعات کی تھی۔

میں اپنے وسیع تجربے کی بنیاد پر کہہ سکتا ہوں کہ عام طور پر جن پارٹیوں کو سیکولر سمجھا جاتا ہے اس کے لیڈر بی جے پی کے لیڈروں سے کہیں زیادہ کمیونل اور جاتی وادی ہیں۔

دو بار لوک سبھا کا ممبر رہنے کی وجہ سے میں پورے اعتماد کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ بی جے پی اور شیو سینا سے تعلق رکھنے والے والے سریش پربھو، پرمود مہاجن، گوپی ناتھ مندے، منوہر پاریکر، سشما سوراج، ارون جیٹلی اور راجناتھ سنگھ کسی بھی سیکولر پارٹی کے لیڈران سے کہیں زیادہ سیکولر تھے۔

البتہ سیکولر اور بھاجپا والوں کی زبان اور لب و لہجے میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ بقول اسماعیل میرٹھی:

چھری کا تیر کا تلوار کا تو زخم بھرا
لگا جو زخم زباں کا رہا ہمیشہ ہرا

ایک موقع پر میں نے ایک اہم محفل میں کہا تھا کہ مسلمانوں کے لحاظ سے کانگریس اور بی جے پی میں وہی فرق ہے جو ہمیں غلام نبی آزاد، سلمان خورشید،

احمد پٹیل کے مقابلے شاہ نواز حسین، مختار عباس نقوی اور عارف محمد خاں کے کرداروں میں نظر آتا ہے۔

اگر ستر سال بعد سہی مسلمانوں کو بھارتی سماج میں اپنے حصے کا کردار ادا کرنا ہے تو ہمیں اب تک کے کردار میں دو بنیادی تبدیلیاں کرنی ہوں گی۔

۱-ہمیں بی جے پی کو مسلمانوں کا مسئلہ ماننے سے پوری طرح انکار کر دینا پڑے گا اور اس کو بھارتیہ سماج کا مسئلہ ماننا پڑے گا۔ کیا مہنگائی، بے روزگاری، معاشی بدحالی، بنکوں کی لوٹ، روپئے کی گرتی ہوئی قوتِ خرید، کالے دھن کو غیر ملکوں میں جمع کر کے ملک کو نقصان پہنچانا، پونجی پتیوں سے ملک کو لٹوانا، کسانوں کی بدحالی وغیرہ وغیرہ صرف مسلمانوں کا مسئلہ ہے جو ہمیں پوری طرح مودی سرکار نے دیئے ہیں۔

۲-اگر کسی تجربہ کار، ایماندار سیاسی لیڈر کی قیادت میں پورے بھارتیہ سماج کو مذکورہ مسائل سے نجات دلانے کے مقصد سے جسٹس پارٹی بنتی ہے اور مسلمان ملک کو سدھارنے کے لئے اس کے ہر امیدوار کو اپنا نوے فیصد ووٹ دیتے ہیں، اسی پر اپنا پیسہ اور وقت خرچ کرتے ہیں تو اس کو اتر پردیش میں اکثریت کیوں نہیں ملے گی؟

یہ کیوں فرض کر لیا گیا ہے کہ مسلم قیادت کی سیاسی جماعت صرف مسلم امیدوار کھڑا کرے گی یا انہیں صرف مسلمان ووٹ دیں گے۔ کیا سماجوادی پارٹی نے صرف یادو امیدوار اور بی ایس پی نے صرف چمار امیدوار کھڑے کئے؟ کیا یہ غلط ہے کہ بی ایس پی نے ریزرو سیٹوں پر بھی سب سے کم چمار امیدوار اتارے۔ اسی طرح اگر آپ کی لیڈر شپ میں عقل ہوگی تو فی الحال زیادہ تر مسلم امیدوار نہیں دے گی۔

اگر مسلمان برہمن لیڈر شپ کی کانگریس، یادو لیڈر شپ کی سماج وادی پارٹی اور چمار لیڈر شپ کو ووٹ دے سکتے ہیں تو کسی سیاسی فکر کے ساتھ کوئی مسلم لیڈر شپ ابھرتی ہے تو اسے غیر مسلم کیوں ووٹ نہیں دے سکتے؟

آپ اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں کہ نام نہاد ہندو کہے جانے والوں کی بھاری اکثریت سیکولر ہے۔ مرکزی اور صوبائی حکومتوں کی کوششوں کے باوجود ابھی ہندو کہے جانے والوں کی بھاری اکثریت سیکولر ہے۔ مرکزی اور صوبائی حکومتوں کی کوششوں کے باوجود ابھی ہندو کہے جانے والوں لوگوں میں سے زیادہ سے زیادہ دس فیصد آبادی ہی گمراہ ہوئی ہے۔ بھاجپا کو ووٹ دینے والوں کی بھاری اکثریت نے دوسری وجہوں سے اپنا ووٹ دیا تھا، ان میں کمیونل جذبے نے بہت کم اپنا اثر دکھایا ہے۔

وقت آگیا ہے کہ بھارتی سماج کے تئیں مسلمان اپنی ذمہ داری کو محسوس کریں۔ آج بھی خراب سے خراب مسلمان جو برائیوں میں ملوث ہے وہ برائیوں کو برائی ہی سمجھتا بھی ہے اور مانتا بھی ہے۔ وہ رشوت اور غلط طریقے سے کمائی گی دولت کو حرام ہی سمجھتا ہے۔

وقت آگیا ہے بلکہ نکل رہا ہے کہ عام مسلمان کانگریس کے لوگوں سے ملک کی تقسیم اور ۱۹۶۲ء کے بعد ہونے والے اسٹیٹ اسپانسر ڈ قتل عاموں کا حساب مانگے۔ زبان و تہذیب کے خاتمے اور سرکاری نوکریوں سے اخراج اور اپنے آپ کو راج کاج سے دور رکھنے کی بابت سوال کرے۔

مایاوتی اور اکھلیش اور ان کے حواریوں سے کھل کر کہیں کہ ابھی ایک سال پہلے لوگوں کو نوے فیصد سے زیادہ ووٹ دیا، کسی پارٹی کو ہرانے کے نام پر کیا ہم قیامت تک آپ کو ووٹ دیتے رہیں اور آپ شکریہ تک نہ ادا کر کے ہر جگہ

پرشوام جی کی مورتیاں لگوانے کا اعلان کریں۔ آپ ہر گھر میں پرشورام جی مورتیاں لگوادیں۔

ہم نے چالیس سال تک کانگریس کو اور اتنی ہی مدت تک دوسری سیکولر پارٹیوں کو مضبوط کر کے اپنے آپ کو برباد کرلیا۔ آج سماج وادی پارٹی اور بی ایس پی و کانگریس نے ہمارے ووٹوں سے جیت کر کھربوں کی دولت اور جائیدادوں کا سامراج کھڑا کرلیا۔ کیا اس سامراج کی حفاظت بھی ہماری ذمہ داری ہے؟

اب ہم جیتنے کے لئے ووٹ دیں گے، کسی پارٹی کو ہرانے کے نام پر ایک ووٹ بھی نہیں دیں گے۔ عوام کی قسمت میں ہوگا تو اچھی سرکار بنے گی، اگر ان کی قسمت ہی خراب ہوگی تو خراب حکومت بنے گی۔ جس طرح اب تک خراب حکومتیں زیادہ تر بنتی رہی ہیں، اچھی بہت کم بنی ہیں۔

اب ہم اچھی اور ایمان دار قیادت کی پارٹی کے ہر امیدوار کو اس کی جاتی یا مذہب دیکھے بغیر ووٹ دیں گے خواہ نتیجہ کچھ بھی ہو۔

یہ مہر تاباں سے جا کے کہہ دو کہ اپنی کرنوں کو گن کے رکھ لے
ہم اپنے صحرا کے ذرے ذرے کو خود چمکنا سکھا رہے ہیں

* * *

●

آج سوشل میڈیا پر ڈاکٹر عرشی خان کو ایک پوسٹ دیکھ کر محسوس ہوا کہ بہار میں بھاجپا میرے پرانے ساتھیوں میں ایک مسلم ایک بیک ورڈ اور ایک دلت لیڈر کو لے کر جو کھیل کھیلنے جارہی ہے وہی کھیل ابھی سے کانگریس اتر پردیش میں کھیلنے کا من بنا چکی ہے۔

پہلے میں یہ بات صاف کردوں کہ میں ڈاکٹر عرشی خان سے ملے بغیر انہیں اپنی پوتیوں کی طرح مانتا ہوں، وہ جو کام کررہی ہیں وہ بہت ہی اچھا اور قابل قدر ہے، اسے جاری رکھتے ہوئے وہ سیکولر گدھوں کے چکر میں نہ پڑیں، یہ تم کو زندہ مارڈالنے کے بعد کتوں کی طرح کھا جائیں گے اور ڈکار بھی نہیں لیں گے، البتہ تمہاری لاش پر پھول بھی چڑھائیں گے۔

اجے سنگھ نے سیاسی اقتدار پاتے ہی اپنے شہر کے اپنے سارے مخالفوں کو ٹھکانے لگا دیا ہے، ان میں اس کے کچھ مددگار بھی شامل ہیں۔ ڈاکٹر کفیل خان پر غلط مقدمات اور این ایس اے لگا۔ پرویز احمد پرواز کو ستر سال کی عمر میں گھناؤنا الزام پینسٹھ سالہ بڑھیا سے لگوا کر مقدمے کی کارروائی پوری ہوئے بغیر عمر قید کی سزا بھی دلوادی۔

ڈاکٹر کفیل کے ساتھ جو ہوا اس سے بہت زیادہ کملاپتی کی کانگریس سرکار میرے ساتھ کر چکی ہے جب میری عمر ڈاکٹر کفیل سے کچھ کم ہی تھی۔ ان پر این

ایس اے لگا، مجھ پر اس وقت کا قانون ڈی آئی آر لگایا گیا تھا۔ میں ڈاکٹر عرشی خان جیسے بے شمار قابل عزت نوجوان کو بتانا چاہتا ہوں کہ جو آج ہو رہا ہے اس سے کئی گنا زیادہ ۱۹۴۷ء سے لگا تار سیکولر حکومتوں میں آپ سے ساتھ ہوتا رہا ہے۔

گجرات سائبر کے سیکڑوں اور مظفر نگر کے ہزاروں فیض آباد، متھرا سائبر کے لاکھوں قتل عام ہمارے ووٹوں سے بننے والی کانگریس اور سماجوادی پارٹی جیسی سیکولر حکومتوں نے کرائے ہیں اور سب میں فساد کے بعد دلی فساد کی طرح ہی مقدمات اور گرفتاریاں قتل ہونے والے اور الٹنے وجلنے والوں کو ہی جھیلنا پڑا ہے۔

کسی اور کو چھوڑ یئے، خود راج ناتھ سنگھ نے پارلیمنٹ میں کہا تھا اور سابق چیف منسٹر کی حیثیت سے کہا تھا کہ اگر کہیں فساد چھ گھنٹہ سے زیادہ چلے تو یہ مان لینا چاہئے کہ اس میں ستا کا یا تو اشارہ شامل ہے یا حکم۔

پرینکا گاندھی اتر پردیش کے مسلمانوں کو اپنے باپ دادا کی وراثت کے مطابق بیوقوف بنانے کے لئے ڈاکٹر کفیل خان پر مہربان ہوسکتی ہیں جس طرح مایا و ملائم اپنے ایک ایک چمچے پر مہربان ہوتے تھے کیوں کہ نام نہاد سیکولر سیٹوں کو مسلمانوں کی اجتماعی حماقتوں اور ان کے ملاؤں علمائے سو کے قابل فروخت شے ہونے پر پورا یقین ہے۔ یہ اس باپ کی بیٹی ہے جس نے میرٹھ میں ہٹلر کے بعد پہلی بار مسلمانوں کو پولیس فورس سے اٹھوا کر انہیں ندیوں اور نہروں کے کنارے قتل کرا کر ان کی لاشیں پانی میں بہوائی تھیں، جس نے بابری مسجد کا تالہ کھلوا کر رام مندر کا شیلا نیاس کرایا تھا۔ وہ اس دادی کی پوتی ہے جس نے ۱۳/ اگست ۸۱ء کو مراد آباد کی عیدگاہ میں اسی ہزار نمازیوں پر اندھا دھند گولیاں چلوا کر تقریباً دو سو سے اوپر کو موت کی نیند سلا دیا تھا۔

یہ اس خاندان کی وارث اور مسلمانوں کی اتنی ہمدرد ہے کہ اس کی ماں کے دور اقتدار میں (جسے لوگ من موہن سرکار کہتے ہیں) آئی بی کی فائلوں میں ایک

دہشت گرد تنظیم انڈین مجاہدین بنا کر انتہائی پڑھ لکھے مسلم نوجوانوں کی ان گنت تعداد کو اتر پردیش، دلی، گجرات، مہاراشٹر اور آندھرا کی سرکاروں سے قتل کرا کر، نیز انہیں پانچ صوبوں میں ہزاروں کی تعداد میں جیلوں میں بوڑھا کر دیا تھا۔

کیا ہم اس سوال پر غور نہیں کریں گے کہ جب آتنک وادیوں کو مرنے کا شوق چراتا تھا تو اتنے بڑے ملک میں وہ صرف پانچ ریاستوں کا رخ کیوں کرتے تھے۔ اگر انڈین مجاہدین نام کی کوئی تنظیم زمین پر موجود ہوتی تو ۲۰۱۴ء کے بعد وہ کیوں غائب ہو جاتی، اسے زمین نگل گئی یا آسمان نے اٹھالیا۔ اگر اس کا وجود ہوتا تو اس مودی سرکار میں زیادہ سرگرم ہونا چاہئے تھا۔

پرینکا گاندی سے میں سوال کرتا ہوں آئی جی گجرات کے جوائنٹ ڈائریکٹر راجندر کمار جوان گنت مسلم نوجوانوں کا سب سے بڑا قاتل تھا جب عشرت جہاں کیس میں سی بی آئی نے اسے گرفتار کرنا چاہا کس کی ماں سونیا جی کمرے سے چیختی ہوئی لان میں آ گئی تھیں اور اسے گرفتار کرنے کے بجائے سی بی آئی ڈائریکٹر کو ہی برخاست کر دیا گیا تھا۔

میں اپنے وسیع تجربے کی بناء پر اتر پردیش اور ملک کے مسلمانوں سے کہوں گا کہ تاریخ میں پہلی بار ہماری بیٹیوں کی جرأت وحوصلہ مندی نے آپ میں ایک نئی سوچ پیدا کی ہے، اسے کوئی سیاسی گیدڑ اغوا نہ کرنے پائے اپنے ''علمائے سوٗ'' اورضرب تقسیم میں الجھانے والے دانش وروں سے ہوشیار رہئے اور پرینکا گاندھی، اکھلیش یادو اور مایاوتی جیسوں سے کہئے کہ ہم نے ستر سال تک آپ کو اقتدار میں رکھا، آپ ایک بار صرف پانچ سال کے لئے ہمارا ساتھ دے کر دکھایئے ہم پھر آپ کو اقتدار سونپ دیں گے۔ عوام صاف صاف کہہ کر دیکھیں اگر ان کی کیچلی اترنے میں دیر ہو تو آپ مجھے سزا دے سکتے ہیں۔

* * *

●

علامہ اقبالؒ نے تقریباً ایک صدی قبل کہا تھا اور لارنس آف عربیہ کو سامنے رکھ کر کہا تھا:

کرے یہ کافر ہندی بھی جرأتِ گفتار
اگر نہ ہو امرائے عرب کی بے ادبی
یہ نکتہ پہلے سکھایا گیا کس امت کو
وصال مصطفوی افتراق بولہبی
نہیں وجود حدود تغور سے اس کا
محمد عربی سے ہے عالم عربی

نام نہاد عالم عرب محمد عربیؐ کے دم سے عالم وجود میں آیا، جو سارے ہی انسانوں کی ہدایت کے لئے بھیجے گئے تھے۔ میں کسی عرب حکمراں کے بجائے عبدالرحمٰن السدیس سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ غلط ہے کہ اللہ کے رسول نے اپنے آخری حج کے خطبے میں عرب و عجم، کالے گورے اور انسانیت کو تقسیم کرنے والی ہر سوچ کو اپنے پاؤں تلے روند کر رکھ دیا تھا۔

اس کے بعد صدیوں تک نصف دنیا پر عربوں کی حکومت رہی، کیا کبھی کسی عجمی اکثریت نے رنگ و نسل کی بنیاد پر عربوں کی مخالفت کی، دورزوال میں پہلی بار عربوں نے ہی اپنی نسلی برتری کا اظہار کر کے خلافت اسلامیہ کے خلاف

بغاوت کر کے اپنے او پر ترکانِ جفا پیشہ کے پنجوں سے نکل کر:

بے چارے ہیں تہذیب کے پھندے میں گرفتار

یہ عرب ہی تھے جن کی چیرہ دستیوں سے تنگ آ کر مصطفیٰ کمال نے عربی زبان اور عربوں کے بجائے اسلام ہی سے توبہ کر لی یہ اور بات ہے کہ وہاں شکیب ارسلان، عدنان مندریس اور جلال بایار نے پھانسیوں پر لٹک کر اسلام کو بچالیا۔ اگر ترکی سے اسلام ختم ہو جاتا تو اس کی ذمہ داری عرب نیشنلزم کے علاوہ کسی پر نہیں ڈالی جاسکتی تھی۔

السدیس نے حرم میں جمعہ کے خطبے میں صریح جھوٹ بولا کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کے یہودیوں سے سمجھوتہ کیا تھا۔ سچائی یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کی ریاست کی طرف مدینہ اور اطراف میں ایسے سبھی غیر مسلموں سے یہودیوں سمیت امن کا معاہدہ کیا تھا جسے یہویوں نے اپنی سازشوں سے بار بار توڑا اور پہلے رسول اللہ کو کعب بن اشرف اور رافع جیسے یہودی سرداروں کو راستے سے ہٹانا پڑا۔

پہلے یہودی قبیلہ بنی قینقاع کو پھر بنی نضیر کو مدینہ سے جلا وطن کرنا پڑا۔ غزوہ خندق کے موقع پر مدینہ کے بچے یہودی قبیلہ بنی قریظہ کی غداریوں کے باعث جس سے مسلمان عورتوں اور بچوں کی زندگیاں داؤ پر لگ گئی تھیں، جنگ ختم ہونے کے بعد بنی قریظہ کو جو سزا دی گئی اس سے عبدالرحمٰن السدیس مجھ سے زیادہ واقف ہوں گے۔

انہیں یہ معلوم ہوگا کہ غزوۂ تبوک کے سفر میں جب سورہ براءت نازل ہوئی حج کا موسم تھا، اللہ کے رسول مع فوج کے حج میں نہیں پہنچ سکتے تھے تو حضرت علی کو سیدھے مکہ بھیجا کہ وہ عوام کو سورہ براءت سنا دیں اور منافقین سے اعلان براءت

کریں، یہ براءت قیامت تک نافذ رہے گی، خواہ اس کی زد میں عبدالرحمٰن السدیس آئیں۔ محمد بن سلمان آئیں، محمد بن زائد آئیں یا عبدالفتاح السیسی آئیں یا زیادہ تر عرب آبادی آجائیں۔ سورہ براءت میں زیر و زبر کی لفظی یا معنوی ترمیم نہیں ہوسکتی:

بیچتا ہے ہاشمی ناموس دین مصطفیٰ
خاک وخون مل رہا ہے ترکمانِ سخت کوش
آگ ہے اولادِ ابراہیم ہے نمرود ہے
کیا کسی کو پھر کسی کا امتحان مقصود ہے

میں پوری دنیا کے مسلمانوں سے عربوں کے بائیکاٹ کی اپیل کرتا لیکن چوں کہ اس دور میں بھی عرب ماؤں نے محمد بدیع، محمد مرسی، خالد مشعل اور حسن نصر اللہ جیسے جیالوں کو پیدا ہے، اس لئے میں پوری طرح عرب قوم سے مایوس نہیں ہوا ہواں۔

میرے صحرا میں بہت آہو ابھی پوشیدہ ہیں
بجلیاں میرے ہرے بادل میں بھی خوابیدہ ہیں

* * *

●

مجھے سوشل میڈیا پر ڈاکٹر عرشی خان کا ایک ویڈیو دیکھنے کو ملا۔ میں ڈاکٹر عرشی خان کا ہمیشہ مداح رہا ہوں، لیکن ان کی آج کی پوسٹ دیکھ کر تعجب ہوا۔

یوگی آدتیہ ناتھ نے چیف منسٹر بننے کے بعد گورکھپور اپنے سارے مخالفین کو ٹھکانے لگایا جس میں ڈاکٹر کفیل بھی ہیں، ان کے ساتھ جو کچھ ہوا، میرے ساتھ کملاپتی ترپاٹھی کانگریس سرکار کر چکی ہے میرے ساتھ جسمانی تشدد بھی تھانے میں ہونے ہی والا تھا کہ اعظم گڑھ کے سوشلسٹ وکمیونسٹ لیڈران نے کافی ہنگامہ کیا، نیز ملک کی تاریخ میں پہلی بار کسی فرقہ وارانہ فساد کی جوڈیشیل انکوائری کا سرکار کو اعلان کرنا پڑا۔ جس سے حکم کی تعمیل کرنے والی پولیس کی ہمت نہیں پڑی اور مجھے ڈی آئی آر اور دوسری دفعات میں جیل بھیجنا پڑا تھا۔

ڈاکٹر عرشی خان میری بیٹی بلکہ پوتی کی طرح ہیں۔ شاید انہیں معلوم نہیں کہ انگریز کی واپسی کے بعد سے ہی مسلمانوں پر قانونی اور جسمانی تشدد لگاتار ہو رہا ہے۔ فرقہ واریت کے تحت بڑے قتل عام گجرات سائبر کے سیکٹروں میں اور مظفر نگر سائبر کے ہزاروں میں ہو چکے ہیں۔

پرینکا گاندھی ڈاکٹر کفیل پر مہربان ہو سکتی ہیں، ان کی دادی اور دادی کے پتا نے اتنے مظالم ڈھائے کہ ان کے پتا راجیو گاندھی میں زیادہ صلاحیت نہیں تھی۔ ہٹلر کے بعد پوری دنیا میں راجیو گاندھی اکیلا حکمراں ہوا ہے جس نے میرٹھ میں

شہریوں کو گھروں سے اٹھوا کر انہیں پی اے سی کے ٹرکوں میں بھر کر ندیوں اور نہروں کے کنارے قتل کرا کر ان کی لاشیں بہائی تھیں۔

پی اے سی کو حکم ویر بہادر نے دیا تھا لیکن ویر بہادر کو یہ کرنے کا حکم راجیو گاندھی نے دیا تھا۔ ہمیں اپنے آپ سے یہ سوال کرنا چاہئے کہ پڑھے لکھے مسلم نوجوانوں کی جوانیاں جیلوں میں بوڑھی کرنے یا آئی بی کی نشان دہی پر یوپی، دلی، گجرات، مہاراشٹر اور آندھرا کی سرکاروں سے سیکڑوں کو قتل کس دور میں کرایا۔

کس کے دور میں آئی بی میں ''انڈین مجاہدین'' نامی دہشت گرد تنظیم کاغذ پر بنا کر کن کو پڑ تارت کرایا گیا۔ اگر انڈین مجاہدین کا زمین پر کوئی وجود تھا تو وہ ۲۰۱۴ء کے بعد کہاں چلی گئی۔ اگر اس کا وجود ہوتا تو ''سونیا سرکار'' کے ہٹتے ہی وہ گدھے کی سینگ کی طرح غائب نہ ہو جاتی۔

میں پارلیمنٹ کے اندر بھی منموہن سنگھ سرکار کو سونیا سرکار کہتا تھا، باہر بھی۔ کانگریسی لیڈر بھی مجھ سے ''منموہن بے چارہ'' کہتے تھے، جو ایک نیک، شریف اور ایماندار ہیں۔ اگر موجودہ سرکار آر ایس ایس کے ماتحت نہ ہوتی تو میں اسے نہرو، اندرا، راجیو اور نرسمہا راؤ کی سرکاروں سے مسلمانوں کے لئے بہتر قرار دیتا، البتہ ملک کے لئے بہتر نہ کہتا۔

* * *

●

مکرمی جناب!

آج کل انقلاب میں جناب ابوالکلام آزاد کی ''انڈیا ونس فریڈم'' کو قسط وار چھاپا جارہا ہے جو ایک اچھی پہل ہے۔ یہ ایک مشکل کام ہونا چاہئے اور اس کتاب کے خاتمے کے بعد علامہ اقبال اور دوسرے اکابرین کی کتابیں بھی قسط وار چھپنی چاہئے تاکہ ہماری نئی نسل اپنے اکابرین کو سمجھ سکے۔

ابوالکلام آزاد کے سکریٹری اور تحریک خلافت کے اصل روح رواں رہے رئیس احمد جعفر جو اس دور کی اصل تاریخ بھی تھے، مسلم لیگ اور تقسیم ہند کے سرکردہ مخالفوں میں ہونے کے باوجود ۱۹۴۷ء میں بمبئی حکومت نے انہیں مشورہ دیا تھا کہ آپ پاکستان چلے جائیں تاکہ آپ کا ہم سے اور ہم سے آپ جیسے لوگوں کا پنڈ چھوٹ جائے۔

انڈیا ونس فریڈم کی اشاعت کے لئے انہوں نے ''آزادئ ہند'' نامی کتاب لکھی۔ میں ان بزرگوں سے بہت کم عمر کا ہوں لیکن ۱۹۴۲ء تک کے واقعات کا عینی شاہد ہوں۔ میں ابوالکلام آزاد اور رئیس احمد جعفری دونوں کے مزاج اور طریقۂ کار سے کسی حد تک واقف بھی ہوں۔

میں پوری ایمانداری اور اعتماد کے ساتھ لکھ رہا ہوں بلکہ انقلاب کے قارئین کو مشورہ دے رہا ہوں کہ جس نے ''انڈیا ونس فریڈم'' کے ساتھ رئیس احمد

جعفری کی آزادیٔ ہند نہیں پڑھی اس نے اس دور کی تاریخ اور حالات کچھ نہیں پڑھے۔ اس کتاب کو پڑھتے وقت یہ بات ذہن نشین رہنی چاہئے کہ رئیس احمد جعفری نے ابوالکلام آزاد اور حسین احمد مدنی سے زیادہ مسلم لیگ اور اس کی بٹوارے کی تحریک کی مخالفت کی تھی۔ اور وہ صرف آفس ہولڈر ہی نہیں بلکہ عام آدمی کی طرح سڑک کے آدمی بھی تھے۔ زندگی کا بڑا حصہ انہوں نے تحریک خلافت کے سی ای او کی حیثیت سے بمبئی کے خلافت آفس میں گزارا تھا۔ ذہنی اور فکری طور پر وہ مسلم لیگ اور کانگریس کے بنیادی نظریات کے درمیان کے آدمی تھے، ان بزرگوں کے ساتھ وہ نہرو اور گاندھی سے بھی بار ہا ملتے تھے۔

ان کی کتاب لاہور سے چھپی تھی، اس وقت میں نہیں بتا سکتا کہ کہاں ملے گی، جن لوگوں کے رشتے دار پاکستان میں ہوں ان سے یہ کتاب بہ آسانی منگوائی جاسکتی ہے۔

* * *

●

اس وقت ملک کو چار لوگ مودی، امت شاہ، اڈانی اور امبانی چلا رہے ہیں۔ باقی سب ''ستا کو بھوگ رہے ہیں'' ستا میں نہیں ہیں۔ چاروں ستادھاری گجراتی ہیں۔ چاروں ویشیہ ہیں۔

اب میں سمجھتا ہوں کہ EVM کے خلاف اگر وہ ساری پارٹیاں کھڑی ہوجائیں جو اپنے کو اپوزیشن کہتی ہیں تو EVM سے ملک کو چھٹکارا مل سکتا ہے۔ ۲۰۲۴ء تک جو چناؤ ہوئے انہیں ہوجانے دیا جائے، لیکن لوک سبھا کا عام چناؤ اگر بیلٹ پیپر ہوجائے تو بھاجپا کو دوسو سے کم سیٹیں ملیں گی۔

اب آپ کہیں گے کہ متبادل کیا ہونا چاہئے؟ پہلی بات تو یہ ہے کہ ڈکٹیٹر کی جگہ دوسرا ڈکٹیٹر اور گجراتی ویشیہ کی جگہ مارواڑی ویشیہ نہیں ہونا چاہئے۔ اور اگر چھوٹا یا بڑا گٹھ بندھن بنتا ہے تو صوبائی پیمانے پر بننا چاہئے۔ آل انڈیا گٹھ بندھن نہیں ہونا چاہئے۔ نیز سب سے بڑے صوبے اتر پردیش میں کوئی گٹھ بندھن نہیں ہونا چاہئے، یہاں اگر گٹھ بندھن ہوا تو بی جے پی اکثریت سے جیتے گی کیوں کہ پچاس فیصدی ووٹر کسی بھی حالت میں اکھلیش کو دیکھنا پسند نہیں کرتے اور کسی بھی گٹھ بندھن میں ان کا ہی غلبہ ہوگا کیوں کہ اسمبلی میں صرف وہی ہیں۔ چند ماہ پہلے ہوئے اسمبلی چناؤ میں صرف دو پارٹیاں لڑی تھیں اور بھاجپا بھاری اکثریت سے جیتی، ہاں سماج وادی کو الگ لڑنے دیا جائے، باقی سب کا گٹھ بندھن ہوجائے تو

بہتر ہے۔ یہ بات ذہن نشین رہے کہ اٹھارہ فیصد اپر کاسٹ، اٹھائیس فیصد غیر یادو، بیک ورڈ اور بارہ فیصد جاٹو اگر اکھلیش کو طاقت ور ہوتا دیکھیں گے تو بھاجپا کو چلے جائیں گے۔ اب مسلمان بھی اس سچائی کو سمجھ چکا ہے، اس لئے سماج وادی پارٹی جس کے پاس اسمبلی کی ایک سو گیارہ سیٹیں ہیں مقابلے سے باہر ہو چکی ہے۔ اگر آج اسمبلی کا چناؤ ہو جائے تو دہائی نہیں سیکڑہ غائب ہو جائے گا۔

ویسے تو میری سمجھ سے سب سے بڑے پردھان منتری ام کے اسٹالن ہوں گے لیکن پھر وہی ہے کہ وہ ہندی بالکل نہیں جانتے اور سیٹیں زیادہ تر ہندی بیلٹ میں ہیں۔ اس کے بعد میں زندگی بھر کانگریس کی مخالفت کرنے کے باوجود کہہ سکتا ہوں کہ راہل گاندھی سب سے بہتر ثابت ہوں گے کیوں کہ تاریخ کے اکیلے کانگریسی لیڈر ہیں جو صرف بھاجپا کے نہیں، آر ایس ایس کے بھی مخالف ہیں۔ میرے نزدیک تیسرے سب سے بہتر نتیش کمار ہیں لیکن ابھی یہ سمجھنا چاہئے کہ اب لالو جی اکھلیش کے رشتہ دار بھی ہیں۔

* * *